## تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ

# شفاعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف

امام حکمت و کلام علامہ فضل حق خیرآبادی قدس سرہ العزیز

ترجمہ

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری برکاتی قدس سرہ العزیز

مکتبہ قادریہ ۔ لاہور

Marfat.com

تحقیق الفتوی فی إبطال الطغوی

# شفاعتِ مصطفٰے

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مع ضمیمہ

تحریر اوّل از: علامہ محمد فضل حق خیر آبادی

بردِ عبارت "تقویۃ الایمان"


تصنیف: امام حکمت وکلام علامہ محمد فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ و تقدیم: شرف ملت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری



الممتاز پبلی کیشنز، لاہور



Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب ............ تحقیق الفتوٰی فی ابطال الطغوٰی

ترجمہ ............ شفاعت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف ............ علامہ محمد فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ

اردو ترجمہ ............ علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

پروف ریڈنگ ............ جناب محمد عالم مختار حق صاحب

سن تصنیف ............ ۱۸ رمضان المبارک ۱۲۴۰ھ/ ۱۸۲۵ء

اشاعت سوم ............ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ/ 2000ء

کتابت ............ مولانا شاہ محمد چشتی نظامی

تعداد ............ ایک ہزار

صفحات ............ 258

مطبع

باھتمام ............ حافظ نثار احمد قادری

قیمت ............ 120/-

ملنے کا پتا

مکتبہ قادریہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

مکتبہ قادریہ، داتا دربار مارکیٹ، لاہور

Marfat.com

# فہرست (اُردو ترجمہ)


| | |
|---|---|
| کلمۂ افتتاح | ۷ |
| استفتاء | ۶۷ |
| جواب | ۷۱ |
| مقام اول | ۷۲ |
| شفاعت کے اقسام | // |
| شفاعت وجاہت | // |
| شفاعت محبت | ۷۴ |
| شفاعت اور دعا | ۷۸ |
| انبیاء و اولیاء کی دعاؤں کی قبولیت | ۷۹ |
| شفاعت بالاذن | ۸۲ |
| ایک شبہ کا ازالہ | ۸۳ |
| محبوب خدا صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت | ۸۵ |
| مقام مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم | // |
| آیات مبارکہ | // |
| احادیث طیبہ | ۹۶ |
| شفاعت مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | ۱۱۱ |
| تقویۃ الایمان کی عبارت پر گفتگو (چودہ وجوہ سے) | ۱۲۴ |
| ایک سوال اور اس کا جواب | ۱۳۴ |
| مقام ثانی (تقویۃ الایمان کی گستاخانہ عبارت کے رد میں) | ۱۵۲ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| امکانِ نظیر کا مطلب | ۱۵۲ |
| وجہ اول (سے تردید) | ۱۵۳ |
| امتناعِ نظیر پر دلیل | ۱۵۵ |
| امکانِ کذب کی دلیل اور اس کا رد | ۱۵۷ |
| محمد قاسم نانوتوی کا عقیدۂ ختمِ نبوت سے انحراف (حاشیہ) | ۱۵۸ |
| محمود حسن کا اللہ تعالےٰ کے لئے تمام قبائح کا امکان ماننا (حاشیہ) | ۱۵۹ |
| وجہ ثانی (امتناعِ نظیر کی دوسری دلیل) | ۱۶۲ |
| ممتنع بالذات قدرت کے تحت داخل نہیں<br>اس قاعدہ پر ایک شبہ اور اس کا جواب | ۱۶۳ |
| 'ان اللہ علیٰ کل شیئٍ قدیر' کا مطلب | ۱۶۴ |
| امکانِ نظیر کی عقلی دلیل اور اس کا جواب | ۱۶۷ |
| ایک اعتراض کا جواب | ۱۶۹ |
| امکانِ نظیر کی نقلی دلیل اور اس کا جواب | ۱۷۰ |
| امکانِ نظیر کی دوسری نقلی دلیل اور اس کا رد | ۱۷۳ |
| ایک شبہ کا ازالہ | ۱۷۵ |
| مقامِ ثالث (تقویۃ الایمان کی عبارت تنقیصِ شان ہے) | ۱۷۷ |
| تعظیم یا توہین پر کلام کی دلالت کا معیار | 〃 |
| تقویۃ الایمان کی عبارت میں توہین کے چودہ پہلو | ۱۸۶ |
| عذرِ گناہ اور اس کا رد | ۱۹۷ |
| ایک اور قلابازی اور اس کا علاج | ۱۹۹ |
| اہلِ ایمان کا عقیدہ | ۲۰۶ |


Marfat.com

مقام رابع ۲۹

حبِ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بغیر ایمان متصور نہیں ۲۱۰

علاماتِ محبت ۲۱۱

نبی اکرم صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی بے ادبی کفر ہے ۲۱۳

امامِ مالک کا ابوجعفر منصور سے مکالمہ ״

ذکرِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی تعظیم ۲۱۵

صحابۂ کرام اور تعظیمِ مصطفےٰ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم ۲۱۶

تابعین اور تعظیمِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم ۲۲۰

نبی اکرم صلے اللہ تعالے علیہ وسلم سے نسبت رکھنے والی اشیاء کا احترام صحابہ کی نظر میں ۲۲۱

سنگ و شجر کی سلامی ۲۲۷

استنِ حنانہ کی فراق میں آہ و زاری ۲۲۸

نبیِ رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۲۳۱

اتباعِ رسول تقاضائے محبت ہے ۲۳۲

بے حبِ مصطفےٰ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم اتباع معتبر نہیں ۲۳۴

تنقیصِ شان کے مرتکب کا حکم ״

بلا ارادہ تنقیص کے مرتکب کا حکم ۲۳۹

اعتراض اہلِ قبلہ کی تکفیر ممنوع ہے اور اس کا جواب ۲۴۲

خلاصۂ فتویٰ ۲۴۶

خاتمہ ۲۴۸

علمائے اعلام کی تائیدی مہریں ۲۵۰


Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کلمۂ افتتاح

سرزمینِ ہند (متحدہ پاک و ہند) وہ مردم خیز خطہ ہے جہاں سے پیدا ہونے والے عظیم رجال کے افکار و تعلیمات نے ایک عالم کو روشنی بخشی، ان کے علوم و معارف رہتی دنیا تک قلوب واذہان کو تابندگی اور ایمان وعمل کو تازگی بخشتے رہیں گے۔ متحدہ پاک و ہند کی تاریخ میں دانش وحکمت کے مینار بھی دکھائی دیں گے، علم وعرفان کے بحرِ بیکراں بھی ملیں گے اور حریت و آزادی کے پیکر بھی نظر آئیں گے اور بعض ایسی جامع الصفات ہستیاں بھی سامنے آئیں گی کہ انہیں جس پہلو سے بھی دیکھا جائے، منفرد اور یگانہ معلوم ہوں گے۔ شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی، امامِ ربانی مجددِ الفِ ثانی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، شاہ فضلِ حق خیر آبادی، امام احمد رضا بریلوی، مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی، پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی اور پیر سید جماعت علی شاہ علی پوری (قدست اسرارہم) وہ حضرات ہیں جن کی علمی فضیلت اور قائدانہ بصیرت سے کوئی باخبر شخص انکار نہیں کر سکتا اور کوئی انصاف پسند مؤرخ ان حضرات کی دینی و سیاسی خدمات کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔

درج ذیل سطور میں بطلِ حریت، امامِ منطق و حکمت مولانا شاہ محمد فضلِ حق خیر آبادی کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے اس کے بعد پیشِ نظر کتاب "تحقیق الفتویٰ" کے بارے میں کچھ عرض کیا جائے گا۔

Marfat.com

# شاہ فضلِ حق خیرآبادی

۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۷ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب ستیس واسطوں سے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ تک پہنچتا ہے اسی لئے آپ کفار، مبتدعین اور بدمذہبوں سے کسی قسم کی رواداری کے قائل نہ تھے۔ آپ کے والدِ ماجد مولانا فضلِ امام خیرآبادی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ہم عصر اور اکابر علماء میں شمار ہوتے تھے۔ دہلی میں صدر الصدور تھے، ہاتھی کی پالکی پہ کچہری آتے جاتے، شاہ فضلِ حق خیرآبادی کی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھتے۔ جب ان کی تعلیم مکمل ہوگئی تو انہیں درسِ حدیث کے لئے شاہ عبدالقادر محدث دہلوی کے سپرد کر دیا، علّامہ نے ان کے علاوہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے بھی استفادہ کیا۔

جب مولانا فضلِ امام خیرآبادی، علامہ کو شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے سپرد کرنے گئے تو انہوں نے دورانِ گفتگو فرمایا: فضلِ حق کو شعر و شاعری کا بھی شوق ہے، شاہ صاحب نے فرمایا: کچھ اپنا کلام سناؤ، علامہ نے امرء القیس کی زمین میں ایک قصیدہ سنایا، شاہ صاحب نے ایک لفظ کے بارے میں فرمایا: یہ غریب ہے، کلامِ عرب میں کم استعمال ہوتا ہے۔ علامہ نے برجستہ مسلّم شعراء کے بیس ایسے اشعار سنادئے جن میں وہی لفظ استعمال کیا گیا تھا، ابھی کچھ اور سنانے کا ارادہ تھا کہ والدِ ماجد نے منع کر دیا اور فرمایا: بس صاحب! علامہ نے عرض کیا یہ تفسیر و حدیث کا کوئی مسئلہ نہیں ہے، یہ شعر و شاعری ہے اس میں بے ادبی کا کیا سوال؟ حضرت شاہ صاحب نے فرمایا: صاحبزادے تم صحیح کہتے ہو مجھے سہو ہوا ہے۔

اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز واقعہ اس وقت پیش آیا جب شاہ عبدالعزیز

Marfat.com

محدث دہلوی نے شیعہ کے رد میں تحفہ اثنا عشریہ لکھا تو ہندوستان سے ایران تک دنیائے رفض میں زلزلہ آگیا، میر باقر داماد کی اولاد سے ایک شیعہ مجتہد کتابوں کا انبار لے کر شاہ صاحب سے مناظرہ کرنے کے لیے ایران سے دہلی پہنچا اور شاہ صاحب کے ہاں فروکش ہوا، علامہ فضلِ حق خیرآبادی کو پتہ چلا تو وہ بھی مجتہد صاحب سے ملاقات کرنے پہنچ گئے۔ خیر و عافیت دریافت کرنے کے بعد جو باہم گفتگو ہوئی وہ کچھ اس طرح تھی :-

مجتہد : صاحبزادے! (اس وقت علامہ کی عمر بارہ سال تھی) کیا پڑھتے ہو؟

علامہ : شرح اشارات اور افق المبین وغیرہ کتب کا مطالعہ کیا کرتا ہوں۔

مجتہد : (حیرت سے) کیا تم افق المبین کے فلاں مقام کی تقریر کر سکتے ہو؟

علامہ : ہاں! اور نہ صرف اس مقام کی تقریر کر دی بلکہ اس پر چند اعتراض بھی کر دئے۔

مجتہد : جواب دینے کی کوشش کرتا ہے۔

علامہ : جواب کو کئی وجہ سے رد کر دیتے ہیں اور پھر افق المبین کی ایسی تقریر کرتے ہیں کہ تمام اعتراضات کا جواب بھی اس میں آجاتا ہے۔

مجتہد : تعجب سے اس نوعمر منطقی کو دیکھتا رہ جاتا ہے۔

علامہ : (رخصت ہوتے ہوئے) میں شاہ صاحب کے ادنیٰ تلامذہ میں سے ہوں۔

ایرانی مجتہد نے سوچا کہ جہاں نوعمر بچوں کا مبلغ علم یہ ہے وہاں شیخ مکتب کا حال کیا ہوگا اور پھر صبح سویرے ہی اپنا ساز و سامان سمیٹ کر رخصت ہو گیا۔ صبح ہوئی تو شاہ صاحب نے خادم بھیج کر مہمان کے بارے میں دریافت کیا تو پتہ چلا کہ وہ رات ہی کو جا چکا ہے، جب صورتِ حال معلوم ہوئی تو علامہ کو شفقت آمیز عتاب سے فرمایا کہ تمہیں مہمان سے ایسا سلوک نہیں کرنا چاہیے تھا، وہ ہمارا مہمان تھا ہم

Marfat.com

خود سمجھ لیتے [1]

۱۲۲۵ھ/۱۸۰۹ء میں علامہ فضلِ حق خیرآبادی، تیرہ سال کی عمر میں تمام علوم و فنون سے فارغ ہو گئے، بعد ازاں، چار ماہ اور کچھ دنوں میں قرآن پاک حفظ کیا اور سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں حضرت دھومن شاہ دہلوی کے دستِ مبارک پر بیعت ہوئے۔

علامہ فضلِ حق خیرآبادی علومِ عقلیہ و نقلیہ میں تمام معاصرین پر فوقیت رکھتے تھے۔ علمِ کلام، اصولِ فقہ اور علومِ ادبیہ میں انہیں تخصص حاصل تھا، منطق و حکمت میں درجۂ اجتہاد پر فائز تھے اور کوئی ہمعصر ان کا ہم پلّہ نہ تھا۔

سرسید لکھتے ہیں :-

"جمیع علوم و فنون میں یکتائے روزگار ہیں اور منطق و حکمت کی تو گویا انھیں کی فکرِ عالی نے بنا ڈالی ہے، علمائے عصر بل فضلائے دہر کو کیا طاقت ہے کہ اس سرگروہِ اہلِ کمال کے حضور میں لبساطِ مناظرہ آراستہ کر سکیں۔ بارہا دیکھا گیا کہ جو لوگ آپ کو یگانۂ فن سمجھتے تھے، جب ان کی زبان سے ایک حرف سنا، دعوائے کمال کو فراموش کر کے نسبتِ شاگردی کو اپنا فخر سمجھے۔" [2]

منشی محمد جعفر تھانیسری لکھتے ہیں :-

"مولوی فضلِ حق معقولی خیرآبادی جو اس زمانے میں حاکمِ اعلیٰ شہر دہلی کے سررشتہ اور علمِ منطق کے پتلے اور افلاطون و سقراط و

---

[1] عبدالشاہد خاں شروانی : باغی ہندوستان (مکتبہ قادریہ، لاہور) ص ۷۷ - ۸

[2] سرسید : مقالاتِ سرسید حصہ شانزدہم (مطبوعہ مجلس ترقی ادب، لاہور) ص ۱۴۸

Marfat.com

بقراط کی غلطیوں کی تصحیح کرنے والے تھے" ؎۱

حکیم عبدالحی لکھنوی مؤرخ لکھتے ہیں :-

"احد الاساتذة المشهورين لم يكن له نظير فی زمانه فی الفنون الحكمية و العلوم العربية" ؎۲

(علامہ فضل حق خیرآبادی) مشہور استاذ تھے فنونِ حکمیہ اور علومِ عربیہ میں ان کا کوئی ہم پلہ نہ تھا۔

علامہ فضل حق خیرآبادی علومِ دینیہ کے متبحر عالم ہونے کے ساتھ ساتھ شعر و ادب کا نہایت گہرا ذوق رکھتے تھے، ان کے چار ہزار سے زائد اشعار، عربی ادب کا قیمتی سرمایہ ہیں، اگرچہ خود اردو میں طبع آزمائی نہیں فرماتے تھے تاہم بحیثیت نقاد کے آپ کی رائے سند کا درجہ رکھتی تھی، مرزا غالب ان کے مشوروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے، غالب کا موجودہ اردو دیوان علامہ فضلِ حق خیرآبادی اور مرزا خانی ہی کا انتخاب ہے۔

مولانا محمد الدین فوق لکھتے ہیں :

" قصائد غرا آپ کے امرأ القیس اور لبید کے قصائد پر فوقیت رکھتے ہیں، نظم و نثر میں آپ کو اس قدر مہارت تھی کہ بلا مبالغہ شاید سلف و خلف میں چند آدمی آپ کے ہم پلہ ہوئے ہوں گے"۔ ؎۳

پروفیسر یوسف سلیم چشتی لکھتے ہیں :-

---

؎۱ محمد جعفر تھانیسری، منشی : حیات سید احمد شہید (سوانح احمدی) مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی، ص ۳۰۴

؎۲ عبدالحی لکھنوی، حکیم مؤرخ : نزہۃ الخواطر (مطبوعہ حیدرآباد دکن) ج ۷، ص

؎۳ محمد الدین فوق : روضۃ الادبار، ص ۱۴۸

Marfat.com

"ادب و حکمت کی جن بلندیوں پر مولانا فضل حق خیر آبادی پہنچے، غالب ان کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ ان کی حیثیت مولانا کے سامنے سامنے طفلِ مکتب سے زیادہ نہیں ہے ع

چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک

...... سچ تو یہ ہے کہ جب تک فضلِ حق شامل نہ ہو انسان مولانا کے مرتبہ سے آگاہ نہیں ہو سکتا۔" [1]

خود غالب نے علامہ کی جلا وطنی اور غریب الوطنی کی شہادت پر جس رنج و غم اور عقیدت کا اظہار کیا ہے، دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے:-

"فخرِ ایجاد و نحریرِ مولانا فضلِ حق ایسا دوست مرجائے، غالب نیم مردہ، نیم جاں رہ جائے ؎

مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی

موت آتی ہے پر نہیں آتی

آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی

اب کسی بات پر نہیں آتی [2]

علومِ دینیہ سے فراغت کے بعد علامہ دہلی، جھجر، ٹونک اور الور میں بلند مناصب پر فائز رہے، لکھنؤ اور رامپور میں منصبِ صدارت کو زینت بخشی، اس کے باوجود فارغ اوقات میں تشنگانِ علم کو سیراب کرتے۔ آپ کے فیض یافتہ بیشمار علما، آسمانِ علم و فضل پر مہر و ماہ بن کر چمکے اور ایک عالم کو فیضیاب کیا۔ آج ہند و پاک کا

---

[1] یوسف سلیم چشتی، پروفیسر : مقدمہ شرح دیوانِ غالب ، ص ۲-۱۶۱

[2] نادم سیتاپوری : غالب نام آورم (مطبوعہ لاہور) ، ص ۹۴

Marfat.com

شاید ہی کوئی مدرسہ ہوگا جہاں آپ کا فیض جاری نہ ہو۔

آپ کے چند تلامذہ کے اسماء پیش کیے جاتے ہیں :-

۱۔ علامہ عبدالحق خیرآبادی (فرزند)

۲۔ مولانا علامہ ہدایت اللہ خاں جونپوری (استاذ صدرالشریعہ مولانا امجد علی اعظمی صاحب بہارِ شریعت)

۳۔ محب الرسول مولانا شاہ عبدالقادر بدایونی

۴۔ مولانا فیض الحسن سہارنپوری

۵۔ مولانا ہدایت علی بریلوی

۶۔ مولانا محمد عبداللہ بلگرامی

۷۔ مولانا عبدالعلی رامپوری (استاذ امام احمد رضا بریلوی)

۸۔ نواب یوسف علی خاں رامپوری

۹۔ نواب کلب علی خاں رامپوری

علامہ فضلِ حق خیرآبادی نے مختلف مناصب کی مصروفیات اور درس و تدریس کے اشغال کے باوجود تصانیف کا قابلِ قدر ذخیرہ یادگار چھوڑا۔ یہ تصانیف اپنے مصنف کے علمی تبحر، قوتِ استدلال، زورِ بیان اور کمالِ فصاحت و بلاغت پر شاہدِ عادل ہیں۔ انہوں نے اپنی نگارشات میں ایسی تحقیقات پیش کی ہیں جن کے مطالعہ سے اہلِ علم کو وجد آئے، پھر لطف یہ کہ وہ زیادہ تر اپنے ذہنِ رفیع کے نتائج قلم بند کرتے ہیں، بعض لوگوں کی طرح یہ نہیں کرتے کہ دوسروں کی عبارتیں نقل کر کے نیچے اپنا نام لکھ دیں۔

علامہ اسمٰعیل پاشا بغدادی فرماتے ہیں :-

الخیرابادی : محمد فضل الحق العمری

Marfat.com

الخیر آبادی الهندی الحنفی الجشتی الماتریدی ولد بسنة ۱۲۱۲ھ و توفی سنة ۱۲۷۸ھ ثمان وسبعین ومائتین و الف۔

من تالیفات تاریخ فتنة الهند فارسی (بل عربی)، الجنس الغالی فی شرح الجوهر العالی، حاشیة علیٰ افق المبین لباقر داماد، حاشیة علیٰ تلخیص الشفاء لابن سینا، حاشیة علیٰ شرح القاضی السبارك للسلم، رسالة فی تحقیق الاجسام، رسالة فی تحقیق الکلی الطبعی، الروض المجود فی تحقیق حقیقة الوجود، الهدیة السعیدیه فی الحکمة الطبعیة [1]

ان کی تصانیف یہ ہیں :-

۱ : تاریخ فتنة الهند (فارسی) : جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے اسباب و واقعات پر عربی میں الثورة الهندیه، نثر اور قصائد فتنة الهند، نظم میں، یہ دونوں کتابیں ترجمہ اور مبسوط مقدمہ کے ساتھ باغی ہندوستان کے نام سے مکتبہ قادریہ لاہور کی طرف سے چھپ چکی ہیں (شرف قادری)

۲ : الجنس الغالی فی شرح الجوہر العالی -

۳ : حاشیہ افق المبین، مصنفہ میر باقر داماد -

۴ : حاشیہ تلخیص الشفاء لابن سینا -

۵ : حاشیہ قاضی مبارک شرح سلم - (سیال شریف سے چھپ چکا ہے)

---

[1] اسمٰعیل باشا البغدادی : ہدیۃ العارفین تکملہ کشف الظنون (مکتبۃ المثنی، بغداد ۱۹۵۵ء) ج ۲، ص ۳۷۷

Marfat.com

۶ : رسالہ فی تحقیق الاجسام ۔

۷ : رسالہ فی تحقیق الکلی الطبعی ۔

۸ : الروض المجود (مسئلۂ وحدۃ الوجود پر یہ معرکۃ الآراء کتاب مع ترجمہ مکتبہ قادریہ سے چھپ چکی ہے)

۹ : الہدیۃ السعیدیہ ، حکمتِ طبعیہ میں (بلکہ حکمتِ طبعیہ و الہیہ دونوں پر مشتمل ہے) شرف قادری

ان کے علاوہ یہ تصانیف ہیں :۔

۱۰ : تحقیق الفتوےٰ فی ابطال الطغویٰ ، فارسی (تفصیلی تعارف آئندہ صفحات میں پڑھیے)

۱۱ : امتناع النظیر (فارسی)

حضرتِ علامہ ، ظاہری شان و شوکت اور علمی فضیلت کے باوجود شریعتِ مطہرہ اور سنتِ مبارکہ پر عمل پیرا اور عابدِ شب زندہ دار تھے ۔ مولانا عبداللہ بلگرامی فرماتے ہیں :۔

" اللہ تعالےٰ کے دیئے ہوئے طاقتور ہاتھی اور عمدہ گھوڑے انہیں اللہ تعالےٰ کے اوامر و نواہی کی اطاعت سے باز نہیں رکھ سکتے تھے ، وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہیں بیع اور تجارت اللہ تعالےٰ کے ذکر سے نہیں روک سکتی ۔ ان کا جسم بادشاہ کی صحبت میں اور دل یادِ الٰہی میں مصروف ہوتا تھا ۔

علامہ باقاعدگی سے ہر ہفتہ قرآنِ پاک ختم کیا کرتے تھے ، رات کے وقت نوافل میں مصروف ہوتے جب دوسرے لوگ سو رہے ہوتے تھے جس شخص کا نوافل میں یہ حال ہو اس کے فرائض کا اندازہ کیا جا سکتا ہے " [1]

---

[1] عبداللہ بلگرامی ، مولانا : خطبہ حاشیہ ہدیہ سعیدیہ

Marfat.com

علامہ فضلِ حق خیر آبادی کو اللہ تعالےٰ نے دلِ دردمند اور عقلِ بیدار عطا فرمائی تھی۔ وہ چشمِ بصیرت سے تغیر پذیر حالات میں آئندہ پیدا ہونے والے حوادث اور واقعات دیکھ لیتے تھے۔ سرزمینِ ہند پر انگریز کے مکارانہ تسلط اور مسلمانوں کی شوکت کے زوال کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور اس امر کو شدت سے محسوس کرتے تھے کہ انگریز طرح طرح کے حیلے بہانے سے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کے درپے ہیں۔ علامہ نے الثورۃ الہندیہ میں ان کی بعض سازشوں کی نشاندہی کی ہے :۔

١ :۔ انگریزوں نے مسلمان بچوں کو عیسائیت کی تعلیم دینے کے لئے شہروں اور دیہاتوں میں سکول کھولے اور اسلامی مدارس کو تباہ کرنے کی پوری سعی کی۔

٢ : نقد قیمت ادا کر کے تمام غلہ اور اجناس خرید لیتے تا کہ لوگ ایک ایک دانے کے لئے ان کے محتاج ہو جائیں اور کسی کو مجالِ سرکشی نہ رہے۔

٣ : بچوں کے ختنے پر پابندی عائد کر دی اور عورتوں کا پردہ ختم کرا دیا اور اس طرح اہلِ ایمان کو فتنہ میں ڈالنے اور احکامِ اسلامیہ کے مٹانے کی مذموم کوشش کی۔

٤ : کارتوس استعمال کرتے وقت مسلمان فوجیوں کو سور کی چربی اور ہندوؤں کو گائے کی چربی چکھنے پر مجبور کیا [1]

نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان اور ہندو فوجی مشتعل ہو گئے اور انگریز کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے، ابتدا میرٹھ چھاؤنی سے ہوئی، بہت سے انگریزوں کو قتل کر کے تمام فوجی دہلی پہنچے اور سلطنتِ مغلیہ کے آخری تاجدار سراج الدین بہادر شاہ ظفر کو

---

[1] فضلِ حق خیر آبادی، علامہ مولانا : باغی ہندوستان (مطبوعہ مکتبہ قادریہ، لاہور) ص ٢٥٥-٦

Marfat.com

بادشاہ بنالیا اور استخلاص وطن کے لئے انگریزی افواج سے ٹکرا گئے۔

علامہ اس وقت الور میں تھے وہاں سے دہلی پہنچنے اور جہادِ آزادی میں قائدانہ شان سے حصہ لیا، بادشاہ سے سابقہ روابط کی بنا پر خصوصی مشوروں میں شریک ہوتے اور اپنی صوابدید کے مطابق راہنمائی کرتے [۱] علامہ کی تجویز کے مطابق مختلف والیانِ ریاست کو خطوط لکھے گئے۔ آپ کے صاحبزادے مولانا عبدالحق خیرآبادی گوڑگانوہ کے کلکٹر مقرر کئے گئے، بہت سے حکام براہِ راست علامہ نے مقرر کئے [۲] آپ کے حکم سے لال قلعہ کے دارالانشاء (سیکریٹریٹ) سے پروانے جاری ہوتے [۳] آپ نے سلطنت کا دستور العمل مرتب کیا [۴] اور فوجیوں اور شہریوں کو حکومتِ برطانیہ کے خلاف بھڑکاتے رہے [۵] بلکہ بعض اوقات شاہی فوج کی کمان بھی کی، بادشاہ نے ایک کنگ کونسل قائم کی جو تین ارکان پر مشتمل تھی، جنرل بخت خاں، مولوی سرفراز علی اور مولوی فضلِ حق [۶]

۱۹ ستمبر ۱۸۵۷ء کو دہلی پر انگریزوں کا مکمل تسلط ہو گیا تو علامہ اہل وعیال کو خیرآباد چھوڑ کر سیتاپور (لکھنؤ) پہنچ گئے جہاں ملکۂ عالیہ حضرت محل انگریزی فوج سے نبرد آزما تھیں، یہاں بھی علامہ مجاہدین کی مجلسِ شوریٰ (پارلیمنٹ) کے خصوصی

---

[۱] عبدالشاہد خاں شروانی : باغی ہندوستان ، ص ۱۴۰-۱

[۲] محمود احمد برکاتی، حکیم سید : فضلِ حق خیرآبادی اور سن ستاون ، ص ۴۰-۳۹

[۳] ایضاً : ص ۴۱

[۴] ایضاً : ص ۴۴

[۵] ایضاً : ص ۴۹

[۶] ایضاً : ص ۶۲

Marfat.com

رکن تھے، حضرت محل کے وزیر ممو خاں سے آپ کے خصوصی مراسم تھے، علامہ کو ممو خاں کا مشیر سمجھا جاتا تھا، مجاہدین آپ کے مدبرانہ مشوروں سے مستفید ہوتے رہے[1] تمام تر کوششوں کے باوجود مجاہدین کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑا لہذا جہاں کسی کا سینگ سمایا، چلا گیا اور انگریز اپنا اقتدار بحال کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ انہی دنوں ملکہ برطانیہ نے عام معافی کا اعلان کر دیا۔ علامہ اس اعلان پر اعتماد کرتے ہوئے خیر آباد چلے گئے، ابھی چند دن بھی نہ گزرے تھے کہ آپ کو گرفتار کر لیا گیا، مقدمہ چلا اور فیصلہ یہ دیا گیا کہ ان کی تمام جائداد ضبط اور انہیں تا زیست جزیرۂ انڈیمان (کالے پانی) بھیج دیا جائے چنانچہ حضرت علامہ نے ۱۲ صفر، ۲۰ اگست ۱۲۷۸ھ/ ۱۸۶۱ء کو انڈیمان میں جام شہادت نوش کیا[2]

مشہور فاضل عمر رضا کحالہ لکھتے ہیں:

محمد فضل الحق العمری الخیرابادی الهندی الحنفی الجشتی الماتریدی حکیم، ولد فی خیراباد وقاوم الحکومة الانجلیزیة فاعتقلتہ وارسلتہ الی جزیرة رنکون فتوفی بہا[3]

"محمد فضل حق عمری خیر آبادی ہندی حنفی چشتی ماتریدی حکیم (فلسفی)، خیر آباد میں پیدا ہوئے، انگریزی حکومت سے مقابلہ کیا تو حکومت نے آپ کو گرفتار کر کے جزیرۂ رنگون (بلکہ انڈمان) بھیج دیا، آپ نے وہیں وفات پائی۔"

---

[1] محمود احمد برکاتی، حکیم سید : فضل حق خیر آبادی اور سن ستاون ، ص ۶۲

[2] ایضاً : ص ۵ - ۶۴

[3] عمر رضا کحالہ : معجم المؤلفین (مطبوعہ بیروت) ج ۱۱ ، ص ۱۳۰

Marfat.com

پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے شائع ہونے والے اردو دائرۂ معارف اسلامیہ میں بزمی انصاری لکھتے ہیں :-

"۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف مسلح بغاوت ہوئی تو مولوی فضل حق نے اس بغاوت میں نمایاں حصہ لیا، بغاوت کے الزام میں ان پر مقدمہ چلا اور عمر قید کی سزا پائی۔" ؎۱

سعید احمد اکبر آبادی فاضلِ دیوبند لکھتے ہیں :-

"اس وقت ہمارے سامنے فتوے کی جو نقل ہے اس پر ۳۸ دلی کے علماء و مشائخ کے دستخط ہیں، مولانا فضل حق خیرآبادی کے اس پر دستخط نہیں ہیں لیکن ان کا ایک الگ مستقل فتوائے جہاد تھا جس کا ذکر ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کی اسلامی تاریخوں میں تفصیل کے ساتھ کیا گیا ہے۔

مولانا بلند پایہ عالمِ دین ہونے کے ساتھ رئیسانہ طور طریق زندگی رکھتے تھے لیکن اس کے باوجود ان کی ایمانی جرأت و جسارت اور دینی حمیت و غیرت کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے ہر چیز سے بے نیاز ہو کر دلی کی جامع مسجد میں نمازِ جمعہ کے بعد جہاد کے واجب ہونے پر ایک نہایت ولولہ انگیز تقریر کی اور اس کے بعد جہاد کے ایک اور فتوے کا اعلان ہوا جس پر صدر الصدور مفتی صدر الدین خاں آزردہ، مولانا فیض احمد بدایونی، ڈاکٹر مولوی وزیر خاں اکبر آبادی اور دوسرے علماء کے دستخط تھے۔" ؎۲

---

؎۱ بزمی انصاری : اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ (مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی) ج ۱۵ ص ۳۷۵

؎۲ سعید احمد اکبر آبادی : ہندوستان کی شرعی حیثیت (مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۶۸ء) ص ۲-۴۱

Marfat.com

یہ امر مسلّم ہے کہ "اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ" انگریزوں سے علامہ کی نفرت و عداوت اور ان کے ناپاک قدموں سے سرزمینِ ہند کے پاک ہونے کی آرزو کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ کے فرزندِ جلیل علامہ عبدالحق خیرآبادی نے یہ وصیت فرمائی تھی کہ جب انگریز چلے جائیں تو میری قبر پر آکر اطلاع دے دینا۔

مولانا عبدالشاہد خاں شروانی لکھتے ہیں :-

"مولانا (عبدالحق خیرآبادی) نے آخر وصیت بھی فرمائی کہ جب انگریز ہندوستان سے جائیں تو میری قبر پہ خبر کردی جائے چنانچہ ۱۵ راگست ۱۹۴۷ء کو رفیقِ محترم مولوی سید نجم الحسن صاحب رضوی خیرآبادی نے مولانا کے مدفن (درگاہ مخدومیہ) پر ایک جمِ غفیر کے ساتھ حاضر ہوکر میلاد شریف کے بعد قبر پہ فاتحہ خوانی کی اور اس طرح پورے پچاس سال کے بعد انگریزی سلطنت کے خاتمہ کی خبر سناکر وصیت پوری کی،

جزاہ اللہ خیرالجزاء" [1]

علامہ فضلِ حق خیرآبادی کے مجاہدانہ کارناموں کی تفصیلات معلوم کرنے کے لئے درجِ ذیل کتابیں خاص طور پر ملاحظہ کی جائیں :-

۱ : فضلِ حق خیرآبادی اور سن ستاون : مطبوعہ برکات اکیڈمی کراچی ۱۹۷۵ء از حکیم سید محمود احمد برکاتی (مکتبہ قادریہ لاہور سے دستیاب ہے)

۲ : باغی ہندوستان : (مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور) تصنیف علامہ فضلِ حق خیرآبادی ، ترجمہ و تقدیم عبدالشاہد خاں شروانی۔

۳ : امتیازِ حق : (مکتبہ قادریہ، لاہور، ۱۹۷۹ء) از راجا غلام محمد

---

[1] عبدالشاہد خاں شروانی : مقدمہ زبدۃ الحکمۃ (مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۴۹ء) ص ۱۲

Marfat.com

ذیل میں مولانا عبدالشاہد خاں شروانی (مؤلف باغی ہندوستان) کے مکتوب کا عکس پیش کیا جاتا ہے جو امتیازِ حق پر ان کے تاثرات کے علاوہ نہایت وقیع معلومات پر مشتمل ہے۔

---

۲۹/۱ ء

زاویہ علمیہ (دفتر جمہور) محمد علی روڈ (اور کورٹ) علی گڑھ

۷۸۶

محترم المقام دام لطفکم    السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مرسلہ کتابوں کا پیکٹ ۲/۲۹ ء کو اور مکرمت نامہ مورخہ ۲/۲۹ ء ایک لمحہ بعد ملا پیکٹ میں باغی ہندوستان اور امتیاز حق کی دو دو جلدیں تھیں۔ آپ نے باغی ہندوستان کی ۳ جلدیں خط میں لکھی ہیں۔ غالباً سہواً باغی ہندوستان کے بجائے امتیاز حق کی مزید جلد رکھدی گئی۔

سرکاری ملازم شوکت علی صاحب کا ایک خط عرصہ ہوا آیا تھا انہوں نے مزار علامہ کی نشاندہی کی تھی وہ خود مزار پر حاضر ہوئے ہیں۔ علامہ کے مزار کے ساتھ مولوی لیاقت علی صاحب کی قبر بھی ہے۔

یہ مزار سمندر کے کنارے ساؤتھ پائنٹ میں ہے جو عرف عام میں نمک بھٹہ کہلاتا ہے۔ یہ بستی Ross جزیرہ کے قریب ہے جہاں لاکر علماء کو جہاز سے اتارا جاتا تھا۔

اب تک میں نے رائلٹی کی طرف آپکی توجہ مبذول نہیں کرائی تھی کیونکہ ضرورت نہ تھی اب ریٹائر ہونے کے بعد ضرورت محسوس ہوئی۔ کیا آپ توجہ کریں گے؟

میں نے گزشتہ سال رامپور رضا لائبریری میں علامہ کا وہ خط دیکھا جو

Marfat.com

عرشی صاحب نے اپنے مضمون میں دیا تھا۔ اس پر نہ تو علامتیں دستخط ہیں نہ ان کا رسم خط میں رسم خط اچھی طرح پہچانتا ہوں۔ مولانا آزاد لائبریری میں خود نوشت نسخے موجود ہیں۔

المبین کی اشاعت بڑی علمی خدمت ہے پہلا ایڈیشن ملتا نہیں مجھے خود مولانا مرحوم امتیاز النظیر کے ساتھ دی تھی۔

امتیاز حق، راجہ صاحب کی تتبع و تلاش کا شاہکار ہے۔ تاریخ تناولیاں نے یہ مسئلہ پہلے ہی صاف کر دیا تھا۔ امتیاز حق نے یہ پہلو بھی صاف کر دیا کہ وہ انگریزوں کے مخالف نہیں بلکہ موافق و حامی تھے۔ ہٹلر کے دست راست گوبلز کا قول تھا کہ جھوٹ اتنی بار بولو کہ سچ معلوم ہو۔

بلاشبہ باغی ہندوستان کا جدید ایڈیشن

نقش نقش ثانی بہتر کشد ز اول کا مصداق ہے۔ جزاکم اللہ

تاخیر جواب کے لئے معذرت خواہ ہوں۔ سفر حج کی چار ماہ کی غیر حاضری نے کام بہت بڑھا دیا پھر واپسی پر شدید بیماری نے ڈیڑھ ماہ معطل رکھا۔

رفقاء کی خدمت میں سلام شوق۔

مہربانی ہوگی اگر دونوں کارڈوں پر ٹکٹ لگا کر پوسٹ فرما دیں۔ دونوں حکومتوں نے ڈاک محصول اتنا بڑھا دیا ہے کہ خط لکھنے کے لئے کئی بار سوچنا پڑتا ہے۔ والسلام

خیر اندیش

شاہد شیرانی ۵/۹/ ۱۹ء

Marfat.com

# مصنفِ تقویۃ الایمان

مولوی اسمٰعیل دہلوی، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے پوتے، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے بھتیجے ۱۲ ربیع الثانی ۱۱۹۳ھ/ ۱۷۷۹ء کو دہلی میں شاہ عبدالغنی کے گھر پیدا ہوئے [1] تعلیم اپنے والد اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے حاصل کی۔ صراطِ مستقیم، تقویۃ الایمان، تنویر العینین، رسالہ اصول فقہ، رسالہ توحید، ایضاح الحق، منصبِ امامت، رسالہ بے نمازاں اور رسالہ یکروزی وغیرہ کتابیں لکھیں [2]

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے سید احمد بریلوی کے ہاتھ پہ بیعت کی اور انہیں ساتھ لے کر "جہاد" کا منصوبہ بنایا، ہندوستان پر انگریز کی حکومت تھی، پنجاب پر سکھ حکومت کر رہے تھے، ان میں سے کسی ایک سے ٹکر لئے بغیر صوبہ سرحد کا رُخ کیا اور سب سے پہلے یاغستان کے مسلمان حکمران یار محمد خاں سے "جہاد" کیا [3] پھر سکھوں کے سب سے بڑے مخالف سرحد کے جیالے مسلمان پٹھان پائندہ خاں سے محاذ آرائی کی، اسے اپنی بیعت پر مجبور کیا

---

[1] مرزا حیرت دہلوی : حیاتِ طیبہ (مکتبۃ السلام، لاہور، ۱۹۵۸ء) ص ۳۲

[2] رحمٰن علی، مولانا : تذکرہ علماءِ ہند اردو ترجمہ (مطبوعہ کراچی ۱۹۶۱ء) ص ۴۱۲

[3] عاشق الٰہی میرٹھی : تذکرۃ الرشید، ج ۲، ص ۲۷۰

Marfat.com

اور جب اس نے بیعت سے انکار کر دیا تو اس پر کفر کا فتوے لگا کر اس پر چڑھ دوڑے، پائندہ خاں نے (جو تمام عمر سکھوں سے جنگ کرتا رہا) مجبوری کی حالت میں سکھوں سے صلح کر لی اور دو پلٹن فوج لے کر "مجاہدین" کو شکستِ فاش دی اور اپنے علاقے سے نکال باہر کیا، چنانچہ مولوی اسمٰعیل دہلوی، سید صاحب اور ان کے ساتھیوں نے پنجتار کا رخ کیا [1]

سرحدی مسلمان سکھوں کے ساتھ جہاد کے نام پر مجاہدین کا ساتھ دیتے رہے تھے۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی اور ان کے ساتھیوں کے وہابیانہ عقائد، بات بات پر کفر کے فتوے اور مجاہدین کے ساتھ پٹھان خواتین کے جبری نکاح [2] وغیر ذلک، وہ امور تھے جنہوں نے سرحد کے غیرت مند پٹھانوں کو مشتعل کر دیا۔ چنانچہ پشاور میں مجاہدین کی خاصی بڑی جماعت کو تہ تیغ کر دیا گیا۔ سر سیّد تو یہاں تک کہتے ہیں کہ ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۱ء میں انہی کے ہاتھوں بالاکوٹ میں مولوی اسمٰعیل دہلوی، سید صاحب اور ان کے ساتھیوں کا خاتمہ ہوا،

سر سید لکھتے ہیں :

"۱۸۲۴ء میں وہابیوں نے پہاڑوں میں جا کر قیام کیا اور انہوں نے اس بات کا قصد کیا کہ سکھوں پر ہم لوگ جہاد کریں اور شہید ہوں لیکن چونکہ پہاڑی قومیں ان کے عقائد کے مخالف تھیں اس لئے وہ وہابی ان پہاڑیوں کو ہرگز اس بات پر راضی نہ کر سکے کہ وہ ان کے مسائل کو بھی اچھا سمجھنے مگر چونکہ وہ سکھوں کے جور و ستم

---

[1] مراد علی، سید : تاریخِ تناولیاں ، (مکتبہ قادریہ، لاہور) ص ۴۷ تا ۵۴

[2] حیرت دہلوی، مرزا : حیاتِ طیبہ ، ص ۳۵۶

Marfat.com

سے نہایت تنگ تھے اس سبب سے وہابیوں کے اس منصوبہ میں شریک ہو گئے کہ سکھوں پر حملہ کیا جاوے اور آخر کار وہابیوں اور پہاڑیوں نے متفق ہو کر سکھوں پر حملہ بھی کیا لیکن چونکہ یہ قوم مذہبی مخالفت میں نہایت سخت ہے اس سبب سے اس قوم نے اخیر میں وہابیوں سے دغا کر کے سکھوں سے اتفاق کر لیا اور مولوی محمد اسمٰعیل صاحب اور سید احمد صاحب کو شہید کیا"[1]

اسی لئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں ؎

وہ جسے وہابیہ نے دیا ہے لقب شہید و ذبیح کا
وہ شہید لیلائے نجد تھا وہ ذبیح تیغ خیار ہے

مولوی اسمٰعیل دہلوی کے "جہاد" کا مقصد متعین کرتے ہوئے مولوی حسین احمد مدنی لکھتے ہیں :-

"سید صاحب کا اصل مقصد چونکہ ہندوستان سے انگریزی تسلط اور اقتدار کا قلع قمع کرنا تھا جس کے باعث ہندو اور مسلمان دونوں ہی پریشان تھے، اس بنا پر آپ نے اپنے ساتھ ہندوؤں کو بھی شرکت کی دعوت دی اور صاف صاف انہیں بتا دیا کہ آپ کا واحد مقصد ملک سے بدیسی لوگوں کا اقتدار ختم کرنا ہے، اس کے بعد حکومت کس کی ہو گی؟ اس سے آپ کو غرض نہیں ہے، جو لوگ حکومت کے اہل ہوں گے ہندو یا مسلمان یا دونوں، وہ حکومت کریں گے۔" (نقش حیات ج ۲، ص ۱۲)

---

[1] سر سید : مقالات سر سید، حصہ نہم، (مجلس ترقی ادب، لاہور) ص ۱۳۹، ۱۴۰

Marfat.com

اس پر علامہ ارشد القادری نے یہ نوٹ لکھا :

" آپ ہی انصاف سے بتائیے کہ مذکورہ حوالہ کی روشنی میں سید صاحب کے اس لشکر کے متعلق سوا اس کے اور کیا رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ وہ ٹھیک انڈین نیشنل کانگریس کے رضاکاروں کا ایک دستہ تھا جو ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (لادینی حکومت) قائم کرنے کے لئے اٹھا تھا ۔" (ص ۱۰۰)

اس پر عامر عثمانی ایڈیٹر ماہنامہ تجلی دیوبند نے کھلے دل سے اعتراف کیا ہے، لکھتے ہیں :-

" ہم کتنی ہی جانب داری سے کام لیں، زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ریمارک میں لفظاً تلخی آگئی ہے لیکن معنوی اور منطقی اعتبار سے بھی اس میں کوئی نقص ہے؟ کوئی افترا ہے؟ کوئی زیادتی ہے ؟

کوئی شک نہیں اگر استادِ محترم حضرتِ مدنی کے ارشادِ گرامی کو درست مان لیا جائے تو حضرتِ اسمٰعیل کی شہادت محض افسانہ بن جاتی ہے، مادی پریشانیوں کو رفع کرنے کے لئے غیر ملکی حکومت کے خاتمے کی کوشش کرنا ذرا بھی مقدس نصب العین نہیں، اس نصب العین میں کافر و مومن سب یکساں ہیں، اس طرح کی کوشش کے دوران مارا جانا اس شہادت سے بھلا کیا تعلق رکھے گا جو اسلام کی ایک معزز ترین اور مخصوص اصطلاح ہے اور اس طرح کی کوششوں کے نتیجہ میں قید و بند کی مصیبتیں اٹھانا اجرِ آخرت کا موجب کیوں ہوگا ؟" (تبصرہ بر زلزلہ، ص ۱۸۷)

Marfat.com

مولوی اسمٰعیل دہلوی کے مزاج میں ابتدا ہی سے آزاد خیالی اور لااُبالی پن پایا جاتا تھا، تعلیم کے دوران بقول مرزا حیرت دہلوی یہ عالم تھا کہ :

"نہ آپ مطالعہ کرتے، نہ گھر میں جا کے سبق یاد کرتے تھے تو اکثر یہ ہو جاتا تھا کہ جب آپ دوسرے دن سبق پڑھنے کیلئے کتاب کھولتے تھے تو یہ بھول جایا کرتے تھے کہ کل سبق کہاں تک پڑھا تھا۔" [1]

اپنے آباء و اجداد جو علم و فضل اور تقوے و دیانت میں مسلم الثبوت تھے، کے مذہب کے خلاف رفع یدین کیا کرتے تھے، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ایماء پر حضرت شاہ عبدالقادر نے مولوی محمد یعقوب کے ذریعے پیغام دیا کہ رفع یدین چھوڑ دو، اس سے خواہ مخواہ فتنہ پیدا ہوگا، مولوی اسمٰعیل دہلوی نے جواب دیا کہ اگر عوام کے فتنہ کا خیال کیا جائے تو اس حدیث کا کیا مطلب ہوگا کہ جو شخص میری امت کے فساد کے وقت میری سنت پر عمل کرے گا اُسے سَو شہید کا ثواب ملے گا۔

اس پر شاہ عبدالقادر نے فرمایا :-

"بابا ہم تو سمجھتے تھے کہ اسمٰعیل عالم ہو گیا مگر وہ تو ایک حدیث کے معنی بھی نہ سمجھا، یہ حکم تو اس وقت ہے جبکہ سنت کے مقابل خلافِ سنت ہو اور ما نحن فیہ (جس مسئلہ کے متعلق گفتگو ہے) میں سنت کا مقابل خلافِ سنت نہیں بلکہ دوسری سنت ہے کیونکہ جس طرح رفع یدین سنت ہے یونہی ارسال (رفع یدین

---

[1] حیرت دہلوی، مرزا : حیاتِ طیبہ ، ص ۳۹

Marfat.com

نہ کرنا، بھی سنت ہے "[1]

اس جواب پر مولوی اسمٰعیل دہلوی خاموش ہو گئے مگر رفع یدین ترک نہ کیا اور جب پشاور میں پٹھان علماء نے اعتراض کیا تو رفع یدین ترک کر دیا اور سو شہید کے ثواب سے دستبردار ہو گئے۔

آزادروی اور دین سے بے نیازی یہاں تک بڑھی کہ جب محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تصانیف مطالعہ سے گزریں تو دل وجان سے ان پر فریفتہ ہو گئے اور ان افکار و نظریات کو اردو میں ڈھال کر تقویۃ الایمان کے نام سے فتنۂ عوام کے لئے پیش کر دیا، دونوں کی ہم آہنگی معلوم کرنے کے لئے سیف اللہ المسلول مولانا شاہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ کی تصنیف سیف الجبار کا مطالعہ مفید رہے گا۔

قرآن وحدیث کی تعلیم کے مطابق راہِ راست وہ صحیح طریقہ ہے جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور سلف صالحین چلتے رہے ہے۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے پوری کوشش کی کہ امتِ مسلمہ کا تعلق سلف صالحین اور بارگاہِ رسالت سے منقطع کر دیا جائے اور جو مسلمان اس تعلق کا تحفظ کرنا چاہیں انہیں بے دردی سے کافر و مشرک قرار دے دیا جائے۔

آج اگر مسلمان اس ظلم وستم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں تو اسے "فرقہ واریت" قرار دیا جاتا ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جو شخص اپنے اور عامۃ المسلمین کے ایمان کے تحفظ کی کوشش کرے وہ گردن زدنی قرار دیا جائے اور جو بیک جنبشِ قلم تمام امتِ مسلمہ کو کافر و مشرک قرار دے ڈالے،

---

[1] اشرف علی تھانوی : حکایاتِ اولیاء (ارواحِ ثلاثہ) مطبوعہ دارالاشاعت کراچی، ص ۱۱۹، ۱۲۱

Marfat.com

اللہ تعالےٰ، تمام انبیاء، ملائکہ اور اولیاء کی تنقیصِ شان کا مرتکب ہو، اس پر کوئی قدغن نہ ہو، اس سے کوئی باز پرس کرنے والا نہ ہو، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے اندر غیرت ایمانی نام کی کوئی چیز باقی نہیں ہے۔

محبوبانِ الٰہی کی شان میں تقویۃ الایمان کی گستاخانہ عبارات پڑھنے سے پہلے دل پر ہاتھ رکھ کر صراطِ مستقیم کی ایک عبارت ملاحظہ کیجئے :

" صرفِ ہمت بسوئے شیخ و امثالِ آں از معظمین گو جنابِ رسالت مآب باشند بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورتِ گاؤ و خرِ خود است " ؎

(ترجمہ) شیخ اور اس جیسے بزرگ حضرات کی طرف توجہ لگا دینا اگرچہ جناب رسالت مآب ہی ہوں، اپنے گدھے اور گائے کی صورت میں غرق ہونے سے بدرجہا بدتر ہے "

معاذ اللہ! ثم معاذ اللہ! کیا ایسے کلمات نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ وسلم کی اذیت کا سبب نہ ہوں گے؟ کیا ایسے نازیبا کلمات استعمال کرنا غضبِ الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف نہیں ہے؟ ارشادِ الٰہی ہے :

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا۔

" بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذاء دیتے ہیں اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت فرمائی اور آخرت میں ان کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے "

---

؎ اسمٰعیل دہلوی : صراطِ مستقیم (مکتبہ سلفیہ، لاہور) ، ص ۸۶

Marfat.com

# خدا و محبوبانِ خدا کی شان میں خوفناک جسارت

۱ : سو اس طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کر لیجئے یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے [۱]

اس عبارت کا صاف مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالے کو بھی ہمیشہ غیب کا علم نہیں ہوتا، البتہ اس کے اختیار میں ہے کہ جب چاہے دریافت کر لے، حالانکہ اللہ تعالے کا علم اور دیگر صفاتِ حقیقیہ قدیم ہیں، کبھی معدوم نہیں ہوتیں

اس عبارت میں واضح طور پر اللہ تعالےٰ کے علم کو حادث قرار دیا گیا ہے جو کھلم کھلا گمراہی ہے۔ "اللہ صاحب" کا استعمال بھی قابلِ توجہ ہے کیونکہ تمام مسلمان اللہ تعالےٰ یا اللہ جل مجدہ العظیم کہتے ہیں۔

۲ : یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا، اللہ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل ہے [۲]

استغفر اللہ! ایک ہی جملے میں تمام انبیاء، اولیاء اور ملائکہ کی منہ بھر کر توہین کی گئی ہے کیا توحید کا یہی تقاضا ہے؟

۳ : دوسری جگہ تو اس سے زیادہ صراحت کے ساتھ کہتا ہے:

"اللہ کی شان بہت بڑی ہے کہ سب انبیاء اور اولیاء اس کے روبرو ایک ذرۂ ناچیز سے بھی کمتر ہیں" [۳]

---

[۱] اسمٰعیل دہلوی : تقویۃ الایمان (مرکنٹائل پرنٹنگ دہلی) ص ۲۳

[۲] ایضاً : ص ۱۶

[۳] ایضاً : ص ۶۳

Marfat.com

جس شخص کے دل میں رائی کے برابر بھی ایمان ہوگا، اللہ تعالٰے کے محبوب صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اور دیگر محبوبانِ الٰہی کی بارگاہ میں اس قدر دریدہ دہنی کی جرأت نہیں کرسکتا۔ اللہ تعالٰے ارشاد فرماتا ہے :-

لِلّٰہِ الْعِزَّۃُ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ

"اللہ ہی کے لئے عزت ہے اور اس کے رسول اور ایمانداروں کیلئے۔"

عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

"قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقامِ محمود پر فائز فرمائے۔"

اللہ تعالٰے قیامت کے دن جنہیں مقامِ محمود پر فائز فرمانے کا وعدہ کرے اور جن کے طفیل دنیا و آخرت میں غلاموں کو بھی عزت عطا فرمائے اس ذاتِ کریم کے بارے میں خدا کی پناہ "ذرہ ناچیز سے بھی کمتر" اور "چمار سے زیادہ ذلیل" ایسے الفاظ استعمال کرنا ایسی جسارت ہے جس کا نتیجہ ایمان کی بربادی کے علاوہ کچھ نہیں ہوسکتا۔

رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے ایک موقع پر کہا تھا :

لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْھَا الْاَذَلَّ۔

"اگر ہم لوٹ کر مدینہ گئے تو عزت والا وہاں سے ذلت والے کو نکال دے گا۔"

تقویۃ الایمان میں اس سے بھی زیادہ شدت اختیار کی گئی ہے۔ اس نے "اذل" کا لفظ استعمال کیا جس کا معنی ہے بہت ذلیل، اور تقویۃ الایمان میں "چمار سے زیادہ ذلیل" اور "ذرہ ناچیز سے بھی کمتر" کہا ہے، اس نے صرف نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰے عنہم کے

Marfat.com

بارے میں وہ ناپاک الفاظ کہے تھے اور تقویۃ الایمان میں تمام انبیاء، ملائکہ، صحابہ اور اولیاء کرام کے بارے میں غلیظ الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں ؎

وہ جسے وہابیہ نے دیا ہے لقب شہید و ذبیح کا
وہ شہید لیلیٰ نجد تھا وہ ذبیح تیغ خیار ہے
یہ ہے دیں کی تقویت اس کے گھر یہ ہے مستقیم صراط شر
جو شقی کے دل میں ہے گاؤ خر، تو زباں پہ چوڑھا چمار ہے
وہ حبیب پیارا تو عمر بھر کرے فیض وجود ہی سر بسر
ارے تجھ کو کھائے تپ سقر، ترے دل میں کس سے بخار ہے [1]

۴ : " جو کچھ کہ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا خواہ دنیا میں خواہ قبر میں خواہ آخرت میں، سو اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں، نہ نبی کو، نہ ولی کو، نہ اپنا حال، نہ دوسرے کا " (ص۳۱)

نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تمام جہانوں کے لئے رحمت ہیں وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین، رب کائنات نے وعدہ فرمایا کہ اے حبیب! ہم تمہیں اتنا دیں گے کہ تم راضی ہو جاؤ گے ولسوف یعطیک ربک فترضٰی، حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم امت کے لئے ذریعہ مغفرت ہیں انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر "بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرما دی تاکہ اللہ تمہارے سبب سے تمہارے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخشے" حدیث

---

[1] احمد رضا بریلوی، امام : حدائق بخشش، حصہ دوم ، (مطبوعہ کراچی) ص ۵۸

Marfat.com

شریعت میں ارشادِ ربانی ہے انا سنرضیک فی امتک ولا نسوءک "ہم تمہیں تمہاری امت کے بارے میں راضی کردیں گے اور تمہیں تکلیف نہیں دیں گے" قیامت کے روز جب تمام انبیاء نفسی نفسی فرما رہے ہوں گے تمام انسانیت کی مشکل کشائی حضور صلے اللہ تعالے علیہ وسلم ہی فرمائیں گے جس کے دل میں رتی برابر ایمان ہوگا حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی شفاعت کی برکت سے عذابِ جہنم سے نجات پائے گا۔ پہلی امتوں پر عام عذاب نازل ہوتا رہا لیکن یہ امت اپنے آقا کی برکت سے عام عذاب سے محفوظ رہی یہاں تک کہ کافر بھی عذاب سے پناہ میں رہے۔ وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم عشرہ مبشرہ کے جنتی ہونے کی بشارت دی، اہلِ بدر کے جنتی ہونے کا اعلان فرمایا۔

اس ذاتِ کریم، امام الانبیاء، محبوبِ خدا صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کے بارے میں یہ کہنا کہ انہیں بھی معلوم نہ تھا کہ دنیا قبر اور آخرت میں میرے ساتھ کیا ہونے والا ہے، انتہائی شقاوت اور دین و ایمان سے بے بہرہ ہونے کی بین دلیل ہے۔

۵ : جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں [1]

کیا کوئی کھلم کھلا غیر مسلم نبی اکرم صلے اللہ تعالے علیہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ کا نام اس طریقہ سے لے گا اور اس بے باکی سے ان کے اختیارات کی یکسر نفی کی جرأت کرے گا؟

۶ : سارا کاروبارِ جہاں کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے، رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا [2]

---

[1] اسمٰعیل دہلوی : تقویۃ الایمان ، ص ۴۷

[2] ایضاً : ، ص ۶۶

Marfat.com

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں سے

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

۷ : جیسا ہر قوم کا چودہری اور گاؤں کا زمیندار، سو ان معنوں پر ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے [1]

۸ : کسی بزرگ کی تعریف میں زبان سنبھال کر بولو اور جو بشر کی سی تعریف ہو سو ہی کرو سو اس میں بھی اختصار ہی کرو [2]

۹ : اولیاء و انبیاء و امام زادہ، پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر انکو اللہ نے بڑائی دی، وہ بڑے بھائی ہوئے، ہم کو ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے، ہم ان کے چھوٹے ہیں [3]

گویا ان لوگوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالت اتنی ہی ہے کہ اگر انبیاء و اولیاء کی تعریف و تعظیم عام انسانوں، گاؤں کے چودھری اور بڑے بھائی سے زیادہ کر دی تو خدا کی خدائی خطرے میں پڑ جائے گی۔

جب تقویۃ الایمان کی تصریح کے مطابق تمام انسان بھائی بھائی ہیں اور جسے اللہ تعالیٰ نے کوئی بڑائی عطا کی وہ بڑا بھائی اور دوسرا چھوٹا بھائی ہوا تو یہ بھی کہہ دینا چاہیئے تھا کہ فرعون، ہامان اور ابوجہل سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز

---

[1] اسمٰعیل دہلوی : تقویۃ الایمان، ص ۷۲

[2] ایضاً : ص ۷۱، ۷۲

[3] ایضاً : ص ۹۸

Marfat.com

اور ہمارے بھائی سمجھ ہمیں اللہ تعالےٰ نے بڑائی دی، وہ چھوٹے بھائی ہوئے اور ہم ان کے بڑے، ظاہر ہے اس طرح کہنے سے اپنی انا کو ٹھیس پہنچی تھی جو کسی صورت گوارا نہیں، رسالت کی عظمت و تقدیس مجروح ہوتی ہے تو ہوتی رہے۔

۱۰ : حضرت قیس بن سعد مقام حیرہ تشریف لے گئے، وہاں دیکھا کہ وہ لوگ اپنے سردار کو سجدہ کرتے تھے، انہوں نے واپس آکر بارگاہِ رسالت میں عرض کی کہ حضور آپ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ آپ کو سجدہ کیا جائے، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم میری قبر کے پاس سے گزرو تو کیا اسے سجدہ کرو گے عرض کیا نہیں، فرمایا پھر مجھے بھی سجدہ نہ کرو۔

یہ حدیث نقل کر کے اپنی طرف سے یہ اضافہ کیا :-

" یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں تو کب سجدہ کے لائق ہوں " [1]

حالانکہ حدیث شریف کے کسی جملہ کا یہ معنی نہیں اور نہ ہی حدیث سے یہ مطلب سمجھ آتا ہے، جو شخص قصداً غلط بات حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرتا ہے، اس کے لئے صاف وعید ہے فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ [2] (وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے)۔

حدیث شریف میں ہے :

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ [3]

---

[1] اسمٰعیل دہلوی : تقویۃ الایمان ، ص ۶۹

[2] سلیمان بن الاشعث ابوداؤد، امام : سنن ابوداؤد (کراچی) ج ۲ ، ص ۱۵۸

[3] ابن قیم : جلاء الافہام (مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد) ص ۶۳

Marfat.com

"بے شک اللہ تعالےٰ نے زمین پر حرام فرمایا کہ انبیاء کے اجسادِ مبارکہ کو کھائے۔"

پھر کس قدر جرأت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بارے میں یہ کہا جائے کہ " میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں " اور ستم یہ کہ اسے حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا فرمان قرار دیا جائے۔

تقویۃ الایمان میں متعدد مقامات پر وہ آیات، انبیاء اور اولیاء پر چسپاں کی گئی ہیں جو بتوں کے بارے میں وارد تھیں، اسی لئے حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

" الحاصل مابین اصنام وارواح کمّل فرقیست بیّن وامتیاز لیست باہر، پس آیاتِ واردہ فی حق الاصنام را برانبیاء و اولیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین حمل نمودن کما فی تقویۃ الایمان تحریفے است قبیح و تخریبے است شنیع۔" [۱]

الحاصل بتوں اور کاملین کی ارواح میں فرق ظاہر و باہر ہے لہذا بتوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کو انبیاء اور اولیاء پر چسپاں کرنا جیسا کہ تقویۃ الایمان میں ہے قبیح تحریف اور بدترین تخریب ہے۔

مذکورہ بالا عبارات میں تاویل و توجیہ سے بات بنانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے، خود مولوی اسمٰعیل دہلوی نے کہا ہے ؛

" یہ بات محض بے جا ہے کہ ظاہر میں لفظ بے ادبی کا بولے اور اس سے کچھ اور معنی مراد لے کہ معما اور پہیلی بولنے کی اور بہت جگہ ہیں۔" [۲]

---

[۱] مہر علی شاہ گولڑوی، حضرت پیر سید : اعلاء کلمۃ اللہ، ص ۱۷۱

[۲] اسمٰعیل دہلوی : تقویۃ الایمان، ص ۶۴

Marfat.com

مولوی حسین احمد مدنی نے لکھا ہے :

"حضرت مولانا گنگوہی ......... فرماتے ہیں کہ جو الفاظ موہم تحقیر حضور سرورِ کائنات علیہ السلام ہوں، اگرچہ کہنے والے نے نیتِ حقارت نہ کی ہو مگر ان سے بھی کہنے والا کافر ہو جاتا ہے"[1]

غرض یہ کہ جسے اپنا دین و ایمان عزیز ہو اسے ان لوگوں سے دور اور الگ رہنا چاہیے۔ سلسلۂ نقشبندیہ مجددیہ کے مقتدر بزرگ حضرت شاہ احمد سعید نقشبندی مجددی قدس سرہ کا ارشاد ملاحظہ ہو، بیان کرنے والے ہیں ان کے فرزندِ گرامی حضرت شاہ محمد مظہر نقشبندی مجددی مہاجر مدنی قدس سرہ فرماتے ہیں :-

ولم یذکر احدا بالسوء الا الفرقة الضالة الوهابية لتحذير الناس من قباحة افعالهم واقوالهم[2]

پھر اسی صفحہ پر حاشیہ میں لکھتے ہیں :-

وکان قدس سرہ یقول ادنی ضرر صحبتهم ان محبة النبی صلی اللہ علیہ وسلم التی هی من اعظم ارکان الایمان تنقص ساعة فساعة حتی لا یبقی منها غیر الاسم والرسم فکیف یکون اعلاہ فالحذر الحذر عن صحبتهم ثم الحذر الحذر عن رؤیتهم اہ فاحفظہ (منہ)

---

[1] حسین احمد مدنی : الشہاب الثاقب ، ص ۵۷

[2] محمد مظہر مہاجر مدنی، حضرت مولانا شاہ : المناقب احمدیہ والمقامات السعیدیہ (مطبوعہ قزان ۱۸۹۶ء) ص ۱۷۶

Marfat.com

حضرت شاہ احمد سعید قدس سرہ کسی کی برائی نہیں کرتے تھے سوائے وہابیہ کے گمراہ فرقہ کے، تاکہ لوگوں کو ان کے افعال و اقوال کی قباحت سے ڈرائیں؛ حضرت فرمایا کرتے تھے کہ وہابیوں کی صحبت کا معمولی نقصان یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت جو ایمان کے بڑے ارکان میں سے ہے، لحظہ بہ لحظہ کم ہوتی جاتی ہے یہاں تک کہ نام و نشان کے علاوہ کچھ بھی نہیں رہ جاتا، جب معمولی ضرر کا یہ حال ہے تو بڑے نقصان کا کیا عالم ہوگا؟ لہذا ان کی صحبت سے بچو، ضرور بچو بلکہ ان کی صورت تک دیکھنے سے ضرور بالضرور اجتناب کرو۔

---

Marfat.com

# امتِ مسلمہ تقویۃ الایمانی شرکیات اور بدعات کی زد میں

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہ العزیز کے زمانہ تک متحدہ پاک و ہند میں دو ہی گروہ تھے، اہلِ سنت اور اہلِ تشیع، لیکن اسمٰعیل دہلوی نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیمات سے متاثر ہو کر بے دھڑک امتِ مسلمہ کو کافر و مشرک قرار دیا اور وہابیت کا ایسا فتنہ چھوڑا جو آج تک تفریق و انتشار کا سبب بن رہا ہے۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی کے عام سوانح نگار یہ ماننے سے گریزاں دکھائی دیتے ہیں کہ انہوں نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی پیروی کی ہے لیکن نواب وحید الزمان (غیر مقلد) بڑی صفائی سے اس کا اعتراف کر گئے ہیں، ہدیۃ المہدی میں لکھتے ہیں :-

"ہمارے بعض متأخرین بھائیوں نے شرک کے بارے میں بہت شدت اختیار کی ہے اور اسلام کا دائرہ تنگ کر دیا ہے اور مکروہ یا حرام امور کو شرک قرار دے دیا ہے۔" (ترجمۂ عبارت)

پھر اس کے حاشیہ میں بتایا کہ وہ کون لوگ ہیں :-

"وہ شیخ عبدالوہاب ہیں جنہوں نے ان امور کو شرک قرار دیا جیسا کہ اہلِ مکہ کی طرف ارسال کردہ اس کے بیٹے محمد اور پوتے عبداللہ کے مکتوب سے معلوم ہوتا ہے اور مولانا اسمٰعیل شہید نے تقویۃ الایمان

Marfat.com

ہیں اکثر امور میں اس کی پیروی کی ہے" لہ

تقویۃ الایمانی شرک و کفر کے چند نمونے آپ بھی ملاحظہ فرمائیں اور تلاش کریں کہ دنیا میں کون سا خوش نصیب ہے جو اُن کی زد میں نہیں آتا:۔

" اول سننا چاہیئے کہ شرک لوگوں میں بہت پھیل رہا ہے اور اصل توحید نایاب لیکن اکثر لوگ شرک و توحید کے معنی نہیں سمجھتے اور ایمان کا دعوےٰ رکھتے ہیں حالانکہ شرک میں گرفتار ہیں" (ص ۵)

یعنی جب تقویۃ الایمان نامی کتاب لکھی گئی، اکثر لوگ (مسلمان) مشرک تھے اور توحید نایاب تھی، اب ذرا اس شرک کی تفصیل بھی دیکھئے:۔

" مشکل کے وقت پیروں، پیغمبروں، اماموں، شہیدوں اور فرشتوں کو پکارنا شرک، ان سے مرادیں مانگنا شرک، ان کی منتیں ماننا شرک، حاجت برآری کے لئے ان کی نذر و نیاز شرک، بلا کے ٹلنے کے لئے اپنے بیٹوں کی نسبت ان کی طرف کرنا شرک، عبدالنبی، علی بخش، حسین بخش، پیر بخش، غلام محی الدین، غلام معین الدین نام رکھنا شرک" (ملخصاً) (ص ۵)

صاحبِ تقویۃ الایمان کو مسلمانوں کی یہ وضاحت بھی مطمئن نہیں کرتی کہ ہم ان حضرات کو اللہ تعالےٰ کے برابر نہیں سمجھتے، ہم انہیں اللہ تعالےٰ کا بندہ اور مخلوق سمجھتے ہیں، یہ حضرات اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں ہمارے سفارشی ہیں، ان کے ملنے سے خدا ملتا ہے، اس قسم کی وضاحت کو یہ کہہ کر کہ " اسی طرح کی خرافاتیں بکتے ہیں،" (ص ۶) رد کر دیتا ہے۔

---

لہ وحیدالزمان، نواب : ہدیۃ المہدی (میو پریس، دہلی) ج ۱، ص ۲۶

Marfat.com

ارشادِ الٰہی وَ یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَضُرُّھُمْ وَلَا یَنْفَعُھُمْ الآیۃ نقل کر کے کہتا ہے :-

"یہ بھی معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی کو سفارشی بھی سمجھ کر پوجے وہ بھی شرک ہوتا ہے" (ص ۷)

حالانکہ یہ آیت صراحۃً ان لوگوں (مشرکوں اور کافروں) کے بارے میں ہے جو اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی کی عبادت کرتے ہیں اور دنیا کا کوئی مسلمان کسی مخلوق کی عبادت (پوجا) نہیں کرتا، صاف پتا چلتا ہے کہ دہلوی نے تمام مسلمانوں ہی کو پہلے کافر اور مشرک قرار دے رکھا ہے، پھر جتنی آیات کافروں کے بارے میں وارد ہیں مسلمانوں پر چسپاں کر دی ہیں ورنہ قرآنِ کریم کی کسی آیت سے ثابت نہیں ہوتا کہ مقبولانِ بارگاہِ الٰہی کو سفارشی ماننے والا کافر ہے۔

"جو کوئی کسی سے یہ معاملہ (پکارنا، منت ماننا، نذر و نیاز کرنا، وکیل اور سفارشی ماننا) کرے اگرچہ اس کو اللہ کا بندہ و مخلوق ہی سمجھے سو ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہے" (ص ۸)

"پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے، غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے" (ص ۱۰)

یعنی اللہ تعالیٰ کی عطا سے علم و قدرت ماننا بھی شرک ہے، اب خود ہی سوچئے کہ اٰتَیْنٰہُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا اور وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا، بزرگانِ دین کا غلاف پکڑ کر دعا مانگنا شرک، اردگرد روشنی کرنا شرک، مجاور بن کر خدمت کرنا مثلاً جھاڑو دینا شرک، روشنی کرنا شرک، فرش بچھانا شرک، پانی پلانا شرک، وضو غسل کا لوگوں کے لئے سامان

Marfat.com

درست کرنا شرک (ص ۱۱)

" پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ آپ ہی اس تعظیم کے لائق ہیں یا یوں سمجھے کہ ان کی اس طرح کی تعظیم کرنے سے اللہ خوش ہوتا ہے اور اس تعظیم کی برکت سے اللہ مشکلیں کھول دیتا ہے، ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔" (ص ۱۲)

" یہ کہنا کہ اللہ و رسول چاہے گا تو میں آؤں گا، شرک، کسی کو داتا کہنا شرک، کسی کو شہنشاہ کہنا شرک۔" (ص ۱۴)

تقویۃ الایمان کے مطابق موحد بن جائیے پھر چاہے فرعون، ہامان بلکہ شیطان جتنے گناہ بھی کر لیجئے، سب معاف بلکہ گناہوں کے مطابق رحمت ملے گی چلو چھٹی ہوئی :-

" اس دنیا میں سب گنہگاروں نے گناہ کئے ہیں کہ فرعون بھی اس دنیا میں تھا اور ہامان بھی اس میں، بلکہ شیطان بھی اسی میں ہے پھر یوں سمجھے کہ جتنے گناہ ان گنہگاروں سے ہوئے ہیں سو ایک آدمی وہ سب کچھ کرے لیکن شرک سے پاک ہو تو جتنے اس کے گناہ ہیں اللہ صاحب اتنی ہی اس پر بخشش کرے گا۔" (ص ۲۲)

" یہ جو بعضے لوگ اگلے بزرگوں کو دور دور سے پکارتے ہیں اور اتنا ہی کہتے ہیں کہ یا حضرت تم اللہ کی جناب میں دعا کرو کہ وہ اپنی قدرت سے ہماری حاجت روا کرے ...... یہ بات غلط ہے اس واسطے کہ گو اس مانگنے کی راہ سے شرک ثابت نہیں ہوتا لیکن پکارنے کی راہ سے ثابت ہو جاتا ہے۔" (ص ۲۷)

گویا دور سے پکارنا اللہ تعالے کے ساتھ مختص ہے اور یہ اسی وقت ہو گا

Marfat.com

جب اللہ تعالیٰ کو دور مانا جائے گا، مقبولانِ بارگاہِ الٰہی کو دور سے پکارا تو شرک لازم آئے گا، معاذاللہ!

حصن حصین میں حدیث ہے :-

وَاِنْ اَرَادَ عَوْنًا فَلْیَقُلْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ۔

" اگر مدد طلب کرے تو کہے اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔"

نواب قطب الدین ظفر جلیل شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں :-

" میرک شاہ نے بعض علماءِ ثقات سے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے اور محتاج ہیں طرف اس کے تمام مسافر اور مشائخ سے روایت کی گئی ہے کہ یہ مجرب ہے اس مقدمہ میں۔" ؎۱

تقویۃ الایمان کے مطابق اس حدیث پر نہ صرف پکارنے کے اعتبار سے بلکہ مانگنے کے اعتبار سے بھی شرک کا حکم عائد ہوگا، نعوذ باللہ تعالیٰ من ذلک۔

" سو اب بھی جو کوئی کسی مخلوق کا عالم میں تصرف ثابت کرے اور اپنا وکیل سمجھ کر اس کو مانے سو اب اس پر شرک ثابت ہو جاتا ہے گو کہ اللہ کی برابر نہ سمجھے اور اس کے مقابلہ کی طاقت اس کو ثابت نہ کرے۔"

(ص ۳۲)

مشرک گری کا شوق کس قدر شدید ہے کہ جو شخص کسی مخلوق کے لئے جہان میں تصرف ثابت کرے یا کسی کو اپنا وکیل مانے اس پر شرک کا فتوےٰ جاری

---

؎۱ قطب الدین، نواب : ظفر جلیل، مطبع عبدالغفور شاہجہان آبادی، ص ۲۰۲ (بحوالہ اطیب البیان)

Marfat.com

کر دیا جائے گا اگرچہ وہ اس مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے برابر نہ جانے، اللہ تعالیٰ فرشتوں کے بارے میں فرماتا ہے: فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا "قسم ہے ان فرشتوں کی جو امورِ عالم کا انتظام کرنے والے ہیں" قرآنِ پاک کے مطابق بنی اسرائیل عرض کرتے ہیں: یٰمُوْسَی ادْعُ لَنَا رَبَّكَ "اے موسیٰ! (علیہ السلام) اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کیجئے"

حدیث شریف میں ہے کہ قیامت کے روز تمام مخلوق انبیاءِ کرام کی خدمت میں حاضر ہوگی اور سرورِ عالم محبوبِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کریں گے کہ بارگاہِ الٰہی میں ہماری شفاعت کیجئے اور ہمیں اس مصیبت سے نجات دلائیے جس میں ہم مبتلا ہیں، یہ وکالت نہیں تو اور کیا ہے؟ تقویۃ الایمان کے مطابق تو قرآن وحدیث پر بھی شرک کا الزام آئے گا اور جب قرآن وحدیث ہی اس الزام سے بری نہ ہوئے تو اور کسی کے لئے کہاں گنجائش ہوگی؟

صفحہ ۳۵ سے ۳۷ تک شفاعت کا کھلم کھلا انکار کیا ہے جس کی تفصیل آپ تحقیق الفتوٰی میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

سلف صالحین سے برگشتہ کرنے کے لئے لکھا ہے:-

"کسی کی راہ و رسم کو ماننا اور اسی کے حکم کو اپنی سند سمجھنا یہ بھی انہی باتوں میں سے ہے کہ خاص اللہ نے اپنی تعظیم کے واسطے ٹھہرائی پھر جو کوئی یہ معاملہ کسی مخلوق سے کرے تو اس پر بھی شرک ثابت ہوتا ہے" (ص ۴۷)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

Marfat.com

"اگر تم نہیں جانتے تو علم والوں سے پوچھو"

اب سوال یہ ہے کہ اہلِ علم کے قول پر اعتماد کیا جائے گا یا نہیں؟ اگر اعتماد نہیں تو پوچھنے کا کیا فائدہ؟ کیا معاذ اللہ! اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عبث کا حکم دیتا ہے؟ اور اگر ان کے قول پر اعتماد کیا جائے تو تقویۃ الایمان کے مطابق شرک ٹھہرے گا، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی تعمیل ہو تو کیونکر؟ یہ بات پیشِ نظر رہے کہ کوئی ایماندار عالم کتاب وسنت کے مقابل قول کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا وہ وہی حکم بیان کرے گا جو خدا ورسول کا ہو۔

پھر اللہ تعالیٰ نے سورۂ فاتحہ میں ہمیں دعا مانگنے کا طریقہ یہ بتایا ہے کہ اے اللہ! ہمیں راہِ راست کی ہدایت عطا فرما، چونکہ ہر گمراہ اور غلط کار یہ کہتا ہے کہ جس راہ پر میں چل رہا ہوں وہی راہِ راست ہے، اس لئے صراطِ مستقیم کی نشانی یہ بیان فرمادی صراط الذین انعمت علیہم یعنی جو شخص انعام یافتہ حضرات (انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین) کی راہ اختیار کرے گا وہ راہِ راست پر ہے اور جو ان کی راہ سے برگشتہ ہوا غلط کار اور گمراہ ہے، مگر مولوی اسمٰعیل کو اصرار ہے کہ "کسی کی راہ ورسم کو ماننا اور اسی کے حکم کو اپنی سند سمجھنا شرک ہے"

ع بہ بیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بہ کجا

معاملہ سلف صالحین تک ہی نہیں رہ جاتا بلکہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کو واجب الاطاعت ماننا بھی شرک قرار دیا ہے:

"یا خود پیغمبر ہی کو یوں سمجھے کہ شرع انہیں کا حکم ہے، ان کا جو جی چاہتا تھا اپنی طرف سے کہہ دیتے تھے اور وہی بات انکی امت پر لازم ہو جاتی تھی، سو ایسی باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے بلکہ اصل حاکم اللہ ہے اور پیغمبر خبر دینے والا ہے۔" (ص ۴۷)

Marfat.com

ارشادِ ربانی ہے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔ اگر رسول کے حکم کی اطاعت لازم نہیں ہے تو واطیعوا الرسول کی کیا گنجائش رہ جاتی ہے؟

حضرت اقرع بن حابس نے پوچھا کیا حج ہر سال فرض ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا، جب انہوں نے دوسری اور تیسری بار یہی سوال کیا تو فرمایا لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ اگر میں ہاں کہہ دیتا تو حج ہر سال فرض ہو جاتا۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی کا تمرّد دیکھئے کہ جو شخص یہ سمجھے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اپنے فرمان سے کوئی بات واجب ہو جاتی ہے تو دہلوی کے نزدیک شرک واجب ہو جاتا ہے۔ اہلِ سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ اشیاء جن کے بارے میں نص وارد نہیں ہوئی حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان کا حکم فرمادیں تو واجب اور اگر منع فرمادیں تو ممنوع، مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا۔

علامہ شرف الدین بوصیری قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

نَبِیُّنَا الْاٰمِرُ النَّاھِیْ فَلَآ اَحَدٌ
اَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَا مِنْہُ وَلَا نَعَمِ

" ہمارے نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم حکم دینے والے، منع فرمانے والے ہیں، کوئی شخص نَعَم اور لَا (ہاں اور نہیں) کہنے میں آپ سے سچا نہیں ہو سکتا "

امتِ مسلمہ کو جس بے دردی سے مشرک قرار دیا ہے وہ بڑا ہی خوفناک انداز ہے، یوں معلوم ہوتا ہے کہ ایک دیوانہ یا سویا ہوا آدمی جو واہی تباہی منہ میں آتا ہے کہے جاتا ہے، ملاحظہ ہو:۔

" اور کسی کی قبر پہ یا چلّہ پہ یا کسی کے تھان پر جانا اور دور سے

Marfat.com

قصد کرنا اور سفر کی رنج و تکلیف اٹھا کر میلے کچیلے ہو کر وہاں پہنچنا اور وہاں جا کر جانور چڑھانے اور منتیں پوری کرنی اور کسی قبر یا مکان کا طواف کرنا اور اس کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرنا، وہاں شکار نہ کرنا، درخت نہ کاٹنا، گھانس نہ اکھاڑنا اور اسی قسم کے کام کرنے اور ان سے کچھ دین و دنیا کے فائدے کی توقع رکھنی، یہ سب شرک کی باتیں ہیں، ان سے بچنا چاہیئے کیونکہ یہ معاملہ خالق ہی سے کیا چاہیئے، کسی مخلوق کی یہ شان نہیں کہ اس سے یہ معاملہ کیجئے۔" (ص ۴۵)

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ معاذ اللہ! اللہ تعالےٰ کی قبر بھی ہے جہاں دور سے قصد کر کے جانا چاہیئے اور اس کا طواف کرنا چاہیئے کیونکہ بقول تقویۃ الایمان یہ معاملہ خالق ہی سے کیا چاہیئے۔

ان امور پر تفصیلاً گفتگو تو صدر الافاضل حضرت مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی قدس سرہ کی تصنیفِ لطیف اطیب البیان میں کی گئی ہے۔ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا، خبردار! تم قبروں کی زیارت کیا کرو کہ یہ زیارت آخرت کی یاد دلاتی ہے اور دنیا سے بے رغبت کرتی ہے۔"

لیکن تقویۃ الایمان کے مطابق قبر پر جانا شرک ہے، خاص طور پر روضہ مبارکہ کی زیارت کے بارے میں متعدد حدیثیں وارد ہیں۔ ایک حدیث میں ہے مَنْ حَجَّ وَلَمْ یَزُرْنِی فَقَدْ جَفَانِی جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ پر ظلم کیا، تقویۃ الایمان کی رو سے دور سے قصد کر کے جانا شرک ہے۔

Marfat.com

طوافِ قبر کے متعلق شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا ارشاد ملاحظہ ہو :۔

" بعدہ ہفت کرت طواف کند، دراں تکبیر بخواند و آغاز از راست بکند بعدہ طرف پایاں رخسارہ نہد و بیاید نزدیک روئے میت بنشیند بگوید یارب، بست و یک بار "

(الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ)

تقویۃ الایمانی دین کے مطابق حضرت شاہ صاحب مشرک ٹھہرے کہ وہ طوافِ قبر کا حکم دے رہے ہیں کہ دائیں جانب سے شروع کرے، سات چکر لگائے، ان میں تکبیر کہے، میت کے پاؤں کی طرف رخسارہ رکھے پھر میت کے چہرے کے سامنے آکر ۲۱ مرتبہ یارب کہے۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :۔

اِنِّیْ اُحَرِّمُ مَا بَیْنَ لَابَتَیِ الْمَدِیْنَۃِ اَنْ یُّقْطَعَ عِضَاھُھَا اَوْ یُقْتَلَ صَیْدُھَا۔

(مشکوٰۃ شریف، ص ۲۲۹)

" میں مدینہ طیبہ کے دونوں سنگستانوں کے درمیانی حصہ کو حرام کرتا ہوں، اس کے درختوں کا کاٹنا اور اس کا شکار کرنا "

اسی کو تقویۃ الایمان میں شرک قرار دیا گیا ہے۔

تذکیر الاخوان، تقویۃ الایمان کا دوسرا حصہ عربی میں تھا، مولوی اسمٰعیل دہلوی کا ارادہ تھا کہ اس کا اردو ترجمہ کیا جائے لیکن مہلت نہ ملی، اس کے مرید محمد سلطان نے اردو ترجمہ کیا، اس میں جن امور کو بدعت اور گمراہی قرار دیا ہے ان کی فہرست طویل ہے، چند مثالیں ملاحظہ ہوں :

" پھر ان میں کوئی قادری، کوئی سہروردی، کوئی نقشبندی، کوئی چشتی

Marfat.com

بننے، حکم یہی ہے کہ سب مل کر قرآن وحدیث پر عمل کرو اور سنت کے طریقے کے موافق مسلمان رہو اور یہود و نصاریٰ کی طرح کئی فرقے مت ہو جاؤ۔" (ص ۷۹)

یعنی چشتی، نقشبندی، قادری اور سہروردی بننا یہود و نصاریٰ کی تفرقہ بازی کی طرح ہے۔

نئے نئے فرقوں اور بدعتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا:-

"ایک فرقے نے گوشہ نشینی اور ترک امر بالمعروف ونہی عن المنکر اختیار کر کے شغل برزخ (تصور شیخ) اور نماز معکوس اور ختم اور توشے اور طرح طرح کے درود وظیفہ اور فالنامے اور گنڈے تعویذ اور اتارے اور حاضراتیں اور عرس اور قبروں پر مراقبہ اور باجہ راگ سننا اور حال لانا ایجاد کیا اور مشائخ اور پیر کہلاتے، پھر کسی نے آپ کو چشتی مقرر کیا اور کسی نے قادری اور کسی نے نقشبندی کسی نے سہروردی، کسی نے رفاعی ٹھہرالیا۔" (ص ۸۱)

تقویۃ الایمان کے مطابق تمام سلاسل کے مشائخ اور مریدین بدعتی ٹھہرے۔

"شادی میں سہرا باندھنا، عید میں بغلگیر ہو کر ملنا، شبرات میں روشنی کرنا، تیجہ، دسواں، چالیسواں، برسی مردوں کی کرنا، نشان قدم رسول وغیرہ کی تعظیمیں کرنا، یہ سب ہندوؤں کی اور اپنے عالموں اور مولویوں اور درویشوں کی نکالی ہوئی ایجادی بات کو خدا اور رسول کے فرمودے کے برابر سمجھنا اور اس کی تحقیق نہ کرنا۔" (ملخصاً) (ص ۸۴)

لڑکا پیدا ہونے پر چھٹی کرنا، بسم اللہ کے واسطے چار برس اور چار مہینے کی قید کرنا اور بسم اللہ کی شادی کی محفل کرنا، ربیع الاول میں مولودی

Marfat.com

محفل ترتیب دینا اور جب وہاں ذکر حضرت کے پیدا ہونے کا آوے کھڑے ہو جانا، ربیع الثانی کو گیارہویں کرنا، شعبان میں حلوا پکانا، شوال میں عید کے روز سوتیاں پکانا اور بعد نمازِ عیدین بغلگیر ہو کر ملنا یا مصافحہ کرنا اور ذیقعدہ کے مہینے میں نکاح کرنا، کفنی پر کلمہ وغیرہ لکھنا اور قبر میں قُل کے ڈھیلے رکھنا اور شجرہ رکھنا اور تیجہ دسواں چالیسواں اور چھ ماہی اور برسی عرس مُردوں کے کرنا اور اسقاط مروجہ کرنا، حافظوں کو قبروں پر بٹھلانا، قبروں پر چادریں ڈالنا، مقبرے بنانا، قبروں پر تاریخ لکھنا، وہاں چراغ جلانا اور وِرد نادِ علی اور ختم بزرگوں کے نام کے اور مقلد کے حق میں تقلید ہی کافی جاننا"

(ملخصاً) (ص ۸۶ تا ۸۸)

غرض یہ کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت عامۃ المسلمین کو مشرک اور بدعتی قرار دے کر ایک نئے فرقے کی بنیاد رکھی گئی۔ پہلے دو مشرک ساز کا جنون اس حد تک پہنچا کہ جو نظر کے سامنے آیا اسے مشرک قرار دے دیا، یہ بھی مشرک وہ بھی مشرک، تم بھی مشرک اور میں بھی مشرک، تقویۃ الایمان کے مطابق مولوی اسمٰعیل دہلوی سمیت دنیا کے تمام افراد مشرک ہیں۔

مشکوٰۃ شریف کے حوالے سے دہلوی صاحب نے ایک حدیث نقل کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے اللہ تعالےٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو ہر اس شخص کو قبض کر لے گی جس کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہوگا، وہی لوگ باقی رہ جائیں گے جن میں کچھ خیر نہ ہو گی تو وہ اپنے آباء کے دین کی طرف لوٹ جائیں گے۔

اس کے بعد مولوی اسمٰعیل دہلوی نے بے فائدہ ایک فائدہ کا اضافہ

Marfat.com

کرتے ہوئے لکھا :۔

" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آخر زمانہ میں قدیم شرک بھی رائج ہوگا
سو پیغمبر خدا کے فرمانے کے موافق ہوا " (ص ۵۰)

لیجئے وہ ہوا (دہلوی کی قسمت کے لئے) چل چکی اور دنیا میں کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہو، تو خود مولوی اسمٰعیل دہلوی کا کیا حال ہوگا؟

حضرت علامہ قاضی عیاض قدس سرہ شفا شریف میں فرماتے ہیں :۔

نَقْطَعُ بِتَكْفِيْرِ كُلِّ قَائِلٍ قَالَ قَوْلاً يُتَوَصَّلُ بِهٖ اِلٰى تَضْلِيْلِ الْاُمَّةِ۔

" جو کوئی ایسی بات کہے جس سے تمام امت کو گمراہ ٹھہرانے کی طرف راہ نکلے وہ یقیناً کافر ہے " [1]

چونکہ تقویۃ الایمان میں عامۃ المسلمین کو مشرک اور بدعتی قرار دیا گیا تھا اس لئے علماء اہل سنت نے سختی سے اس کا نوٹس لیا یہاں تک کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے بھی اس سے براءت اور بیزاری کا اظہار فرمایا۔ مولانا محمد مخصوص اللہ، مولانا محمد موسیٰ، حضرت شاہ احمد سعید مجددی، مفتی صدر الدین آزردہ، شاہ فضل حق خیرآبادی، شاہ عبدالمجید بدایونی اور شاہ فضل رسول بدایونی قدست اسرارہم ایسے اکابر معاصرین نے تقریر و تحریر کے ذریعے ردِّ بلیغ کیا۔ کچھ لوگوں نے ان نظریات کو اپنا کر حمایت کا راستہ اختیار کیا، پھر فریقین میں وہ معرکہ آرائی ہوئی کہ پورا ہند میدانِ کارزار دکھائی دینے لگا۔

---

[1] امام احمد رضا بریلوی : الکوکبۃ الشہابیہ ، ص ۱۲

Marfat.com

آج غیر مقلدین، دیوبندی، جماعت اسلامی، تبلیغی جماعت تقویۃ الایمانی عقائد و نظریات پر کاربند ہیں اور اسی رشتے کی بنا پر نجدیوں کی تمام تر مالی، علمی اور اخلاقی امداد ان جماعتوں کو حاصل ہے، صرف اہلِ سنت و جماعت (جن کا پاک و ہند میں امتیازی نشان بریلوی ہے) سلف صالحین کے مسلک پر عمل پیرا ہیں اور ان عقائد کے حامل ہیں جو تقویۃ الایمان سے پہلے تمام مسلمانانِ عالم کے عقائد تھے اور آج بھی مسلمانوں کی اکثریت انہی عقائد پر ہے، ان کی خصوصیت یہ ہے کہ دنیا و آخرت کی نجات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت اور اتباع میں مضمر مانتے ہیں، فریقین کے درمیان اصولی (اعتقادی) اختلافات کی خلیج اتنی وسیع ہے جسے پاٹنا نہایت مشکل ہے، پہلا فریق تقویۃ الایمانی معتقدات سے دستبردار ہونے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوگا اور دوسرا فریق انبیاء و اولیاء کی محبت و عقیدت اور سلف صالحین کی روش سے منحرف ہونا گوارا نہیں کرے گا اور یہ سب کچھ مولوی اسمٰعیل دہلوی کا کیا دھرا ہے جس نے دیدہ دانستہ اختلاف و انتشار کی تخم ریزی کی اور جواز یہ پیش کیا کہ خود لڑ بھڑ کر ٹھیک ہو جائیں گے،

چنانچہ ایک مقام پر اعتراف کرتے ہوئے لکھا :-

"میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آگئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے مثلاً ان امور کو جو شرکِ خفی تھے شرکِ جلی لکھ دیا گیا ہے، ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی اشاعت سے شورش ضرور ہوگی ---- مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیں گے"[1]

---

[1] اشرف علی تھانوی : حکایاتِ اولیاء (دار الاشاعت، کراچی) ص ۴ - ۱۰۳

Marfat.com

کیا کوئی ذی ہوش یہ فارمولا تسلیم کر لے گا کہ چونکہ لڑائی بھڑائی کے بعد خود مصالحت ہو جائے گی اس لئے افتراق کا بیج بو دینا چاہئے، یہ تو ایسا ہی ہے کہ کسی شخص کو اس توقع پر زہر دے دیا جائے کہ خود الٹ پلٹ ہونے کے بعد صحیح ہو جائے گا، کاش کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی یہ کتاب لکھ کر شیرازۂ امت کو بکھیرنے کا سبب نہ بنتا۔

مجاہدِ اسلام مولانا حسین حلمی بن سعید مدظلہ کو اللہ تعالےٰ دنیا و آخرت کی برکتوں اور سعادتوں سے مالا مال فرمائے کہ انہوں نے مکتبہ ایشیق، استنبول ترکی سے اہلِ سنت وجماعت کی حمایت اور وہابیت کے رد میں بے انداز لٹریچر شائع کر کے بین الاقوامی سطح پر مفت تقسیم کیا ہے، ان کی کوششیں پیرانِ گرامی مشائخ عظام اور علماءِ دین کے لئے بہترین مثال کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ہم سب عزت و عافیت مسلکِ اہلِ سنت کی بقاء سے وابستہ ہے اس لئے مسلکِ اہلِ سنت وجماعت کا تحفظ اور اس کی اشاعت کا فریضہ ہم سب پر عائد ہوتا ہے۔

---

Marfat.com

# تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے ۱۵ ار محرم ۱۲۴۰ھ کو تقویۃ الایمان لکھی، کسی شخص نے اس کی ایک عبارت نقل کر کے شاہ فضل حق خیر آبادی کی خدمت میں پیش کی جس میں شفاعت کا انکار کیا گیا تھا۔ علامہ نے ۱۸ ار رمضان المبارک ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۵ء میں تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ (سرکشی کے ابطال میں فتویٰ کی تحقیق) لکھی اور جواب کا حق ادا کر دیا۔

تقویۃ الایمان (مطبوعہ مرکنٹائل پرنٹنگ دہلی) کے ص ۳۵ سے ۳۸ تک مسئلہ شفاعت پر گفتگو کی گئی ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

شفاعت کی تین قسمیں ہیں:۔

(۱) شفاعتِ وجاہت، مثلاً بادشاہ کے پاس کسی مقتدر وزیر نے ایک مجرم کی سفارش کی، بادشاہ اس خطرے کے پیشِ نظر اس کی سفارش مان لیتا ہے کہ نہ ماننے کی صورت میں وزیر ناراض ہو جائے گا اور نظامِ مملکت میں خلل پڑ جائیگا۔

اس اعتبار سے بارگاہِ الٰہی میں شفاعت نہیں ہو سکتی کیونکہ کسی بھی بزرگ شخصیت کو بارگاہِ الٰہی میں یہ مرتبہ حاصل نہیں ہے۔

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کُن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن و فرشتہ جبریل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برابر پیدا کر ڈالے" (ص ۳۵)

Marfat.com

۲ : شفاعت بالمحبت : مثلاً بادشاہ کا محبوب سفارش کرے اور بادشاہ اس کی سفارش اس لئے قبول کرلے کہ کہیں محبوب رُوٹھ نہ جائے اور اس کے روٹھنے سے مجھے رنج لاحق نہ ہو۔ یہ شفاعت بھی بارگاہِ الٰہی میں نہیں ہوسکتی۔

۳ : شفاعت بالاذن : مثلاً چور گرفتار ہوکر بادشاہ کے سامنے پیش ہوتا ہے وہ ہمیشہ کا چور نہیں ہے، اپنے کئے پر نادم ہے اور کسی امیر وزیر کی پناہ نہیں لیتا، بادشاہ اسے معاف کرنا چاہتا ہے لیکن آئین بادشاہت کا خیال کرکے بے سبب درگزر نہیں کرسکتا، کوئی امیر وزیر اس کی مرضی پاکر اس تقصیر وار کی سفارش کرتا ہے اور بادشاہ اس امیر کی عزت بڑھانے کو ظاہر میں اس کی سفارش کا نام کرکے اس چور کی تقصیر معاف کردیتا ہے، سو اللہ کی جناب میں ایسی قسم کی شفاعت ہوسکتی ہے اور جس نبی و ولی کی شفاعت کا قرآن وحدیث میں ذکر ہے، سو اس کے معنی یہی ہیں (ملخصاً)

چونکہ قرآن وحدیث سے انبیاء واولیاء کی شفاعت ثابت ہے اس لئے پہلی دو قسموں کا کھلم کھلا انکار کیا اور تیسری قسم کے انکار میں حیلہ بہانہ سے کام لیا کیونکہ تقویۃ الایمان کے مطابق تیسری قسم میں محض بظاہر شفاعت ہے، درحقیقت اللہ تعالےٰ خود مجرم کو معاف کرنا چاہے گا لیکن آئینِ بادشاہت کا خیال کرکے بے سبب درگزر نہیں کرسکے گا اس لئے نبی اور ولی، اللہ تعالےٰ کا منشا معلوم کرکے شفاعت کریں گے اور اللہ تعالےٰ برائے نام اس شفاعت کو قبول کرکے از خود مجرم کو معاف کردے گا۔

دیکھا آپ نے کہ کس طرح اللہ تعالےٰ کا عجز ثابت کیا کہ بے سبب درگزر نہیں کرسکے گا اور کس عیاری سے انبیاء واولیاء سے شفاعت کی اس قسم کی بھی نفی کردی۔

Marfat.com

سائل نے یہ عبارت نقل کر کے علامہ فضل حق خیر آبادی سے درج ذیل امور دریافت کئے :۔

(۱) یہ قول حق ہے یا باطل؟

(۲) یہ کلام حضور سید الانام صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی تنقیصِ شان پر مشتمل ہے یا نہیں؟

(۳) اگر یہ کلام تنقیصِ شان ہے تو اس قائل کا شرعی طور پر کیا حکم ہے؟

حضرتِ علامہ نے جواب کو چار مقامات پر تقسیم کیا ہے :

پہلا مقام : شفاعت کی حقیقت اور اس کے اقسام اور بالخصوص سید الشافعین صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی شفاعت کا بیان۔

دوسرا مقام : قائل مذکور کے کلام کا ابطال۔

تیسرا مقام : یہ کلام حضور سید المقربین صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی تنقیصِ شان پر مشتمل ہے۔

چوتھا مقام : علماءِ شریعت کے نزدیک اس جرم کے مرتکب کا حکم۔

ہر مقام میں عقلی و نقلی دلائل تفصیل سے بیان کئے اور آخر میں سوال مذکور کے ہر جزء کا جواب بیان کیا جس کا خلاصہ یہ ہے :۔

(۱) یہ کلام سراپا جھوٹ اور فریب ہے کیونکہ اس میں گناہگاروں کی نجات کے لئے شفاعت کے سبب ہونے کا انکار ہے اور نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم تمام انبیاء و اولیاء اور ملائکہ کی شفاعتِ وجاہت اور شفاعتِ محبت کی نفی ہے اور یہ عقیدہ قرآن و حدیث اور اجماعِ امت کے خلاف ہے جیسا کہ تفصیلاً پہلے مقام میں بیان ہوا۔

(۲) بے شک اس کا یہ کلام حضرت محبوبِ رب العالمین تمام انبیاء، ملائکہ

Marfat.com

اور اولیاء کرام کی تنقیص شان پر مشتمل ہے جیسا کہ تیسرے مقام میں بیان ہوا۔

(۳) اس بے فائدہ کلام کا قائل شریعتِ مبارکہ کی رو سے بلاشبہ کافر بے دین ہے، ہرگز مسلمان نہیں ہے اور شرعاً اس کا حکم قتل اور تکفیر ہے۔

یہ فتوےٰ بعد کے علماء کے لئے مشعلِ راہ ثابت ہوا اور اکابر علماء نے بطور حوالہ اس کی عبارتیں نقل کی ہیں۔

حضرت مولانا شاہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ فرماتے ہیں :۔

" مولوی فضلِ حق خیر آبادی نے (جزاہ اللہ خیراً) کہ علم و فضل میں مولوی اسمٰعیل وغیرہ کو ان سے کچھ نسبت نہیں، علومِ عقلیہ و نقلیہ اپنے والدِ ماجد سے کہ یگانۂ عصر تھے، حاصل کئے، مولوی اسمٰعیل کے روبرو ان کا رد و ابطال کیا اور تکفیر کی، نوبت تحریر کی آئی مسئلۂ شفاعت میں مولوی اسمٰعیل نے حرکت مذبوحی کچھ جواب میں کی، آخر کو عاجز و ساکت ہو گئے اور تحقیق الفتوےٰ فی رد اہل الطغویٰ کمال شرح و بسط سے مولوی فضلِ حق صاحب نے لکھا " [1]

اس کے بعد تحقیق الفتوےٰ کے آخر سے فتوے کا خلاصہ نقل کیا اور بعد میں فرمایا :۔

" مہریں و دستخط اکثر علماء کی اس پر ثبت ہوئیں " [2]

حضرت مولانا غلام قادر بھیروی (جنہوں نے اردو میں اسلام کی گیارہ کتابیں لکھیں اور بے شمار خلقِ خدا ان سے مستفید ہوئی) نے بحر الحقیقت

---

[1] شاہ فضل رسول بدایونی : سیف الجبار (مکتبہ رضویہ، لاہور ۱۹۷۳ء) ص ۸۴-۸۵

[2] ایضاً : ص ۸۸

Marfat.com

(مطبع مجتبائی، دہلی ۱۰۶۶ھ ص ۱۲) کے حوالہ سے فتوے کا خلاصہ نقل کیا ہے اور خلاصہ نقل کرنے سے پہلے فرماتے ہیں :-

" یہ آج کی بات نہیں بلکہ ایسے مباحثے و مذاکرہ مصنفِ تقویۃ الایمان سے دہلی میں علماء و فضلاء اہل سنت وجماعت نے کئے تھے اور اس وقت مصنفِ مذکور مغلوب ہو گیا تھا لیکن اب ہوائے نفسانی کو کام فرما کر اپنی عادت سے باز نہ آیا، اس پر کئی فتوے تکفیر کے باعث تصنیف کتاب مذکورہ کے تحریر ہوئے " [1]

فتوے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں :-

" اور اکثر علماء شاہ جہان آباد کی مہریں اس پر ثبت ہیں " [2]

علامہ فضل حق خیر آبادی نے تقویۃ الایمان کی اس عبارت پر

" اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے الخ "

گرفت فرماتے ہوئے مسئلہ امتناع النظیر پر بھی بحث کی تھی کہ اوصافِ کاملہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر ممتنع بالذات ہے اور اس پر ایک دلیل یہ دی کہ :-

" اگر ایجاد و تکوین کا تعلق اوصافِ کاملہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر کے ساتھ صحیح ہو تو اللہ تعالیٰ کے جھوٹ کا صحیح ہونا لازم آئے گا کیونکہ اوصافِ کاملہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر اور آپ کا مساوی نبی ہی ہوگا اور حضور

---

[1] غلام قادر بھیروی، امام علامہ : اسلام کی آٹھویں کتاب (جے ایس سنت سنگھ لاہور ۱۹۳۹ء) ص ۵-۴

[2] ایضاً : ص ۹

Marfat.com

صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بعد نئے نبی کا وجود نص قرآنی وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ کے کذب کو مستلزم ہے اور جھوٹ چونکہ عیب ہے اس لئے اللہ تعالےٰ کے لئے محال بالذات ہے۔"

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے اپنے عقیدہ امکانِ نظیر کی حمایت میں کہہ دیا کہ اللہ تعالےٰ کا جھوٹا ہونا (معاذ اللہ) ممکن ہے، اس سے ایک اور بحث کا دروازہ کھل گیا۔ مولوی محمد بن عبد القادر لودھیانوی (دیوبندی) نے ایک رسالہ تقدیس الرحمٰن عن الکذب والنقصان لکھا اور مسئلہ امکانِ کذب کا شدید رد کیا، چنانچہ لکھتے ہیں :-

"فریقِ اول کا یہ دعوےٰ کہ خدا تعالےٰ کی کلام میں کذب ممکن ہے سخت بے جا ہے ......... کیونکہ عدم اس کا برخلاف ممکن کے ضروری ہے، دلائل عقلیہ و نقلیہ سے علمائے اسلام نے کذب کا امتناع ثابت کیا ہے، کتبِ تفسیر و عقائد و اصول میں یہ مسئلہ مشرحاً موجود ہے" [1]

چند دلائل دینے کے بعد لکھتے ہیں :-

"اس مسئلے میں مولوی اسمٰعیل صاحب نے اعلیٰ درجے کی غیر مقلدی کا رتبہ حاصل کیا کیونکہ ادنیٰ درجے کی غیر مقلدی تو صرف یہی ہے کہ ہم اماماںِ دین کی تقلید نہیں کرتے۔ آیات و احادیث پر عمل بموجب فہم اپنے کے کرتے ہیں اور اعلیٰ درجے کی غیر مقلدی یہ ہے کہ قرآن حدیث

---

[1] مولوی محمد : تقدیس الرحمٰن (مطبع صحافی، لاہور) ص ۳

Marfat.com

کی بھی تقلید نہ کی جاوے جیسا اپنے زعم میں آوے، گو آیاتِ قطعیہ اور جمہورِ عقلاء کے مخالف ہو، درست ہے جیسے مولوی اسمٰعیل صاحب نے کذب کا امکان کلامِ ربانی میں مخالفاتِ ادلۂ نقلیہ و عقلیہ کے جائز رکھا کہ مع متبعین مورد آیۂ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا لِّیُضِلَّ النَّاسَ بِغَیْرِ عِلْمٍ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ کے ہوئے۔" [۱]

البتہ مولوی محمد لدھیانوی نے مسئلۂ امتناع النظیر میں شاہ فضلِ حق خیرآبادی کی مخالفت کی ہے اور لکھا ہے :

" مولوی فضلِ حق صاحب اور متبعین ان کے مثل مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری وغیرہ نظیرِ خاتم النبیین کو ممتنع بالذات قرار دینے میں سخت غلطی پر ہیں، دلائل عقلیہ و نقلیہ بالکل ان کے مخالف ہیں ۔" [۲]

معلوم ہوتا ہے کہ علامہ فضلِ حق خیرآبادی کی کوئی تصنیف مولوی محمد لدھیانوی کے سامنے نہیں تھی اس لئے علامہ کی کسی دلیل کو نقل کر کے اس کا جواب نہیں دیا۔

امکانِ کذبِ باری تعالےٰ کے رد میں اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ نے متعدد رسائل تحریر فرمائے ہیں جو سبحٰن السبوح میں چھپ چکے ہیں، آج تک بفضلہٖ تعالےٰ کسی کو ان کے جواب دینے کی ہمت نہیں ہوئی۔

---

[۱] مولوی محمد : تقدیس الرحمٰن ، ص ۸ - ۷

[۲] ایضاً : ، ص ۱۳

مولانا احمد حسن کانپوری نے رسالہ مبارکہ تنزیہ الرحمٰن عن شائبۃ الکذب والنقصان لکھا اور اس میں مناظرۂ بہاولپور کے دیوبندی استدلالات پر بھی کلام کیا۔ [1]

مولوی محمود حسن دیوبندی نے اس کے جواب میں الجہد المقل لکھی جس میں اللہ تعالےٰ کے لئے جھوٹ کا امکان ثابت کرتے کرتے تمام افعالِ قبیحہ قدرتِ باری تعالےٰ کے تحت داخل ہونے کا اعتراف کر گئے ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں :-

" افعالِ قبیحہ کو مثل دیگر ممکناتِ ذاتیہ مقدورِ باری جملہ اہلِ حق تسلیم فرماتے ہیں کیونکہ خرابی ہے تو اون (اُن) کے صدور میں ہے نفسِ مقدوریت میں اصلاً کوئی خرابی نظر نہیں آتی "

چند سطور کے بعد لکھتا ہے :-

" بالجملہ قبائح کے صدور کو ممکن بالذات کہنا بجا اور مذہبِ اہلِ سنت ہے البتہ بوجہ امتناع بالغیر ان کے تحقق و فعلیّت صدور کے کبھی نوبت نہیں آسکتی "۔ [2]

مولانا حکیم سید برکات احمد ٹونکی نے الصمصام القاضب لرأس المفتری علی اللہ الکذب اور مولانا مفتی محمد عبد اللہ ٹونکی نے عجالۃ الراکب فی امتناع کذب الواجب لکھ کر عقیدۂ امکانِ کذب کا ردِ بلیغ فرمایا۔

حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی قدس سرہ نے ۱۹ محرم ۱۳۳۱ھ/

---

[1] محمود احمد قادری، مولانا شاہ : تذکرۂ علمائے اہلِ سنت (مطبوعہ کانپور ۱۳۹۱ھ) ص ۲۸

[2] محمود حسن دیوبندی ، الجہد المقل (مطبع بلالی، ساڈھورہ) ج ۱، ص ۴۱

Marfat.com

۱۹۱۲ء کو انجمن نعمانیہ، لاہور کے پچیسویں سالانہ جلسہ میں تقریر فرمائی، مشہور محدث حضرت مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہ بھی تشریف فرما تھے، حضرت نے اپنے خطبہ میں مسئلہ امتناعِ نظیر اس عمدگی سے بیان کیا کہ اہلِ علم عش عش کر اُٹھے، فرمایا :-

واول ظهورات حين الرحمٰن على العرش استوىٰ، ثانى شيونات المبشر بما ارسلنك الا رحمة للعٰلمين كما ان آخر آخر رحمات (ينبغى ان يكون كما انه آخر رحمات) اذ ما يشفع عنده الا باذنه اول اذناته، فهو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اول ما خلق الله نوره كما ان آخر بخاتم النبيين ظهوره ومن هنا امتنع مثله و نظيره، فان الاول ليس بثان وكما ان الثانى ليس باول، فامتناع شريك البارى عز اسمه من ذاته كما ان عدم امكان نظيره صلى الله عليه وسلم من حيث بعض صفاته نظاهر ان المقدورات غير محيطة بالمعلومات فاتضح الامر باوضح الدلالات بغير مدخل مسئلة امكان الكذب وامتناعه اللّٰهم ارنا حقيقة الاشياء كما هى [1]

---

[1] فیض احمد، مولانا : مہرِ منیر ، ص ۲۶۴

Marfat.com

"اس کا پہلا ظہور الرحمٰن علی العرش استویٰ کے وقت تھا، اس کی دوسری شان وہ ہے جس کی بشارت وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین میں دی گئی ہے جسطرح اللہ تعالےٰ کی آخری رحمت نبیِ اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم میں جنہیں سب سے پہلے شفاعت کی اجازت دی جائے گی، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالےٰ نے سب سے پہلے پیدا فرمایا جیسے کہ خاتم النبیین ہونے کی حیثیت سے آپ کا ظہور سب سے آخر میں ہے، اس بنار پر آپ کی مثل اور نظیر ممتنع ہے کیونکہ اول ثانی نہیں ہوسکتا جیسے کہ ثانی اول نہیں ہوسکتا، شریک الباری، ذاتِ الٰہی کے اعتبار سے ممتنع ہے اور نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نظیر آپ کے بعض اوصاف کے اعتبار سے ممتنع ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ تمام معلومات، قدرت کے تحت داخل نہیں (واجب اور ممتنع، معلوم ہیں لیکن قدرت کے تحت داخل نہیں) مسئلہ امکانِ کذب اور امتناعِ کذب کو دخل دیئے بغیر مسئلہ (امتناعِ نظیر) نہایت واضح طور پر ثابت ہوگیا، اے اللہ! ہمیں اشیار کی حقیقتِ واقعیہ دکھا۔"

سیف الجبار کے حوالہ سے اس سے قبل بیان ہوچکا ہے کہ علامہ فضل حق خیرآبادی کا مولوی اسمٰعیل دہلوی سے تحریری مناظرہ بھی ہوتا رہا جس میں مولوی اسمٰعیل دہلوی عاجز وساکت ہوئے، تحقیق الفتویٰ کے جواب مولوی اسمٰعیل دہلوی کے شاگرد مولوی حیدر علی ٹونکی نے ایک رسالہ لکھا جس کے رد میں حضرتِ علامہ نے امتناع النظیر ایسی شہرۂ آفاق کتاب فارسی میں لکھی جس کا جواب آج تک کسی سے نہ بن سکا۔ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف

Marfat.com

ہماری سابق صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ کی کوشش سے اتنی انظیر ایک دفعہ چھپی، کوئی صاحب ہمت اگر اس کی دوبارہ اشاعت کا اہتمام کرے تو یہ بڑی علمی و دینی خدمت ہوگی۔

تحقیق الفتویٰ، مسئلۂ شفاعت پر بے نظیر کتاب ہے اس میں اگرمباحث ہیں تو اہلِ محبت کے لئے فضائل و مناقب کا خاصا ذخیرہ بھی موجود ہے، اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرتِ علامہ صرف منطق و حکمت اور ادب عربی پر ہی کامل دسترس نہیں رکھتے تھے بلکہ علومِ دینیہ تفسیر، حدیث اور اصولِ فقہ میں بھی گہری نظر رکھتے تھے، بلاشبہ یہ کتاب اربابِ نظر اور اہلِ محبت کے لئے ارمغانِ عظیم ہے۔ اصل کتاب چونکہ فارسی زبان میں تھی اس لئے فارسی کے ساتھ ساتھ اردو ترجمہ بھی پیش کیا جارہا ہے۔

ہماری معلومات کے مطابق یہ کتاب اس سے پہلے نہیں چھپی، حیرت کی بات ہے کہ اتنی اہم کتاب ایک سو ساٹھ سال تک منظرِ عام پر نہ آسکی جب کہ تقویۃ الایمان کے بیسیوں ایڈیشن چھپ گئے، دراصل جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء کے بعد سب سے زیادہ مصائب و آلام کا شکار علماءِ اہلِ سنت ہوئے۔

انگریز کی نظر میں قابلِ عتاب اہلِ سنت ہی تھے، پھر جب پریس پر ہندوؤں کا اثر و نفوذ بڑھا تو بھی ان کے قہر و غضب کا ہدف علماءِ اہلِ سنت ہی تھے، نتیجہ یہ ہوا کہ لٹریچر کی اشاعت کے میدان میں وہ کام نہ ہو سکا جو ہونا چاہیے تھا اگرچہ تصنیف و تالیف کے میدان میں اہلِ سنت نے بڑا کام کیا لیکن اس کی خاطر خواہ اشاعت نہ ہوسکی، گھٹن زدہ ماحول میں اشاعتی ادارے بھی کچھ زیادہ قائم نہ ہوسکے، اسی سبب سے اہلِ سنت کا لٹریچر ضرورت

Marfat.com

کے مطابق دستیاب نہ ہوتا تھا، اب بحمدہٖ تعالےٰ پاکستان میں متعدد اشاعتی اداریے قائم ہو چکے ہیں اور ان کی طرف سے بڑی مقدار میں لٹریچر سامنے آرہا ہے۔ یہ ادارے اگر منظم طریقے پر کام کریں تو ان کی کارکردگی میں بے پناہ اضافہ ہو سکتا ہے۔

تحقیق الفتوےٰ کا ایک مخطوطہ مولانا عبدالقادر شہید بانی جامعہ قادریہ فیصل آباد کے پاس تھا۔ برادرِ محترم مولانا محمد عبدالغفار ظفر صابری مدظلہ آستانہ عالیہ حضرتِ محدثِ اعظم پاکستان مولانا سردار احمد چشتی قادری قدس سرہ نے ۱۹۵۸ء میں ان سے لے کر نقل کیا۔

مولانا قاضی عبدالنبی کوکب رحمہ اللہ تعالےٰ کی معرفت معلوم ہوا کہ اس کا ایک مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور میں موجود ہے، انہی کے توسط سے دونوں نسخوں کے مقابلہ کا موقع ملا، ۲۱ نومبر ۱۹۷۳ء کو راقم الحروف تقابل سے فارغ ہوا۔

گزشتہ سال ۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸ء رمضان المبارک کی تعطیلات میں اس کا ترجمہ کرنے کا موقع ملا، اتنے مراحل کے بعد اب یہ کتاب قارئین کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے، پہلے اردو ترجمہ اور آخر میں اصل کتاب فارسی رکھی گئی ہے تاکہ عام قارئین کے لئے آسانی رہے۔ فارسی نسخہ کے حواشی میں دونوں نسخوں کا اختلاف دکھایا گیا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے نسخہ کے لئے (پ) اور ذاتی نسخہ کے لئے (ذ) علامت استعمال کی گئی ہے۔

ان دونوں نسخوں کے علاوہ ایک تیسرا قلمی نسخہ قاضی صدرالدین ہزاروی (ہری پور) کے کتب خانہ میں موجود ہے، مولانا قاضی عبدالنبی کوکب رحمہ اللہ تعالےٰ

Marfat.com

نے راقم کو بتایا تھا کہ وہ نسخہ ناقص الآخر ہے۔ ایک نسخہ مولانا صاحبزادہ عبدالصبور صاحب (گکھڑ منڈی) کے پاس تھے، افسوس کہ راقم الحروف آخر الذکر نسخوں کی زیارت نہیں کر سکا۔

تحقیق الفتوے کی اہمیت کے لئے علامہ فضلِ حق خیرآبادی کا نام ضمانت کی حیثیت رکھتا ہے، کتاب کے آخر میں دہلی کے مشہور اکابر کی تصدیقی مہریں ثبت ہیں جن سے کتاب کی ثقاہت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

یکم رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ — محمد عبدالحکیم شرف قادری

Marfat.com

# استفتاء

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا کرتے ہوئے، اس کی بارگاہ میں نذرانۂ عجز پیش کرتے ہوئے، اس کے حبیب پر صلوٰۃ و سلام عرض کرتے ہوئے اور بارگاہِ الٰہی میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے شفاعت طلب کرتے ہوئے استفسار ہے۔

علماءِ شریعت اور اربابِ صدق و یقین مفتیانِ مخلصین کیا فرماتے ہیں اس شخص (مولوی اسمٰعیل دہلوی) کے بارے میں جس نے فارسی سے ناواقف عوام الناس کی تعلیم کے لئے ایک رسالہ اردو میں تحریر کیا، مسئلہ شفاعت میں اپنی زبان ان کلمات سے آلودہ کی اور اپنے دل کا مخفی عقیدہ اِن الفاظ میں پیش کیا ہے:

"اس جگہ ایک بات بڑے کام کی ہے، اس کو کان رکھ کر سن لینا چاہیئے ......... کہ شفاعت کہتے ہیں سفارش کو، اور دنیا میں سفارش کئی طرح کی ہوتی ہے جیسے ظاہر کے بادشاہ کے ہاں کسی شخص کی چوری ثابت ہو جائے اور کوئی امیر و وزیر اس کو اپنی سفارش سے بچا لے تو ایک تو یہ صورت ہے کہ بادشاہ کا جی تو اس چور کے پکڑنے ہی کو چاہتا ہے اور اس کے آئین کے موافق اس کو سزا پہنچتی ہے مگر اس امیر سے دب کر اس کی سفارش مان لیتا ہے اور اس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہے کیونکہ وہ امیر اس کی سلطنت کا بڑا رکن ہے اور اس کی بادشاہت کو بڑی رونق دے رہا ہے، بادشاہ یہ سمجھ رہا ہے کہ ایک جگہ اپنے غصے کو تھام لینا اور ایک

Marfat.com

چور سے درگزر کر جانا بہتر ہے اس سے کہ اتنے بڑے امیر کو ناخوش کر دیجئے کہ بڑے بڑے کام خراب ہو جائیں اور سلطنت کی رونق گھٹ جائے، اس کو شفاعتِ وجاہت کہتے ہیں یعنی اس امیر کی وجاہت کے سبب سے اس کی سفارش قبول کی، اس قسم کی سفارش اللہ کی جناب میں ہرگز ہرگز نہیں ہو سکتی اور جو کوئی نبی وولی کو یا امام اور شہید کو یا کسی فرشتے کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب میں اس قسم کا شفیع سمجھے وہ اصلی مشرک ہے اور بڑا جاہل کہ اس نے خدا کے کچھ معنی ہی نہیں سمجھے اور اس مالک الملک کی قدر کچھ بھی نہ پہچانی، اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکمِ کُن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جنّ اور فرشتہ جبرئیل اور محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے اور ایک ہی دم میں سارا عالم عرش سے فرش تک اُلٹ پلٹ کر ڈالے اور ایک اور ہی عالم اس جگہ قائم کرے کہ اس کے تو محض ارادے ہی سے ہر چیز ہو جاتی ہے کسی کام کے واسطے کچھ اسباب اور سامان جمع کرنے کی کچھ حاجت نہیں۔

اور جو سب لوگ پہلے اور پچھلے اور آدمی اور جنّ بھی سب مل کر جبرئیل اور پیغمبر ہی سے ہو جائیں تو اس مالک الملک کی سلطنت میں ان کے سبب کچھ رونق بڑھ نہ جائے گی اور جو سب شیطان اور دجال ہی سے ہو جائیں تو اس کی کچھ رونق گھٹنے کی نہیں، وہ ہر صورت میں بڑوں کا بڑا ہے اور بادشاہوں کا بادشاہ، اس کا نہ کوئی کچھ بگاڑ سکے اور نہ کچھ سنوار سکے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی بادشاہزادوں میں سے یا بیگمات میں سے یا کوئی بادشاہ کا معشوق اس چور کا سفارشی ہو کر کھڑا ہو جاوے اور چور کو سزا نہ دینے دے اور بادشاہ اس کی محبت سے

Marfat.com

لاچار ہو کر اس چور کی تقصیر معاف کر دے تو اس کو شفاعتِ محبت کہتے ہیں، یعنی بادشاہ نے محبت کے سبب سے سفارش قبول کر لی اور یہ بات سمجھی کہ ایک بار غصہ پی جانا اور ایک چور کو معاف کر دینا بہتر ہے اس رنج سے کہ جو اس محبوب کے روٹھ جانے سے مجھ کو ہوگا۔ اس قسم کی شفاعت بھی اس دربار میں کسی طرح ممکن نہیں اور جو کوئی کسی کو اس جناب میں اس قسم کا شفیع سمجھے، وہ بھی ویسا ہی مشرک ہے اور جاہل جیسا کہ اول مذکور ہو چکا، وہ مالک الملک اپنے بندوں کو بہتیرا ہی نوازے اور کسی کو حبیب کا اور کسی کو خلیل کا اور کسی کو کلیم کا اور کسی کو روح اللہ و وجیہ کا خطاب بخشے اور کسی کو رسولِ کریم اور مکین اور روح القدس اور روح الامین فرما دے مگر پھر مالک مالک ہے اور غلام، غلام، کوئی بندگی کے رتبے سے قدم باہر نہیں رکھ سکتا اور غلامی کی حد سے زیادہ نہیں بڑھ سکتا جیسا کہ اس کی رحمت کے سبب سے مارے خوشی کے جھکتا لیتا ہے اس کی ہیبت سے رات دن زہرہ پھٹتا ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ چور پر چوری ثابت ہو گئی مگر وہ ہمیشہ کا چور نہیں اور چوری کو اس نے کچھ اپنا پیشہ نہیں ٹھہرایا مگر نفس کی شامت سے قصور ہو گیا، اس پر شرمندہ ہے اور رات دن ڈرتا ہے اور بادشاہ کے آئین کو سر و آنکھوں پر رکھ کر اپنے تئیں تقصیروار سمجھتا ہے اور لائق سزا کے جانتا ہے اور بادشاہ سے بھاگ کر کسی امیر و وزیر کی پناہ نہیں ڈھونڈتا اور اس کے مقابلہ میں کسی کی حمایت نہیں جتاتا اور رات دن اسی کا منہ دیکھ رہا ہے کہ دیکھئے میرے حق میں کیا حکم فرما دے؟ اس کا یہ حال دیکھ کر بادشاہ کے دل میں اس پر ترس آتا ہے مگر آئینِ بادشاہت کا خیال کر کے بے سبب درگزر نہیں کرتا کہ کہیں لوگوں کے دلوں میں اس

Marfat.com

آئین کی قدر گھٹ جائے، کوئی امیر و وزیر اس کی مرضی پاکر اس تقصیر وار کی سفارش کرتا ہے اور بادشاہ امیر کی عزت بڑھانے کو ظاہر میں اس کی سفارش کا نام کر کے اس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہے، اس امیر نے اس چور کی سفارش اس لئے نہیں کی کہ اس کا قرابتی ہے یا آشنا یا اس کی حمایت اس نے اٹھائی بلکہ محض بادشاہ کی مرضی سمجھ کر، کیونکہ وہ تو بادشاہ کا امیر ہے نہ چوروں کا تھانگی، جو چور کا حمایتی بن کر اس کی سفارش کرتا ہے تو آپ بھی چور ہو جاتا ہے، اس کو شفاعت بالاذن کہتے ہیں، یعنی یہ سفارش خود مالک کی پروانگی سے ہوتی ہے، اللہ کی جناب میں ایسی قسم کی شفاعت ہو سکتی ہے اور جس نبی ولی کی شفاعت کا قرآن وحدیث میں مذکور ہے اس کے معنی یہی ہیں۔

ہر بندے کو چاہئے کہ ہر دم اللہ ہی کو پکارے اور اسی سے ڈرتا رہے اور اسی کی التجا کرتا رہے اور اسی کے روبرو اپنے گناہوں کا قائل رہے اور اس کو اپنا مالک بھی سمجھے اور حمایتی بھی اور یہاں تک خیال دوڑائیے اللہ کے سوائے کہیں اپنا بچاؤ نہ جانے اور کسی کی حمایت پر بھروسا نہ کرے کیونکہ وہ خود بڑا غفور الرحیم ہے، سب مشکلیں اپنے ہی فضل سے کھول دے گا اور سب گناہ اپنی ہی رحمت سے بخش دیگا اور جس کو چاہے گا اپنے حکم سے اس کا شفیع بنا دے گا"[۱]

اس قائل کا یہ قول حق ہے یا باطل، کچھ بھی ہو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بلند مقام کی توہین و تنقیص پر دلالت کرتا ہے یا نہیں؟ اگر اس جرم عظیم اور بہت بڑی جرأت پر دلالت کرتا ہے تو اس کا قائل دینی اعتبار سے کون ہے اور

---

[۱] اسمٰعیل دہلوی، مولوی : تقویۃ الایمان (مطبوعہ دفتر اخبار محمدی باڑہ ہندو راؤ، دہلی) ص ۳۴-۳۵

Marfat.com

شرعًا اس کا کیا حکم ہے ؟

چونکہ یہ مسئلہ مسائلِ دینیہ سے ہے اور حضورِ افضل الرسل سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان سے متعلق ہے اس لئے مخلص علماء سے امید ہے کہ حقیقتِ حال کے بیان کرنے اور سوال کے جواب میں کسی کی رو رعایت نہیں کریں گے اور بلا خوفِ لومۃ لائم، کلمۂ حق آشکارا فرمائیں گے اور بلا حیل وحجت صحیح جواب تحریر فرمائیں گے، اور تلبیس والتباس کے دفع کرنے میں ذرہ برابر تساہل نہیں فرمائیں گے تاکہ ہدایت کے متلاشی قولِ مذکور کو حق وصواب نہ سمجھنے لگیں۔

# جواب

وہ بات جو ان کے منہ سے نکلتی ہے بہت بڑی ہے، وہ صرف جھوٹی بات کہتے ہیں، یہ بے فائدہ کلام جو جھوٹے اقوال اور عجیب وغریب غلط باتوں پر مشتمل ہے، درستی اور سچائی کے ساتھ ذرہ برابر تعلق نہیں رکھتا، اس کا قائل، شفاعت کی قسمیں بیان کرتے ہوئے متعدد امورِ شنیعہ کا مرتکب ہوا ہے اور اس نے متقدمین اور متأخرین کے نزدیک بالاتفاق اشرف الاشراف صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان رفیع میں تنقیص سے اپنے ایمان کی آبرو ضائع کی اور بے علموں کے تاریک دلوں میں فتنہ اور گمراہی کا بیج بویا ہے۔

اس اجمال کی تفصیل چار مقام میں تحریر کی جائے گی۔

پہلا مقام، عام شفاعت کی حقیقت اور اس کے اقسام میں ہوگا، اس میں حضور مرجعِ خلائق، قیامت کے دن شفاعت کرنے والوں کے سردار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کا خصوصیت کے ساتھ ذکر ہوگا، ضمناً اس کلام کے فساد کے بعض کی طرف اشارہ ہوگا۔

دوسرا مقام اس بے فائدہ گفتگو کے رد میں جسے یہ قائل حضور سید الاولین و

Marfat.com

الآخرین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں زبان پر لایا ہے۔

تیسرا مقام۔ اس امر کے اثبات میں کہ یہ پرضلالت گفتگو اس ذاتِ کریم کی توہین و تنقیص پر مشتمل ہے جن کی تعظیم فرض ہے اور جو بارگاہِ الٰہی کے مقربین کے سردار ہیں۔

چوتھا مقام، علماءِ شریعت کے نزدیک اس جرمِ شنیع کے مرتکب کے حکم میں۔

# پہلا مقام

## شفاعت کے اقسام

شفاعت، سفارش کو کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) گناہوں کی بخشش کے لئے۔ (۲) مراتب کی بلندی کے لئے۔

ایک شخص دوسرے کے سامنے کسی کی سفارش کرتا ہے تو وہ اس لئے مقبول و منظور ہوتی ہے کہ پہلے شخص کو دوسرے کے سامنے عزت و شرافت حاصل ہوتی ہے، عزت و شرافت کی چند وجہیں ہوتی ہیں:

## شفاعتِ وجاہت

(۱) جس کے پاس سفارش کی گئی ہے اس نے سفارش کرنے والے کو اپنی بارگاہ میں قرب عطا کیا ہے اور اپنے متعلقین میں اسے عزت و امتیاز بخشا ہے، ان عزتوں میں سے ایک یہ ہے کہ دیگر ماتحت افراد کے مراتب کی بلندی اور گناہگاروں کی معافی کے لئے اسے بات کرنے کی اجازت ہے، اس کی عرض قبول کی جاتی ہے اور اس کی سفارش مانی جاتی ہے، اگر اس معزز شخصیت کی عرض اور سفارش کو نہ مانا جائے تو اس کے رنجیدہ ہونے سے اس شخص کو (جس کی بارگاہ میں سفارش کی گئی ہے) کوئی رنج یا نقصان نہیں پہنچے گا لیکن اس کی عرض کو نہ ماننا اور اس کی بات کو اہمیت نہ دینا اس عزت افزائی اور بندہ نوازی کے خلاف ہے جو اس شخص کو دی گئی ہے، یہ شفاعتِ وجاہت ہے۔ اس میں یہ

Marfat.com

شرط نہیں ہے کہ جس کے پاس سفارش کی گئی ہے، اسے شفاعت کرنے والے کی ناخوشی سے خطرہ ہو اور سفارش قبول نہ کرنے کی صورت میں نقصان کا خوف ہو کیونکہ شفاعت کا معنی سفارش اور وجاہت کا معنی لحاظ اور عزت ہے، کسی لفظ سے ڈر اور فکر نہیں سمجھا جاتا۔

بایں ہمہ ہر شخص جانتا ہے کہ شفاعت اور سینہ زوری الگ الگ ہیں، سفارش میں سینہ زوری نہیں ہوتی، اگر کوئی شخص کسی کی بات نقصان یا ضرر کے ڈر سے مانتا ہے تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے سفارش مان لی، یہ سفارش کا ماننا نہیں بلکہ اپنے نقصان اور ضرر کو دور کرنا ہے، اسے اطاعت کہا جا سکتا ہے کیونکہ نافرمانی کی صورت میں نقصان کا خوف ہوتا ہے، سفارش قبول کرنے میں کوئی خوف شامل نہیں ہوتا مثلاً ایک صاحبِ اقتدار بادشاہ اپنے ہمنشینوں میں سے کسی کو اتنا مقام و مرتبہ عطا کرتا ہے کہ اسے حاجت مندوں کی حاجتیں پیش کرنے اور مجرموں کے لئے معافی چاہنے کی اجازت ہے، اسے دوسروں کی نسبت یہ خصوصیت حاصل ہے، وہ شخص بادشاہ سے کسی ایسے گناہ کے بخشنے کی درخواست کرتا ہے جسے بخش دینا بادشاہ سے بعید نہیں ہے، بادشاہ اس کے جاہ و منزلت کا لحاظ کرتے ہوئے وہ گناہ معاف کر دیتا ہے اور اس مقرب کی سفارش قبول کر کے اس کی عزت افزائی کرتا ہے تو نہیں کہا جا سکتا کہ بادشاہ نے اپنے کارخانۂ سلطنت میں خلل کے خوف سے سفارش قبول کی ہے بلکہ صحیح بات یہ ہے کہ بادشاہ نے اپنے مقرب ترین خادم کے مقام کی رعایت اور اس کی دلداری کے لئے اس کی سفارش قبول کی ہے اور مجرموں کے گناہ معاف کر دئے ہیں اور اگر کوئی شخص برائے نام بادشاہ ہو اور امورِ مملکت کے بست و کشاد اور قوانین سلطنت کے نفاذ کی صلاحیت نہ رکھتا ہو، دوسرے لوگ حکومت کے تمام شعبوں پر مسلط ہوں، ملک کے بست و کشاد اور نظم و ضبط پر مکمل اختیار رکھتے ہوں۔ ان اربابِ اقتدار میں سے کوئی شخص برائے نام بادشاہ سے کسی مجرم کی معافی کا مطالبہ کرتا ہے اور بادشاہ اس خوف سے کہ اگر اس کے کہنے پر عمل نہ کیا تو

Marfat.com

اس سے ضرر پہنچے گا یعنی ظاہری حکومت بھی جاتی رہے گی، اس کے کہنے پر عمل کرتا ہے اور مجرم کا گناہ معاف کر دیتا ہے تو نہیں کہا جا سکتا کہ بادشاہ نے اس کی شفاعت قبول کر لی ہے بلکہ بادشاہ فی الواقع ان لوگوں کا تابع اور پابند ہے اور ان کی بات ماننے پر مجبور ہے، اسے فرمانبرداری اور اطاعت تو کہا جا سکتا ہے، قبولِ شفاعت نہیں کہا جا سکتا۔

اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ وجاہت و عزت خوف اور اندیشہ کے بغیر قبولِ شفاعت کا سبب بن سکتی ہے۔

یہ تو ہوئی عقلی دلیل، اب سنیے نقلی دلیل۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں فرمایا ہے اور دنیا و آخرت کی وجاہت سے ان کی تعریف فرماتا ہے:

وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ

"دنیا اور آخرت میں وجاہت (عزت) والے اور مقربین میں سے ہیں۔"

مفسرین، اُخروی وجاہت کو شفاعت پر محمول فرماتے ہیں۔ علامہ بیضاوی اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

اَلْوَجَاهَةُ فِي الدُّنْيَا النُّبُوَّةُ وَفِي الْآخِرَةِ الشَّفَاعَةُ

"یعنی وجاہت دنیا میں نبوت ہے اور آخرت میں شفاعت"

## (۲) شفاعتِ محبت

جس کے پاس سفارش کی گئی ہے اسے سفارشی سے محبت ہو، محبت کا تقاضا یہ ہے کہ محبوب کی رضا جوئی اور ہر طرح اس کے دل کو خوش کرنا منظور ہوتا ہے، دل شکنی اور رنج کے اسباب اس سے دور رکھے جاتے ہیں کیونکہ محبّ، محبوب کی دل شکنی بلکہ دوست، دوستوں کا دل دکھانے کے روادار نہیں ہوتے، اہلِ محبت محبوبوں کی دل آزاری گوارا نہیں کرتے، ان کی فرمائش قبول کرتے ہیں اور ان کی سفارش قبول کرتے ہیں اور اکثر ان کی سفارش قبول کرتے ہیں

Marfat.com

یہ امر ملحوظ نہیں ہوتا کہ اگر ان کی سفارش قبول نہ کی گئی تو غیظ و غضب میں آ کر ان کو رنجیدہ کر سکتے ہیں یا غصہ میں آ کر ان کے دلوں کو صدمہ پہنچا سکتے ہیں کیونکہ دلداری محبت کا تقاضا ہے اور محبوب کی بات مان لینا اس صفت کو لازم ہے، یہ حال اس شخص سے پوچھا جا سکتا ہے جو محبت رکھتا ہو، یہ حقیقت عقلاً اور نقلاً ثابت ہے۔

عقلی ثبوت تو بیان ہو چکا، نقلی ثبوت ملاحظہ ہو، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

کَمْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرَیْنِ لَا یُؤْبَہُ لَہٗ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔

"بہت سے گرد آلود بالوں والے، خاکسار جن کے پاس دو پرانی چادروں کے علاوہ کچھ نہ ہو اور جنہیں کوئی اہمیت نہ دی جاتی ہو ایسے ہوتے ہیں کہ اگر اللہ تعالےٰ کے حق میں قسم کھائیں تو اللہ تعالےٰ ان کی قسم پوری کر دے گا۔"

یعنی اللہ تعالےٰ ان کی دلداری کرے گا اور جس بات کی انہوں نے قسم کھائی ہے اسے پورا کر دے گا اور ان کی خواہش رد نہیں فرمائے گا۔

غور کیجئے! یہ تمام تقاضائے محبت ہے ورنہ یہ خاکسار، اللہ تعالےٰ کو کونسا رنج یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟

ہاں بارگاہِ ایزدی کے محبوبوں کی شان وہ ہے جو حدیث قدسی میں وارد ہوئی ہے:

فَاِذَآ اَحْبَبْتُہٗ فَکُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا وَرِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِھَا (وفی روایۃ) وَلِسَانَہٗ

Marfat.com

اَلَّذِیْ یَنْطِقُ بِہٖ ۔

"جب میں اس بندے کو محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کا کان ہوتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ ہوتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کا ہاتھ ہوتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اس کا پاؤں ہوتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے (اور ایک روایت میں ہے) اس کی زبان ہوتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے (یعنی ان کے اعضاء میری قدرت کے مظہر اور میری رضا کے پابند ہوتے ہیں)

اس حدیثِ قدسی کی بنا پر محبوبانِ الٰہی کے قرب، عزت اور ان کی محبوبیت کے آثار پر ایمان لانا چاہیے۔ شفاعت کی مقبولیت کی دیگر وجوہ بھی ہیں جن کا حاصل یہ ہے کہ سفارش کرنے والے کو مُستشفَع الیہ (جس کے سامنے سفارش کی گئی) کے نزدیک عزت اور امتیازی مقام حاصل ہوتا ہے چونکہ ان وجوہ کا تعلق اس مقام سے نہیں ہے اس لئے اسی بیان پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

اس تمہید کے بعد سنیے!

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمام مخلوق انسان ہوں یا فرشتے، نبی ہوں یا امتی، بادشاہ ہوں یا خدام، جہاں تک بندگی کا تعلق ہے یکساں نسبت رکھتی ہے کسی کو کسی لحاظ سے اس کے ملک و اقتدار میں شرکت یا اس کے ارادہ و اختیار میں مزاحمت یا اس کے حکم اور فعل میں تابِ مقابلہ نہیں ہے، وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے، جو چاہتا ہے اس کے مطابق فیصلہ فرماتا ہے اور جس طرح اس کا ارادہ ہوتا ہے، کائنات میں تصرف فرماتا ہے، اس کا نہ کوئی شریک ہے نہ ہمسر، نہ مددگار ہے نہ کارساز، اسے کسی وزیر کی امداد اور کسی مددگار کے تعاون کی حاجت نہیں ہے، کسی کی رضا اور خوشنودی سے اس کی مملکت میں رونق کا اضافہ نہیں ہوتا، نہ ہی کسی کی

Marfat.com

ناراضگی سے اس کے کارخانۂ حکمت میں خلل پیدا ہوتا ہے۔

ہاں اس نے اپنی مخلوق کو مختلف مراتب اور مقامات دے کر پیدا کیا ہے، ان کے مراتب و درجات میں بہت فرق رکھا ہے۔ بعض کو برگزیدہ اور بارگاہِ قدس کا مقرب بنایا اور بعض کو مردود، ذلیل اور گمراہ کیا۔ دونوں قسموں میں مختلف مراتب اور متفرق درجات رکھے اور اپنی بارگاہ کے مقربین کو ان کے درجات کے مطابق مقام و مرتبہ عطا فرمایا۔ ان میں سے ہر ایک کو اس کے مرتبہ کے مطابق عزت و کرامت عطا فرمائی، ان میں سے ہر ایک کو بارگاہِ الٰہی میں جتنی عزت اور خداوندی محبت ہے، اس کے مطابق ان کے وابستگان اور متوسلین کی دینی اور دنیاوی حاجتوں کے بارے میں ان کی سفارش قبول فرماتا ہے اور اپنی بارگاہ کے مقربین کو ان کے مراتب کے مطابق اجازت عطا فرماتا ہے کہ اپنے متعلقین اور متوسلین کے لیئے دنیا و آخرت میں مصیبت اور عذاب کے دفع کرنے اور منافع کے حصول کے لیئے سفارش کریں۔ اس عزت افزائی کے ذریعے انہیں مخلوق میں ممتاز فرماتا ہے۔

اسی لیئے اکثر لوگ ہر دو جہان کی حاجتوں میں ان سے شفاعت اور سفارش کے طلبگار ہوتے ہیں اور ان مقربین کی شفاعت کے فیض سے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوئے اور ہوتے ہیں اور ہوں گے، ان کی شفاعت اکثر مقبول ہوتی ہے اور قول و فعل سے ان کی ایذا رسانی اور بے ادبی کے درپے ہونے والے اکثر لوگ اللہ تعالےٰ کے غضب میں گرفتار ہو کر دین و دنیا کو برباد کر چکے اور کرتے ہیں اور کریں گے، چونکہ بارگاہِ الٰہی میں مقربین کی عزت و وجاہت ان کی شفاعت اور ان کے سوال کی قبولیت کا سبب ہے اسی لیئے دوسروں کی نسبت صالحین کی دعائیں زیادہ مقبول ہوتی ہیں۔ اگر کوئی شخص ازراہِ عناد یہ بات نہ مانے یا بدعقیدگی کی بنا پر اسے شک لاحق ہو تو اسے کتبِ صحاح میں حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی سیرت کا مطالعہ کرنا چاہیئے تاکہ اسے معلوم ہو کہ جن حضرات نے

Marfat.com

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے دعا کی گزارش کی یا شفاعت کی درخواست کی وہ دنیا و آخرت میں خیرات و برکات سے مالامال ہوئے اور جو لوگ درپئے ایذا اور بے ادبی ہوئے وہ ہلاکتوں میں گرفتار ہوئے اور جہنم کے نچلے طبقوں میں داخل ہوئے۔

جب شفاعت کا معنی سفارش ہے اور بارگاہِ الٰہی میں شفاعت کے منظور ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کسی کو اس کے کارخانہ تقدیر پر تسلط حاصل ہو، یا سفارش کرنے والے کی دل شکنی کے سبب اس کی مملکت میں خلل کا احتمال ہو یا اسے ضرر کے لاحق ہونے، منافع کے فوت ہونے یا رنج و ملال عارض ہونے کا اندیشہ ہو (حاشا و کلا یہ کسی کا عقیدہ نہیں ہے) بلکہ شفاعت کے مقبول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اہلِ محبت و اطاعت کو بیش از بیش انعام و اکرام سے نوازا ہے اور ان کے درجات دوسری مخلوق سے بلند فرما کر انہیں اپنی بارگاہ کا مقرب بنایا ہے۔

## شفاعت اور دعا

اب شفاعت کے ثبوت اور بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہونے کی دلیل سنیے:

بارگاہِ الٰہی میں ایک شخص کے دوسرے شخص کے لیے شفاعت کرنے اور دعا نے میں کوئی فرق نہیں، یہ دو لفظ ہیں جن کا معنی ایک ہے اور دعا دو حال سے خالی نہیں، یا تو کہا جائے کہ دعا لغو اور بے فائدہ فعل ہے، کارخانۂ قضا و قدر کسی انسان کی دعا کسی نفع کے حصول یا کسی نقصان کے دور کرنے میں اثر نہیں رکھتی، دعا کرنا اور نہ کرنا برابر ہے، یا کہا جائے کہ دعا کرنے سے اللہ تعالےٰ مقصد پورا کر دیتا ہے، مطالب عطا کر دیے جاتے ہیں اور مصیبتیں دور کر دی جاتی ہیں، پہلی صورت باطل اور کتاب و سنت کی نصوص کے مخالف ہے،

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:

وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَوٰتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ

"اے حبیب! ان کے لئے دعا کیجیے، بے شک تمہاری دعا ان کے اطمینان و

Marfat.com

سکون کا سبب ہے۔"

اس کے علاوہ بے شمار آیات ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

لَا یَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ

"قضا کو صرف دعا لوٹا سکتی ہے۔"

اس کے علاوہ بہت سی حدیثیں وارد ہیں، علماء دین کی تصانیف حصن حصین وغیرہ جو ہر جگہ اہلِ علم کے پاس موجود ہیں، انہی دعاؤں کے جمع کرنے کے لیے لکھی گئی ہیں، دعا کی فضیلت، اللہ تعالیٰ کی عبادت ہونے اور بارگاہِ الٰہی میں اس کی مقبولیت کا انکار صریح کفر ہے جس سے نصوصِ قرآن و حدیث کا انکار لازم آتا ہے، ثابت ہوا کہ دعا حصولِ مقصد کا ذریعہ ہے اور یہ بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوتی ہے۔

## انبیاء و اولیاء کی دعاؤں کی قبولیت

اب غور فرمایئے! کہ کیا انبیاء اور عوام الناس اور اشقیاء، نیکوں اور بدکاروں، مقربانِ حضرتِ باری تعالیٰ اور مردودانِ بارگاہ، مؤمنین صالحین اور بدبخت کافروں کی دعائیں مقبولیت کی کمی اور زیادتی میں برابر ہیں یا انبیاء و اولیاء، ابرار اور مومنین صالحین کی دعائیں عوام، اشقیاء، اشرار و کفار کی دعاؤں سے زیادہ مقبول ہوتی ہیں اور اکثر طور پر حصولِ مراد کا ذریعہ ہوتی ہیں، پہلی شق باطل ہے، چند دلیلیں ملاحظہ ہوں:

(۱) عقلی کہ دعا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مقبول ہوتی ہے اور اس کی رحمت نیکوں سے قریب اور بدکاروں سے بعید ہوتی ہے، انبیاء و اولیاء، ابرار و صالحین کو رحمتِ الٰہیہ کے قرب و بعد میں عوام الناس، اشقیاء، اشرار اور مفسدہ پردازوں کے برابر جاننا کفر اور الحاد ہے۔

(۲) دلیلِ سمعی: احادیثِ کثیرہ سے ثابت ہے کہ انبیاء و صالحین کی دعائیں،

Marfat.com

عامۃ الناس اور خطا کاروں کی نسبت زیادہ قبول ہوتی ہیں اور حصولِ مدعا کا اکثر سبب بنتی ہیں اس امر کی حقیقت کا انکار بھی کفر اور زندقہ کی طرف لے جائیگا اور در حقیقت نبوت و ولایت کے انکار تک پہنچا دے گا۔

لہٰذا دوسری شق متعین ہو گئی اور واضح ہو گیا کہ دعا کی قبولیت، قرب اور نیکی کی علامت ہے، ہر شخص کو اجازت ہے کہ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ سے اپنی ذات کے لئے اپنوں اور بیگانوں کے لئے دعا کر سکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مومنوں کو اس کے لئے دعا سے منع نہ فرمایا ہو جیسے کہ مشرکین کے لئے دعا کرنے سے ممانعت فرمائی ہے،

ارشادِ ربانی ہے :

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ‎۔

"نبی اور مسلمانوں کو جائز نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے مغفرت کی دعا کریں اگرچہ وہ قریبی رشتہ دار ہوں جبکہ ظاہر ہو چکا کہ وہ جہنمی ہیں۔"

اسی لئے حضرتِ ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ممانعت سے پہلے مشرکین اور آزر کے لئے مغفرت اور توفیقِ ایمان کی دعا کی :

فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ‎۔

"جب حضرتِ ابراہیم پر ظاہر ہو گیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو اس سے بیزاری کا اظہار کیا، بے شک ابراہیم علیہ السلام نرم دل اور حلیم ہیں۔"

اسی رقتِ قلبی کی بنا پر حضرتِ ابراہیم علیہ السلام نہیں چاہتے تھے کہ حضرتِ لوط

Marfat.com

علیہ السلام کی قوم پر عذاب آ گئے۔

ارشادِ باری تعالےٰ ہے :

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَجَاءَتْهُ الْبُشْرَىٰ يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ ۞ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُّنِيبٌ ۔

"جب ابراہیم علیہ السلام سے اضطراب دور ہوا اور انہیں بشارت پہنچی تو قومِ لوط کے بارے میں ہم سے مجادلہ کرنے لگے، بے شک ابراہیم (علیہ السلام) حلیم، نرم دل اور اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کرنے والے ہیں"

اللہ تعالےٰ نے حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کے مجادلہ کو ناپسند نہیں فرمایا بلکہ حلم اور رقتِ قلبی سے تعریف فرمائی جو مجادلہ کا باعث بنی تھی۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا :

يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۖ إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ۔

"اے ابراہیم! اس سے اعراض کرو، تحقیق تیرے رب کا حکم آگیا اور بے شک ان پر (مجادلہ یا دعا سے) نہ ٹلنے والا عذاب آنے والا ہے۔"

اس بیان سے ظاہر ہو گیا کہ قبولِ شفاعت کی دو شرطیں ہیں :

(۱) ایسے شخص کی سفارش کی گئی ہو جس کے لئے سفارش کرنے سے اللہ تعالےٰ نے ممانعت نہ فرمائی ہو۔

(۲) سفارش کرنے والے کو اللہ تعالےٰ کی بارگاہ کا قرب حاصل ہو لہٰذا اگر مقربِ دربارِ الٰہی کسی ایسے شخص کی شفاعت کرے جس کی شفاعت سے ممانعت وارد نہ ہو تو اس کی شفاعت مقبول ہو گی جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے :

Marfat.com

وَلَا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا لِمَنۡ اَذِنَ لَهُ

الرَّحۡمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوۡلًا ۔

" قیامت کے دن اللہ تعالےٰ کے پاس صرف اس شخص کی شفاعت فائدہ دے گی جسے اس نے اجازت دی ہوگی اور جس کا قول پسند ہوگا ۔"

(یعنی بلند مقام اور پسندیدہ گفتگو والے کی شفاعت ہی فائدہ دیگی)

دوسرے مقام پر ارشاد ہے :

لَا یَتَکَلَّمُوۡنَ اِلَّا مَنۡ اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ وَقَالَ

صَوَابًا ۔

حدیث صحیح میں آیا ہے کہ قیامت کے دن رسولوں کے علاوہ کسی کو کلام کی اجازت نہیں دی جائے گی اور جو شخص بارگاہِ الٰہی میں کوئی مرتبہ نہیں رکھتا اور اس کی گفتگو اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں پسندیدہ نہیں ہے اسے اس کے دربار میں بات کہنے اور شفاعت کرنے کی طاقت نہیں ہوگی ۔

یا آیۂ کریمہ کا معنی یہ ہے کہ قیامت کے دن شفاعت صرف ان گناہگاروں کو فائدہ دے گی جن کی شفاعت کی اجازت اللہ تعالےٰ نے دی ہوگی اور ان کی گفتگو یعنی شہادت کے دو کلمے (اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ) اس سے پسند فرماتے ہیں ۔

امام رازی تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں :

" یہ آیت اس امر پر بہت ہی مضبوط دلیل ہے کہ شفاعت فاسقوں کے لئے مفید ہے ۔"

**(۳) شفاعت بالاذن**

شفاعت بالاذن کا معنی اس طرح سمجھنا چاہیے کہ مثلاً اگر بادشاہ کے دربار میں ایسے مجرم کو پکڑ کر پیش کیا جائے

Marfat.com

کہ اس جیسے اکثر جرائم بادشاہ نے معاف کر دیئے ہیں، کچھ مقرب جو بادشاہ کے سامنے بات کر سکتے ہیں اور اپنے ہم مرتبہ افراد میں عزت و مرتبہ کی زیادتی کے اعتبار سے ممتاز ہیں اس مجرم کی شفاعت کرنا چاہتے ہیں. ممکن ہے کہ اس کے دربار میں شفاعت کے لئے لب کشائی کریں کیونکہ انہیں بادشاہ کے سامنے ایسے جرائم کی معافی طلب کرنے کی اجازت ہوتی ہے اور جرم ایسا نہیں ہے کہ بادشاہ نے عہد کیا ہو کہ اس جرم کے مرتکب کو ضرور سزا دے گا، ہو سکتا ہے کہ بادشاہ ان مقربین کے مقام اور مرتبہ کے پیشِ نظر جو اسی کا عطا کردہ ہے، سفارش قبول کرے اور اس مجرم کو سزا نہ دے۔

ہاں ہر کس و ناکس، جو بادشاہ کے سامنے بات کرنا تو کجا اونچا سانس تک نہیں لے سکتا، اس کی یہ مجال نہیں کہ مجرم کی طرف دیکھے، وہ خود کسی حیثیت کا مالک نہیں، اس کی بات کی کیا وقعت ہو گی شفاعت تو دور کی بات ہے۔

اگر جرم ایسا ہے کہ بادشاہ کی عادت ہے کہ اس کے بدلے ضرور سزا دیتا ہے تو کسی ہمت نہیں پڑے گی کہ اس کی معافی کی درخواست کرے اور اس کی بخشش چاہے کیونکہ ہر شخص جانتا ہے کہ بادشاہ نے عہد کر رکھا ہے کہ اس جرم پر ضرور سزا دی جائے گی لہٰذا کسی کی طاقت نہیں کہ سر اٹھا کر بادشاہ کو دیکھے اور اس مجرم کو چھڑا لے۔ شفاعت بالاذن کی صورت میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ بادشاہ خود بخود از راہِ مہربانی اس مجرم کا گناہ بخشنا چاہتا تھا، مقربین کی سفارش لغو اور بے فائدہ ہے کیونکہ بادشاہ نے خود رحم نہیں کیا بلکہ سفارشی کی سفارش بخشش کا سبب بنی ہے لہٰذا اگر مجرم کہے کہ بادشاہ نے از خود رحم فرما کر مجھے بخش دیا ہے اور شفاعت کا کوئی دخل نہیں ہے تو نعمتِ شفاعت کا ناشکرا ہو گا۔

**ایک شبہ کا ازالہ**

اس جگہ بُرے دل میں ایک شک گزرتا ہے کہ اگر شفاعت بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہو تو دو ہی صورتیں ہوں گی تقدیر

Marfat.com

میں مجرم کی بخشش ثابت تھی یا نہیں اگر ثابت تھی تو شفاعت نے کیا کیا، تقدیر میں جو کچھ تھا وہ ہو کر رہے گا، کوئی شفاعت کرے یا نہ کرے اور اگر مجرم کی تقدیر میں نہیں تھی تو شفاعت کس طرح عقدہ کشائی کرے گی کیونکہ شفاعت، قضا کو تبدیل نہیں کر سکتی۔

یہ شبہ وہم سے زیادہ کچھ حقیقت نہیں رکھتا، اگر یہ شبہ درست ہو تو اعمالِ شرعیہ کی تکلیف بلکہ تمام دینی اور دنیاوی کوششیں باطل اور بے فائدہ ٹھہریں گی کیونکہ ایسی دو شقیں ہر جگہ جاری کی جا سکتی ہیں۔ اس شبہ کا حل یہ ہے کہ ہم پہلی شق اختیار کرتے ہیں کہ مجرم کی بخشش تقدیر میں اس شرط کے ساتھ ثابت ہے کہ اگر فلاں مقرب جرم کی معافی چاہے گا تو اللہ تعالیٰ معاف فرما دے گا جیسے کہ کامیابی اور ناکامی جریدۂ تقدیر میں اس شرط کے ساتھ ثابت ہے کہ اگر فلاں شخص ایمان لائے گا، نیک عمل کریگا، کامیاب ہوگا اور اگر برے کام کرے گا، ناکامی کا شکار ہوگا۔

اس گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے اسباب کے ساتھ پیدا کیا ہے اس چیز کا وجود ان اسباب سے وابستہ فرمایا ہے، اگرچہ وہ قادر ہے کہ اگر چاہے تو اس چیز کو بغیر اسباب کے پیدا فرما دے۔ مثلاً اگر ایک آدمی دوسرے کو قتل کر دے تو اللہ تعالیٰ نے مقتول کی موت قاتل کے فعل (قتل) کے سبب پیدا فرمائی ہے حالانکہ وہ قادر ہے کہ اگر چاہتا تو اس کی موت قتل کے سبب سے نہ ہوتی (بلکہ کسی اور طرح سے واقع ہو جاتی)

اب اگر کوئی شخص کہے کہ مقتول کی موت تقدیر میں ثابت تھی، قاتل کا اس میں کچھ دخل نہیں تھا، قاتل سے قصاص کیوں طلب کیا جاتا ہے؟ اس کی یہ بات سماعت کے لائق نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی یہ کہے کہ فلاں گناہ کی بخشش تقدیر میں ثابت تھی اور شفاعت کرنے والے کا اس میں کوئی دخل نہیں ہے تو اس کی

Marfat.com

بات بھی قابلِ توجہ نہیں ہو گی۔

یہ گفتگو عام شفاعت کی حقیقت میں تھی۔

## محبوبِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت

گوشِ دل سے سننا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اولین وآخرین کے سردار، انبیاء و مرسلین سے افضل، بارگاہِ ایزدی میں سب سے زیادہ معزز اور بعد از خدائے قدوس، تمام موجودات سے محبوب ترین ہستی ہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ مقام و مرتبہ اور عزت و فضیلت حاصل ہے کہ کسی مخلوق کو اس میں شرکت یا ہمسری حاصل نہیں ہے۔ آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، آثارِ صحابہ و تابعین، ائمہ مجتہدین اور تمام علماء دین کے اقوال اس پر دال اور اس دعوے کی صداقت پر حجتِ قطعیہ اور برہانِ یقینی کا درجہ رکھتے ہیں، کسی مدعیٔ اسلام کو اس کے خلاف مجالِ دم زدن نہیں ہے۔[1]

## مقامِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

پہلی آیت ملاحظہ ہو، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

"اے حبیب! ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر۔"

عالمین میں تمام اگلے اور پچھلے فرشتے، انسان اور ان کے ماسوا داخل ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل امین سے پوچھا کہ تمہیں بھی اس رحمت سے کچھ حصہ ملا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں، میں اپنے انجام سے خائف رہتا تھا، اللہ تعالیٰ کے تعریف فرمانے پر:

ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ

[1] تفصیل کیلئے تجلی الیقین، از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

(مالکِ عرش کے حضور عزت والا، وہاں اس کا حکم مانا جاتا ہے)

میں مطمئن ہو گیا ہوں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجودِ مسعود بھی تمام جہانوں کے لئے رحمت اور حضور کا وصال بھی رحمت تھا، چنانچہ فرماتے ہیں:

حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَ مَمَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ (الحدیث)

"میری ظاہری زندگی بھی تمہارے لئے بہتر ہے اور میری وفات بھی تمہارے لئے بہتر ہے۔"

دوسری حدیث میں ہے:

اِذَآ اَرَادَ اللّٰہُ رَحْمَۃً بِاُمَّۃٍ قَبَضَ نَبِیَّھَا قَبْلَھَا فَجَعَلَہٗ لَھَا فَرَطاً وَّ سَلَفاً۔

"جب اللہ تعالیٰ کسی امت پر رحمت کا ارادہ فرماتا ہے ان کے نبی کو ان سے پہلے قبض فرما لیتا ہے اور اس نبی کو جنت میں جانے کے لئے امت کا پیشرو اور کارساز بنا دیتا ہے۔"

فَرَط اس شخص کو کہتے ہیں جو قافلے سے پہلے منزل پر جا کر کھانے، پانی اور چارپایوں کے چارے کا انتظام کرتا ہے تاکہ جب قافلہ پہنچے تو تمام ضروریات انہیں مہیا کر دے۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مومنوں کے لئے بھی رحمت ہیں اور کافروں کے لئے بھی، کیونکہ اس زمانے کے کافر ان عذابوں سے محفوظ ہیں جو پہلے کافروں پر نازل ہوتے رہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ وَ اَنْتَ فِیْھِمْ

"اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ انہیں عذاب دے جبکہ اے حبیب!

Marfat.com

تم ان میں موجود ہو۔"

دوسری آیت :

وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ

"اے حبیب! ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا"

جب میرا ذکر ہوگا تمہارا ذکر بھی ہوگا، جیسے کہ کلمہ اور اذان میں ہے۔

حضرتِ قتادہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر دنیا اور آخرت میں بلند فرمایا کیونکہ جو بھی خطبہ، تشہد اور نماز پڑھے گا اَشۡهَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشۡهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوۡلُ اللّٰهِ پڑھے گا۔

حضرتِ ابوسعید خدری روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

"میرے پاس جبرئیل امین آئے اور کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے حبیب! تم جانتے ہو اللہ تعالیٰ نے جہان میں تمہارا ذکر کس طرح بلند کیا؟ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے، حضرتِ جبرئیل نے کہا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جب میرا ذکر ہوگا، تمہارا ذکر بھی ہوگا۔"

حضرتِ عطا فرماتے ہیں : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے ایمان کی تکمیل اپنے اور تمہارے ذکر سے فرمائی ہے۔ یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے حبیب! میں نے تمہیں اپنا ذکر بنا دیا ہے کیونکہ جو تمہارا ذکر کرے گا وہ میرا ذکر کرے گا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

قَدۡ اَنۡزَلَ اللّٰهُ اِلَيۡكُمۡ ذِكۡرًا رَّسُوۡلًا

"تحقیق اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف ذکر بھیجا جو رسول ہے"

حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

Marfat.com

جو رسالت کے ساتھ تمہارا ذکر کرے گا وہ ربوبیت کے ساتھ میرا ذکر کرے گا۔

اللہ تعالےٰ کے ذکر کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ذکر کی ایک مثال یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اپنی طاعت کے ساتھ حضور کی طاعت اور اپنے نام کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نام کو متصل فرمایا ہے،

ارشاد ہوتا ہے :

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

اور

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

اللہ تعالےٰ نے اپنا اور اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا نام واو عاطفہ (جو جمع اطراف کیلئے آتی ہے) سے یکجا فرمایا ہے اور یہ بات کسی دوسرے کے حق میں درست نہیں ہے۔

شرح شفا میں ہے :

رُبَّمَا يُقَالُ اِنَّ اِسْمَهٗ سُبْحٰنَهٗ مَعَ اِسْمِ رَسُوْلِهٖ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَرْسُوْمٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مِّنَ الْاَشْيَاءِ بِحُكْمِ قَوْلِهٖ تعالیٰ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ اَيْ جَعَلْنَا ذِكْرَنَا مَعَكَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ مِّنْ مَلَكٍ وَّ فَلَكٍ وَّ بِنَاءٍ وَّسَمَاءٍ وَّ فَرْشٍ وَّ عَرْشٍ وَّ حَجَرٍ وَّ مَدَرٍ وَّ شَجَرٍ وَّ ثَمَرٍ وَّ نَحْوِ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ الْخَلْقِ لَا يُبْصِرُوْنَ تَصْوِيْرَهُمْ وَ نَظِيْرُهٗ قَوْلُهٗ سُبْحٰنَهٗ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ۔

"بہت سے علماء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کا نام حضور سید عالم صلی اللہ

Marfat.com

تعالےٰ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ ورفعنا لک ذکرک کے مطابق ہر شے پر نقش ہے یعنی اے حبیب! فرشتہ ہو یا آسمان، عمارت ہو یا عرش و فرش، پتھر ہو یا کچی اینٹ، درخت ہو یا پھل وغیرہ، ہم نے ہر چیز پر اپنے ذکر کے ساتھ تمہارا ذکر نقش کر دیا ہے اگرچہ اکثر مخلوق اس کی تصویر نہیں دیکھ پاتی اس کی نظیر اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ ہر شے اللہ تعالےٰ کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتی ہے لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔"

تیسری آیت کریمہ :

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُمْ مِنْ كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي قَالُوا أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُمْ مِنَ الشَّاهِدِينَ۔

"اے حبیب! اس وقت کو یاد کیجئے جب کہ اللہ تعالےٰ نے انبیاء سے وعدہ لیا کہ جب میں تمہیں کتاب اور حکمت دے دوں پھر تمہارے پاس تمہاری کتابوں کی تصدیق کرنے والا رسول عظیم تشریف لے آئے تو تم ضرور ان پر ایمان لے آنا اور ان کی امداد کرنا، اللہ تعالےٰ نے فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا عہد لے لیا؟ انبیاء نے کہا ہاں ہم نے اقرار کیا، اللہ تعالےٰ نے فرمایا تم گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔"

اس سے ظاہر ہو گیا کہ اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو وہ فضیلت و کرامت عطا فرمائی ہے جس میں کسی دوسرے کو شریک نہیں کیا اور آنحضرت

Marfat.com

صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو اس فضیلت و شرافت میں تمام انبیاء و مرسلین سے ممتاز فرمایا ہے۔

مفسرین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالے نے جتنے نبی بھی دنیا میں بھیجے، انہیں حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا نام اور آپ کے اوصاف بتا دیئے اور ان سے عہد لیا کہ اگر وہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو پالیں تو آپ پر ایمان لائیں۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالے نے حضرت آدم اور ان کے بعد جتنے نبی بھیجے ان سے وعدہ لیا کہ اگر ان کی حیاتِ ظاہرہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم مبعوث ہو جائیں تو ان پر ایمان لانا، ان کی امداد کرنا اور اپنی قوم کو بھی یہ حکم دینا۔

چوتھی آیتِ مبارکہ :

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ
وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ۔

" اے حبیب ! یاد کیجئے جب ہم نے انبیاء سے عہد لیا اور تم سے اور نوح، ابراہیم، موسٰے اور عیسٰی بن مریم (علیہم السلام) سے "

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالے عنہ (حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے وصال کے بعد) روتے ہوئے کہہ رہے تھے یا رسول اللہ ! صلی اللہ تعالے علیہ وسلم میرے والدین آپ پر قربان، اللہ تعالے کی بارگاہ میں آپ کا پایہ اتنا بلند تھا کہ آپ کو تمام انبیاء علیہم السلام کے بعد مبعوث فرمایا اور سب سے پہلے آپ کا ذکر کیا اور فرمایا :

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ
وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ۔

یا رسول اللہ ! میرے ماں باپ آپ پر نثار، جنابِ الٰہی میں آپ کی اتنی فضیلت ہے کہ

Marfat.com

اہلِ دوزخ آرزو کریں گے کہ کاش آپ کی اطاعت کرتے اور حالتِ عذاب میں کہیں گے اے کاش! ہم نے اللہ تعالےٰ کی اطاعت کی ہوتی اور رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کی ہوتی۔

حضرت قتادہ فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں تخلیق میں تمام انبیاء سے پہلے تھا اور بعثت میں سب سے آخر ہوں۔

پانچویں آیت طیبہ :

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۔

" وہ رسولانِ گرامی، ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی، ان میں سے بعض وہ ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالےٰ نے (بلا واسطہ) کلام کیا اور ان میں سے بعض کے (بے شمار) درجے بلند کئے۔ "

مفسرین فرماتے ہیں کہ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ سے آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم مراد ہیں کیونکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سرخ اور سفید یعنی تمام مخلوق کی طرف مبعوث ہیں، کفار کا مالِ غنیمت آپ کے لئے حلال کیا گیا۔ آپ کے دستِ مبارک پر بے شمار معجزے ظاہر ہوئے، انبیاء کرام کو جو بھی فضیلت و کرامت عطا کی گئی ویسی ہی عزت و شرافت حضور کو دی گئی۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ایک فضیلت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالےٰ نے دیگر انبیاء کو ناموں سے خطاب فرمایا اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو نبوت و رسالت کے وصف سے یاد کیا اور فرمایا یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ۔

چھٹی آیت :

Marfat.com

طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى

" اے طاہر! یا اے راہنما! ہم نے تم پر قرآن اس لیے نہیں اتارا کہ تم مشقت اٹھاؤ "

اس آیت سے اللہ تعالےٰ کی بے پایاں مہربانی اور تکریم حبیب پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لیے ظاہر ہے کہ اللہ تعالےٰ نے بندگی میں آپ کی مشقت اور تکلیف روا نہیں رکھی۔

سانویں آیت :

وَالضُّحٰى وَ الَّيْلِ اِذَا سَجٰى، مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَ مَا قَلٰى، وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔

" قسم ہے چاشت کیوقت کی اور قسم ہے رات کی جب پُر سکون ہو جائے، تمہارے رب نے نہ تمہیں چھوڑا اور نہ دشمن رکھا، بے شک تمہارے لئے آخرت دنیا سے بہتر ہے، عنقریب تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے "

ایک وقت بعض وجوہ کی بنا پر اللہ تعالےٰ کی طرف سے وحی کے پہنچنے میں دیر ہو گئی تو بے دین مشرکوں نے مشہور کر دیا کہ (معاذ اللہ) اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو چھوڑ دیا ہے اور دشمن رکھا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وحی کی تاخیر سے پریشان تھے۔ حضرت جبریل امین بشارت کی یہ وحی لائے جس میں اللہ تعالےٰ نے قسم یاد فرما کر چھوڑ دینے اور دشمن رکھنے کی نفی فرمائی جس کی تشہیر ملعون مشرکین کر رہے تھے اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو تسلی دی کہ اللہ تعالےٰ نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ دشمن رکھا بلکہ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں آپ کے مراتب و مناصب میں دن بدن

Marfat.com

ترقی ہے اور دنیا کی نسبت آخرت میں آپ کی عزت افزائی اور زیادہ ہوگی کیونکہ آپ دنیا میں وہ سب کچھ کرنے ہیں جو اللہ تعالےٰ آپ سے چاہتا ہے، قیامت کے روز اس کی جزا یہ ہوگی کہ آپ اللہ تعالےٰ سے جو درخواست کریں گے، آپ کو عطا فرمائے گا حتیٰ کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

ایک روایت میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس وقت تک ہرگز راضی نہیں ہونگا جب تک میرا ایک امتی بھی دوزخ میں رہے گا گویا اللہ تعالےٰ اس پُربشارت آیت میں قسم یاد فرما کہ فرماتا ہے کہ اے حبیب! تمہارے رب نے تمہیں نہیں چھوڑا بلکہ تمہارے عزت و شرافت کے مراتب میں دن بدن اضافہ فرمائے گا، تمہاری رضامندی اور تمہیں خوش رکھنے کے لئے تمہارے کسی پیروکار اور متبع پر غضب نہیں فرمائے گا کیونکہ ان میں سے کسی پر غضب کرنا تمہیں پسند نہیں ہوگا یعنی اللہ تعالےٰ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے متبعین اور محبین پر بھی (حضور کی نسبت کے سبب) غضب نہیں فرمائے گا چہ جائیکہ حبیب پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر غضب فرمائے۔

اس آیتِ کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا اور خوشنودی چاہتا ہے، ہاں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور بلاشبہ محب، محبوب کی خوشی اور رضا کا طالب ہوتا ہے، کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

گفتنا وصل بہ یا ہجرانہ دوست
گفتنا ہرچہ میلِ خاطرِ اوست

"کسی نے پوچھا محبوب کی ملاقات اچھی ہے یا جدائی؟ تو محب نے کہا جو محبوب کو پسند ہو۔"

Marfat.com

آٹھویں آیت :

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ

" اے حبیب! تمہاری زندگی کی قسم تحقیق قریش یا قومِ لوط اپنی گمراہی میں سرگرداں رہتے ہیں۔"

مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کلام میں اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی مدتِ حیات کی قسم یاد فرمائی اور اس کا معنی یہ ہے کہ اے حبیب تمہاری بقا کی قسم[1]۔ بعض نے فرمایا تمہاری زندگی کی قسم، بعض نے فرمایا تمہاری حیات کی قسم! اس میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حد درجہ تعظیم و تکریم ہے۔

حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے ایسا کوئی انسان پیدا نہیں فرمایا جو اس کی بارگاہ میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے زیادہ معزز ہو اور میں نے نہیں سنا کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے سوا اللہ تعالےٰ نے کسی کی زندگی کی قسم یاد فرمائی ہو۔

حضرتِ ابوالجوزاء فرماتے ہیں اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کسی کی زندگی کی قسم یاد نہیں فرمائی کیونکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم بارگاہِ الٰہی میں تمام مخلوق سے زیادہ عزت والے ہیں۔

نویں آیت :

لَآ أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ وَأَنتَ حِلٌّ بِهَٰذَا الْبَلَدِ وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ۔

" اے حبیب! مجھے قسم ہے اس شہر کی جس میں تم جلوہ افروز ہو اور قسم

---

[1] امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎ وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا ؛ کہ کلام مجید نے کھائی شہا ترے شہر و کلام و بقا کی قسم

سے جننے والے اور جنے ہوئے کی ۔"

وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ (اے حبیب! تم اس شہر میں جلوہ افروز ہو) میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی کس قدر بزرگی اور عظمت کا اظہار ہے، ہر ذوقِ سلیم والا اس کا اندازہ کرسکتا ہے۔ بعض تفاسیر میں ہے کہ مَا وَلَدَ سے مراد حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہیں۔

دسویں آیت :

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ۔

" اے حبیب! بے شک جو لوگ تمہاری بیعت کرتے ہیں، سوائے اس کے نہیں کہ وہ اللہ کی بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے ۔"

انہی آیات میں سے سورۂ بنی اسرائیل اور سورۂ نجم کی وہ آیات ہیں جن میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے معراج کا ذکر ہے، مسجدِ حرام (مکہ معظمہ) سے مسجدِ اقصیٰ تک وہاں سے آسمانوں تک اور وہاں سے قربِ خاص تک، آیاتِ مبارکہ، احادیثِ طیبہ، صحابۂ کرام اور ائمۂ دین کے اقوال ذکر کئے جائیں تو گفتگو طویل ہو جائے گی محققین صحابہ اور ائمۂ مجتہدین اس کے قائل ہیں کہ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بیداری کی حالت میں عرش مجید (بلکہ اس سے بھی آگے) تک جسمانی معراج ہوئی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلاواسطہ اللہ تعالےٰ سے ہمکلامی کا شرف حاصل ہوا، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ ذاتِ مقدسہ کی تجلی کا دیدار سر کی آنکھوں سے ہوا یا دل کی آنکھوں سے، اور دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى کے مطابق کمال قرب تک پہنچے۔

Marfat.com

مختصر یہ کہ قرآن پاک اول سے آخر تک حضور ختم المرسلین صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خلافت اور نیابتِ الٰہیہ کو بیان کرتا ہے اور حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے کمال اور بلندیٔ مرتبہ پر دلیلِ صادق ہے، اس کے احاطہ کے لئے بڑی تفسیر درکار ہے اس جگہ جو کچھ بیان ہوا، اسی پر اکتفار کیا جاتا ہے کیونکہ آیاتِ مذکورہ اس مقصد کے لئے کافی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم انبیار و مرسلین کے سردار، اللہ تعالٰے کے دربار میں اولین و آخرین سے زیادہ معزز اور اللہ تعالٰے کو تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہیں اور اللہ تعالٰے نے حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو تمام انبیار و مرسلین کا امام اور سردار بنایا[1] اور تمام انبیار و مرسلین سے حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی فرمانبرداری اور امداد کا وعدہ لیا اور اللہ تعالٰے حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی رضا کا طالب ہے۔

## احادیثِ طیبہ

اب چند احادیثِ نبویہ ملاحظہ ہوں :

پہلی حدیث :

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰی عنهما قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اِنَّ اللّٰهَ قَسَمَ الْخَلْقَ قِسْمَيْنِ فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهِمْ قِسْمًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ وَ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ فَاَنَا مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ وَ اَنَا خَيْرُ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ثُمَّ جَعَلَ الْقِسْمَيْنِ اَثْلَاثًا فَجَعَلَنِيْ فِيْ خَيْرِهَا ثُلُثًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ وَ اَصْحٰبُ

---

[1] اس عنوان پر تفصیلی مطالعہ کیلئے دیکھئے "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ

Marfat.com

الْمَشْأَمَةِ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ فَاَنَا مِنَ السّٰبِقِيْنَ
وَاَنَا خَيْرُ السّٰبِقِيْنَ ثُمَّ جَعَلَ الْاَثْلَاثَ قَبَآئِلَ
فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَيْرِهَا قَبِيْلَةً وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی
جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ
عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ وَاَنَا اَتْقٰی وُلْدِ اٰدَمَ وَاَكْرَمُهُمْ
عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَا فَخْرَ ثُمَّ جَعَلَ الْقَبَآئِلَ بُيُوْتًا
فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَيْرِهَا بَيْتًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی
اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ
الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔

حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالےٰ نے مخلوق یعنی جن اور انسان کی دو قسمیں فرمائیں، مجھے ان میں سے بہترین قسم میں سے بنایا، یہ ہے اللہ تعالےٰ کا فرمان ایک قسم اصحابِ یمین ہے اور دوسری قسم اصحابِ شمال، میں اصحابِ یمین میں سے ہوں اور اصحابِ یمین میں سے بہتر ہوں، پھر ان دو قسموں کی تین قسمیں بنائیں اور مجھے ان تین میں سے بہتر قسم میں بنایا، یہ ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ ایک قسم خوش بخت ہے، دوسری بدبخت، تیسری نیکی میں سبقت کرنے والے، میں سابقین میں سے ہوں اور سابقین میں سے بہتر، پھر اللہ تعالےٰ نے ان تین قسموں کو قبیلے بنایا اور مجھے ان میں سے بہترین قبیلے میں بنایا، یہ ہے اللہ تعالےٰ کا ارشاد، ہم نے تمہیں اصول اور گروہ بنایا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو تحقیق تم میں اللہ تعالےٰ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ متقی ہے، بیشک اللہ تعالےٰ

Marfat.com

جاننے والا خبر والا ہے، میں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ پرہیزگار اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ عزت والا ہوں اور میں فخر نہیں کرتا، پھر اللہ تعالیٰ نے قبائل کو گھروں میں تقسیم فرمایا اور مجھے بہترین گھر میں پیدا فرمایا، یہ ہے اللہ تعالیٰ کا قول کہ اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا مگر یہ کہ پلیدی دور کرے تم سے اے اہلِ بیت اور تمہیں پاک کرے پاک کرنا"

دوسری حدیث :

حضرتِ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

اَنَا اَکْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ عِنْدَ رَبِّیْ وَلَا فَخْرَ

"میں اپنے رب کے نزدیک اولادِ آدم میں سب سے زیادہ عزت والا ہوں اور میں فخر نہیں کرتا"

تیسری حدیث :

حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

اَنَا اَکْرَمُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَلَا فَخْرَ

"میں پہلی اور پچھلی تمام مخلوق سے زیادہ عزت والا ہوں اور میں اس پر فخر نہیں کرتا"

چوتھی حدیث :

حضرتِ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

Marfat.com

أَتَانِي جِبْرَئِيْلُ عليه السلام فَقَالَ لِي قَلَّبْتُ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا فَلَمْ أَرَ رَجُلًا أَفْضَلَ مِنْ مُحَمَّدٍ وَلَمْ أَرَ بَنِي أَبٍ أَفْضَلَ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ۔

"میرے پاس جبرئیل امین علیہ السلام آئے، انہوں نے مجھے کہا کہ میں نے زمین کے مشرق و مغرب چھان ڈالے لیکن میں نے حضور سے زیادہ فضیلت والا کوئی شخص نہیں دیکھا[1] اور کسی باپ کے بیٹے بنو ہاشم سے زیادہ فضیلت والے نہیں دیکھے۔"

پانچویں حدیث :

ابنِ وہب راوی ہیں کہ حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

" اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے حبیب! مجھ سے مانگ! میں نے عرض کیا اے پروردگار! میں تجھ سے کیا مانگوں؟ تو نے حضرتِ ابراہیم کو خلیل بنایا، حضرتِ موسیٰ سے بلا واسطہ کلام کیا، حضرتِ نوح کو برگزیدہ فرمایا حضرتِ سلیمان کو وہ سلطنت دی کہ ان کے بعد کسی کے لائق نہیں (علیہم السلام) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے حبیب! میں نے جو کچھ تمہیں دیا وہ ان سب سے بہتر ہے۔ میں نے تمہیں حوضِ کوثر دیا، تمہارا نام اپنے نام

---

[1] امامِ اہلِ سنت شاہ احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

یہی بولے سدرہ والے چمنِ جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے ترے پایہ کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا

Marfat.com

کے ساتھ رکھا کہ آسمانوں میں پکارا جاتا ہے، تمہارے لئے اور تمہاری امت کے لئے زمین کو پاک کرنے والی بنایا (اس سے تیمم کیا جا سکتا ہے) تمہارے طفیل تمہارے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف کر دئے، تم لوگوں میں اس حال میں چلتے ہو کہ تمہارے طفیل گناہ بخش دئے گئے ہیں، یہ اعزاز و اکرام تم سے پہلے کسی کو نہیں دیا، تمہاری امت کے دل مصحف بنا دئے کہ وہ قرآن پاک یاد کرتے ہیں، تمہارے لئے میں نے شفاعت محفوظ رکھی، تمہارے سوا کسی پیغمبر کے لئے شفاعت محفوظ نہیں رکھی "

چھٹی حدیث :

طویل حدیث میں ہے کہ فرشتوں نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو کہا :

مَآ اَکْرَمَکَ عَلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ مَعَکَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ

" اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں آپ کی کتنی عزت ہے بحقیق اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہے اور اس کے فرشتے "

ساتویں حدیث :

شفا شریف میں ابو محمد مکی اور ابو اللیث سمرقندی وغیرہما سے منقول ہے :

" حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی لغزش کے بعد کہا اے اللہ! محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے طفیل میری لغزش معاف فرما، اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے فرمایا تم نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو کہاں سے پہچانا؟ آدم علیہ السلام نے کہا میں نے جنت میں ہر جگہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا دیکھا، ایک روایت میں ہے — مُحَمَّدٌ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ (محمد میرے بندے اور رسول ہیں) اس سے میں نے جانا کہ وہ تیرے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ عزت والے

Marfat.com

میں، اللہ تعالٰے نے آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی اور ان کی لغزش معاف فرمادی، اس کلام کے قائل کے نزدیک اللہ تعالٰے کے ارشاد فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْہِ (آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند کلمات حاصل کئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول کر لی) کا یہی مطلب ہے۔"

ایک روایت میں ہے کہ حضرتِ آدم علیہ السلام نے کہا اے پروردگار! جب تونے مجھے پیدا کیا تو میں نے سر اٹھایا، دیکھا کہ عرشِ مجید پر لکھا ہوا تھا" لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" پس میں نے جان لیا کہ تیرے نزدیک کسی کا مقام اس ذاتِ کریم سے بلند نہیں ہے جن کا نام تونے اپنے نام کے ساتھ جمع کیا ہے، اللہ تعالٰے نے آدم علیہ السلام کی طرف وحی نازل فرمائی کہ مجھے اپنی عزت اور جلال کی قسم، محمد صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم تمہاری اولاد میں سے آخری پیغمبر ہیں، اگر وہ نہ ہوتے تو تمہیں بھی پیدا نہ فرماتا۔

بعض روایات میں ہے کہ آدم علیہ السلام کی کنیت ابو محمد تھی۔ ایک روایت میں ہے ان کی کنیت ابوالبشر تھی یعنی حضرتِ آدم علیہ السلام کی کنیت میں باپ ہونے کی نسبت حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ماسوا کسی کی طرف نہ تھی [1]

شریح بن یونس فرماتے ہیں کہ اللہ تعالٰے کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو زمین پر گشت لگاتے ہیں اور اس گھر والوں کی کثرت سے زیارت کرتے ہیں جس میں احمد یا محمد نام والا کوئی شخص ہو، یہ فرشتوں کی طرف سے تعظیم ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔

---

[1] حضرت سیدی شیخ ابن الفارض قدس سرہ حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی زبانی کہتے ہیں ؎

انی وان کنت ابن اٰدم صورۃ　　　فلی فیہ معنی شاھد بابوتی

" میں اگرچہ ظاہر کے لحاظ سے آدم علیہ السلام کا بیٹا ہوں، میرے اندر ایک ایسا معنی ہے جو میرے باپ ہونے پر شاہد ہے۔"

Marfat.com

قاضی ابنِ قانع، ابوحمراء سے راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب فرشتے مجھے آسمان پر لے گئے تو میں نے دیکھا عرش پر لکھا ہوا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

آٹھویں حدیث :

حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ جنت کے دروازے پر لکھا ہوا ہے :

انی انا اللہ لا الٰہ الا انا، محمد رسول اللہ

لا اعذب من قالہا۔

"بے شک میں خدا ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، محمد اللہ کے رسول ہیں، اس کلمہ کے کہنے والے کو میں عذاب نہیں دونگا"

امام جعفر صادق اپنے والدِ ماجد محمد باقر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے راوی ہیں کہ قیامت کے دن ایک نداء کرنے والا کہے گا کہ :

"جس کا نام محمد ہے اُٹھے اور جنت میں داخل ہو جائے ، یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نام پاک کی تعظیم ہو گی"

نویں حدیث :

مشکوٰۃ شریف میں ہے، حضرتِ امام جعفر صادق اپنے والد ماجد سے راوی ہیں :

ان رجلا من قریش دخل علی ابیہ علی بن الحسین فقال الا احدثک عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال بلی حدثنا عن ابی القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

Marfat.com

"ایک قریشی، حضرتِ محمد باقر کے والد علی بن حسین (امام زین العابدین) رضی اللہ تعالےٰ عنہم کی خدمت میں حاضر ہوا، حضرتِ علی بن حسین نے فرمایا کیا میں تمہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان نہ کروں؟ اس شخص نے کہا ہاں مجھے حضرتِ ابوالقاسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کیجئے"

قَالَ لَمَّا مَرِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اَتَاهُ جِبْرَئِيْل۔

"علی بن حسین نے فرمایا جب رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طبیعتِ مبارکہ ناساز ہوئی تو آپ کی خدمت میں جبرئیلِ امین علیہ السلام حاضر ہوئے"

فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكَ تَكْرِيْمًا لَكَ وَتَشْرِيْفًا لَكَ خَاصَّةً لَكَ يَسْاَلُكَ عَمَّا هُوَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنْكَ يَقُوْلُ كَيْفَ تَجِدُكَ قَالَ اَجِدُنِيْ يَا جِبْرَئِيْلُ مَغْمُوْمًا وَاَجِدُنِيْ يَا جِبْرَئِيْلُ مَكْرُوْبًا۔

"جبرئیلِ امین نے عرض کیا اللہ تعالےٰ نے مجھے آپ کی تکریم و تشریف کے لئے آپ کے پاس بھیجا ہے اور یہ آپ کی خصوصیت ہے، اس چیز کے بارے میں پوچھتا ہے جسے وہ آپ سے زیادہ جانتا ہے، فرماتا ہے اے حبیب! تم اپنا مزاج کیسا پاتے ہو؟ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبرئیل! میں اپنے آپ کو غمگین اور تکلیف میں پاتا ہوں"

ثُمَّ جَاءَهُ الْيَوْمَ الثَّانِيْ فَقَالَ لَهٗ ذٰلِكَ فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم كَمَا رَدَّ اَوَّلَ يَوْمٍ ثُمَّ جَاءَهُ الْيَوْمَ الثَّالِثَ فَقَالَ لَهٗ كَمَا قَالَ اَوَّلَ يَوْمٍ

Marfat.com

وَرَدَّ عَلَيْهِ كَمَا رَدَّ عَلَيْهِ -

" پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام دوسرے روز حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہی بات عرض کی حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے وہی پہلے دن والا جواب دیا، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام تیسرے روز حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہی کچھ کہا جو پہلے روز کہا تھا اور حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے انہیں وہی جواب دیا "

وَجَاءَ مَعَهُ مَلَكٌ يُقَالُ لَهُ إِسْمٰعِيلُ عَلٰى مِائَةِ أَلْفِ مَلَكٍ كُلُّ مَلَكٍ عَلٰى مِائَةِ أَلْفِ مَلَكٍ فَاسْتَأْذَنَ عَلَيْهِ فَسَأَلَهُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ جِبْرَئِيْلُ هٰذَا مَلَكُ الْمَوْتِ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْكَ مَا اسْتَأْذَنَ عَلٰى اٰدَمِيٍّ قَبْلَكَ وَلَا يَسْتَأْذِنُ عَلٰى اٰدَمِيٍّ بَعْدَكَ فَقَالَ ائْذَنْ لَهُ فَأَذِنَ لَهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ -

" اور حضرت جبریل علیہ السلام کے ساتھ ایک فرشتہ آیا جسے اسمٰعیل کہتے ہیں وہ ایک لاکھ فرشتوں پر حاکم ہے ان میں سے ہر ایک لاکھ فرشتوں پر حاکم مقرر ہے، انہوں نے بارگاہِ رسالت میں حاضری کی اجازت طلب کی، حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے اس فرشتے کے بارے میں پوچھا جسے اسمٰعیل کہتے ہیں (اتنے میں ملک الموت حاضر ہوئے، حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا یہ ملک الموت ہیں آپ سے اجازت چاہتے ہیں، انہوں نے آپ سے پہلے کسی انسان سے اجازت نہیں لی اور نہ آپ کے بعد کسی سے اجازت لیں گے، حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا انہیں اجازت دے دو، حضرت جبریل نے انہیں اجازت

Marfat.com

دی تو انہوں نے (حاضر ہو کر) سلام عرض کیا۔"

ثُمَّ قَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰہَ اَرْسَلَنِیْ اِلَیْکَ فَاِنْ اَمَرْتَنِیْ اَنْ اَقْبِضَ رُوْحَكَ قَبَضْتُ وَاِنْ اَمَرْتَنِیْ اَنْ اَتْرُكَہٗ تَرَكْتُہٗ فَقَالَ وَتَفْعَلُ یَا مَلَكَ الْمَوْتِ قَالَ نَعَمْ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاُمِرْتُ اَنْ اُطِیْعَكَ۔

"پھر ملک الموت نے کہا یا رسول اللہ! اللہ تعالےٰ نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے، اگر آپ فرمائیں تو آپ کی روح قبض کر لوں اور اگر آپ فرمائیں تو قبض نہ کروں، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو میرے کہنے پر عمل کرے گا؟ انہوں نے کہا ہاں، مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ آپ کی اطاعت کروں۔"

قَالَ فَنَظَرَ النَّبِیُّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِلٰی جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰہَ قَدِ اشْتَاقَ اِلٰی لِقَائِكَ فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مَلَكَ الْمَوْتِ اِمْضِ لِمَا اُمِرْتَ بِہٖ فَقَبَضَ رُوْحَہٗ۔

"راوی کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف دیکھا، انہوں نے کہا یا رسول اللہ! اللہ تعالےٰ آپ کی ملاقات کا مشتاق ہے تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ملک الموت اب تجھے جو حکم دیا گیا ہے اس کی تعمیل کر چنانچہ انہوں نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی روح قبض کر لی۔"

Marfat.com

اس حدیث سے سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی عزت، جلالت اور محبوبیت معلوم کی جا سکتی ہے، حضرت جبریلِ امین کا اللہ تعالےٰ کی طرف سے تین دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عیادت اور مزاج پرسی کے لئے حاضر ہونا، حضرت ملک الموت کا زیارت اور روح قبض کرنے کے لئے حاضری کی اجازت طلب کرنا، اللہ تعالےٰ کی طرف سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کا پابند ہونا اور حضرت جبریلِ امین کا یہ عرض کرنا کہ اللہ تعالےٰ آپ کی ملاقات کا مشتاق ہے، ایسے امور ہیں جن سے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا بارگاہِ الٰہی میں مقام و منصب معلوم کیا جا سکتا ہے۔

دسویں حدیث :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے حدیثِ معراج میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی انبیاء کرام علیہم السلام سے ملاقات کا ذکر کیا ہے اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی گفتگو بیان کی ہے، فرماتے ہیں :

اِنَّ مُحَمَّدًا اَثْنٰی عَلٰی رَبِّہٖ

نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کی تعریف کی"

فَقَالَ کُلُّکُمْ اَثْنٰی عَلٰی رَبِّہٖ وَ اَنَا اُثْنِیْ عَلٰی رَبِّیْ

"حضور نے فرمایا تم میں ہر ایک نے اپنے رب کی تعریف کی، اب میں اپنے رب کی تعریف کرتا ہوں"

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَرْسَلَنِیْ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ---
وَکَآفَّۃً لِّلنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا۔

" تمام تعریفیں اللہ تعالےٰ کے لئے جس نے مجھے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور تمام انسانوں کے لئے خوشخبری اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا "

Marfat.com

وَ اُنْزِلَ عَلَیَّ الْفُرْقَانُ فِیْہِ تِبْیَانٌ لِّکُلِّ شَیْءٍ

" اور مجھ پر قرآن پاک اتارا جس میں ہر شے کا بیان ہے "

وَ جَعَلَ اُمَّتِیْ اُمَّۃً وَّسَطًا

" اور میری امت بہترین امت بنایا "

وَجَعَلَ اُمَّتِیْ ھُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَھُمُ الْاٰخِرُوْنَ

" اور میری امت کو (جنت میں داخل ہونے میں) پہلی امت اور وجود کے اعتبار سے آخری امت بنایا "

وَ شَرَحَ لِیْ صَدْرِیْ وَ وَضَعَ عَنِّیْ وِزْرِیْ

" اور میرے دل کو علوم وحکم کیلئے کھول دیا اور میرے لئے تبلیغ و رسالت کا بوجھ آسان فرما دیا "

وَ رَفَعَ ذِکْرِیْ وَ جَعَلَنِیْ فَاتِحًا وَّخَاتِمًا

" اور میرا ذکر بلند فرمایا ۔ مجھے تمام اولین وآخرین میں فاتح (اول) اور تمام انبیاء ومرسلین کا خاتم بنایا "

فَقَالَ اِبْرَاھِیْمُ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِھٰذَا فَضَلَکُمْ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

" حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اے انبیاء! اسی لئے محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تم سے افضل ہوئے ہیں "

## گیارہویں حدیث :

یہ بھی احادیث میں وارد ہے :

فَقَالَ لَہٗ رَبُّہٗ تَعَالٰی قَدِ اتَّخَذْتُکَ حَبِیْبًا فَھُوَ مَکْتُوْبٌ فِی التَّوْرَاۃِ مُحَمَّدٌ حَبِیْبُ الرَّحْمٰنِ۔

Marfat.com

"اللہ تعالےٰ نے فرمایا میں نے تمہیں محبوب بنالیا، توراۃ میں لکھا ہے محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے محبوب ہیں"

وَ اَرْسَلْتُكَ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَ جَعَلْتُ اُمَّتَكَ هُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ۔

"ہم نے تمہیں تمام انسانوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور تمہاری امت کو سعادت میں پہلی اور وجود میں آخری امت بنایا"

وَ جَعَلْتُ اُمَّتَكَ لَا يَجُوْزُ لَهُمْ خُطْبَةٌ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنَّكَ عَبْدِيْ وَ رَسُوْلِيْ۔

"اور آپ کی امت پر لازم کیا کہ ان کے لئے کوئی خطبہ جائز نہیں جب تک یہ گواہی نہ دیں کہ آپ میرے عبد خاص اور رسول ہیں"

وَ جَعَلْتُ اَوَّلَ النَّبِيِّيْنَ خَلْقًا وَّ اٰخِرَهُمْ بَعْثًا

"اور میں نے تمہیں خلقت میں سب سے پہلے اور بعثت میں سب سے آخر بنایا"

وَ اَعْطَيْتُكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ۔

"اور میں نے تمہیں سبع مثانی (سورۃ فاتحہ جس کی سات آیتیں ہیں یا سات طوال سورتیں) دی اور قرآن عظیم"

وَ اَعْطَيْتُكَ خَوَاتِمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ عَرْشِيْ لَمْ اُعْطِهَا نَبِيًّا قَبْلَكَ وَ جَعَلْتُكَ فَاتِحًا وَّ خَاتِمًا۔

"اور میں نے تمہیں اس خزانے سے جو عرش کے نیچے ہے سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں دیں، آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیں اور میں نے تمام انبیار

Marfat.com

سے اول اور آخر بنایا۔"

بارھویں حدیث :

أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ مَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمُ فَمَنْ دُوْنَهُ إِلَّا تَحْتَ لِوَائِي وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلَا فَخْرَ۔

" قیامت کے روز میں اولادِ آدم علیہ السلام کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں لواء الحمد (حمد کا جھنڈا) ہوگا۔ اس دن آدم علیہ السلام اور ان کے ماسوا تمام نبی میرے ہی جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور میں ہی وہ پہلا شخص ہوں گا جو زمین سے نکلوں گا اور میں فخر نہیں کرتا۔"

تیرھویں حدیث : أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَكُوْنَ إِبْرَاهِيْمُ وَعِيْسٰى فِيْكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِنَّهُمَا فِي أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

" کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ قیامت کے دن حضرتِ ابراہیم اور حضرتِ عیسٰے تم میں ہوں گے اور یہ دونوں حضرات قیامت کے دن میری امت میں ہوں گے۔"

مختصر یہ کہ اس سلسلے میں آیات واحادیث اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کے احاطے کے لئے کئی دفتروں کی ضرورت ہے، اگر کوئی شخص ان کو جمع کرنے کا ارادہ کرے اور تمام زندگی اس مبارک مصروفیت میں صرف کر دے تو اللہ تعالٰے کے عطیات اور بے شمار مناقب جو اللہ تعالٰے نے سید ممکنات، سرورِ کائنات اور خلاصۂ مخلوقات صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو عطا فرمائے ہیں، میں سے ہزارواں حصہ اور بے حد و حساب میں سے معمولی مقدار بھی جمع نہیں کر پائے گا۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو اعزاز و اکرام اور فضائل جمیلہ و مناصبِ جلیلہ عطا فرمائے ہیں، ان میں سے بعض آپ نے ملاحظہ کر لئے، اب گوشِ دل اور کامل توجہ سے سنئے کہ جب معلوم ہو گیا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بارگاہِ کبریا میں وہ وجاہت، عزت، مرتبۂ محبوبیت اور مقامِ مقبولیت حاصل ہے کہ اس میں اولین و آخرین اور انبیاء و مرسلین میں سے کسی کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ شرکت اور ہمسری حاصل نہیں ہے اور اس سے پہلے یہ بھی معلوم ہو چکا کہ وجاہت، عزت اور رتبۂ محبوبیت، شفاعت اور سفارش کی مقبولیت کا سبب ہے تو اب جان لینا چاہئے کہ شفاعتِ کبریٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاص منصب ہے حضور کی شفاعت بلاشبہ مقبول و مستجاب ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت کے دن شفاعت کرنے والوں کے سردار، سب سے اول اور سب سے افضل ہیں کیونکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات تمام جہانوں کے لئے رحمت، جنوں انسانوں اور فرشتوں کے لئے ملجا و ماویٰ ہے مشرکینِ مکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وجودِ فائض الجود کی برکت سے مکہ مکرمہ میں عذابِ الٰہی سے محفوظ رہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ

"اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں کہ کفارِ مکہ کو عذاب دے جبکہ اے حبیب! تم ان میں موجود ہو۔"

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ تشریف لے آئے اللہ تعالیٰ نے مشرکوں کو عذاب میں مبتلا فرما دیا، مومنوں کو ان پر غالب و مسلط فرما دیا، مسلمانوں کی تلواریں ان کے لئے حاکم بنا دیں اور ان کی زمینیں، علاقے اور مال مسلمانوں کو بطورِ غنیمت عطا فرما دئے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

وَمَا لَهُمْ اَنْ لَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ

" ان کی کیا حیثیت ہے کہ اللہ تعالےٰ انہیں عذاب نہ دے (کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لے گئے ہیں جن کی ذات مبارکہ ان کے لیے باعث امن تھی)"

## شفاعتِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جرائم کی معافی اور درجات کی بلندی کے لیے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کا مقبول ہونا کتاب وسنت سے ثابت ہے۔

چند آیاتِ مبارکہ ملاحظہ ہوں :

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

ظاہر ہے کہ ایماندار مردوں اور عورتوں کے لئے مغفرت کا چاہنا ان کے لئے شفاعت ہے اور اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو حکم فرمایا ہے کہ ان کے لئے شفاعت کیجئے، اب دو ہی صورتیں ہیں یہ شفاعت مقبول ہو یا نا مقبول، دوسری صورت باطل ہے کیونکہ اس وقت لازم آئے گا کہ اللہ تعالےٰ کا امر عبث اور بے فائدہ ہو بلکہ ناپسندیدہ مزاح یا وعدہ کی خلاف ورزی ہو، اللہ کی پناہ ایسی بات سے، تو پہلی صورت متعین ہو گئی اور وہی مقصود ہے (کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت مقبول ہے)

۲ : وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۔

" اگر وہ منافق جس وقت (نفاق سے) اپنی جانوں پر ظلم کریں تو (معذرت کے لئے) تمہارے پاس آ جائیں، پھر (نفاق سے توبہ کرتے ہوئے

Marfat.com

اور اخلاص اختیار کرتے ہوئے) اللہ تعالےٰ سے مغفرت کا سوال کریں اور
رسول ان کے لئے (کبیرہ گناہوں کی) مغفرت طلب کریں تو یہ لوگ اللہ تعالےٰ
کو توبہ قبول کرنے والا، رحم فرمانے والا پائیں گے "

اس آیتِ کریمہ سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالےٰ کا منافقین کی توبہ قبول کرنا اور ان پر رحم فرمانا اس بات پر معلق ہے کہ یہ اپنے نفاق کی مغفرت چاہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے لئے ان کے کبیرہ گناہوں کی مغفرت طلب کریں، اور اگر معاذ اللہ! حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کو کسی قسم کا دخل نہ ہو تو وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

تفسیرِ مدارک میں ہے:

" ایک اعرابی نے حاضر ہو کر اپنے آپ کو روضۂ مقدسہ پر گرا دیا اور روضۂ منورہ کی خاکِ مبارک کو اپنے سر پہ ڈال کر عرض پرداز ہوا کہ اے رسولِ خدا! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے، میں توبہ و استغفار لایا ہوں آپ میری مغفرت کی دعا کریں، روضۂ مبارک سے آواز آئی تیرا گناہ بخش دیا گیا۔"

ہاں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں اور وفات کے بعد شفاعت کا مفید ہونا برابر ہے اور بہر صورت حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بارگاہِ الٰہی میں وجاہت حاصل ہے اور اس کمال الجمال اور جمیل الکمال ہستی کی محبوبیت ظاہری حیات اور وصال کے بعد بارگاہِ ایزدی میں یکساں طور پر قبولیتِ شفاعت کا سبب ہے۔

۳۔ وَ لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى وَ لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔

" تحقیق آخرت تمہارے لئے دنیا سے بہتر ہے (یعنی آخرت میں آپ کا

Marfat.com

مقام اور بلند ہو جائے گا اور قیامت کے دن آپ تمام مخلوق کے ملجا و ماویٰ ہوں گے) اور تحقیق تمہارا پروردگار تمہیں اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے"

اس آیت سے دو طرح استدلال کیا جا سکتا ہے :

(۱) اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا میں مومن مردوں اور عورتوں کی مغفرت طلب کرنے کا حکم دیا اور ظاہر ہے کہ جو کسی سے کوئی چیز طلب کرتا ہے اس پر راضی نہیں ہوگا کہ اس کی درخواست رد کر دی جائے وہ اسی صورت میں خوش ہوگا کہ اس کی درخواست قبول کر لی جائے، اللہ تعالیٰ نے پختہ وعدہ فرمایا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے لہٰذا یہ مومن مردوں اور عورتوں کے لئے کی جانے والی شفاعت کے قبول کرنے کا پختہ وعدہ ہے۔

(۲) احادیث کثیرہ وارد ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشی اسی میں تھی کہ امت کے گنہگار بخشے جائیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ اپنی امت کے گنہگاروں کی چارہ سازی میں مصروف رہے تاکہ وہ آگ کے عذاب سے نجات پائیں، پس یہ مؤکد وعدہ جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خوش کرنے کے بارے میں وارد ہوا ہے، یہ اس امر کا وعدہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وجاہت اور محبوبیت کے سبب امت کے مجرموں کو رہا کر دیا جائے گا، احادیث میں آیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

اِذًا لَّا اَرْضٰی وَوَاحِدٌ مِّنْ اُمَّتِیْ فِی النَّارِ

"تب تو میں اس وقت تک راضی نہیں ہونگا جب تک میرا ایک امتی بھی آگ میں رہے گا"

اس روایت سے ثابت ہو گیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

اپنے ہر امتی کی شفاعت فرمائیں گے۔

حضرتِ امام محمد باقر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے:

اَهْلُ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُوْنَ اَرْجٰى اٰيَةٍ قَوْلُهٗ تَعَالٰى
يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ وَ اَمَّا
اَهْلُ الْبَيْتِ فَيَقُوْلُوْنَ اَرْجٰى اٰيَةٍ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَلَسَوْفَ
يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى اِنَّهَا الشَّفَاعَةُ لِيُعْطِيْهَا
فِيْۤ اَهْلِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَتّٰى يَقُوْلَ رَضِيْتُ۔

"اہلِ قرآن (عامۃ المسلمین) کہتے ہیں کہ وہ آیت جس سے بہت امید بندھتی ہے یہ ہے: یاعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسہم (اپنی جانوں پر زیادتی کرنے والو! اللہ تعالےٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو) لیکن اہلِ بیتِ کرام فرماتے ہیں کہ بہت زیادہ امید دلانے والی آیت یہ ہے: وَ لسوف یعطیک ربك فترضیٰ، بے شک یہ عطیہ شفاعت ہے جو اللہ تعالےٰ کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کے بارے میں دے گا یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کہیں گے کہ میں راضی ہو گیا ہوں"

حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں:

رِضٰى جَدِّيْۤ اَنْ لَّا يَدْخُلَ النَّارَ اَحَدٌ

"میرے جدِ امجد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خوشنودی یہ ہے کہ کوئی توحید کا پرستار آگ میں داخل نہ ہو"

مشکوٰۃ شریف میں صحیح مسلم شریف کے حوالہ سے حضرتِ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے:

Marfat.com

إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله تعالى عليه وسلم تلى قول الله تعالى رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَقَالَ عِيسَى إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ أُمَّتِي أُمَّتِي وَبَكَى فَقَالَ اللهُ تَعَالَى يَا جِبْرَئِيلُ إِذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ فَاسْئَلْهُ مَا يُبْكِيهِ فَأَتَاهُ جِبْرَئِيلُ فَسَأَلَهُ فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللهِ صلى الله تعالى عليه وسلم بِمَا قَالَ فَقَالَ اللهُ تَعَالَى لِجِبْرَئِيلَ اذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ فَقُلْ إِنَّا سَنُرْضِيكَ فِي أُمَّتِكَ وَلَا نَسُوءُكَ -

"تحقیق نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی" اے پروردگار! بے شک بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے پس جو میری پیروی کرے گا وہ مجھ سے ہے" (یہ حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے) اور حضرتِ عیسٰی علیہ السلام نے کہا: اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں حضور صلی اللہ تعالٰی نے دستِ مبارک اٹھائے اور کہا اے اللہ! میری امت، میری امت (کو بخش دے) اور رو دیئے اللہ تعالٰی نے حضرتِ جبریل کو فرمایا اے جبریل! محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس جا حالانکہ تیرا رب بہتر جانتا ہے اور پوچھ کہ انہیں کونسی چیز رلاتی ہے حضرتِ جبریل بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے اور رونے کا سبب پوچھا، حضور نے وہ کلمات بتائے (جو دعا میں کہے تھے) اللہ تعالٰی نے جبریلِ امین کو فرمایا میرے حبیب کی خدمت میں جاؤ اور کہو ہم تمہیں تمہاری امت کے بارے میں خوش کر دیں گے اور تمہیں ناخوش نہیں کریں گے۔"

Marfat.com

اس حدیث سے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی اپنی امت پر شفقت و رحمت اور اللہ تعالےٰ کی حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے رحمت و محبت اور رضا جوئی اور امت کے حق میں حضور کی شفاعت کا قبول کرنا یہاں تک کہ آپ راضی ہو جائیں، معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(۴) عَسٰٓى اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

"قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود پر فائز فرمائے۔"

حضرتِ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما راوی ہیں کہ قیامت کے دن لوگ جماعتوں کی صورت میں پھریں گے، ہر امتی اپنے پیغمبر کے پاس جائے گا اور کہے گا، ہماری شفاعت کیجیے حتیٰ کہ آخر میں نبیِ اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں شفاعت کی درخواست کریں گے[۱] پس وہی دن ہے کہ اللہ تعالےٰ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو مقامِ محمود پر فائز فرمائے گا۔

حضرتِ ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں صحابہ کرام نے نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں پوچھا تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ (مقامِ محمود) شفاعت (عامہ) ہے۔

حضرتِ کعب بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"قیامت کے دن لوگ جمع کئے جائیں گے، میں اور میری امت بلندی پر ہوں گے، مجھے میرا رب سبز حلّہ پہنائے گا، پھر میں وہ کچھ عرض کروں گا جو اللہ تعالےٰ چاہے گا، یہی مقامِ محمود ہوگا۔"

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مقامِ محمود عرشِ مجید کی دائیں جانب وہ مقام ہے جہاں میں کھڑا ہونگا

---

[۱] امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں ۔ خلیل و نجی مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں نہ بنی ۔ یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لئے

Marfat.com

وہاں اور کوئی کھڑا نہ ہوگا، اس مقام پر پہلے اور پچھلے رشک کریں گے۔"

ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مقامِ محمود وہ ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کرونگا۔"

حضرتِ حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ راوی ہیں:

يَجْمَعُ اللهُ النَّاسَ فِي صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ حَيْثُ يَسْمَعُهُمُ الدَّاعِيْ وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ حُفَاةً عُرَاةً كَمَا خُلِقُوْا سُكُوْتًا لَا تَتَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔

"اللہ تعالےٰ تمام انسانوں کو ایسی ہموار زمین میں جمع فرمائے گا کہ پکارنے والے کی آواز اور نظران سب تک پہنچے گی، تمام کے پاؤں اور جسم پیدائش کے دن کی طرح برہنہ ہوں گے، سب خاموش ہوں گے اور کوئی اللہ تعالےٰ کی اجازت کے بغیر بات نہیں کر سکے گا۔"

فَيُنَادِيْ مُحَمَّدًا فَيَقُوْلُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ وَالْمُهْتَدِيْ مَنْ هَدَيْتَ وَعَبْدُكَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ لَا مَلْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّ الْبَيْتِ فَذٰلِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ ذَكَرَهُ اللهُ تَعَالٰى۔

"پس اللہ تعالےٰ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو پکارے گا تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم عرض کریں گے، میں تیری اطاعت کے لئے حاضر ہوں اور نیک بختی تیری ہی طرف سے ہے، ہر اچھائی تجھی سے ہے اور برائی تیری طرف منسوب نہیں ہے (یا یہ معنی ہے کہ برائی تیری طرف اوپر نہیں جاتی)

Marfat.com

ہدایت پانے والا وہ ہے جسے تو ہدایت دے اور تیرا بندہ تیری بارگاہ میں اطاعت کے لئے حاضر ہے، حمد تیرے لئے ہے اور تیری طرف رجوع کرنے والی ہے، تیری بارگاہ کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں، تو بابرکت اور بلند ہے، اے ربِ کعبہ! تیرے لئے پاکیزگی ہے، تو یہ مقامِ محمود ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔"

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے:

اِذَا دَخَلَ اَهْلُ النَّارِ النَّارَ وَاَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ فَتَبْقٰى اٰخِرُ زُمْرَةٍ مِّنَ الْجَنَّةِ وَاٰخِرُ زُمْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ زُمْرَةُ النَّارِ لِزُمْرَةِ الْجَنَّةِ مَا نَفَعَكُمْ اِيْمَانُكُمْ فَيَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ وَيَضِجُّوْنَ فَيَسْمَعُهُمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَيَسْئَلُوْنَ اٰدَمَ وَغَيْرَهٗ بَعْدَهٗ فِي الشَّفَاعَةِ لَهُمْ فَكُلٌّ يَعْتَذِرُ حَتّٰى يَاْتُوْا مُحَمَّدًا فَيَشْفَعُ لَهُمْ فَذٰلِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ۔

"جب دوزخی دوزخ میں اور جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے تو ایک آخری گروہ جنت سے رہ جائے گا اور ایک جہنمی گروہ جہنم سے رہ جائے گا، جہنمی گروہ جنتی گروہ کو کہے گا کہ تمہیں تمہارے ایمان نے نفع نہ دیا، یہ جنتی گروہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا اور وہ آہ و زاری کرے گا جسے اہلِ جنت سن لیں گے، یہ لوگ پہلے آدم علیہ السلام سے پھر دوسرے انبیاء علیہم السلام سے عرض کریں گے کہ ہماری شفاعت کیجئے، تمام انبیاءِ کرام عذر کر دیں گے، پھر یہ لوگ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئیں گے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

لہ شفا شریف۔ ج ۱ ص ۱۳۶

Marfat.com

ان کی شفاعت کریں گے،[1] تو یہ ہے مقامِ محمود۔"

حضرتِ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے یزید فقیر کو فرمایا تم نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے مقام کے بارے میں سنا جس پر اللہ تعالےٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فائز فرمائے گا، یزید نے کہا ہاں، حضرتِ جابر نے فرمایا وہ مقامِ محمد ہے جس کا نام مقامِ محمود رکھا گیا ہے۔ اس مقام کی بدولت اللہ تعالےٰ دوزخیوں کو دوزخ سے نجات عطا فرمائیگا، پھر حضرتِ جابر نے وہ حدیث بیان کی جس میں اس امت کے دوزخیوں کو دوزخ سے نکالنے کی شفاعت کا ذکر ہے، اسی طرح حضرتِ انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے، انہوں نے فرمایا یہی مقامِ محمود ہے جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے کیا ہے۔ حضرتِ شیبان فرماتے ہیں مقامِ محمود، قیامت کے دن امت کی شفاعت ہے۔ حضرتِ قتادہ فرماتے ہیں :

كَانَ أَهْلُ الْعِلْمِ يَرَوْنَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ شَفَاعَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

"اہلِ علم، مقامِ محمود، قیامت کے دن کی شفاعت کو قرار دیتے تھے"

اب احادیثِ مبارکہ ملاحظہ ہوں :

۱۔ حدیثِ صحیح ہے :

لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْ بِهَا وَاخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

---

[1] حضرتِ حسن رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

فقط اتنا سبب ہے انعقادِ بزمِ محشر کا
کہ ان کی شانِ محبوبی دکھائی جانے والی ہے

Marfat.com

" ہر نبی کے لئے ایک (یقینی) مقبول دعا ہے جو وہ مانگ سکتے ہیں، میں نے اپنی دعا چھپا رکھی ہے تاکہ قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کروں "

اہلِ علم فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ ہر نبی کے لئے ایک ایسی دعا ہوتی ہے جو ضرور قبول ہوتی ہے اور دعا کرتے ہی اس کا قبول ہونا یقینی ہوتا ہے ورنہ ہر پیغمبر کی بے شمار دعائیں مقبول ہوتی ہیں اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی مقبول دعائیں تو حد و حساب سے باہر ہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی شفاعت اور دعا اپنی امت کے لئے یقیناً مقبول ہوگی۔

۲۔ حضرتِ انس رضی اللہ تعالٰے عنہ فرماتے ہیں :

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم يَقُوْلُ لَاَشْفَعَنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِاَكْثَرَ مِمَّا فِي الْاَرْضِ مِنْ حَجَرٍ وَّ شَجَرٍ۔

" میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے سنا کہ تحقیق میں قیامت کے دن، زمین کے پتھروں اور درختوں سے زیادہ انسانوں کی شفاعت کروں گا "

۳۔ حدیث کی صحیح کتابوں میں ہے :

قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يَجْمَعُ اللّٰهُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَهْتَمُّوْنَ اَوْقَالَ فَيُلْهَمُوْنَ فَيَقُوْلُوْنَ لَوِاسْتَشْفَعْنَا اِلٰى رَبِّنَا۔

" آنحضرت صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰے اولین اور آخرین کو قیامت کے دن جمع فرمائے گا پس تمام غمگین ہو جائیں گے (یا فرمایا (راوی کو شک ہے) انہیں الہام کیا جائیگا کہ شفاعت طلب کرنے کے لئے جائیں

Marfat.com

تو وہ کہیں گے کتنا اچھا ہوتا کہ ہم دربارِ الٰہی میں کسی کو شفیع بناتے"

بعض روایات میں آتا ہے:

مَاجَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ فِي بَعْضٍ

"بعض لوگ بعض سے ٹکرائیں گے"

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے:

فَتَدْنُو الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ مَا لَا يُطِيقُونَ وَلَا يَحْتَمِلُونَ فَيَقُولُونَ الَا تَنْظُرُونَ مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ۔

"آفتاب قریب ہو جائے گا اور لوگوں کو اتنا غم لاحق ہوگا جس کی طاقت نہیں رکھیں گے، اسے برداشت نہیں کر پائیں گے تو آپس میں کہیں گے کیا تم ایسی ہستی کو نہیں ڈھونڈتے جو تمہاری شفاعت کرے:

فَيَأْتُونَ آدَمَ فَيَقُولُونَ اَنْتَ آدَمُ اَبُو الْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُّوحِهٖ وَاَسْكَنَكَ جَنَّتَهٗ وَاَسْجَدَ لَكَ مَلٰٓئِكَتَهٗ وَعَلَّمَكَ اَسْمَآءَ كُلِّ شَيْءٍ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتّٰى يُرِيحَنَا مِنْ مَّكَانِنَا اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيهِ۔

"پس حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں آئیں گے اور عرض کریں گے، آپ ابوالبشر آدم ہیں، اللہ تعالےٰ نے آپ کو اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا اور آپ کے جسدِ مبارک میں اپنی (مخلوق) روح پھونکی، آپ کو اپنی جنت میں جگہ دی، اپنے فرشتوں سے آپ کو سجدہ کرایا اور آپ کو ہر شے کے نام سکھائے، اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجیے

Marfat.com

تاکہ ہمیں اس مشکل جگہ سے نجات عطا فرمائے، کیا آپ اس مشکل کو ملاحظہ نہیں فرماتے جس میں ہم مبتلا ہیں؟

فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّيْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَا يَغْضَبُ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَنَهَانِيْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُ نَفْسِيْ نَفْسِيْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِيْ اِذْهَبُوْا اِلٰى نُوْحٍ۔

"حضرتِ آدم علیہ السلام فرمائیں گے: بے شک آج اللہ تعالٰے کا ایسا غضب ظہور پذیر ہوا ہے کہ اس سے پہلے اس نے ایسا غضب نہیں فرمایا اور نہ ہی آئندہ فرمائے گا، مجھے اللہ تعالٰے نے پودے سے منع فرمایا تھا، مجھ سے لغزش ہوئی جاؤ کسی اور کے پاس، نوح علیہ السلام کے پاس چلے جاؤ"

فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَسَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى مَا بَلَغَنَا اَلَا تَشْفَعُ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ؟

"پھر حضرتِ نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے آپ اہلِ زمین کی طرف بھیجے جانے والے پہلے رسول ہیں، اللہ تعالٰے نے آپ کا نام "عبدِ شکور" (شکر گزار بندہ) رکھا، کیا آپ ہماری مصیبت ملاحظہ نہیں فرماتے؟ کیا آپ ہمیں پہنچنے والی اذیت نہیں دیکھتے؟ کیا آپ اپنے رب سے ہماری شفاعت نہیں کریں گے؟"

فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّيْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ

Marfat.com

قَبْلَہٗ وَلَا یَغْضَبُ بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ نَفْسِیْ نَفْسِیْ۔

" حضرتِ نوح علیہ السلام فرمائیں گے تحقیق میرے رب نے آج ایسا غضب کیا ہے کہ نہ اس سے پہلے ظاہر فرمایا اور نہ آیندہ ظاہر فرمائے گا اور فرمائیں گے نفسی نفسی " (آج تو مجھے اپنا خیال ہے۔)

حضرتِ انس کی روایت میں ہے :

وَیَذْکُرُ خَطِیْئَتَہُ الَّتِیْ اَصَابَ سُؤَالَہٗ رَبَّہٗ بِغَیْرِ عِلْمٍ۔

" حضرتِ نوح علیہ السلام اپنی اس لغزش کا ذکر کریں گے کہ انہوں نے لاعلمی میں اپنے بیٹے کی نجات کا سوال کیا تھا۔"

حضرتِ ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی روایت میں ہے :

وَقَدْ کَانَتْ لِیْ دَعْوَۃٌ دَعَوْتُہَا عَلٰی قَوْمِیْ

" حضرتِ نوح علیہ السلام فرمائیں گے، میرے لئے ایک دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کے لئے کر دی تھی۔"

اِذْھَبُوْا اِلٰی غَیْرِیْ اِذْھَبُوْا اِلٰی اِبْرَاھِیْمَ فَاِنَّہٗ خَلِیْلُ اللّٰہِ۔

" کسی اور کے پاس جاؤ، حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کے پاس چلے جاؤ کہ وہ اللہ کے خلیل ہیں۔

فَیَاْتُوْنَ اِبْرَاھِیْمَ فَیَقُوْلُوْنَ اَنْتَ نَبِیُّ اللّٰہِ وَخَلِیْلُہٗ مِنْ اَھْلِ الْاَرْضِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّکَ اَلَا تَرٰی اِلٰی مَا نَحْنُ فِیْہِ۔

" پھر تمام لوگ حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے کہ آپ اللہ تعالےٰ کے نبی اور اہلِ زمین میں سے اس کے خلیل ہیں،

Marfat.com

اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجیے، کیا آپ ہماری تکلیف ملاحظہ نہیں فرماتے۔"

فَيَقُولُ إِنَّ رَبِّي غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا فَذَكَرَ مِثْلَهُ، وَيَذْكُرُ ثَلٰثَ كَلِمَاتٍ كَذَبَهُنَّ نَفْسِي نَفْسِي وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُوسٰى فَإِنَّهُ كَلِيمُ اللّٰهِ۔

"حضرت ابراہیم علیہ السلام وہی کچھ فرمائیں گے جو حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا تھا اور اپنی وہ تین باتیں ذکر کریں گے جو بظاہر جھوٹ تھیں (در حقیقت جھوٹ نہ تھیں) نفسی نفسی، ہاں تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کلیم ہیں۔"

فَإِنَّهُ عَبْدٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ التَّوْرٰىةَ وَكَلَّمَهُ وَقَرَّبَهُ نَجِيًّا۔

"بے شک وہ عبدِ مکرم ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے توراۃ دی، ان سے کلام کیا اور انہیں حالتِ مناجات میں قرب عطا کیا۔"

قَالَ فَيَأْتُونَ مُوسٰى فَيَقُولُ لَسْتُ لَهَا وَيَذْكُرُ خَطِيْئَتَهُ الَّتِي أَصَابَ وَقَتْلَهُ النَّفْسَ وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِعِيْسٰى فَإِنَّهُ رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ۔

"پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، وہ فرمائیں گے میں شفاعت (کبریٰ) کے لئے نہیں ہوں اور اپنی لغزش اور قبطی کے قتل کرنے کا ذکر کریں گے۔ تم پر لازم ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کہ وہ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں۔"

فَيَأْتُونَ عِيْسٰى فَيَقُولُ لَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ

Marfat.com

بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔

" پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، وہ فرمائیں گے، میں شفاعت (کبریٰ) کے لیے نہیں ہوں، تم پر لازم ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے پاس جاؤ وہ ایسے عبدِ مکرم ہیں کہ اللہ تعالے نے ان کے اگلے اور پچھلے ذنوب معاف فرمادیے ہیں۔"

فَيَاْتُوْنِىْ فَاَقُوْلُ اَنَا لَهَا فَاَنْطَلِقُ فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّىْ فَيُؤْذَنُ لِىْ فَاِذَا رَاَيْتُهٗ وَقَعْتُ سَاجِدًا۔

" پھر میرے پاس آئیں گے تو میں کہوں گا کہ میں خاص شفاعت (کبریٰ) کے لیے ہوں، میں دربارِ الٰہی میں جاؤں گا اور اجازت طلب کرونگا مجھے اجازت دے دی جائے گی، جب میں اللہ تعالے کو دیکھوں گا تو سجدے میں چلا جاؤں گا۔"

ایک روایت میں ہے:

فَاٰتِىْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَاَخِرُّ سَاجِدًا

" میں عرش کے نیچے آؤں گا اور سجدہ ریز ہو جاؤں گا"

ایک روایت میں ہے:

فَاَقُوْمُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَاَحْمَدُهٗ بِمَحَامِدَ لَآ اَقْدِرُ عَلَيْهَا اِلَّآ اَنْ يُّلْهِمَنِيْهَا اللّٰهُ۔

" میں اللہ تعالے کے دربار میں کھڑا ہو جاؤں گا اور اس کی ایسی تعریفیں کروں گا جو اس کے الہام کے بغیر نہیں ہو سکتیں۔"

ایک روایت میں ہے:

Marfat.com

فَيَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيَّ بِمَحَامِدَ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلِيْ۔

"اللہ تعالے مجھ پر ایسی تعریفیں اور اپنی بہترین ثنا منکشف فرمائے گا کہ مجھ سے پہلے کسی پر منکشف نہیں کی۔"

فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ سَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ۔

"حکم دیا جائے گا کہ اے محمد! (صلی اللہ تعالے علیہ وسلم) سر اٹھاؤ، مانگو (جو مانگو گے) دیا جائے گا، شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔"

فَاَرْفَعُ رَاْسِيْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ

"میں سر اٹھاؤں گا اور عرض کروں گا اے رب! میری امت، میری امت!" (بخش دے)

فَيَقُوْلُ اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مَنْ لَاحِسَابَ عَلَيْهِ مِنَ الْبَابِ الْاَيْمَنِ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْاَبْوَابِ۔

"اللہ تعالے فرمائے گا اپنے ان امتیوں کو جنت کے دائیں دروازے سے داخل کرو جن پر حساب نہیں ہے اور وہ دوسرے دروازوں میں باقی لوگوں کے ساتھ شریک ہیں۔"

ایک اور روایت میں ہے:

فَيُقَالُ لِيْ يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ لَكَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ

Marfat.com

أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ ۔

"مجھے کہا جائے گا اے حبیب! اپنا سر اٹھایئے اور کہئے، تمہاری سنی جائے گی، شفاعت کیجئے قبول کی جائے گی اور مانگئے (جو مانگو گے) دیا جائے گا۔ تو میں کہوں گا، اے میرے رب، میری امت، میری امت۔"

فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَمَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ بُرَّةٍ أَوْ شَعِيْرَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجْهُ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ۔

"پس فرمایا جائے گا کہ جایئے اور جس شخص کے دل میں گندم یا جَو کے دانے کے برابر ایمان ہو اسے نکال لایئے چنانچہ میں جا کر انہیں نکال لاؤں گا۔"

ثُمَّ أَرْجِعُ إِلٰى رَبِّيْ فَأَحْمَدُهٗ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ وَذَكَرَ مِثْلَ الْأَوَّلِ وَقَالَ فِيْهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَأَفْعَلُ ۔

"پھر میں اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں جاؤں گا اور اس کی وہی تعریفیں کروں گا جن کا ذکر اس سے پہلے ہو چکا ہے، اور حدیث شریف میں فرمایا (اللہ تعالےٰ فرمائیگا) رائی کے دانہ کی مثل یعنی جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہو اسے آگ سے نکال لایئے تو میں انہیں نکال لاؤں گا۔"

ثُمَّ أَرْجِعُ وَذَكَرَ مِثْلَ مَا تَقَدَّمَ وَقَالَ فِيْهِ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ أَدْنٰى مِنْ مِثْقَالِ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَأَفْعَلُ ۔

"پھر واپس جاؤں گا اور حضور انور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے

Marfat.com

وہی کچھ ذکر فرمایا جو اس سے پہلے گذر چکا، اس دفعہ اللہ تعالےٰ فرمائے گا کہ جس کے دل میں رائی کے دانہ سے بہت ہی کم ایمان ہے اسے بھی آگ سے باہر لے آیئے، میں انہیں بھی نکال لاؤں گا۔"

ثُمَّ اَرْجِعُ وَ ذَكَرَ فِي الْمَرَّةِ الرَّابِعَةِ فَيُقَالُ لِيْ اِرْفَعْ رَاْسَكَ وَ قُلْ تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَ سَلْ تُعْطَهْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ ائْذَنْ لِيْ فِيْ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

"پھر میں واپس جاؤں گا اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے چوتھی مرتبہ کہا جائے گا اپنا سر اٹھایئے اور کہیے، تمہاری سُنی جائے گی، شفاعت کیجیے قبول کی جائے گی اور مانگیے تمہیں دیا جائیگا تو میں کہوں گا اے میرے رب! مجھے کلمہ پڑھنے والوں کے حق میں اجازت عطا فرما! (تاکہ انہیں بھی دوزخ سے نکال لاؤں۔")

قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ اِلَيْكَ وَلٰكِنْ وَ عِزَّتِيْ وَ كِبْرِيَآئِيْ وَ عَظَمَتِيْ وَ جِبْرِيَآئِيْ لَاُخْرِجَنَّ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

"ارشاد ہوگا اے حبیب! یہ تمہارے سپرد نہیں لیکن مجھے اپنی عزت و کبریائی اور عظمت و جبروت (قہر) کی قسم! میں کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کو آگ سے ضرور نکالوں گا۔"

حضرت قتادہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے راوی ہیں:

قَالَ فَلَآ اَدْرِيْ فِي الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ مَا بَقِيَ فِي النَّارِ اِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْاٰنُ اَيْ

Marfat.com

وَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُوْدُ۔

"راوی کہتا ہے میں نہیں جانتا کہ تیسری دفعہ یا چوتھی دفعہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم عرض کریں گے اے میرے پروردگار! آگ میں صرف وہ لوگ رہ گئے ہیں جنہیں قرآنِ پاک نے قید کر دیا ہے یعنی اس پر لازم ہے کہ وہ ہمیشہ کے لئے دوزخ میں رہے۔"

اس حدیث سے، جو کتبِ صحاح میں مختلف طریقوں سے مروی ہے، چند مطالب ثابت ہوتے ہیں:

(۱) تمام اولین و آخرین، میدانِ محشر میں حیران اور پریشان ہو کر سوائے اس کے کوئی راستہ نہیں پائیں گے کہ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں کوئی وسیلہ اور شفیع تلاش کریں اور ان میں سے کوئی بھی پناہ حاصل کرنے اور وسیلہ ڈھونڈنے سے سرتابی نہیں کر سکے گا اور تمام لوگ پہلے حضرتِ آدم علیہ السلام کے پاس، پھر دیگر رسولانِ عظام کے پاس دوڑتے ہوئے جائیں گے لیکن رسولوں کے سرتاج، اولین و آخرین کے سردار اور اللہ تعالےٰ کے محبوب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے سوا کسی کو شفاعت کی اجازت نہیں ملے گی۔

پس گنہگارِ ناہنجار، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے ناامیدوار (مولوی اسمٰعیل دہلوی) جو ازراہِ بیہودہ سرائی اور یاوہ گوئی کہتا ہے اور عقیدہ رکھتا ہے کہ کسی سے التجا اور وسیلہ طلبی کیے بغیر اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے نہ ہونے ہوئے رحمتِ الٰہیہ کا مستحق بن جائے گا، اس کا خیال خام اور سودائے ناتمام ہے۔

(۲) حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اس فرمانِ فیض ترجمان:

فَاَقُوْلُ اَنَا لَهَا فَاَنْطَلِقُ فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ

Marfat.com

(میں کہوں گا کہ میں شفاعت کے لئے ہوں، میں جاؤں گا اور
اپنے رب سے اجازت لوں گا)

سے ظاہر و باہر ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ کے
ارشاد :

سَلْ تُعْطَہْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ

سے پہلے ہی شفاعت کی اجازت تھی اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو شفاعت کی قبولیت کا یقین تھا کیونکہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اجازت اور قبولیتِ شفاعت کے یقین کے بغیر یہ کلمہ (اَنَا لَہَا) کوئی معنیٰ نہیں رکھتا پس شفاعت کی اجازت وہی ہے جو قرآنِ پاک میں ہے :

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اور قبولیتِ شفاعت کا یقین اس بشارت سے حاصل ہے :

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

اور اس لحاظ سے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت وہ دعا مقبول ہے جو آپ نے اپنی امت کے لئے چھپا رکھی تھی (یہ کہا جا سکتا ہے کہ شفاعت آپکو) حاصل تھی۔

(۳) حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بارگاہِ ایزدی میں انتہائی وجاہت اور کامل محبوبیت حاصل ہے کیونکہ اس وقت تمام اولوالعزم رسول اپنی جگہ (خشیتِ الٰہی سے) کانپ رہے ہوں گے اور اپنے معاملے میں حیران ہوں گے ایسے وقت میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اپنی عزت و وجاہت اور محبوبیت و مقبولیت کے سبب شفاعت طلب کرنے والوں کا سوال پورا کرنے کے لئے قدم اٹھائیں گے اور ان کی شفاعت کی ذمہ داری انجام دیں گے۔

Marfat.com

(۴) ایسے لوگوں کے لئے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت نجات کا سبب نہیں بنے گی جو توحید کے اقراری اور رسالت کے منکر ہوں گے اور اللہ تعالیٰ توحید ورسالت کے ماننے والوں کی بخشش حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے وسیلے کے بغیر نہیں فرمائے گا [۱]

(۵) اللہ تعالےٰ کے دربار میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی انتہائی عزت اس حدیث سے مستنبط ہوتی ہے کہ بارگاہِ الٰہی میں قبولیت اور اجابت حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی دعا کا استقبال کرے گی کیونکہ دعا سے پہلے ارشاد ہوگا [۲]:

سَلْ تُعْطَہْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ

(مانگئے، تمہیں دیا جائے گا اور شفاعت کیجئے، قبول کی جائیگی)

(۶) اس حدیث سے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی امت کے حال پر کمال شفقت ورحمت کا پتہ چلتا ہے کیونکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو قیامت کے دن، فکرِ امت کے علاوہ کوئی امر پیشِ نظر نہیں ہوگا چنانچہ دوسرے رسولان گرامی کو اپنی فکر ہوگی، وہ نفسی نفسی کہیں گے اور حضور رحمتِ مجسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو امت کی فکر ہوگی اور آپ امتی امتی کہیں گے۔

(۷) کبیرہ گناہوں کے مرتکب مومن حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے نجات پا جائیں گے کیونکہ وہ یقیناً ذرہ کی مقدار ایمان رکھتے ہیں لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت انہیں بھی شامل ہوگی، رہا معتزلہ کا یہ گمان کہ شفاعت کبیرہ گناہوں

---

[۱] اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں ؎

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے      کل نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

[۲] امام اہلسنت فرماتے ہیں ؎ اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا      بڑھی ناز سے جب دعاءِ محمد (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم)

Marfat.com

کے بخشوانے میں دخل نہیں رکھتی تو یہ اس سراپا رسوائی گروہ کی جہالت اور نادانی ہے۔

۴۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا عَنْهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُوْضَعُ لِلْاَنْبِيَاءِ مَنَابِرُ يَجْلِسُوْنَ عَلَيْهَا وَ يَبْقٰى مِنْبَرِيْ لَا اَجْلِسُ عَلَيْهِ قَائِمًا بَيْنَ يَدَيْ رَبِّيْ مُنْتَصِبًا۔

"حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ انبیاء کرام کے لئے منبر رکھے جائیں گے جن پر وہ بیٹھ جائیں گے، میرا منبر خالی رہے گا، میں اس پر نہیں بیٹھوں گا، میں اللہ تعالٰے کے دربار میں کھڑا رہوں گا۔"

فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى مَا تُرِيْدُ اَنْ اَصْنَعَ بِاُمَّتِكَ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ عَجِّلْ حِسَابَهُمْ فَيُدْعٰى بِهِمْ فَيُحَاسَبُوْنَ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِهٖ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِيْ۔

"اللہ تعالٰے فرمائے گا اے حبیب! تم کیا چاہتے ہو کہ تمہاری امت سے کیسا معاملہ کروں؟ میں عرض کروں گا اے پروردگار! ان کا حساب جلدی فرما، بس انہیں بلایا جائے گا اور ان کا حساب لیا جائے گا، ان میں سے بعض وہ ہوں گے جو اللہ تعالٰے کی رحمت سے جنت میں داخل ہوں گے اور بعض میری شفاعت سے۔"

وَلَا اَزَالُ اَشْفَعُ حَتّٰى اُعْطٰى صِكَاكًا بِرِجَالٍ قَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ حَتّٰى اَنَّ خَازِنَ النَّارِ يَقُوْلُ يَا مُحَمَّدُ مَا تَرَكْتَ لِغَضَبِ رَبِّكَ فِيْ اُمَّتِكَ

Marfat.com

مِنْ نَقْمَتِہٖ۔

"اور میں شفاعت کرتا رہوں گا حتیٰ کہ مجھے ایسے لوگوں کے ناموں کے دفتر دیدیئے جائیں جنکے لیے جہنم کا حکم ہو چکا ہوگا اور مجھے جہنم کا داروغہ کہے گا یا رسول اللہ! آپ نے تو اپنی امت میں خدا کے غضب کی کچھ سزا بھی نہیں رہنے دی۔"

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالےٰ، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی وجاہت ومحبت کے سبب آپ کی امت کے ساتھ آپ کی رضا کے موافق معاملہ فرمائے گا، آپ کی درخواست کے مطابق ان کے حساب وکتاب میں جلدی فرمائے گا، جو لوگ بے گناہ ہوں گے یا جن کی نیکیاں زیادہ ہوں گی وہ اللہ تعالےٰ کی رحمت کے سبب جنت میں چلے جائیں گے، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت ان کے لئے عذاب سے نجات دینے میں نہ ہوگی بلکہ حساب کی جلدی میں ہوگی اور جو گنہگار ہوں گے اور اپنے برے اعمال کے سبب گرفتار ہوں گے، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور آپ کی شفاعت ان کی نجات کا سبب ہوگی یہانتک کہ جن کے جہنم میں جانے کا حکم ہو چکا ہوگا، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے فیض سے رہائی پا جائیں گے اور دوزخ کا داروغہ آپ سے عرض کرے گا کہ آپ نے اپنا کوئی امتی اللہ تعالےٰ کے غضب کے لیے نہیں چھوڑا۔

۵۔ مَا رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَآئِرِ مِنْ اُمَّتِیْ۔

"میری شفاعت میرے ان امتیوں کے لئے ہوگی جو کبائر کے مرتکب ہوں گے۔"

۶۔ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اَتَانِیْ

Marfat.com

اٰتٍ مِّنْ عِنْدِ رَبِّیْ فَخَیَّرَنِیْ بَیْنَ اَنْ یَّدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِیَ الْجَنَّۃَ وَبَیْنَ الشَّفَاعَۃِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَۃَ وَھِیَ لِمَنْ مَّاتَ لَا یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا۔

"میرے رب کی طرف سے آنے والا میرے پاس آیا اور اس نے مجھے اختیار دیا کہ میری نصف امت جنت میں چلی جائے، اور شفاعت میں، پس میں نے شفاعت اختیار کی اور وہ شفاعت اس شخص کے لئے ہو گی جو اس حال میں مرا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا تھا"

مختصر یہ کہ اس سلسلے میں بے شمار آیات و احادیث وارد ہیں اور جتنی ہم نے ذکر کر دیں وہی کافی ہیں۔

## تقویۃ الایمان کی عبارت پر گفتگو

اب جبکہ عام شفاعت کی حقیقت معلوم ہو گئی اور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاص شفاعت کا حال واضح ہو گیا، قائل کے بے فائدہ کلام میں غور کرنا چاہیئے جس کے سچ یا جھوٹ ہونے کے بارے میں مستفتی نے سوال کیا ہے۔ جاننا چاہیئے کہ وہ کلام اول سے آخر تک ناقص اوہام کا مجموعہ ہے بلکہ پختہ سودا اور خیالِ خام ہے۔

چند دلائل ملاحظہ ہوں :

(۱) اس قائل نے امیدوار ہونے کو بھول قرار دیا ہے۔ ہم بے طاعت گنہگاروں، شفاعت کے امیدواروں کو غلط فہمی (اور جہالت) سے منسوب کر کے خود غلطی میں واقع ہوا ہے اور دوسروں کو غلطی میں ڈالنے کی کوشش کی ہے کیونکہ ثابت ہو چکا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت اہلِ کبائر کے لئے یقینی ہے لہٰذا امیدواروں کو غلط سمجھنے اور بھولنے والا کہنا بہت بڑی خود فراموشی غلط فہمی

Marfat.com

اور بد دینی ہے، خدا کرے جو شفاعت سے ناامید ہو ناامید رہے۔

(۲) اس قائل نے سفارش کی تین قسمیں بیان کی ہیں، ان تینوں قسموں میں سفارش کا معنی درست نہیں ہے کیونکہ پہلی اور دوسری صورت میں حکم چلانا اور فرمان جاری کرنا پایا جاتا ہے (سفارش نہیں ہے) تیسری صورت میں بادشاہ نے مجرم پر خود رحم کھایا ہے وہ اپنے آئین کا لحاظ رکھتے ہوئے خود رحم کا اظہار نہیں کر سکتا، مجبوراً یہ بہانہ تراشا کہ کسی کو اس کا سفارشی ظاہر کر کے معافی کا اعلان کرتا ہے، یہ سب مکر و فریب ہے،

اور یہ قائل یا تو جاہل ہے جو اپنے آپ کو عالم ظاہر کرنا چاہتا ہے، اسے سفارش کا معنی ہی معلوم نہیں، یا عالم ہے جو جہالت کا مظاہرہ کر رہا ہے کہ سفارش کا معنی الٹ دکھاتا ہے۔

(۳) اس شخص نے پہلی قسم کا نام شفاعتِ وجاہت رکھا ہے، ظاہر ہے کہ اس نے وجاہت کا معنی نہیں سمجھا یا سفارش کا معنی نہیں جانا کیونکہ صورتِ مذکورہ میں جرم اس لئے معاف کیا گیا ہے کہ شفاعت قبول نہ کرنے کی صورت میں ضرر کا خوف ہے اور یہ معنی نہ لفظِ شفاعت سے سمجھا جاتا ہے نہ وجاہت سے، نہ معلوم یہ معنی اس تحریر کے لکھنے والے کے دل میں کہاں سے آگیا اور لفظ مذکور (شفاعتِ وجاہت) لحاظ اور پاسداری کے معنی سے نکل کر خود ساختہ معنی (سینہ زوری) میں کس طرح استعمال ہوا اور عقائد کے مذکورہ رسالہ (تقویۃ الایمان) میں کس طرح مذکور ہوا اور چند بازاری قسم کے لوگوں میں کیسے مشہور ہوا۔

۱ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں انبیاء و مرسلین کی تعریف وجاہت سے فرمائی ہے۔ حضرتِ موسیٰ علیہ السلام کے حق میں فرمایا:

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا

Marfat.com

اور حضرت عیسٰے علیہ السلام کے حق میں فرمایا :

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ

مفسرین نے آخرت میں وجاہت کی تفسیر شفاعت سے کی ہے، اس سے قائل مذکور کی تفسیر قرآن سے واقفیت معلوم کی جاسکتی ہے۔

**سوال** اس قائل نے اصطلاح بنائی ہے کہ پہلی صورت کو شفاعت باوجاہت کہا جائے گا، اصطلاح پر کوئی پابندی نہیں ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کہنا کہ پہلی صورت اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں پائی جاسکتی ہے شرک اور جہالت ہے۔

**جواب** جو الفاظ قرآن وحدیث میں استعمال ہوئے ہیں، ان میں اصطلاح بنانا اور انہیں معانی فاسدہ کے مقابل مقرر کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ ایسی اصطلاح کا اختیار کرنا لوگوں کو گمراہی اور جہالت میں ڈالنے کے مترادف ہے مثلاً کوئی شخص کہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم رسول نہیں ہیں اور یہ بات ایسی کتاب میں لکھ دے جو عوام الناس کو عقائد سکھانے کے لئے لکھی ہے، جب کوئی اس پر مواخذہ کرے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے نبوت ورسالت کی نفی کفر اور نصوص کا انکار ہے، تو کہہ دے کہ نبوت ورسالت کا معنی غلبہ اور تسلط ہے اور بلاشبہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے اللہ تعالےٰ کی ذات پر غلبہ اور تسلط ثابت کرنا شرک اور کفر ہے، کیا ایسے بے دین کو ایسی اصطلاح میں معذور قرار دیا جائے گا اور عذر میں یہ کہا جاسکے گا کہ اصطلاح پر کوئی پابندی نہیں ہے؟ ہرگز نہیں، وہ شخص محض اس اصطلاح کے بنانے سے کافر ہو جائے گا۔

اسی طرح اگر کوئی شخص کہتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم یا حضرت موسیٰ اور حضرت عیسٰے علیہما السلام اللہ تعالےٰ کے نزدیک وجیہ نہیں ہیں اور جب اس پر کوئی شخص گرفت کرے کہ ان حضرات سے وجاہت کی نفی کفر صریح

Marfat.com

ہے تو کہتا ہے کہ میں نے اصطلاح بنائی ہے کہ وجاہت میں تسلط اور ضرر پہنچا سکنے کی قدرت معتبر ہے اور یہ معنی ان انبیاء کرام سے اللہ تعالےٰ کی نسبت سے یقیناً منتفی ہے وہ بے دین محض اس اصطلاح کے قائم کرنے سے دائرۂ ایمان سے یقینی طور پر خارج ہو جائے گا اور یہ کہنا کہ اصطلاح پہ کوئی پابندی نہیں، اس کے لئے وجہِ معذرت نہیں بن سکتا۔

بایں ہمہ یہ قائل اپنی اصطلاح کا دعویٰ نہیں کرتا بلکہ کہتا ہے کہ اس صورت کو شفاعتِ وجاہت کہتے ہیں لہٰذا وہ شفاعتِ مذکورہ کے علاوہ جھوٹ اور افترار میں بھی مبتلا ہوا ہے، ہم گمراہی اور گمراہ گری سے اللہ تعالےٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔

۴۔ قائل مذکور کا یہ قول :

اوس شہنشاہ کی یہ شان ہے (الیٰ آخرہ)

ماقبل سے تعلق نہیں رکھتا کیونکہ اس کلام کا معنی جیسے کہ مقام ثانی میں مذکور ہوگا یہ ہے ہزار ہا انبیاء، اولیاء، جنوں، فرشتوں اور حضرت جبریل امین اور حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ہزار ہا مثالوں کے ساتھ ایجاد کا تعلق صحیح ہے، کارخانہائے ملکِ الٰہی میں کسی کے دخل کے نہ ہونے سے اس معنی کا کوئی واضح تعلق نہیں ہے مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ ایک بادشاہ کے کارخانۂ حکومت میں کسی امیر یا وزیر کو دخل اور بڑا تسلط ہے اور وہ جو کچھ کہتا ہے بادشاہ کو رونق اور سلطنت کی حفاظت کیلئے ماننا پڑتا ہے، اس کلام کی نفی میں نہیں کہا جا سکتا کہ بادشاہ اگر چاہے تو دوسروں کو اس امیر کے مرتبے تک پہنچا دے اور رعایا کو اس عالی مرتبت امیر کے برابر کر دے کیونکہ اس سے کارخانۂ حکومت میں اس امیر کی مداخلت کی نفی نہیں ہوتی بلکہ کہنا یوں چاہیے تھا کہ کسی کو اللہ تعالےٰ کے کارخانۂ قدرت میں کسی قسم کی مداخلت حاصل نہیں ہے،

Marfat.com

حتیٰ ۔ اس کی رنجیدگی اور ناخوشی سے کارخانۂ الٰہی میں بے رونقی کا امکان ہوتا خواہ وہ شخص ممکن الوجود ہو یا ناممکن اور خواہ اس شخص کی بہت سی مثالیں ہوں یا وہ بے نظیر ہو، پس یہ کلام فی نفسہٖ باطل ہونے کے باوجود (جیسا کہ مقامِ ثانی میں آئے گا) ماقبل سے بھی بے تعلق ہے اور اگر تکلف سے تعلق دکھایا بھی جائے تو اس کلام میں قباحت اور بڑھ جائے گی جیسا کہ عنقریب مقامِ ثالث میں آئے گا۔

۵۔ اس کا یہ قول

اور سب لوگ اگلے اور پچھلے (الیٰ آخرہ)

ماقبل سے متعلق نہیں ہے، مقام کے مناسب یہ تھا کہ کہتا ہر شخص کو رونق اور عزت اللہ تعالیٰ نے ہی دی ہے، اس کے کارخانۂ قدرت کو کوئی شخص کیسے رونق دے سکتا ہے"

اس کا یہ فقرہ :

"اور جو سب لوگ پہلے اور پچھلے اور آدمی اور جن بھی سب مل کر جبریل اور پیغمبر ہی سے ہو جائیں تو اس مالک الملک کی سلطنت میں ان کے سبب کچھ رونق بڑھ نہ جائے گی اور جو سب شیطان اور دجال ہی سے ہو جائیں تو اس کی کچھ رونق گھٹنے کی نہیں (تقویۃ الایمان)

بلا تکلف کلام کے سیاق و سباق کے مطابق نہیں، ہاں اس عبارت کے ہر فقرہ سے ایک غرض قائل کے دل میں پوشیدہ ہے جسے مقامِ ثالث میں واضح کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ،

۶۔ اس نے دوسری قسم کو شفاعتِ محبت کہا ہے، کہتا ہے اس کو شفاعتِ محبت کہتے ہیں، یہ معنی اور یہ تفسیر بھی اس کی خود ساختہ ہے کیونکہ اس سے پہلے گزر چکا کہ مستشفع الیہ (جس سے سفارش کی گئی) کی شفیع سے محبت، قبولیتِ شفاعت کا سبب ہے، شفاعت کا قبول کرنا آثارِ محبت سے ہے اور محبوب کی رضا خواہی اس صفت (محبت) کا مقتضا ہے، مجبوری، اضطرار اور دل آزاری کا اندیشہ، شفاعتِ

Marfat.com

محبت میں داخل نہیں ہے اور جب مجبوری اور اضطرار تک معاملہ پہنچ جائے تو شفاعت کا معنی باطل ہو جائے گا اور اس جگہ حکمرانی اور فرمان جاری کرنے کا معنی درست ہوگا، اللہ تعالیٰ کے ارشاد :

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

کی تفسیر اور اس کے علاوہ گزر چکا کہ اللہ تعالیٰ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے سبب آپ کی رضا کا طالب ہے اور بلا شبہ محبت کی شان محبوب کی رضا جوئی ہے اور کوئی محبوب اس پر راضی نہیں ہوگا کہ اس کی شفاعت اس کے محب کی بارگاہ میں مردود ہو اور اس کا وسیلہ پکڑنے والا محب کے دربار سے ناکام لوٹا دیا جائے۔

۷۔ یہ قائل جو بارگاہِ الٰہی میں حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور انبیاء و اولیاء کی شفاعتِ محبت کی نفی کرتا ہے، دو حال سے خالی نہیں، یا تو اس کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور انبیاء و اولیاء سے محبت ہی نہیں، شفاعتِ محبت کیسے متحقق ہوگی، یہ کفر صریح ہے اور نصوصِ قطعیہ و احادیث صحیحہ کا انکار ہے، یا محبت کو قبولِ شفاعت کا سبب نہیں مانتا، یہ عقیدہ بھی نصوصِ صریحہ اور احادیثِ صحیحہ کے انکار تک لے جائیگا جیسا کہ

وَالضُّحٰى وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى

اور دوسری آیات کی تفسیر اور احادیث میں مذکور ہوا، اور اگر کہے کہ اصطلاح بنائی گئی ہے کہ اضطرار، مجبوری اور اندیشۂ دل آزاری، شفاعتِ محبت کے مفہوم میں ماخوذ ہے تو اس کا جواب تیسری وجہ میں گزر گیا ہے۔

۸۔ اس کا قول :

"مالک اپنے بندوں کو" (الی آخرہ)

Marfat.com

گزشتہ کلام سے موافقت اور مناسبت نہیں رکھتا کیونکہ اس کا حاصل یہ ہے کہ تمام مقرب فرشتے اور انسان اس کے بندے ہیں اور راہِ بندگی سے باہر ایک قدم بھی نہیں چل سکتے، اس سے لازم نہیں آتا کہ کوئی فرشتہ اور کوئی نبی اللہ تعالے کے دربار میں محبوب نہ ہو اور کسی کی شفاعت محبوبیت کے سبب مقبول و منظور نہ ہو، البتہ اس عبارت میں قائل کی ایک غرض پوشیدہ ہے جس پر مقامِ ثانی میں تنبیہ کی جائیگی۔

۹۔ اس قائل نے تیسری صورت کا نام شفاعت بالاذن رکھا ہے حالانکہ جیسا پہلے معلوم ہو چکا ہے شفاعت بالاذن کا معنی یہ ہے کہ جس کے لئے شفاعت کی گئی ہے شفاعت کرنے والے کو مستشفع الیہ کے سامنے اس کی شفاعت پیش کرنے کی اجازت ہو، اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ مستشفع الیہ کو شفاعت سے پہلے اس مجرم پر رحم آیا ہو لیکن وہ اپنے قانون کی حفاظت کے پیشِ نظر اس مجرم کا گناہ معاف نہ کر سکتا ہو، اگر اسے شفاعت سے پہلے رحم آیا ہو تو شفاعت رحم اور معافی کا سبب نہیں ہو گی بلکہ اس صورت میں شفاعت لغو اور بیکار ہو گی اور اگر شفاعت فائدہ مند ہے تو مستشفع الیہ کے لئے ہو گی نہ کہ اس شخص کے لئے جس کے لئے شفاعت کی گئی ہے کیونکہ صورتِ مذکورہ میں مستشفع الیہ کو شفاعت کے ذریعے اپنے قانون کی حفاظت کا موقع ملا ہے اور نہ مجرم پر رحم کھانے کا بہانہ سامنے لا سکا ہے ورنہ اس بیچارے کو اپنے قانون کی حفاظت کرتے ہوئے مجرم کو معاف کرنے کی کوئی صورت نہ ملتی، رہا مجرم جس کے لئے شفاعت کی گئی ہے اسے تو بخشنے والے کا رحم اور اپنے جرم کی سزا سے نجات درکار ہے اور وہ شفاعت سے پہلے ہی حاصل ہے لہٰذا شفیع کا اس کے حال پر کونسا احسان ہے اور شفاعت کو اس کی نجات میں کیا دخل؟

Marfat.com

قائلِ مذکور اس جگہ انصاف کرتے ہوئے خود کہہ گیا ہے کہ اس صورت میں درحقیقت شفاعت متحقق نہیں ہے بلکہ بادشاہ لوگوں کے دلوں میں بظاہر اس امیر کی عزت افزائی بٹھلانے کے لئے اس امیر کی نام نہاد شفاعت کی بنا پر مجرم کا جرم معاف کر دیتا ہے، دراصل یہ شفاعت ہے ہی نہیں کیونکہ اسے مجرم کے حق میں رحم کھانے اور بخش دینے میں کوئی دخل ہی نہیں ہے۔

مثلاً اگر کوئی خدمتگار نافرمانی کا مرتکب ہو کر گرفتار ہو جاتا ہے اور مخدوم بظاہر بیزار ہے اور دلی طور پر اس بدکردار کو معاف کرنے کے بہانے کا متلاشی ہے اس بنا پر کسی شخص کو کہہ دیتا ہے کہ مجھ سے فلاں خدمتگار کے جرم کی معافی کا مطالبہ کرو اور اس کے رویے سے درگزر کا مجھ سے تقاضا کرو کیونکہ میں اسے معاف کرنا چاہتا ہوں مگر اس خیال سے کہ دوسرے خدمتگاروں کی نظر میں نافرمانی معمولی دکھائی نہ دے اور ان کے دل میں میرے فرمان کی تعظیم و تکریم کم نہ ہو جائے، میں بغیر کسی بہانے کے اسے برملا معاف نہیں کر سکتا اور اپنی بخشش کا اظہار نہیں کر سکتا، وہ شخص مخدوم کی مرضی پا کر خدمتگار کی معافی اور مغفرت کی درخواست پیش کر دیتا ہے اور مخدوم جو بہانے کی تلاش میں تھا اس کی درخواست کو غنیمت جانتے ہوئے اس خدمت گار کو معاف کر دیتا ہے تو نہیں کہا جا سکتا کہ یہ واقعی شفاعت ہے کیونکہ مخدوم نے جو خادم پر رحم کیا اور اسے معاف کر دیا اس میں شفاعت کا کوئی دخل نہیں ہے، اگر اس شفاعت نے فائدہ دیا ہے تو مخدوم کو دیا ہے کہ اس شفاعت کے طفیل اسے معاف کرنے کا بہانہ مل گیا، اس شفاعت نے خادم کو کوئی فائدہ نہیں دیا کیونکہ اس کی نجات کا سبب مخدوم کا وہ رحم ہے جو شفاعت سے پہلے ہی موجود تھا، ایسا شفیع، خادم پر اس وقت تک ہی احسان جتلا سکتا ہے جب تک

Marfat.com

حقیقتِ حال اس پر منکشف نہ ہو اور اگر خادم کو حقیقت کا پتہ چل جائے تو وہ کہہ سکتا ہے کہ تم مجھ پر کیا احسان جتلا رہے ہو؟ تم نے کیا کیا: میرے آقا کو خود مجھ پر رحم آیا اور اس نے معاف کر دیا، اسی طرح لوگوں کے دلوں میں مخدوم کے دربار میں اس شفیع کی عزت افزائی کا احساس اس وقت تک رہے گا جب تک وہ یہ سمجھتے رہیں گے کہ مخدوم نے اس کی شفاعت کے سبب فلاں خادم کو معاف کر دیا ہے اور اگر انہیں پتہ چل جائے کہ مخدوم نے از خود معاف کیا ہے، شفاعت صرف بہانہ تھی تو شفاعت کرنے والے کی عزت ان کے دلوں میں کیا بڑھے گی؟ پس ظاہر ہو گیا کہ صورتِ مذکورہ بظاہر شفاعت ہے درحقیقت شفاعت نہیں ہے، یہ مطلب بھی اس قائل کا خود ساختہ ہے۔

دراصل شفاعت بالاذن، شفاعتِ محبت کے مقابل نہیں ہے بلکہ دونوں (شفاعتِ محبت اور شفاعتِ وجاہت) شفاعت بالاذن کی قسمیں ہیں کیونکہ کوئی مقرب، مالک کے سامنے کسی کے گناہوں کے بخشنے یا مراتب کے بلند کرنے کے لیے اس طرح شفاعت کرتا ہے کہ اس مقرب کو مالک کی بارگاہ میں ایسے شخص کے بارے میں بات کہنے کی اجازت حاصل ہے جیسے کہ حضرات انبیاء و اولیاء کو قیامت کے دن، اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں ایمانداروں کے بارے میں درخواست پیش کرنے کی اجازت ہو گی اگرچہ وہ ایماندار کبائر کے مرتکب ہی کیوں نہ ہوں جیسے کہ اس سے پہلے آیات و احادیث سے ثابت و واضح ہو چکا ہے۔

اس (شفاعت بالاذن) کی دو قسمیں ہیں:

(۱) وہ شفاعت جس کی قبولیت کا سبب شفیع کی وجاہت ہے۔

(۲) وہ شفاعت جس کی قبولیت کا سبب شفیع کی محبت ہے۔

Marfat.com

یہ مسئلہ (شفاعت کی دونوں قسموں کا مقبول ہونا) اس سے پہلے کتاب و سنت سے ثابت ہو چکا ہے۔

۱۰۔ قائلِ مذکور کا یہ قول

"مگر وہ ہمیشہ کا چور نہیں اور چوری کرنا اس نے کچھ اپنا پیشہ نہیں ٹھیرایا" (الیٰ آخرہ)

اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ اگر گنہگار ایک سے زیادہ مرتبہ جرم نہیں کرتا اور اپنے کئے پر پشیمان ہے تو اس کے حق میں شفاعت بالاذن ہو سکتی ہے حالانکہ اگر اس نے متعدد بار جرم کیا ہے اور اپنے جرم پر پشیمان اور شرمندہ نہیں ہے چوری اس کا پیشہ ہے اور یہ جرم ہمیشہ کرتا ہے تو بھی آیات واحادیث کی رُو سے اس کے لئے شفاعت ہو سکتی ہے کیونکہ بار بار گناہ کرنے سے شرک اور کفر لازم نہیں آتا حتیٰ کہ وہ شفاعت سے محروم ہو جائے، گناہِ کبیرہ کا مرتکب ایماندار اگرچہ اس نے توبہ نہ کی ہو اور وہ نادم اور پشیمان نہ ہوا ہو، شفاعت کا مستحق ہے، نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ

"میری شفاعت، میرے ان امتیوں کے لئے ہو گی جو کبائر کے مرتکب ہوں گے۔"

نیز فرمایا:

اَتَرَوْنَهَا لِلْمُتَّقِیْنَ وَلٰکِنَّهَا لِلْمُذْنِبِیْنَ الْخَطَّائِیْنَ۔

"کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ میری شفاعت پرہیزگاروں کے لیے (ہی) ہو گی (نہیں بلکہ) تحقیق میری شفاعت گنہگاروں اور بہت بڑے گنہگاروں

Marfat.com

کے لئے ہوگی "

اور اگر گنہگار اپنے کئے پر پشیمان اور شرمندہ ہے اور اس نے دوبارہ گناہ نہیں کیا تو وہ خود تائب ہے کیونکہ توبہ کا معنی، گناہ پر نادم ہونا ہے بعض علماء نے فرمایا کہ اس کے ساتھ یہ عزم بھی ہو کہ یہ گناہ دوبارہ نہیں کرونگا اور بعض علماء کے نزدیک یہ شرط نہیں ہے، گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں، پس وہ گنہگار (جس نے توبہ کر لی ہے) نجات یافتہ ہے، اسے شفاعت سے کیا تعلق اور اسے شفاعت کی کیا ضرورت؟

۱۱۔ اس کا یہ قول :

" اور بادشاہ سے بھاگ کر کسی امیر اور وزیر کی پناہ نہیں ڈھونڈتا"

جہلاء کو فریب دینے والی کیسی عجیب بات ہے، یہ قائل ایسے فریب انداز بیان سے توسل اور طلبِ شفاعت (جو تمام اہلِ ایمان کے نزدیک نصِ صریح سے ثابت ہے) کی نفی کرنا چاہتا ہے، اس مکروفریب کی وضاحت سنئے! اگر اس قائل کا یہ مقصود ہے کہ مجرم کسی امیر وزیر کی پناہ اس لئے نہیں ڈھونڈتا کہ اس امیر و وزیر کو بادشاہ کا مقابل اور ہمسر سمجھتا ہے اور اعتقاد رکھتا ہے کہ اگر بادشاہ مجھے قطعی طور پر سزا دینا چاہتا ہے تو کوئی امیر اور وزیر اس کی مزاحمت اور مدافعت کر سکتا ہے تو اس معنی کے اعتبار سے پناہ لینے کی نفی درست ہے لیکن اس سے قائل کا یہ مقصد ثابت نہیں ہوتا کہ وسیلہ اور شفاعت طلب کرنے کی نفی ہو جائے،

اور اس کا یہ قول :

" اور رات دن اسی کا منہ دیکھ رہا ہے کہ دیکھئے میرے حق میں کیا حکم فرماوے "

Marfat.com

درست نہیں رہتا کیونکہ اس قول کا مطلب وسیلہ اور شفاعت طلب کرنے کی نفی ہے، اس کا یہ کہنا کہ:

"کسی کی پناہ نہیں ڈھونڈتا"

باطل اور نص کے مخالف ہے کیونکہ اس سے پہلے احادیثِ شفاعت میں بیان ہو چکا ہے کہ مومن بلکہ تمام اولین اور آخرین، میدانِ محشر میں حیران و پریشان ہو کر شفاعت کرنے والے اور وسیلہ کو تلاش کریں گے، پہلے حضرتِ آدم علیہ السلام کے پاس پھر دیگر رسولانِ عظام کے پاس مخلوق کے لئے شفاعت طلب کرنے اور گناہوں کی مغفرت چاہنے جائیں گے، آخر میں حضور سید الابرار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی پناہ لیں گے اور التجا کریں گے، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان کی شفاعت کا ذمہ لیں گے، اس قائل کے دل میں ایک اور غرض پوشیدہ ہے اور اس کلام میں اس کی طرف اشارہ ہے اور وہ یہ ہے کہ جو لوگ توسل اور شفاعت طلب کرنے کے قائل ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ شفاعت کرنے والوں اور وسیلوں کا دخشش میں دخل ہے وہ شفاعت کے مستحق نہیں ہیں، پس جاہلوں کو فریب دینے والے ایسے کلمات سے بازاری قسم کے عوام کو اپنے جال میں لانا چاہتا ہے اور گمراہ کرتا ہے اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم الصلوات والسلام اور اولیاء کی شفاعت اور وسیلے کی نفی کو عوام کی نظروں میں خوبصورت بنا کر پیش کرنا چاہتا ہے۔

۱۲۔ اس کا یہ قول،

مگر آئین بادشاہت کا خیال کر کر (الیٰ آخرہ)

ایسے مقام میں کتنی سخت بات کہہ گیا ہے، اللہ تعالےٰ پاک ہے اس کی شان اس سے بلند و برتر ہے کہ وہ مجرم پر رحم فرمانے کے باوجود قانون کا پاس

Marfat.com

کرتے ہوئے اسے معاف نہ کر سکے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ
لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ ۔

"اللہ تعالیٰ پاک ہے اس سے، جو یہ بیان کرتے ہیں، وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے باز پرس نہیں ہو سکتی (البتہ) ان سے پوچھا جائیگا"

آیاتِ مبارکہ اور احادیثِ طیبہ اس عقیدہ کی تلقین کرتی ہیں کہ:

اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا

"اللہ تعالیٰ تمام گناہ بخش دے گا"

اور اس کی بخشش بے پایاں کو بیان کرتی ہیں، دیکھنا چاہیئے کہ یہ علامۂ زماں کس بے باکی سے اندھوں کی طرح چلتا ہے، نہ خود غور کرتا ہے نہ اس کے معتقدین اس انداز سے آگاہ ہوتے ہیں۔

۱۳۔ اس کا یہ کہنا

"اوس امیر نے اوس چور کی (الیٰ آخرہ)

ایسا کلام ہے جو جاہلوں کو فریب دینے کے لئے بنا سنوار کر پیش کیا گیا ہے بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ ایک بلند مرتبہ امیر، بادشاہ کے دربار میں عزت و منزلت رکھتا ہے۔ اس کی عزت، محبوبیت اور بلندیٔ مرتبت کے سبب اسے دربارِ شاہی میں بخشش طلب کرنے کے لئے گفتگو کی اجازت ہوتی ہے، اس کی بات کا وزن ہوتا ہے اور اس کی درخواست مقبول ہوتی ہے، وہ ازراہِ ترحم یا اس لئے کہ مجرم نے اسے وسیلہ بنایا ہے یا اسکی بے کسی اور بے چارگی پر نظر کرتے ہوئے ایسے مجرم کی شفاعت کرتا ہے کہ بادشاہ نے اس کی سزا کا حتمی فیصلہ نہیں کیا، اس امیر کی شفاعت مقبول و منظور ہوتی ہے، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ امیر

Marfat.com

مجرموں کا حمایتی ہے اور بادشاہ کے فرمان سے سرکش ہے، اس کی مزاحمت کرتا ہے اور اس کا مدِ مقابل ہے اور یہ بھی لازم نہیں آتا کہ وہ عالی قدر امیر اس گنہگار کی سفارش کی بنا پر بدکردار چوروں کا ساتھی قرار دیا جائے۔

ہاں اگر ایسا ہو کہ کوئی شخص چوری کو جرم نہ سمجھے، چور کو مجرم نہ جانے، چور کی رہائی کے لئے شور و شر برپا کرے اور بادشاہ کی نافرمانی کی ٹھان لے، وہ خود مجرم، گنہگار اور بدکردار چوروں کا شریکِ کار ہے، اسے شفیع نہیں کہا جا سکتا، سوائے اس قائل کی اصطلاح کے جو عقائدِ دین کے باب میں نئی اصطلاحیں اختراع کرتا ہے اور ایسی اختراع پر ہزار آفرین کا منتظر ہے۔

۱۴۔ اس کا یہ کہنا :

"سو اللہ کی جناب میں اس قسم کی شفاعت ہو سکتی ہے" (الیٰ آخرہ)

یقیناً باطل ہے اور اصول یعنی قرآنِ پاک، احادیثِ سید المرسلین، اجماعِ امت اور عقلِ سلیم کے خلاف ہے۔

قرآنِ پاک کی آیات :

(۱) يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ۔

اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ شفاعت اس شخص کے لئے فائدہ مند ہو گی جس کے لئے اللہ تعالےٰ شفاعت کی اجازت دے گا اور جس کی گفتگو یعنی کلمۂ شہادت پسند فرمائی ہے، اس قائل کے قول و اعتقاد سے ثابت ہوتا ہے کہ شفاعت کو کسی کی نجات میں دخل نہیں ہے بلکہ اس کے نزدیک شفاعت، اللہ تعالےٰ کے رحم فرمانے کے بعد ہو گی اور اللہ تعالےٰ شفاعت کے دخل کے بغیر محض اپنی رحمت سے تمام گناہ بخش دیتا ہے، پس اس قائل کی دانست میں شفاعت بے فائدہ اور بے کار ہے اور کسی کی

Marfat.com

شفاعت بھی فائدہ مند اور نافع نہیں ہے، شفاعت صرف اس صورت میں متصور ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کے رحم فرمانے اور بخش دینے کے بعد ہو۔

(۲) وَلَا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ عِندَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ

اس آیت سے بھی قائل مذکور کی مرضی کے خلاف، اس شخص کی شفاعت ثابت ہوتی ہے جسے بارگاہِ الٰہی میں عرضِ مدعا کا مقام حاصل ہے اور اس شخص کے حق میں کہ اس کی مغفرت طلب کرنے سے ممانعت وارد نہیں ہے،

(۳) وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوا أَنفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا۔

اللہ تعالیٰ نے توبہ قبول کرنے اور رحم فرمانے کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بخشش طلب کرنے پر مرتب اور معلق فرمایا ہے اور اگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بخشش طلب کرنا اور شفاعت کرنا، اللہ تعالیٰ کے رحم فرمانے کے سبب نہ ہوتا تو اس تعلیق کا کوئی مطلب نہ ہوتا، ایسی بات سے خدا کی پناہ!

(۴) سَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ

حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

إِنَّمَا وَقَعَتْ سَلَامَتُهُمْ مِنْ أَجْلِ كَرَامَةِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

" ان کی سلامتی صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت و کرامت کے سبب واقع ہوئی کہ آپ تمام جہان والوں کے لئے رحمت ہیں "

## احادیثِ مبارکہ

(۱) فَيَقُولُ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَىٰ مَا تُرِيدُ أَنْ أَصْنَعَ بِأُمَّتِكَ؟

Marfat.com

اس حدیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا چاہتے ہوئے فرمائے گا تم کیا چاہتے ہو کہ تمہاری امت سے (وہ معاملہ کروں) پس جو کچھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت میں عرض کریں گے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت گنہگاروں کی نجات اور قیدیوں کی رہائی کا سبب ہوگی۔

(۲) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ
وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِيْ۔

یہ حدیث نص صریح ہے اس پر کہ بعض محض رحمت الٰہی سے اور بعض حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے۔ کون مدعی اسلام ہے جو تمام مخلوق سے زیادہ صادق ہستی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کلام کی تکذیب کر سکتا ہے؟

(۳) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث شفاعت میں فرماتے ہیں:

فَيَقُوْلُوْنَ اَلَا تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَّشْفَعُ لَكُمْ (الی اٰخر الحدیث)

اس حدیث سے ثابت ہے کہ میدانِ محشر میں وسیلہ اور شفیع تلاش کئے بغیر چارہ نہ ہوگا اور حضور سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پناہ لئے بغیر گزارہ نہ ہوگا۔ اس قائل نے جو ذرائع اور وسائل کی نفی کی ہے، نصِ صریح اور حدیث صحیح کا انکار کیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اور اس کے معتقدین اپنی دانست میں، حدیث شریف کے ان الفاظ

يَجْمَعُ اللّٰهُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ
(اللہ تعالیٰ تمام اولین اور آخرین کو جمع فرمائیگا)

Marfat.com

میں داخل نہ ہوں، نعوذ باللہ من ذلک!

(۴) نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لَيَدْخُلَنَّ بِشَفَاعَةِ عُثْمَانَ سَبْعُونَ أَلْفًا كُلُّهُمْ اِسْتَوْجَبُوا النَّارَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

"تحقیق عثمان غنی کی شفاعت کے سبب سے ستر ہزار ایسے افراد بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے جو سب کے سب، دوزخ کے مستحق ہو چکے ہوں گے۔"

اس کے علاوہ بہت سے آثار اور بے شمار حدیثیں وارد ہیں کہ ان میں سے بعض اس سے پہلے مذکور ہوئیں جو (قائل مذکور کی) گفتگو کے ابطال کے لئے کافی اور کمزور ایمان والوں کی سمجھ کی بیماریوں کے لئے شافی ہیں۔

## اجماع مسلمین

تمام اہل اسلام قائل ہیں کہ شفاعت لغو اور بیکار نہیں ہے، اختلاف یہ ہے کہ اہل سنت وجماعت اور دیگر فرق اسلامیہ، معتزلہ اور ان کے قدم بہ قدم چلنے والوں کے علاوہ شفاعت کو گناہوں کی سزا سے نجات کے لئے بھی سبب مانتے ہیں، معتزلہ اور ان کے متبعین شفاعت کو بلندیٔ درجات کا سبب مانتے ہیں، گناہوں کی معافی کا سبب ہونے سے انکار کرتے ہیں اور یہ قائل تمام اہل اسلام کے برخلاف شفاعت کو بیکار اور بے دخل مانتا ہے، ظاہری طور پر کہتا ہے کہ شفاعت اللہ تعالیٰ کے رحم فرمانے اور معافی دینے کے بعد ہوگی (ورنہ) اس کا عقیدہ یہ ہے کہ در اصل شفاعت متحقق ہی نہیں ہے جیسا کہ اس سے پہلے مذکور ہو چکا۔

اس تمام گفتگو کے باوجود (ایک اور امر قابل توجہ ہے) اس سے پہلے گزر چکا کہ ایک شخص کا دوسرے کے لئے شفاعت کرنا اور دوسرے کے لئے دعا کرنا درحقیقت ایک

Marfat.com

ہی ہے لہذا شفاعت کو بے دخل اور بیکار جاننا ایک شخص کی دوسرے کیلئے دعا کو بے دخل و بیکار جاننا ہے، یہ بھی کتاب و سنت اور اجماع امت کے خلاف ہے۔

## عقلِ سلیم کا فیصلہ

اس سے پہلے گزر چکا کہ شفاعت وہی ہے جس کا کچھ اثر بھی ہو (اگر شفاعت کا کچھ بھی اثر نہ ہوا ہو تو وہ شفاعت ہی نہ ہو گی) اور وہ جو اس قائل کا گمان ہے، غلط بیانی، حیلہ سازی اور مکر و فریب ہے، پس جاہلوں کے اس گمراہ کنندہ کے گمراہ اور گمراہ کن حال پر اس ہدایت دہندہ آیت کا مضمون صادق آتا ہے:

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا۔

"اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے دشمن بنائے، انسانوں اور جنوں کے شیطان کو دھوکہ دینے کے لئے ان میں سے بعض، بعض کے دلوں میں ایسی باتیں ڈالتے ہیں جو بظاہر حسین ہوں۔"

اور جو کچھ اللہ تعالٰے نے قرآن پاک میں اور اس کے رسولِ مقبول صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے احادیثِ صادقہ میں بیان فرمایا ہے، پردۂ غیب سے عرصۂ ظہور پر جلوہ گر ہوتا ہے۔

اللہ تعالٰے اپنی قوت و طاقت سے جن شیطان اور اس کے مکر سے بچائے اور اس کے جالوں اور جکڑ بند سے نجات عطا فرمائے، اپنے عزت والے، بیان فرمانے والے حبیب اور شفیع المذنبین کریم و امین رسول اور ان کی روشن چہرے والی بابرکت آل اور ان کے سابقین اولین اور اصحاب یمین صحابہ کے طفیل، آمین یارب العالمین۔

---

Marfat.com

# مقامِ ثانی

حضور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شان میں اس قائل
بے فائدہ کلام کا بطلان بیان کرنے میں

وہ بے فائدہ کلام یہ ہے :

" اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کُن سے
چاہے تو کروڑوں نبی و ولی و جن و فرشتے جبرئیل اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے
برابر پیدا کر ڈالے "

**امکانِ نظیر کا مطلب**

یہ کلام نا تمام جھوٹ، خلافِ واقع اور بے نور لاف و گزاف ہے۔

پہلے یہ جاننا چاہئیے کہ حضور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے برابر سے اس قائل کی مراد وہ افراد نہیں ہیں جو حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ صرف حقیقتِ انسانیہ میں شریک ہوں کیونکہ ہر زمانے میں سینکڑوں انسان اللہ تعالٰی کی قدرتِ کاملہ اور مشیتِ شاملہ سے موجود ہوتے ہیں۔ آج بھی ہزاروں انسان روئے زمین پر موجود ہیں، یہ کہنا کہ " اس کی شان یہ ہے کہ جب چاہے سینکڑوں انسان ایک آن میں ایک کلمہ کن سے پیدا کر دے " نہ تو محتاجِ بیان ہے اور نہ ہی سیاق و سباق سے مناسبت رکھتا ہے بلکہ اس قائل کی مراد وہ فرد ہے جو اس ذاتِ اقدس کے ساتھ ماہیت اور ان تمام اوصافِ کاملہ میں شریک ہو جو اس ذاتِ قدسی صفات، سرورِ کائنات، مفخرِ ممکنات صلی اللہ تعالٰی

Marfat.com

علیہ وسلم میں موجود ہیں۔

**اول وجہ** اب سنئے! اس قائل کا کلام دو وجہوں سے کاذب اور باطل ہے، اردو دان حضرات پر مخفی نہیں کہ ایک شخص کہتا ہے "فلاں شخص چاہے تو فلاں کام کر سکے" دوسرا شخص کہتا ہے "فلاں شخص چاہے تو فلاں کام کر ڈالے" ان دونوں میں فرق ہے کیونکہ پہلے کلام کا مطلب یہ ہے کہ فلاں شخص کی قدرت کا تعلق فلاں کام سے ہو سکتا ہے اور دوسرے کا مطلب یہ ہے کہ فلاں شخص کی صفتِ تکوین (کسی فعل کا کرنا) کا تعلق اس کام سے ہو سکتا ہے کیونکہ "کر ڈالنے" کا مطلب فعل کا واقع کرنا اور وجود میں لانا ہے نہ کہ اس فعل پر قادر ہونا اور کر سکنا۔

اسی طرح اگر کوئی شخص کہے کہ:

"فلاں شخص چاہتا تو فلاں کام کر ڈالتا"

اور دوسرا شخص کہے کہ:

"فلاں شخص چاہے تو فلاں کام کر سکے یا چاہے تو کر ڈالے"

ان میں بھی بہت فرق ہے، پہلے قول کا مطلب یہ ہے کہ اگر فلاں شخص ابتداءً چاہتا تو فلاں کام کر سکتا تھا یا وقوع میں لا سکتا تھا
لیکن اب کسی مانع کے سبب نہیں کر سکتا اور دوسرے قول کا مطلب یہ ہے کہ فلاں شخص اگر چاہے تو فلاں کام اس وقت کر سکتا ہے یا وقوع میں لا سکتا ہے مثلاً ایک امی (ناخواندہ) کہے کہ:

"چاہوں تو ایک گھڑی میں ایک جز کتاب کا لکھ ڈالوں"

اردو زبان سمجھنے والا اس کی تکذیب کرے گا کیونکہ اس کلام کا مطلب یہ ہے کہ اسی وقت صفتِ تکوین کا تعلق کتابت سے صحیح ہے اور اس کا دار و مدار کتابت کی قوت قریبہ پر ہے اور امی میں کتابت کی قوت قریبہ بالفعل نہیں ہے اور اگر امی کہے کہ:

Marfat.com

" چاہوں تو ایک گھڑی میں ایک جز کتاب کا لکھ سکوں"

اردو جاننے والا اس کی تکذیب نہیں کر سکتا کیونکہ اگر وہ امی چاہے تو کتابت سیکھے اور کتاب کی ایک جز ایک ساعت میں لکھ دے اور اس کا دار و مدار کتابت کے امکان پر ہے اگرچہ قوت بعیدہ سے ہی ہو، اور اگر امی کے لئے کتابت کے سیکھنے سے کوئی دائمی مانع موجود ہو اور وہ کہے کہ :

"چاہوں تو کتاب لکھ ڈالوں یا لکھ سکوں"

تو زبان دان اس کی تکذیب کرے گا کیونکہ کتابت کے سیکھنے سے دائمی مانع کے ہوتے ہوئے، کتابت کو بالفعل واقع میں لانا اس امی کے اختیار میں نہیں ہے اور اگر (وہی امی) کہے کہ :

" چاہتا تو کتاب لکھ ڈالتا یا لکھ سکتا "

تو زبان سے واقف اس کی تکذیب نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے کلام کا معنی یہ ہے کہ اگر ابتداءً دائمی مانع کے پیدا ہونے سے پہلے چاہتا تو کتابت سیکھ لیتا اور کتاب لکھتا یا لکھ سکتا تھا، یہ معنی صحیح ہے، دائمی مانع کا موجود ہونا اس کلام کی صحت سے مانع نہیں ہے۔

واضح ہو کہ یہ مثالیں ان کلمات کے معانی اور مدلولات کی تفہیم کے لئے ہیں، کسی کو یہ گمان نہ گزرے کہ اس جگہ اللہ تعالیٰ کی قدرت او تکوین کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ نظیروں اور مثالوں سے بلند ہے کیونکہ مقصد نظیر پیش کرنا نہیں بلکہ مقصد ان کلمات کے مدلولات کا بیان کرنا ہے،

مختصر یہ کہ اگر کلام کا مطلب یہ ہے کہ ابتداءً قدرت یا تکوین کا تعلق کسی کام سے صحیح ہے تو ابتداء میں اس کام کا امکان ضروری ہے اور اگر کلام کا یہ مطلب ہو کہ اس وقت قدرت یا تکوین کا تعلق کسی کام سے صحیح ہے تو اس وقت اس کا امکان

Marfat.com

مزدوری ہے) امکان سے مراد امکانِ وقوعی نفس الامری (یعنی اس کام کا وقوع واقعی ممکن ہے) کیونکہ عرفِ عام میں یہی معنی فوری طور پر ذہن میں جاتا ہے، مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ "فلاں فقیر بادشاہ کو قید میں بھیج سکتا ہے" تو عرفِ عام میں اس کا معنی یہی ہوگا کہ فقیر کے بادشاہ کو قید میں بھیجنے کا وقوع ممکن ہے اسی لئے عرف میں اس قائل کو بیہودہ گو اور ہرزہ سرا کہا جائے گا۔

اگر قائل یہ تاویل کرے کہ میرا مقصد نفسِ ذات کے لحاظ سے امکانِ ذاتی ہے اور حقیقتِ انسانی کے اعتبار سے ممکن ہے کہ فقیر کو بادشاہ پر تسلط حاصل ہو جائے تو کوئی شخص اس تاویل کو قبول نہیں کرے گا کیونکہ عرف میں امکانِ ذاتی ہرگز متبادر نہیں ہے اور کسی کی سمجھ میں نہیں آتا، معنی متبادر خود اپنا کام کرتا ہے، تاویل اس کی تلافی نہیں کر سکتی۔

**امتناعِ نظیر پر دلیل** اس تمہید کے بعد سنیئے! کہ اس قائل کے کلام کا مطلب یہ ہے کہ حضور سیدِ کائنات صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے تمام کمالات میں برابر کروڑوں اشخاص سے تکوین کا تعلق صحیح ہے جو شخص اردو زبان سے تھوڑی سی واقفیت رکھتا ہے، اس عبارت سے اس معنی کے متبادر ہونے میں شک نہیں کرے گا حالانکہ حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات سے تمام اوصاف و کمالات میں برابری رکھنے والے ایک شخص سے بھی تکوین کے تعلق کا صحیح ہونا باطل ہے کیونکہ ایسا ایک شخص بھی موجود ہوا تو نصِ قرآنی کا کذب لازم آئے گا اور اللہ تعالے کا کذب محال بالذات ہے [1] اور جس سے محال بالذات لازم ہو اس سے تکوین کا تعلق صحیح نہیں تو، (منطقی انداز میں) اس قیاس (اقترانی حملی) کی ترتیب یوں ہوگی:

---

[1] اس مسئلے کی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو: سبحان السبوح عن عیب کذب مقبوح، از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ

Marfat.com

(۱) کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کا موجود ہونا محال بالذات کو مستلزم ہے۔

(۲) اور جو محال بالذات کو مستلزم ہو اس سے تکوین کا تعلق صحیح نہیں ہے یا بصورت قیاس استثنائی انصالی) کہا جائے۔

اگر کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر سے تکوین کا تعلق صحیح ہوتا تو اللہ تعالےٰ کا کذب بھی صحیح ہوتا" لیکن تالی (اللہ تعالےٰ کا کذب) باطل ہے لہٰذا مقدم (کمالات میں حضور کے برابر سے تکوین کے تعلق کا صحیح ہونا) بھی باطل ہوگا۔

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کا موجود ہونا کذبِ الٰہی کو مستلزم ہے اس کا بیان یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر نبی کے سوا اور کوئی شخص نہیں ہوسکتا اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بعد (نئے) نبی کے موجود ہونے سے نصِ قرآنی کا کذب لازم آتا ہے[1] اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا خاتمِ جمیع انبیاء ہونا نصِ قرآنی سے ثابت ہے،

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ۔

لہٰذا اگر حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کا تکوین کے تحت داخل ہونا صحیح ہو تو اس نصِ صریح کا کذب صحیح ہو جائے گا العیاذ باللہ تعالیٰ من ذلک۔

رہا یہ امر کہ اللہ تعالےٰ کا کذب محال بالذات ہے تو اس کا بیان یہ ہے کہ

---

[1] محمد قاسم نانوتوی نے تحذیر الناس میں لکھا ہے کہ "اگر بالفرض زمانۂ نبوی میں یا اس کے بعد کوئی نبی آ جائے تو آپ کی خاتمیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا (مفہوماً) یہ ختم نبوت کے عقیدۂ قطعیہ کی کھلی مخالفت ہے۔"

Marfat.com

کذب صفت نقص اور عیب ہے اور اللہ تعالٰے کا صفات نقص و عیب سے متصف ہونا محال بالذات ہے۔

## امکانِ کذب کی دلیل اور اس کا رد

اور وہ جو اس قائل نے بعض رسائل[1] میں لکھا ہے کہ اللہ تعالٰے کا کذب اور اس کا اس نقص سے متصف ہونا محال بالذات نہیں ہے کیونکہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا ملائکہ اور انبیاء پر القاء کرنا قدرتِ الٰہیہ سے خارج نہیں ہے، ورنہ لازم آئیگا کہ انسانی قدرت اللہ تعالٰے کی قدرت سے زائد ہو اس لئے کہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اسے مخاطبین پر پیش کرنا، اکثر انسانوں کی قدرت میں ہے، ہاں کذب مذکور چونکہ حکمت کے منافی ہے اس لئے ممتنع بالغیر ہے اسی لئے عدمِ کذب کو اللہ تعالٰے کے کمالات میں سے شمار کرتے ہیں اور اس کے ساتھ اس کی تعریف کرتے ہیں برخلاف بہرا اور گونگے کے کہ کوئی شخص عدمِ کذب سے ان کی تعریف نہیں کرتا اور ظاہر ہے کہ کمال یہی ہے کہ جو شخص کلامِ کاذب پر قدرت رکھتا ہے لیکن مصلحت اور تقاضائے حکمت کی بنا پر جھوٹ بولنے کا ارتکاب نہیں کرتا وہ جھوٹ نہ بولنے اور کمال صدق سے متصف ہونے کے سبب مستحقِ تعریف ہے، برخلاف اس شخص کے جس کی زبان ماؤف ہے اور وہ جھوٹ بولنے کی طاقت نہیں رکھتا، یا اس کی قوتِ متفکرہ میں فساد ہے کہ وہ واقع کے خلاف قضیہ تیار نہیں کرسکتا، یا جس وقت وہ سچ کہنا چاہتا ہے، کہہ دیتا ہے اور جب جھوٹ بولنا چاہتا ہے، اس کی آواز رک جاتی ہے یا اس کی زبان ماؤف ہوجاتی ہے یا کوئی شخص اس کا منہ بند کردیتا ہے یا اس کا گلا دبا دیتا ہے، یا اس شخص نے بہت سے سچے قضایا (اقوال) یاد کر رکھے ہیں اور وہ دوسرے

---

[1] یکروزی ۱۲

Marfat.com

قضایا تیار ہی نہیں کر سکتا اس لئے اس سے کلام کاذب صادر نہیں ہوتا، یہ اشخاص مذکورہ عقلاء کے نزدیک مستحق ستائش نہیں ہیں۔

حاصل یہ کہ جھوٹ سے بچتے ہوتے اور اس کی آلودگی سے دامن بچاتے ہوئے، جھوٹ نہ بولنا صفاتِ مدح سے ہے اور اس لئے جھوٹ نہ بولنا کہ اس کی طاقت ہی نہیں، کسی طرح بھی صفاتِ مدح میں سے نہیں ہے۔

اللہ تعالےٰ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے جو ظالم کہتے ہیں، یہ کیا عقیدہ ہے جو اس قائل کی زبان سے صادر ہو رہا ہے اور کیا گمراہانہ کلام ہے جو اس کے قلم کی نوک سے بے باکانہ ٹپک رہا ہے۔

یہ قائل مانتا ہے کہ جھوٹ نقص اور عیب ہے، اس کے باوجود کہتا ہے کہ اللہ تعالےٰ کا کذب سے متصف ہونا ممکن ہے لہٰذا یہ صریح اعتراف ہے کہ اللہ تعالےٰ کا ناقص اور عیب دار ہونا ممکن ہے، اللہ تعالےٰ پاک ہے اس سے جو یہ بیان کرتے ہیں، اب یہ شکایت ختم ہو جاتی ہے کہ اس نے بد طینتی کی بنا پر حضور سید کائنات اور دیگر حضرات انبیاء و ملائکہ و اولیاء کے بارے میں تنقیص اور توہین آمیز کلمات کہے ہیں کیونکہ اس کا عقیدہ خالقِ کائنات کے بارے میں یہ ہے، (کہ اس کا جھوٹ اور نقص و عیب سے متصف ہونا ممکن ہے) تو مخلوقات کے بارے میں کیا کچھ نہ کہے گا!

اس کا یہ استدلال کہ :

"ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا ملائکہ و انبیاء پر القاء کرنا، قدرتِ الٰہیہ سے خارج نہیں ہے"

باعثِ تعجب ہے کیونکہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا مخاطب پر القاء کرنا مطلقاً جھوٹ نہیں ہے۔ اللہ تعالےٰ نے قرآنِ پاک میں اکثر مقامات پر مخلوق سے حکایت کرتے ہوئے قضایا کاذبہ ذکر فرمائے ہیں، قائل کے کذب کا معنی یہ ہے کہ وہ مخالفِ واقع قضیہ

Marfat.com

سے خبر دے اور یہ صفت عیب اور نقص ہے اور یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ کا عیب اور نقص سے موصوف ہونا ممکن ہے، اہلِ ایمان کی شان سے بعید ہے، ایسا کلام زبان پر لانا اور اس کا سننا مسلمانوں کی سماعت پر بہت گراں ہے، یہ صحیح ہے کہ یہ باتیں اس شخص کو کہی جا سکتی ہیں جس کا ایمان سے کچھ تعلق نہ ہو۔

اس کا یہ کہنا کہ :

"ورنہ لازم آئے گا کہ قدرتِ انسانی قدرتِ الٰہیہ سے زیادہ ہو"

تعجب بالائے تعجب کا سبب ہے اور دیکھنے والوں کی نگاہوں میں قائل کی دقیقہ رسی اور زیرکی کی قوت کو ظاہر کرتا ہے، سبحان اللہ وتعالیٰ عما یصفون، ظاہر ہے کہ بدترین فواحش اور شنیع قبائح، جن سے اللہ تعالیٰ کا متصف ہونا عقلی، نقلی طور پر بدیہی اور شرعی طور پر ممتنع ذاتی اور محالِ عقلی ہیں[1]، قدرتِ انسانیہ کے تحت داخل اور قدرتِ الٰہیہ کے تحت داخل نہیں ہیں، اس قائل کے زعم پر لازم آئے گا کہ قدرتِ انسانی، قدرتِ ربانی سے زائد ہو العیاذ باللہ!

اس شبہ کا حل یہ ہے کہ عیوب ونقائص سے اتصاف اور قبائح وفواحش کے ارتکاب کی قدرت خود عیب اور نقص ہے، اللہ تعالیٰ تمام نقائص، عیوب، قبائح اور فواحش سے پاک ہے، جو قدرت اللہ تعالیٰ کے اوصافِ کاملہ میں سے ہے، وہ تمام ممکنات کے ایجاد کی قدرت ہے، گویا مطلق قدرت دو قسم ہے، ایک قدرت کاملہ جو اللہ تعالیٰ

---

[1] ستم یہ ہے کہ مولوی محمود حسن دیوبندی نے صراحۃً اقرار کیا ہے کہ تمام افعالِ قبیحہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ہیں، لکھا ہے "صدور قبائح اور قدرت علی القبائح میں زمین و آسمان کا فرق ہے، امر اول کو عند اہل السنۃ بہ نسبت ذات خالق الکائنات محال کہا جاتا ہے تو امر دوم مسلمات میں سے ہے، سب جانتے ہیں کہ ذات تعالیٰ شانہ سے افعالِ قبیحہ کے صدور کی نوبت نہیں آسکتی لیکن افعالِ قبیحہ کو مثل دیگر ممکنات ذاتیہ مقدور باری جملہ اہلِ حق تسلیم کرتے ہیں کیونکہ خرابی ہے تو ان کے صدور میں ہے نفس مقدوریت میں اصلاً کوئی خرابی لازم نہیں آتی" (جہد المقل مطبع بلالی ساڈھورہ، ۱۶، ص ۴۱) یعنی ان کے نزدیک چوری، بدکاری، زنا، لواطت اور دیگر تمام فواحش اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ہیں، نعوذ باللہ تعالیٰ من ذلک ۱۲ شرف قادری

Marfat.com

کے اوصاف مختصہ سے ہے، دوسری قدرتِ ناقصہ جو صفاتِ مخلوق سے ہے، دوسری قدرت پہلی قدرت سے بمراتبِ غیر متناہیہ ناقص ہے، پس انسان میں دوسری قدرت کے موجود ہونے اور ذاتِ باری تعالےٰ میں اس کے ممکن نہ ہونے سے قدرتِ انسانی کا قدرتِ ربانی پر زائد ہونا لازم نہیں آتا، شاید زیادتی کا معنی "خیال شریف" میں نہیں آیا ہوگا۔

ایک شے کا دوسری شے پر زائد ہونا یہ ہے کہ پہلی شے دوسری شے پر مشتمل ہو اور اس کے ماسوا پر بھی، اسے چاہیے تھا کہ پہلے ثابت کرتا کہ قدرتِ انسانی قدرتِ ربانی پر مشتمل ہے، پھر بیان کرتا کہ قدرتِ انسانی قدرتِ ربانی کے ماسوا پر بھی مشتمل ہے، تب یہ کہہ سکتا تھا کہ قدرتِ انسانی کا قدرتِ ربانی پر زائد ہونا لازم آتا ہے، سبحان اللہ! اس مبلغِ علم اور اتنی سمجھ کے ساتھ کیا ضروری ہے کہ معقولات میں دخل دیا جائے! اسی لئے علماء نے کہا ہے:

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ بِالْحِکْمَۃِ فَلْیُحْدِثْ لِنَفْسِہٖ فِطْرَۃً اُخْرٰی،

"جو شخص حکمت میں کلام کرنا چاہے اسے اپنے لئے ایک اور فطرت (علوم و فنون میں مہارت) تیار کرنی چاہیے۔"

اس کا یہ گمان کہ، عدمِ کذب کو اللہ تعالےٰ کی تعریفات میں اسی لئے شمار کرتے ہیں کہ وہ کذب پر قدرت کے باوجود کلام کاذب کا تکلم نہیں فرماتا جیسے اس نے عوام کالانعام کو فریب دینے کے لئے کم معنی اور زیادہ الفاظ والی طویل عبارات سے بیان کیا ہے، ملمع کاری سے زیادہ کچھ نہیں کیونکہ تمام عیوب و نقائص اور قبائح و فواحش سے اللہ تعالےٰ کی تنزیہ، محامد و مدائح الٰہیہ سے شمار کی گئی ہے اور نصوص میں مقامِ ثنا میں موجود ہے، حالانکہ اللہ تعالےٰ کا ان نقائص اور فواحش سے متصف ہونا ممتنعاتِ عقلیہ اور مستحیلاتِ ذاتیہ سے ہے۔ شانِ الٰہی کی انتہائی تعریف یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کا کسی عیب اور نقص سے

Marfat.com

موصوف ہونا تجویزِ عقلی میں بھی ممکن نہیں ہے، یہی کمال تنزیہ اور تقدیس ہے، اللہ تعالےٰ کا کذب کے اتصاف سے اس لئے پاک ہونا کہ اس ذاتِ کریمہ کا عیوب و نقائص سے موصوف ہونا ناممکن ہے، عجز نہیں ہے اس لئے کہ جس شے کی شان یہ ہے کہ وہ قدرت میں ہو، اس کا قدرت میں نہ ہونا عجز ہے اور چونکہ اللہ تعالےٰ کا کذب سے موصوف ہونا ممتنع ہے اور قدرت میں نہیں ہے لہٰذا اس پر قدرت کا نہ ہونا عجز نہیں ہو سکتا ؎

اب قائل کے اس قول میں غور کرنا چاہئے کہ :

"عجز کی بنا پر جھوٹ نہ بولنا کسی طرح صفاتِ مدح میں سے نہیں ہے۔"

عجز کا معنی ہی خیال شریف میں نہیں آیا ! اللہ تعالےٰ ہی حکمت والا اور حفاظت فرمانیوالا ہے۔

جاننا چاہئے کہ یہ گفتگو اس مقصد کے لئے ہے کہ جو شخص صفاتِ کمال میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر فرض کیا جائے اس کے ساتھ تکوین کا تعلق صحیح نہیں ہے۔ قائل مذکور جو ایسے شخص سے تکوین کا تعلق صحیح دکھانا چاہتا ہے، اس کے ابطال کے لئے یہ بیان کافی اور بے غبار ہے،

رہا یہ کہ اللہ تعالےٰ کی قدرت کا تعلق ایسے شخص سے نہیں ہو سکتا، اس کے لئے یہ بیان جاری کرنا خلل سے خالی نہیں ہے کیونکہ اس بیان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تمام کمالات میں کسی شخص کا حضورِ انور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر ہونا ممتنع بالغیر ہے اور ضروری نہیں کہ ممتنع بالغیر اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل نہ ہو جتنے کہ

---

؎ اللہ تعالےٰ کا عدم اور اس کا شریک ممکن نہیں اور جو ممکن نہ ہو اس پر قادر نہ ہونا عجز نہیں کہلاتا اس لئے اللہ تعالیٰ کا اپنے شریک کے پیدا کرنے اور اپنے عدم پر قدرت نہ ہونا، عجز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا عدم اور شریک باری تعالیٰ ممکن نہیں اور نہ اس قابل ہے کہ اس کے ساتھ قدرت کا تعلق ہو سکے ۱۲ شرف قادری

Marfat.com

لازم آئے کہ ایسا شخص قدرتِ الٰہیہ کے تحت داخل نہ ہو، ہماری یہ گفتگو بہ سبیلِ تنزل اور کسی حد تک قائلِ مذکور سے موافقت کرتے ہوئے ہے ورنہ اصل مذہب وہی ہے جو وجہِ ثانی میں مذکور ہوگا۔

**وجہِ ثانی** جاننا چاہیے کہ جب قائلِ مذکور کی اس گفتگو (اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے الخ) سے حضور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں اس کا دلی عقیدہ ظاہر ہوا اور مخلص ایمانداروں کے دلوں میں اس کے ایمان کے بارے میں شبہ واقع ہوگیا تو اس قائل نے اپنے کلام کے مدلول سے اغماض اور چشم پوشی کرتے ہوئے اس عبارت کا خود ساختہ معنی بیان کیا اور کوشش کی کہ اس عبارت کو اللہ تعالےٰ کی قدرت کے عموم اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کے امکان ذاتی پر محمول کرکے اس قباحت سے جان چھڑالے جس میں وہ واقع ہوا ہے۔ ہماری اس تقریر اور اس سے پہلے کی تحقیق سے اس طرف کا راستہ بند ہوچکا ہے، اس خیال اور حیلہ سازی کو ہم اہلِ فہم کے دماغوں سے دور اور ختم کرچکے ہیں، اس کے باوجود ہمارا ارادہ ہے کہ بہ طریقِ تنزل اس کے کلام کا مزید بطلان پیش کریں اور ان غلط باتوں کی تاویل کی ہوس اس کے دل میں نہ رہنے دیں۔

اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر سے اس قائل کی مراد ایسا فرد ہے جو ماہیت میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ شریک اور اوصافِ کاملہ میں آپ کے مساوی ہو یعنی جو کمال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں پایا جاتا ہے اس کی مثل اس فرد میں بھی موجود ہو جو ماہیت میں آپ کے ساتھ شریک اور اوصافِ کاملہ میں آپ کے مساوی ہو، اور اگر ایک فرد نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ ماہیت میں شریک ہو لیکن وہ آپ کے تمام اوصاف و کمالات کا جامع نہ ہو، آپ کے بعض کمالات اس فرد میں موجود نہ ہوں

Marfat.com

یا، العیاذ باللہ اس طرح ہو کہ وہ فرد آپ کے تمام کمالات کا جامع ہو اور اس میں بعض ایسے کمالات پائے جائیں جو آپ میں نہ ہوں وہ فرد حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر نہیں ہے بلکہ کم ہے یا معاذ اللہ زیادہ بلند ہے۔

اب ہم دعوےٰ کرتے ہیں کہ وہ شخص جو تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر ہو، ممتنع بالذات ہے (یہ صغریٰ ہے) اور جو ممتنع بالذات ہو، قدرتِ الٰہی کے تحت داخل نہیں ہے (یہ کبریٰ ہے) لہٰذا ثابت ہوا کہ وہ شخص کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر ہو، قدرتِ الٰہی کے تحت داخل نہیں ہے (یہ نتیجہ ہے)

کبریٰ کا بیان یہ ہے کہ اگر کوئی ممتنع بالذات قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہو تو وہ (ممتنع ذاتی نہیں رہے گا بلکہ) ممکن ذاتی ہوگا اور ممتنع ذاتی کا ممکن ذاتی بن جانا محال بالذات ہے (جیسا کہ علمائے معقول کا اتفاق ہے) پس جو ممتنع ذاتی ہے قدرتِ الٰہی کے تحت داخل نہ ہوگا۔

**ایک شبہ کا ازالہ** اور وہ جو عوام الناس کے دل میں خدشہ پیدا ہوتا ہے اور انہیں تشویش میں مبتلا کرتا ہے کہ ممتنعاتِ ذاتیہ پر اللہ تعالےٰ کی قدرت کی نفی سے اس کے عجز کا قول لازم آتا ہے، جہالت سے زیادہ نہیں ہے کیونکہ جو چیز مقدور بننے کی صلاحیت رکھتی ہو، اس پر قدرت نہ ہونے کو عجز کہتے ہیں (یعنی عجز اور قدرت میں تقابل عدم والملکہ ہے) اور ممتنع ذاتی مقدور بننے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا اس پر قدرت نہ ہونے سے اللہ تعالےٰ کا عجز لازم نہیں آئیگا، مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ اللہ تعالےٰ اپنی نظیر یا اپنے شریک کے پیدا کرنے یا اجتماعِ نقیضین و ارتفاعِ نقیضین کے پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے تو نہیں کہا جاسکتا کہ اس نے اللہ تعالےٰ کے عاجز ہونے کا قول کیا ہے۔

Marfat.com

وہ آیات کہ اللہ تعالےٰ کی قدرت کے عموم پر دلالت کرتی ہیں مثلاً :

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ

یا اللہ تعالےٰ کا فرمان :

وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ مُّقۡتَدِرًا

ممتنعاتِ عقلیہ کو شامل نہیں ہیں کیونکہ ممتنع عقلی شے نہیں ہے (شے اسے کہتے ہیں جس سے مشیت کا تعلق ہو سکے اور وہ لازماً ممکن ہی ہوگی ممتنع نہیں ہو سکتی) حتیٰ کہ "کل شے" کے عموم میں داخل ہو۔ اگر کوئی شخص ممتنعاتِ ذاتیہ اور مستحیلاتِ عقلیہ پر اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نفی سے گریز کرتا ہے اور اسے بارگاہِ الٰہی کی بے ادبی گمان کرتا ہے، اسے ایمان و توحید کو ایک طرف رکھنا پڑے گا اور اللہ تعالےٰ کے شریک اور اس کے عدم کے امکان اور اللہ تعالےٰ کے نقائص و قبائح سے اتصاف، جسم ہونے، مکان میں ہونے اور تغیر پذیر ہونے کے امکان کا عقیدہ رکھنا پڑے گا کیونکہ یہ سب ممتنع ذاتی ہیں، اگر اس کی قدرت میں ہوں گے تو لازماً ممکن ہوں گے، تعالیٰ اللہ عما یصفون۔

پس حق یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ ہر ممکن ذاتی پر قادر ہے، ممتنع ذاتی چونکہ مقدور بننے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا اس لئے مقدور نہیں ہے، قدرتِ الٰہی کا ممتنعاتِ ذاتیہ کو شامل نہ ہونا معاذ اللہ! اس کے عجز کی بنا پر نہیں ہے بلکہ اس لئے ہے کہ ان ممتنعاتِ ذاتیہ میں وجود کی صلاحیت ہی نہیں ہے ہاں اگر کوئی بے دین ممکن ذاتی سے قدرتِ الٰہی کی نفی کرے تو وہ کافر ہے اور قدرتِ الٰہی کا منکر ہے، نعوذ باللہ تعالیٰ من ذلک۔

صغریٰ کا بیان دو طریقے سے ہے :

**طریقِ اول** | یہ قضیہ سالبہ کلیہ دائمہ صادق ہے،
کسی وقت کوئی ممکن ذاتی، کمالات میں سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

علیہ وسلم کے مساوی نہیں ہے (یہ اصل قضیہ ہے)

لہٰذا اس کا عکس ضرور صادق آئے گا،

اوصاف و کمالات میں محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا کوئی مساوی کسی وقت ممکن ذاتی نہیں ہے (یہ عکس ہے)

اصل قضیہ کے صدق کا بیان یہ ہے کہ اگر ہمارا یہ قول :

"کسی وقت کوئی ممکن ذاتی، کمالات میں سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے مساوی نہیں ہے۔"

صادق نہ ہو تو اس کی نقیض ضرور صادق ہو گی کیونکہ ارتفاع نقیضین محال ہے اور اس کی نقیض موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ ہے اور وہ یہ ہے :

"بعض ممکن ذاتی، سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بالفعل یعنی تین زمانوں (ماضی، مستقبل، حال) میں سے ایک زمانے میں مساوی ہیں۔"

اور یہ مطلقہ عامہ موجبہ جزئیہ ہر مسلمان کے نزدیک باطل ہے (لہٰذا اصل صادق ہوا) اور جب اصل صادق ہوا تو اس کا عکس یقیناً صادق ہو گا لہٰذا ثابت ہوا کہ کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا مساوی، ممکن ذاتی نہیں ہے، اب دو ہی صورتیں ہیں کہ وہ مساوی واجب بالذات ہو العیاذ باللہ تعالےٰ، یا ممتنع بالذات ہو، پہلی صورت بالبداہۃ باطل ہے لہٰذا متعین ہو گیا کہ وہ مساوی ممتنع بالذات ہے اور یہی ہمارا مطلوب ہے۔

**طریق ثانی** یہ کہنا کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا وجود ممکن ہے، اجتماع نقیضین کے امکان کو تسلیم کرنا ہے اور وہ تو باطل ہے (لہٰذا اس مساوی کا امکان بھی باطل ہے)

Marfat.com

یہ کہنا کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کا وجود ممکن ہے اجتماعِ نقیضین کے امکان کو تسلیم کرنا ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ اگر فرض کیا جائے کہ کوئی شخص تمام کمالات میں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر ہے، تو دو حال سے خالی نہیں، وہ شخص یا تو خاتم الانبیاء ہوگا، یا خاتم الانبیاء نہیں ہوگا، دونوں صورتوں میں وہ شخص حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر نہ ہوگا کیونکہ وہ شخص اگر خاتم الانبیاء ہو (لامحالہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان انبیاء کے زمرے میں داخل ہونگے جن کا وہ خاتم ہے) تو معاذ اللہ! حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم خاتم الانبیاء نہ ہوں گے، پس اس شخص میں ایک ایسا کمال (خاتم الانبیاء ہونا) ہوگا جو نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم میں نہیں ہوگا، لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس شخص کے برابر نہ ہوں گے (اور وہ شخص آپ کے برابر نہ ہوگا بلکہ بلند رتبہ ہوگا) اور اگر وہ شخص خاتم الانبیاء نہ ہو تو چونکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم یقیناً خاتم الانبیاء ہیں لہٰذا حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم میں خاتم الانبیاء ہونے والا ایسا کمال پایا جائے گا جو اس تقدیر پر اس شخص میں نہیں ہے پھر بھی وہ شخص حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر نہ ہوا، دونوں صورتوں میں مساوات فرض کرنے کے باوجود اس کا مساوی نہ ہونا لازم آیا، ثابت ہوا کہ جمیع کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا موجود ہونا اس امر کو مستلزم ہے کہ وہ شخص تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر نہ ہو لہٰذا واضح ہوگیا کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا قول کرنا اجتماعِ نقیضین کے امکان کا قول کرنا ہے اور وہ تو محال بالذات ہے۔ پس تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر کا موجود ہونا محال بالذات ہے۔

یا یوں کہا جائے کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے (کیونکہ وہ خاتم الانبیاء ہے یا نہیں؟ بہر حال

Marfat.com

وہ مساوی نہیں رہے گا جیسے کہ ابھی گذرا) اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے، پس تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا موجود ہونا محال بالذات ہوگا اور یہی مطلوب ہے۔

تمام کمالات میں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کے محال ذاتی ہونے پر ایک اور قطعی حجت اور روشن دلیل ہے جس کی بنا ائمہ کشف وشہود کے مختار مسئلہ وحدۃ الوجود پر ہے اور توحید وجودی (عقیدۂ وحدۃ الوجود) براہین عقلیہ اور دلائل نقلیہ سے ثابت[1] ہے لیکن چونکہ یہ راستہ دشوار ہے اور اس کا سمجھنا عوام الناس کے لئے بہت ہی مشکل ہے اس لئے اس کا ذکر مقام اور عوام کے افہام کے مناسب دکھائی نہیں دیتا اور چونکہ قائل کی پختہ رائے اور فہم سلیم یعنی نظر ظاہر بین اور غلط بیچنے والی عقل، دقیقہ سنجی اور باریک بینی بلکہ تلاشِ حق اور قبولِ حق کی طرف متوجہ نہیں ہے پس چند وسوسے اس کے ہاتھ میں ہیں اور اس کے دماغ کے گوشے گوشے میں سمائے ہوئے ہیں اس لئے اس کے مزاج کی اصلاح اور علاج کی ضرورت پیش آئی ہے۔

اس قائل نے تین وسوسے، جنہیں وہ دلائل کا نام دیتا ہے، تمام کمالات میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کے ممکن ہونے پر اپنے بعض رسائل میں ذکر کئے ہیں، ان میں سے ایک عقلی اور دو نقلی ہیں، ہم ان میں سے ہر ایک کا ذکر کرتے ہیں اور ان شبہات کی بیخ کنی کرتے ہیں۔

**امکانِ نظیر کی عقلی دلیل اور اس کا جواب** آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر سے مراد وہ فرد ہے جو آنحضرت کے ساتھ ماہیت اور اوصافِ کاملہ میں شریک ہو پس امتناع بالذات یا تو

---

[1] اس مسئلہ کی تفصیل کے لئے دیکھئے "الروض المجود" (از مولانا فضل حق خیرآبادی) مطبوعہ مکتبہ قادریہ، لاہور

Marfat.com

اس لئے ہو گا کہ ماہیت میں شرکت محال ہے یا اس لئے کہ نفسِ ذات کے اعتبار سے اوصافِ مذکورہ سے موصوف ہونا محال ہے، ظاہر ہے کہ آنجناب کی ذات انسان ہے اور ماہیت انسان میں لاکھوں افراد کا شریک ہونا محال نہیں ہے اور نفسِ ماہیت کے لحاظ سے اوصافِ مذکورہ سے موصوف ہونا بھی محال نہیں ہے ورنہ آنجناب کا اوصافِ مذکورہ سے موصوف ہونا بھی محال ہو گا کیونکہ نفسِ ماہیت کے لحاظ سے جو چیز ثابت کی جائے یا جس چیز کی نفی کی جائے اس میں دو مثلوں کا حکم ایک ہوتا ہے ورنہ لازم آئے گا کہ ان دونوں میں ماہیت ہی مشترک نہ ہو۔ تو عدمِ مماثلت لازم آئے گی اور یہ خلافِ مفروض ہے لہٰذا مثلِ مذکور کا وجود ممتنع بالذات نہ ہو گا (بلکہ ممکن بالذات ہو گا)

یہ دلیل جو شبہ کہلانے کی مستحق ہے، وہم سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی، کیونکہ یہ تو مسلّم ہے کہ چونکہ ماہیت میں شرکت ممتنع نہیں اس لئے اس مماثل کا وجود بھی ممتنع نہیں ہے لیکن یہ مسلم نہیں ہے کہ نفس ذات کے اعتبار سے اوصافِ مذکورہ سے متصف ہونا ممتنع نہیں ہے اس لئے اس مماثل کا وجود بھی ممتنع نہیں ہے کیونکہ ماہیت ایک فرد کے ضمن میں جن اوصاف سے موصوف ہو یا اس کا موصوف ہونا ممکن ہو ضروری نہیں کہ انہی اوصاف کے ساتھ ماہیت کا دوسرے افراد کے ضمن میں متصف ہونا بھی ممکن ہو۔ مثلاً ماہیتِ انسانیہ نفس ذات کے اعتبار سے زید کے تشخص (وہ امور جو اسے دوسرے افراد سے ممتاز کریں) سے موصوف ہو سکتی ہے لیکن زید کے ضمن میں، حالانکہ ماہیتِ انسانیہ کا اپنی ذات کے اعتبار عمرو کے ضمن میں زید کے تشخص سے موصوف ہونا ممکن نہیں ہے ورنہ زید کا تشخص، تشخص نہ رہے گا بلکہ بہت سے افراد میں قابلِ اشتراک بن جائے گا (اور یہ اس کے تشخص ہونے کے منافی ہے) دیکھئے! ماہیتِ انسانیہ کا عمرو کے ضمن میں زید کے تشخص سے متصف ہونا ممتنع بالذات ہے اور زید کے ضمن میں ممکن بالذات ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ زید اور عمرو ماہیتِ انسانیہ میں شریک ہی نہ ہوں، یہ قاعدہ کہ جو چیز نفسِ ماہیت کے لحاظ سے ثابت کی جائے یا جس چیز کی

Marfat.com

نفی کی جائے، اس میں دو مثلوں کا ایک حکم ہوتا ہے، مطلقاً صحیح نہیں ہے، یہ کہنا بھی غلط ہے کہ ماہیت میں شرکت نہیں رہے گی اور مماثلت باقی نہیں رہے گی جیسے کہ ہم اس کی مثال پیش کر چکے ہیں (یہ کہنا کہ جن اوصافِ کاملہ سے نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم متصف ہیں ان اوصاف سے آپ کے مماثل مفروض کا متصف ہونا بھی ممکن ہے، غلط ہے کیونکہ خاتم النبیین وغیرہ اوصافِ کاملہ ناقابلِ شرکت ہیں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ان اوصاف سے متصف ہوتے ہوئے کوئی دوسرا فرد ان اوصاف سے متصف نہیں ہو سکتا، شرف قادری)

**اعتراض** اگر یہ وہم پیدا ہو کہ ماہیتِ انسانیہ کا زید کے تشخص سے متصف ہونے کا امکان نفسِ ماہیت کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ (زید کی) خصوصیت کے اعتبار سے ہے (اور ہماری گفتگو ان اوصاف میں ہے جن سے ماہیت نفسِ ذات کے اعتبار سے متصف ہو نہ کہ خصوصیت کے اعتبار سے)

**جواب** زید کے تشخص سے یا تو ماہیتِ انسانیہ نفسِ ذات کے اعتبار سے موصوف ہوگی یا کسی زائد عارض کے ساتھ مل کر؟ دوسری صورت باطل ہے کیونکہ یہ زائد عارض تشخص سے پہلے عارض ہوگا یا بعد، اگر تشخص کے بعد عارض ہو تو تشخص کا مصداق اور اس کا موصوف نفسِ ماہیت ہوگی اور یہی مطلوب ہے اور اگر تشخص سے پہلے عارض ہوا ہے تو دو حال سے خالی نہیں یا تو تشخص کے عارض ہونے سے ماہیت اس عارض کے لاحق ہونے سے متشخص ہو چکی ہے یا نہیں؟ پہلی صورت باطل ہے ماہیت کے لئے تشخص سے پہلے ایک تشخص لازم آئے گا، دوسری صورت میں ماہیت اس عارض کے لاحق ہونے کے باوجود کلی ہے اور قابلِ اشتراک، پس یہ کلی جو بنفسہ قابلِ اشتراک ہے اس کا زید کے تشخص سے موصوف ہونا ممکن ہے اور یہی مطلوب ہے۔

Marfat.com

علاوہ ازیں وجود اور تشخص لازم و ملزوم ہیں اور وجود سے پہلے کوئی عارض لاحق نہیں ہو سکتا (لہٰذا تشخص سے پہلے بھی لاحق نہیں ہو سکے گا) یہ مسئلہ فلسفے سے تعلق رکھتا ہے اور اپنی جگہ تفصیل و تحقیق سے مذکور ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ تشخص بذاتہ اشتراک کے منافی ہے اگرچہ اشتراک دو فردوں کے درمیان ہی ہو، اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض مختص کمالات دو فردوں میں اشتراک کو قبول نہیں کرتے مثلاً اگر ختم نبوت کو دو فردوں میں مشترک فرض کیا جائے تو ایک شخص کا اس سے متصف ہونا مستلزم ہے اس امر کو کہ دوسرا فرد اس سے متصف نہ ہو جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے، قائل مذکور حال وصف (کہ وہ قابلِ اشتراک ہی نہیں) سے چشم پوشی کر کے اس وصف سے نفسِ ماہیت کے اتصاف کے ممکن ہونے کو اشتراک کے ممکن ہونے کی دلیل بناتا ہے اور اس حقیقت کو بھول جاتا ہے کہ یہ وصف دو فردوں میں مشترک ہو ہی نہیں سکتا۔

نقلی دلیلیں دو ہیں:

**امکانِ نظیر کی پہلی نقلی دلیل اور اس کا جواب** اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اَوَلَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰی وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔

مِثْلَهُمْ کی ضمیر جمع مذکر، تمام انسانوں کی طرف راجع ہے کیونکہ آیتِ کریمہ قیامت کے بیان میں واقع ہے لہٰذا جو قیامت میں زندہ ہو گا آیتِ مذکورہ کے تحت داخل

Marfat.com

ہوگا اور ظاہر ہے کہ ہر فردِ انسانی قیامت میں زندہ ہونے والا ہے لہٰذا آیتِ کریمہ کے مقتضا کے مطابق ہر فرد کا مثل قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہوگا، گویا دلیل کی ترتیب یوں ہوگی کہ : آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم قیامت کے دن زندہ ہوں گے اور یہ ضروریاتِ دین سے ہے اور جو شخص قیامت کے دن زندہ ہوگا، آیتِ کریمہ کے مطابق اس کا مثل قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہے لہٰذا نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا مثل قدرتِ الٰہیہ کے تحت داخل ہوگا اور یہی مطلوب ہے۔

**جواب** یہ عجیب استدلال ہے جو اگلے پچھلے تمام دلائل کی وقعت خاک میں ملا رہا ہے، یہ اس آیتِ قرآنیہ کی تفسیر نہیں البتہ اس قائل کی تفسیر دانی کی علامت ضرور ہے۔

علامہ بیضاوی فرماتے ہیں :

اَوَ لَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مَعَ کِبَرِ جِرْمِہَا وَعِظَمِ شَانِہَا بِقَادِرٍ عَلٰۤی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَہُمْ فِی الصِّغَرِ وَالْحَقَارَۃِ بِالْاِضَافَۃِ اِلَیْہِمَا اَوْ مِثْلَہُمْ فِیْ اُصُوْلِ الذَّاتِ وَصِفَاتِہَا (انتہٰی)

"جس ذاتِ کریمہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا باوجود ان کے جسم کی بڑائی اور شان کی عظمت کے، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسے افراد پیدا کرے، جو زمین و آسمان کی نسبت بہت ہی چھوٹے ہوں یا اصولِ ذات اور صفاتِ ذات میں ان جیسے ہوں)

کافر اور حشرِ جسمانی کے منکر کہتے تھے :

مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ

Marfat.com

"بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا؟"

یہ آیتِ کریمہ حشرِ جسمانی کے ان منکروں کا استبعاد دفع کرنے کے لئے ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ جس نے عظیم الشان اور بڑے بڑے جسموں والے زمین و آسمان کو پیدا کیا، کیا وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ ان انسانوں کے چھوٹے قد والے معمولی امثال کو پیدا کر دے یا ذات کے اصول وصفات میں ان کے مثل پیدا فرما دے؟ ہاں وہ اس پر قادر ہے، وہ پیدا کرنے والا، جاننے والا ہے، اس کی شان یہ ہے کہ وہ جب کسی شے کا ارادہ کرتا ہے، فرماتا ہے ہو جا! تو وہ پیدا ہو جاتی ہے۔

لہٰذا اس آیت کا مدلول یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ ابدان کو دوبارہ زندہ کرنے پر قادر ہے اور منکروں کے استبعاد کو دفع کرنا مقصود ہے اور اس جگہ مثل سے مراد وہ ہے جو اجزائے بدنیہ اور بدن سے تعلق رکھنے والی صفات میں مماثل ہو یا کوتاہ قامت اور معمولی ہونے میں مثل ہو نہ کہ تمام کمالات میں مماثل ہو کیونکہ حشرِ جسمانی اور اعادۂ ابدان سے، تمام کمالات میں مماثل کا ذکر کسی طرح تعلق اور مناسبت نہیں رکھتا پس اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اجزائے بدنیہ اور ان سے تعلق رکھنے والے امور یا حجم اور مقدار میں ہر فردِ انسانی کا مثل قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہے، ایسے مقامات میں لفظِ مثل سے تمام کمالات میں مساوی کا سمجھنا علماء کی شان سے بعید ہے آیتِ قرآنی کی یہ تفسیر (جو قائلِ مذکور نے کی ہے) بیان و معانی کے اس عالمِ یگانہ کی تفسیر دانی کی دلیل ہے، تمام کمالات میں حضور سید العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے مساوی کے ممکن ہونے کی دلیل نہیں ہے۔

مقامِ تعجب ہے کہ اس قائل نے اس آیت میں واقع لفظِ مثل سے تمام کمالات میں مساوی سمجھ کر دلیل قائم کرنے میں تکلف سے کام لیا ہے، آسان یہ تھا کہ اللہ تعالےٰ کے ارشاد قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ سے استدلال کرتا، یہ آیت

Marfat.com

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے امثال کے امکان کیا بلکہ وقوع پر دلالت کرتی ہے اور لفظِ مثل اس آیت میں بھی واقع ہے اور لفظِ مثل کا معنی متبادر اس قائل کے ذہن میں وہی ہے جس کے ثابت کرنے کے وہ درپے ہے، کج فہمی اور بد اعتقادی سے خدا کی پناہ اور اسی سے ہدایت اور راستی کی توفیق ہے۔

**دوسری نقلی دلیل اور اس کا رد**

اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام میں متعدد جگہ مخلوقات کے موجود ہونے سے ان کے امثال پر اپنی قدرت کے محیط ہونے پر استدلال فرمایا ہے جیسے کہ بہت سی آیات میں زمین کے زندہ کرنے، بارش نازل کرنے سے مردوں کے زندہ کرنے پر استدلال فرمایا ہے، مثلاً ارشاد فرمایا :

وَهُوَ الَّذِيٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْشَرْنَا
بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ۔

باپ کے بغیر حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے باپ کے بغیر حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے پیدا کرنے کے امکان پر استدلال فرمایا :

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ
مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔

حاصل یہ کہ استدلال کا یہ انداز قرآنِ پاک میں عام ہے بنا بریں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجود خود دلیل ہوگا اس امر پر کہ آپ کا مثل پیدا کرنا قدرتِ الٰہی کے لئے ممکن ہے گویا اس صورت میں دلیل کی ترتیب یہ ہوگی کہ اگر نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا وجود قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہے تو آپ کے مثل کا وجود بھی قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہوگا لیکن وجودِ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہے لہٰذا آپ کے مثل کا وجود بھی قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہوگا کیونکہ قرآنِ پاک کے ارشاد کے مطابق قدرت کے تحت

Marfat.com

داخل ہونے یا داخل نہ ہونے میں دو مثلوں کا حکم ایک ہوتا ہے۔

**جواب** یہ شبہ بھی وہم سے زیادہ نہیں ہے کیونکہ اوصاف دو قسم ہیں:
(۱) جن کا اشتراک دو چیزوں کے درمیان ممکن ہو اور وہ اشتراک سے مانع نہ ہوں، مثلاً باپ کے بغیر پیدا ہونا کہ دو فردوں میں مشترک ہونے سے مانع نہیں ہے حضرتِ آدم علیہ السلام کا اس وصف سے موصوف ہونا، حضرتِ عیسےٰ علیہ السلام کے اس وصف سے موصوف ہونے کے منافی نہیں ہے کیونکہ بغیر باپ کے ایک شخص کے پیدا ہونے سے لازم نہیں آتا کہ دوسرے شخص کا اتصاف اس وصف سے منتفی ہو جائے، اسی طرح زمین کے قابل زندگی ہونے سے لازم نہیں آتا کہ مردوں کا اس سے اتصاف منتفی ہو جائے۔

(۲) جن کا اشتراک دو چیزوں میں ممکن نہ ہو مثلاً تمام انبیاء کا خاتم ہونا کہ ایک شخص کا اس صفت سے متصف ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ دوسرا فرد اس سے متصف نہ ہو (یعنی ایک شخص خاتم الانبیاء رہا تو دوسرا خاتم الانبیاء نہیں رہے گا)

پس اگر کوئی چیز ایک وصف سے موصوف ہو اور وہ وصف قسم اول سے ہو تو اس چیز کا وجود اس کے مثل کے ممکن ہونے کی دلیل ہو سکتا ہے اور یہی قرآنِ پاک کا مطلب ہے اور اگر وہ وصف قسم ثانی سے ہو تو اس کے موصوف کا وجود، اس وصف میں مماثل کے وجود کے ممکن ہونے پر دلیل نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس شخص کا اس وصف سے موصوف ہونا دلالت کرتا ہے کہ اس وصف میں اس کا شریک ممتنع الوجود ہے ورنہ وہ وصف ممکن الاشتراک ہو جائے گا اور یہ خلاف مفروض ہے۔

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے موجود ہوتے ہوئے تمام کمالات میں آپ کے برابر کے ممکن ہونے پر اس قائل کا استدلال اس صورت میں قابل توجہ ہو سکتا تھا کہ یہ قائل پہلے ثابت کرتا کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات کے تمام

Marfat.com

اوصافِ کاملہ قسم اول سے ہیں اور ممکن الاشتراک ہیں اور یہی اس مسئلہ کی بنیاد ہے۔
حق آگیا اور باطل چلا گیا بے شک باطل جانے والا ہے۔

**ایک اور شبہ** اس جگہ ایک امر باقی ہے جس کا اظہار ضروری ہے کہ یہ قائل عوام کالانعام کو اس سے غافل پاکر حیلہ سازی سے ان بیچاروں کو دامِ فریب میں پھنسا دیتا ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے مساوی کے ممتنع ذاتی ہونے سے حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا واجب بالذات ہونا لازم آتا ہے ؎

**جواب** یہ فریبِ نظر سے زیادہ کچھ نہیں، حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے مساوی کے ممتنع ذاتی ہونے سے آپ کا وجوبِ ذاتی لازم نہیں آتا، ہاں شئے کی نقیض ممتنع ذاتی ہو تو لازماً وہ شئے واجب بالذات ہوگی لیکن شئے کا مساوی فی الکمالات کہاں اور اس کی نقیض کہاں، نیز کمالات میں بے نظیر و بے مثال ہونا وجوب ذاتی کا خاصہ نہیں ہے، وجوبِ ذاتی کا خاصہ یہ ہے کہ حقیقت میں شرکت متصور نہ ہو کیونکہ وجوبِ ذاتی کا مصداق حقیقتِ احدیہ بسیطہ بذاتہا متشخص ہے جو قابلِ اشتراک ہی نہیں ہے۔

بعض رسائل میں اس قائل کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ کمالات میں نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے مساوی کے ممتنع ذاتی ہونے کا قول ایسا ہے کہ موحدین کی شان سے بعید ہے اور اس کے سننے سے موحدین کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، اگر یہ جہالت نہیں تو پھر کیا ہے؟

اسی طرح اس قائل نے بعض رسائل میں یہ بھی کہا ہے کہ یہ کلام یعنی وہ بے فائدہ

---

؎ یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا مساوی ممتنع بالذات تبھی ہوگا جبکہ آپ واجب بالذات ہوں گے اور اگر آپ ممکن بالذات ہوں تو آپ کا مساوی بھی ممکن بالذات ہوگا، یہ شبہ بشیر الدین قنوجی نے بھی کشف العلم میں پیش کیا ہے ۱۲ اشرف قادری

Marfat.com

گفتگو (امکانِ نظیر کا قول) حضور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ بندگی کا اظہار ہے، یہ بھی بے معنی گفتگو اور خیالِ باطل ہے کیونکہ تمام کمالات میں حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مساوی کے ممتنع ذاتی ہونے کا قول آپ کے مخلوقِ خداوندی اور اس کا بندۂ مکرم ہونے کے منافی نہیں ہے لیکن جاہلوں کو فریب دینے کے لئے حیلہ تراشی کارآمد ہے لہذا حیلہ سازی اور صدق و اخلاص کی آبرو لٹانے پر مجبور ہے، اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور وہی سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

---

Marfat.com

# مقامِ ثالث

اس امر کے بیان میں کہ یہ گمراہانہ اور گمراہ کن کلام اس ذاتِ کریم کی توہین وتنقیص پر مشتمل ہے جن کی تعظیم فرض ہے اور جو بارگاہِ الٰہی کے مقربین کے سردار ہیں، صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیہم وسلم۔

جاننا چاہیئے کہ کسی کلام کا کسی کی توہین وتنقیص پر مشتمل ہونا اس کے صادق یا کاذب ہونے سے متعلق نہیں ہے، لبسا اوقات کلام صادق تحقیر پر اور کلامِ کاذب تعظیم وتوقیر پر مشتمل ہوتا ہے، اسی طرح کلام کا کسی کی توہین وتنقیص پر دلالت کرنا اس سے متعلق نہیں ہے کہ کلام سے مضمون کے واقع ہونے پر صراحۃً یا اشارۃً دلالت کا پتہ چلے بلکہ ایک عبارت مقتضائے حال کے مطابق کبھی تعظیم پر دلالت کرتی ہے اور کبھی تحقیر وتذلیل پر، مثلاً جب کہا جائے کہ " فلاں ایک انسان ہے" اگر مقتضائے حال کے مطابق کلام کا سیاق وسباق تعظیم وتوقیر کے مناسب ہو تو یہ کلام کمال تعظیم و تکریم پر دلالت کرے گا اور اس معنی پر دلالت کرے گا کہ فلاں شخص نوعِ انسان میں یگانۂ زماں اور اپنے امثال میں منفرد ہے اور اگر حالی یا لفظی قرینہ اس شخص کی اہانت کا مقتضی ہو تو یہی کلام اس شخص کی تنقیصِ شان پر دلالت کرے گا، اس کلام کا یہ مطلب ہوگا کہ فلاں شخص عام سا انسان ہے جس کی کوئی وقعت نہیں۔

اسی طرح اگر یہ کہا جائے کہ اگر فلاں خنزیر ہوتا تو نجاستیں کھاتا، یقیناً یہ کلام اس شخص کی تحقیر پر دلالت کرے گا، اگرچہ یہ جملہ شرطیہ ہے اور اس کی شرط کا واقع ہونا

Marfat.com

ضروری نہیں ہے اور اگر کہا جائے کہ اگر فلاں شخص فرشتہ ہوتا تو ملائکہ مقربین کی لڑی میں ہوتا، یہ کلام اس شخص کی عظمتِ شان پر دلالت کرے گا اگرچہ اس کا مقدم (پہلا جزء) ممکن الوقوع نہیں ہے۔

جس طرح مقتضائے حال کے اعتبار سے توہین یا تعظیم پر دلالت کرنے میں کلام مختلف ہوتا ہے اسی طرح حالِ قائل کے مختلف ہونے سے کلام اس دلالت میں اختلاف پذیر ہوتا ہے مثلاً اگر کوئی بلند مرتبہ سردار کہے کہ میں ناچیز انسان ہوں، اس کی زبان سے یہ کلام کم مایہ ہونے پر دلالت نہیں کرتا بلکہ اس کا یہ کلام کمالِ تواضع پر دلالت کرتا ہے جو قابلِ تعریف و توصیف ہے، اور اگر کوئی کمینہ ایسے سردار کے بارے میں کہے کہ وہ ناچیز انسان ہے، یہ گراں کلام اس رذیل کی زبان سے، اس معزز سردار کے لئے انتہائی تحقیر اور تذلیل ہے، اسی طرح اگر بادشاہ اپنے دربار کے انتہائی مقرب اور مکرم وزیرِ اعظم کو اپنی قدرت اور سلطنت کے اظہار کے لئے کہے کہ اگر میں چاہوں تو تم سے وزارت چھین لوں، رعایا کے کسی معمولی آدمی کو تمہارے منصب پر فائز کر دوں اور تمہیں جیل بھیج دوں یا تمہیں تختۂ دار پر لٹکا دوں، بادشاہ کی زبان سے یہ کلام وزیر کی شان کی تخفیف نہیں ہے اور اگر کوئی معمولی سا سپاہی کہے کہ اگر بادشاہ چاہے تو تم سے وزارت چھین لے، رعایا کے کسی معمولی انسان کو تمہارے مقام پر فائز کر دے اور تمہیں جیل بھیج دے یا پھانسی چڑھا دے، اس کلام میں قابلِ تکریم وزیر کی انتہائی تذلیل ہے اور اس کا مرتکب بادشاہ کی عادلانہ رائے میں وزیر کی توہین کے نتیجے میں سخت سزا کا مستحق ہو گا کیونکہ اس عام سے سپاہی کا یہ مقام نہیں ہے کہ لائقِ تعظیم، بلند مرتبہ وزیر کے بارے میں ایسا کلام زبان پر لاتا بلکہ اس کی یہ حیثیت بھی نہیں ہے کہ تعظیمی کلمات ملائے بغیر وزیر کا نام لے، اربابِ عقل کو سمجھانے کے سلسلے میں مزید طوالت کی ضرورت نہیں ہے، مثلاً اللہ تعالےٰ کا ارشاد :

Marfat.com

قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

"اے حبیب! تم فرما دو کہ میں ظاہراً تمہاری طرح انسان ہوں"

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تخفیفِ شان پر مشتمل نہیں ہے، انبیاء و مرسلین کی دعوت کے جواب میں زمانۂ ماضی کے کافروں کا یہ کہنا :

مَا اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا

"تم نہیں ہو مگر ہم جیسے انسان"

بلاشبہ ان حضرات علیہم السلام کی تنقیصِ شان پر مشتمل ہے۔

پس اگر آیاتِ قرآنیہ جو اللہ تعالےٰ کے کلامِ نفسی کی ترجمان ہیں، ایسے امور پر قدرتِ الٰہیہ کے شامل ہونے پر دلالت کرتی ہیں جن کا عدمِ وقوع نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں، اسبابِ خارجیہ پر نظر کرتے ہوئے قطعی اور یقینی ہے مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد :

لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

"اگر (بالفرض) تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل ساقط ہو جائینگے"

اور وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِیْ اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ۔

"اور اگر ہم چاہتے تو یہ وحی جو ہم نے تمہاری طرف نازل کی اسے لے جاتے۔"

اور وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ۔

"اور اگر ہم تمہیں ثابت قدمی نہ دیتے تو قریب تھا کہ تم انکی

Marfat.com

طرف کچھ تھوڑا سا جھکتے اور ایسا ہوتا تو ہم تم کو دونی عمر اور دو چند موت کا مزہ دیتے ۔"

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخفیف و تنقیص پر دلالت نہیں کرتا، مگر کسی امتی کا یہ مقام نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں ایسے کلمات کہے جو ان آیاتِ کریمہ کا مفہوم ادا کرتے ہوں کیونکہ مخلوق کی زبان سے ایسے کلمات، اللہ تعالیٰ کے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان پر مشتمل ہیں۔

جب یہ معلوم ہو چکا ہے کہ متکلم کے مختلف ہونے سے تنقیص پر دلالت کرنے یا نہ کرنے میں کلام کا حال مختلف ہوتا ہے تو کسی شخص کو یہ گمان نہ کرنا چاہیے کہ اگر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں ایسے کلمات کا زبان پر لانا تخفیف اور تنقیص پر مشتمل ہو تو ایسے کلمات پر مشتمل آیاتِ قرآنیہ کی تلاوت اور ان کی تفسیر شرعاً جائز نہ ہوگی (یہ گمان اس لئے غلط ہے کہ تلاوت اور تفسیر اللہ تعالیٰ کے کلام کی ہے، بندہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتا) ہاں یہ پروپیگنڈہ کرنے کے لئے اس قسم کی آیات کو جمع کرنا کہ سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اس قسم کے کلمات قرآن پاک میں واقع ہیں تاکہ جہلاء اور عوام ان آیات کو دلیل بنا کر حضور سرورِ موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں ایسے کلمات کے استعمال کا جواز معلوم کریں اور ان آیات کی بنیاد پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخفیفِ شان میں بیباک ہو جائیں اور اس بے ادبی کی بدولت تباہی اور ہلاکت کے مستحق ٹھہریں، حضور اشرف الاشراف صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں انتہائی بے ادبی پر مشتمل ہے اور عوام اور جہلاء کی زبانوں پر امرِ قبیح کی اشاعت ہے، نعوذ باللہ تعالیٰ من ذلک۔

یہ بھی جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی تعریف و ثنا میں ایسا کلام کرنا ناجائز ہے جس میں کسی طرح بھی اللہ تعالیٰ یا کسی نبی اور رسول یا کسی ولی اور فرشتے کی تخفیفِ

Marfat.com

شان پائی جاتی ہو، خواہ وہ کلام صادق ہو یا کاذب، مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ اللہ تعالےٰ ایسا بے نیاز ہے کہ ملائکہ اور شیاطین اس کی شان کی نسبت سے برابر ہیں یا کوئی شخص کہے کہ تمام اولین وآخرین اللہ تعالےٰ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل ہیں (جیسے کہ تقویۃ الایمان میں ہے) یہ قائل ملائکہ اور اولین وآخرین کی توہین کا مرتکب ہوا ہے اور یہ ناجائز ہے، اس کلام کا اللہ تعالےٰ کی حمد وثنا پر مشتمل ہونا اسے ممنوع اور خلافِ شرع توہین سے خارج نہیں کرسکتا۔

اسی لئے فقہاء فرماتے ہیں " خَالِقُ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِیرِ " اللہ تعالےٰ کی حمد کے لائق نہیں ہے حالانکہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی بھی کسی چیز کو پیدا نہیں کرسکتا، نفیس اشیاء کے پہلو میں حقیر اشیاء کا ذکر، اگرچہ نفی کے ضمن میں ہو، نفیس اشیاء کی تخفیف پر مشتمل ہے، مثلاً اگر کوئی شخص بادشاہ کی تعریف کرتے ہوئے کہے کہ بادشاہ بھکاری نہیں ہے یا کہے کہ بادشاہ چماروں سے بہتر ہے، یہ کلام بھی بادشاہ کی تخفیفِ شان پر مشتمل ہے۔

جس طرح غرضِ مقصود کے لئے کلام کے چلانے سے توہین پر دلالت ہوتی ہے اسی طرح مضمون کلام پر مرتب ہونے والے اثرات سے بھی توہین ہوتی ہے اور اس کلام میں پوشیدہ ہوتی ہے اگرچہ بنظرِ ظاہر یہ وہ آثار مقصود نہ ہوں مثلاً اگر بادشاہ کا کوئی نوکر کہے کہ بادشاہ کے دربار میں فلاں وزیر کی گفتگو فائدہ یا نقصان کا سبب نہیں ہوسکتی،

یہ کلام دو طرح شانِ وزیر کی توہین پر مشتمل ہے:

(۱) بادشاہ کے سامنے اس وزیر کا کوئی مقام نہیں ہے اس لئے اس کی بات کوئی وقعت نہیں رکھتی۔

(۲) وزیر کی تعظیم وتکریم کوئی ضروری نہیں کیونکہ وہ نہ کسی کو نفع دے سکتا ہے

Marfat.com

نہ نقصان، اس کی پروا کیوں کی جائے اور کسی کو فائدہ دینے یا ضرر دور کرنے میں اس کا کسی پر احسان نہیں ہے، اس کا شکریہ کیوں ادا کیا جائے؟

یہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ کسی کی توہین چند طرح ہوتی ہے:

(۱) کسی کی توہین عمداً اور ارادۃً کی جائے،

(۲) کسی کی توہین غلطی سے، زبان کی لغزش یا زبان کی لکنت کی بنا پر یا نادانستگی میں، کہ قائل کو جہالت کے سبب خبر ہی نہیں کہ میرا کلام توہین پر دلالت کرتا ہے چنانچہ کسی ظریف نے ایک عام آدمی کو سکھا دیا کہ سادہ لوح، دانا کو کہتے ہیں، اس بیچارے نے یہ لفظ کسی بادشاہ کی خوشامد میں کہہ دیا اور اس لفظ کے کہنے پر سزا پائی۔

اس تمہید کے بعد سنئے کہ اس قائل کا بے فائدہ کلام حضور سیدنا و مولانا سید الاولین والآخرین، دیگر انبیاء و مرسلین، ملائکہ مقربین اور اولیاء عارفین صلوات اللہ تعالےٰ علیٰ سیدنا و علیہم اجمعین کی انتہائی توہین و تنقیص شان پر مشتمل ہے اور اس قائل نے ان حضرات کی توہین و تنقیص کا ارتکاب قصداً کیا ہے اور توہین کی بدترین وجوہ میں گرفتار ہوا ہے۔

**پہلی وجہ** اس کلام سے اول تا آخر قائل کا مقصد یہ ہے کہ انبیاء، اولیاء، ملائکہ اور مشائخ میں سے کسی کی شفاعت، آگ کے عذاب اور برے کردار کی سزا سے کسی گنہگار کی نجات کا سبب نہیں ہو سکتی اور وہ جو بہت سے لوگوں کا عقیدہ ہے کہ ان حضرات کی شفاعت، نجات اور گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے ان کی غلط فہمی ہے، اللہ خود رحم فرما کر اور معافی دے کر اپنے آئین سلطنت کی حفاظت کی خاطر کسی کو برائے نام شفیع بنا دے گا، کسی کی شفاعت، اللہ تعالےٰ کے رحم اور بخشش کا سبب ہرگز نہ ہو گی۔

Marfat.com

یہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دیگر ممدوح حضرات کی تنقیصِ شان اور توہین ہے کیونکہ قرآنِ پاک، احادیث سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ائمہ دین کے اجماع سے ثابت ہے کہ ان حضرات کی شفاعت عموماً اور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت خصوصاً اللہ تعالیٰ کے رحم اور بخشش کا سبب اور عذابِ نار سے بدکردار گناہگاروں کی نجات کا ذریعہ ہے، اور ان کی دعائیں گناہِ کبیرہ سے مرتکب افراد کے حق میں مقبول اور عذاب سے نجات کا سامان ہیں، اس حقیقت کا انکار بارگاہِ الٰہی میں ان حضرات کی قدر و منزلت کی تنقیص اور دربارِ ایزدی میں ان کے مراتب کی تخفیف ہے کیونکہ اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ بارگاہِ الٰہی میں ان حضرات کی قدر و منزلت، گناہگاروں کی نجات کے لئے ان کی شفاعت کی مقبولیت کا سبب ہے پس گناہگاروں کی نجات کے لئے ان کی شفاعت کے دخل اور سبب ہونے کا انکار، بارگاہِ الٰہی میں ان کی عزت و کرامت کا انکار ہے، اگر یہ تنقیصِ شان نہیں تو اور کیا ہے؟

**دوسری وجہ** جب اس قائل کا مقصد معلوم ہو گیا تو اب یہ ذہن میں رکھتے ہوئے کہ اس کا کلام اسی مقصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ اس مقصد کو مسلمانوں کے دل و دماغ میں راسخ کرنے کا تقاضا یہ ہے کہ اہلِ اسلام جن حضرات کو بارگاہِ الٰہی میں جرم و گناہ کی شفاعت کرنے والے سمجھتے ہیں اور انہیں حاجت روائی اور گناہوں کی سزا سے نجات کا وسیلہ اور شفیع کہتے ہیں، مسلمانوں کے دلوں سے ان کی وجاہت، عزت، محبوبیت اور مقبولیت ختم کر کے ان کی محبت و تعظیم اور بارگاہِ الٰہی میں مسلمانوں کے لئے ان کی دعا و شفاعت کی قبولیت اور ان کے مرتبہ و مقام میں فرق ڈالا جائے اور کم کیا جائے اور انہیں باور کرایا جائے کہ وہ عزت و محبوبیت جو قبولِ شفاعت کا سبب ہوتی ہے بارگاہِ الٰہی

Marfat.com

میں کسی کو حاصل نہیں حتیٰ کہ ان کی شفاعت کی امید رکھی جائے۔
یہ بھی مقصد ہے کہ شفاعتِ وجاہت کی نفی میں ایسے کلمات کہے جائیں جو عزت و وجاہت کی نفی پر دلالت کریں مثلاً کہا جائے کہ:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکمِ کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن اور فرشتہ جبریل اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے"

(تقویۃ الایمان)

اور یہ کہا جائے کہ:

"اور جو سب لوگ پہلے اور پچھلے اور آدمی اور جن (یہ تعمیم تمام کافروں، مشرکوں، اشقیاء اور شیاطین کو شامل ہے) جبریل اور پیغمبر ہی سے ہو جائیں تو اس مالک الملک کی سلطنت میں ان کے سبب کچھ رونق بڑھ نہ جائے گی اور جو سب (یہ تعمیم تمام انبیاء و مرسلین سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم، تمام ملائکہ مقربین، شہداء، صدیقین اور صالحین کو شامل ہے) شیطان اور دجال ہی سے ہو جائیں تو اس کی کچھ رونق گھٹنے کی نہیں"

(تقویۃ الایمان)

اس کلام کی غرض وغایت یہ ہے کہ حضور سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیگر انبیاءِ کرام، رسولانِ عظام، ملائکہ مقربین اور اولیائے کرام کی تنقیصِ شان کی جائے اور ان کی عظمت واہمیت کو کم کیا جائے، اگر یہ مقصد اس عبارت میں مضمر اور قائل کے دل میں پوشیدہ نہیں ہے تو یہ کلام لغو ہو جائے گا اور اس کا مقصود برباد ہو جائے گا۔ اب منکشف ہوا کہ شفاعتِ وجاہت کی نفی کرتے ہوئے

Marfat.com

اس کلام کے لانے کا باعث یہی تھا ورنہ صرف یہ کہہ دینے سے مقصد پورا ہو جاتا کہ کسی کو سلطنتِ ایزدی کے کارخانوں میں دخل نہیں ہے ورنہ ہم اس سے پہلے بتا چکے ہیں کہ یہ کلام مقصد کے ساتھ واضح تعلق اور مناسبت نہیں رکھتا۔

**تیسری وجہ** اس کلام کا سیاق و سباق عرفِ عام کے مطابق حضور سید کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تخفیفِ شان اور تنقیص پر دلالت کرتا ہے مثلاً ایک جماعت کسی صاحبِ اقتدار بادشاہ کے وزیر کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتی ہے کہ اسے نوازشِ خسروانہ کی بدولت وہ عزت و کرامت حاصل ہے کہ وہ تمام معزز افراد میں امتیازی مقام رکھتا ہے، ایک شخص چاہتا ہے کہ اس وزیر کے بارے میں اس جماعت کا عقیدہ مخدوش کر دے اور کہتا ہے کہ بادشاہ کی یہ شان ہے کہ چاہے تو کروڑوں انسانوں کو ایک آن میں وزیر کے برابر بنا دے، بلاشبہ یہ کلام اس عالی مقام وزیر کی تنقیص پر دلالت کرتا ہے۔

اسی طرح اگر کسی جماعت کا عقیدہ ہے کہ فلاں عالم پوری دنیا میں بے نظیر اور یگانۂ عصر ہے، ایسے علم و فضل والا بہت کم کوئی موجود ہوگا اور اس کے ہم مرتبہ کا پیدا ہونا بعید ہے، کوئی شخص کہتا ہے کہ :

"خدا چاہے تو ایک آن میں کروڑوں عالم اس کے برابر پیدا کر ڈالے"

یقیناً یہ اندازِ کلام اس عالم کا مرتبہ گھٹانے پر دلالت کرتا ہے، اگرچہ یہ بات سچ ہے لیکن اس کی سچائی تنقیص پر دلالت کرنے کے منافی نہیں ہے، جو شخص اس کلام کے استخفافِ شان پر دلالت کرنے کا انکار کرتا ہے، تین حال سے خالی نہیں ہے :

(۱) یا تو زبان نہیں سمجھتا اور اندازِ کلام سے ناواقف ہے،

(۲) یا بیچارہ تنقیص و توہین کا معنی ہی نہیں جانتا،

(۳) یا پھر ہٹ دھرم ہے کہ بدیہیات کے انکار میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتا۔

Marfat.com

**چوتھی وجہ** کلام کے مضمون اور اس کے حاصل مقصد پر ایک اثر مرتب ہو رہا ہے جو سید الانبیاء، دیگر انبیاء اور اولیاء کی توہین اور ان کی شان سے بے اعتنائی کی طرف لے جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب کسی شخص کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جائے کہ ان حضرات میں سے کوئی بھی نہ تو مجھے فائدہ دے سکتا ہے اور نہ نقصان پہنچا سکتا ہے تو وہ ضرور سوچے گا کہ ان سے محبت کیوں کی جائے؟ ان کی تعظیم و توقیر کیوں کی جائے؟ ان کے آداب کی رعایت کیوں کی جائے؟ ان کے آثار کا احترام کیوں کیا جائے؟ ان کا میری گردن پر کونسا حق ہے جسے ان کی تعظیم کے ذریعے ادا کروں؟ ان کا میری جان پر کونسا احسان ہے کہ ان کی تکریم سے اس کا شکر بجالاؤں؟ ان سے کونسی توقع اور کونسی امید ہے کہ میں ان سے عقیدت رکھوں؟ اس کلام نا تمام کے مفاد پر اعتقاد رکھنے سے بہت سی بے باکیاں اور لاپروائیاں پیدا ہونگی اور یہ اعتقاد خسارے کے اختیار کا سبب بنیگا اور بے ادبیوں اور لاپروائیوں کا راستہ کھول دیگا۔

**پانچویں وجہ** اس کا یہ کہنا:

" اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک کلمہ کُن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن اور فرشتے جبریل اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے "

(تقویۃ الایمان)

تخفیفِ شان پر مشتمل ہے کیونکہ مقامِ ثانی میں مذکور ہو چکا ہے کہ اس کلام کا مطلب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر کروڑوں افراد سے تکوین (ایجاد) کا تعلق صحیح ہے کیونکہ حکمِ کُن کا تعلق اسی شے سے ہوگا جس سے تکوین کا تعلق صحیح ہو، اس مطلب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان ظاہر و باہر ہے جو تمام مخلوق، تمام ممکنات اور جمیع ان افراد سے افضل و اعلیٰ ہیں جن سے تکوین کا تعلق

Marfat.com

ہوسکتا ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر سے تکوین کے تعلق کا صحیح ہونا اس افضلیت کے منافی ہے جو آپ کو ان تمام افراد پر حاصل ہے جن سے تکوین کا تعلق ہو سکتا ہے، یہ منافات محتاج بیان نہیں ہے۔

**چھٹی وجہ** سینکڑوں، ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں اور اس جیسے الفاظ کا کسی شے کی نظیر کے لئے استعمال اس شے کی تحقیر پر دلالت کرتا ہے، شے کے امثال و نظائر جتنے زیادہ ہوں گے، تحقیر اتنی ہی زیادہ ہوگی کیونکہ خوبی میں شے کی نظیر کا ممتنع یا معدوم یا نادر ہونا اس شے کی عظمت اور جلالت شان پر دلالت کرتا ہے اور کسی شے کی نظیر کا ممکن ہونا یا موجود ہونا یا بالقوہ یا بالفعل بکثرت ہونا اس شے کی ناقدری اور ارزانی پر دلالت کرتا ہے، نظیر کی کثرت کے مراتب کے مختلف ہونے سے بے قدری کے مراتب بھی مختلف ہوں گے۔

پس جو کلام شے کی نظیر کے ممتنع ہونے یا معدوم ہونے یا نادر ہونے پر دلالت کرے گا وہ درجہ بدرجہ اس شے کے اعزاز اور توقیر کے مراتب مختلفہ پر دلالت کرے گا یعنی جو کلام نظیر کے ممتنع ہونے پر دلالت کرے، وہ توقیر کے اعلیٰ مرتبے میں ہے، اس کے بعد وہ کلام جو نظیر کے معدوم ہونے پر دلالت کرے پھر وہ کلام کہ اس کے نادر ہونے پر دلالت کرے اور جو کلام کہ وجود نظیر کے صحیح ہونے یا موجود ہونے یا بکثرت ہونے پر دلالت کرے وہ اس شے کے استخفاف اور ارزانی کے مختلف مراتب پر دلالت کرے گا، نظیر کی جتنی کثرت ہوگی اتنی ہی تخفیف ہوگی، مثلاً اگر کہا جائے کہ دو سو افراد زید کی نظیر ہو سکتے ہیں، اس میں تخفیف کم ہوگی بہ نسبت اس کے کہ سینکڑوں افراد زید کی نظیر ہو سکتے ہیں، سینکڑوں کے لفظ میں ہزاروں کی نسبت اور ہزاروں کے لفظ میں لاکھوں کی نسبت اور لاکھوں کے لفظ میں کروڑوں کے اعتبار سے کم تخفیف سمجھی جاتی ہے۔

Marfat.com

اس قائل نے اپنی سرشت کے مطابق "کروڑوں" کا لفظ جو اردو زبان میں استعمال ہونے والے اعداد میں بہت بڑا عدد ہے، استعمال کیا ہے تاکہ روزِ محشر مقبول شفاعت کرنے والے تمام انسانوں کے سردار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زیادہ سے زیادہ تخفیفِ شان کرے اور زیادہ سے زیادہ جہاں کو کفر اور گمراہی میں ڈالے۔

**ساتویں وجہ** قائلِ مذکور نے حضور سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم جن کی تعظیم فرض ہے، کا نامِ پاک کمال بے باکی سے ذکر کیا ہے کہ اس کے ساتھ کوئی تعظیم و تکریم کا کلمہ اور صلوٰۃ و سلام نہیں لایا، ہاں! اس کی کلام کی غرض کے مناسب یہی تھا۔

اس بے باکی کو افضل الصدیقین، خیر البشر بعد الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام حضرتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ارشاد پر قیاس نہیں کیا جا سکتا، انہوں نے حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

مَنْ كَانَ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللهَ فَإِنَّ اللهَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ۔

"جو شخص حضور کی عبادت کرتا تھا (وہ جان لے) کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وصال فرما چکے ہیں اور جو اللہ تعالےٰ کی عبادت کرتا تھا تو بے شک اللہ تعالےٰ زندہ ہے جسے کبھی موت نہیں آئے گی۔"

اس قول پر قیاس اس لئے درست نہیں کہ حضرتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے قرآنِ کریم سے اقتباس کیا تھا، یعنی اللہ تعالےٰ کا یہ ارشاد:

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ

Marfat.com

الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا۔

اگر نامِ پاک کو تعظیم و توقیر کے کلمہ یا صلوٰۃ وسلام کے ساتھ لاتے تو اقتباس فوت ہوجاتا اور ان کے کلام کا مقصد فوت ہوجاتا، ان کا مقصد غمگین اور پریشان حال صحابہ کو تسلی دینا تھا، ان میں سے بعض تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے وصال ہی کا انکار کرتے تھے کیونکہ ایسے مقام اور عام پریشانی کی جگہ میں حضور سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نامِ پاک کے ساتھ تعظیم و اکرام کے کلمات ملانے اور صلوٰۃ وسلام کے اضافہ سے یہ کلام اظہارِ رنج و غم بن کر رہ جاتا، اہلِ اسلام کو اور زیادہ رلاتا اور خاک و خون میں لوٹا دیتا اس لئے مناسب یہی تھا کہ قرآنِ مجید کی آیت سے اقتباس کرتے اور اس پر کچھ اضافہ نہ کرتے، ہر بات کا ایک وقت اور ہر نکتے کا ایک مقام ہوتا ہے۔

البتہ یہ قائل، کہہ سکتا ہے کہ اس جگہ غرضِ مقصود کے مناسب وہی تھا جو اس کی زبان سے نکلا ہے، اگر وہ کلمۂ تعظیم یا صلوٰۃ وسلام کا اضافہ کر دیتا تو اس کے مقصدِ اصلی اور مرادِ دلی نیز سیاق و سباق کے مطابق نہ ہوتا، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نامِ پاک کی تعظیم کا بیان انشاء اللہ تعالےٰ مقامِ رابع میں ہوگا، انتظار کیجئے۔

**آٹھویں وجہ**

اردو میں "کر ڈالے" کا لفظ اہانت اور استخفاف پر دلالت کرتا ہے مثلاً اگر کوئی شخص کہے کہ "چاہوں تو فلاں کام کر ڈالوں" یہ کلام اس کام کے خفیف اور ہلکا ہونے پر دلالت کرتا ہے، اور اگر کہے کہ "چاہوں تو فلاں کام کر دوں" اس میں وہ دلالت نہیں ہے۔

یہ فرق اردو دان حضرات پر مخفی نہیں ہے کیونکہ اردو میں "ڈالنا" پھینکنے کے معنی میں آتا ہے، اس اعتبار سے اس لفظ سے مرتبہ کی پستی معلوم ہوتی ہے، اس

Marfat.com

قائل کا دل یہ کہنے سے خوش نہیں ہوا کہ چاہے تو پیدا کرے، کیونکہ یہ عبارت اس کے مقصدِ دلی سے چنداں مناسبت نہیں رکھتی اور کمال استخفاف پر دلالت نہیں کرتی ہاں ع

از کوزہ ہماں تراود کہ در وست
"کوزہ سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہو"

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

إِنَّ الْكَلَامَ لَفِي الْفُؤَادِ وَإِنَّمَا
جُعِلَ اللِّسَانُ عَلَى الْفُؤَادِ دَلِيْلًا

"بے شک اصل کلام دل میں ہوتا ہے، زبان تو دل کی دلیل بنائی گئی ہے۔"

**اعتراض** اردو میں لفظ "کرڈالنا" وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں اس کام کے جلدی سے کرنے پر دلالت مقصود ہو، اس جگہ بھی یہی دلالت قائل کا مقصود ہے۔

**جواب** اس کے یہ الفاظ :
"ایک آن میں ایک حکم کن سے"

سرعت اور تعجیل پر دلالت کرانے کے لئے کافی تھے، اگر "کرڈالے" کے لفظ سے استخفاف پر دلالت مقصود نہ ہوتی تو اس لفظ کا اضافہ کیوں کیا ؟

باوجودیکہ قائل اپنے کلام کی تاویل میں کہتا ہے کہ اس سے مقصود تکوین کا تعلق نہیں ہے پھر بھی اس عبارت سے ایجاد اور کام کرنے کی سرعت و تعجیل مراد لینا ایسی توجیہ ہے جسے خود قائل بھی پسند نہیں کرتا، ہاں! اپنے کئے کا علاج نہیں ہوتا۔

Marfat.com

یہ الفاظ :

**نویں وجہ** " اور سب لوگ اگلے اور پچھلے اور آدمی اور جن بھی سب ملکر
جبرئیل اور پیغمبر سے ہو جاویں تو اوس مالک الملک کی سلطنت میں
اون کے سبب سے کچھ رونق بڑھ نہ جاوے گی "

کتنے عجیب ہیں! یہ الفاظ غلامانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زبان پر محض نقل کے طور پر بہزار دقت سے جاری ہوتے ہیں حالانکہ نقل کفر، کفر نہیں ہوتی، ورنہ ہر مسلمان ایسے کلمات سن کر ہی لرز جاتا ہے نعوذ باللہ تعالےٰ من ذلک، چہ جائیکہ یہ کلمات خود کہے کہ :

" تمام اولین وآخرین جبرئیل اور پیغمبر سے ہو جائیں "

اپنے مقام پر مذکور ہوگا کہ ایسے قول کو قضیہ شرطیہ کا مقدم بنانا حضرتِ جبرئیلِ امین اور حضرتِ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شانِ جلیل کی انتہائی تحقیر ہے کیونکہ اولین اور آخرین ( اگلے اور پچھلے ) میں شیاطین، مشرکین، جابرہ ملعون اور اشقیاءِ بے دین سب داخل ہیں، ان سب کی برابری اور مماثلت کے الفاظ حضرتِ جبرئیلِ امین اور حضرتِ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہما وسلم کی شان میں استعمال کرنا، اگرچہ قضیۂ شرطیہ کے ضمن میں ہو اسلام کے ان نام نہاد دعویداروں کی زبان پر کس طرح آجاتے ہیں؟

قائل نے اس کلام میں چند وجہ سے دادِ بلاغت دی ہے :

(۱) اگلے اور پچھلے کی تعمیم کے باوجود اس نے آدمی اور جن کی تعمیم بھی ذکر کی ہے حالانکہ صرف پہلی تعمیم اس کا مقصد ادا کر سکتی تھی، اس میں نکتہ یہ ہے کہ پہلی تعمیم صراحۃً، بلا تکلف شیطان کو شامل نہ تھی، مجبوراً لفظ جن کی تصریح کی کہ اگرچہ تکرار کی ضرورت نہ تھی تاہم وہ اہلِ تلبیس کا رئیس یعنی ابلیس بھی اس تعمیم میں داخل رہے (ملخصاً)

Marfat.com

داخل ہوجائے، ایک دفعہ سب اولین کی تعمیم میں دوسری دفعہ تمام پچھلوں کی تعمیم میں اور (تیسری بار) جن کی تعمیم میں اس کا داخل ہونا سمجھا جاتا ہے کَانَ مِنَ الْجِنِّ (وہ جنوں میں سے تھا) اس نکتہ کو اس قائل کی تفسیر دانی کے آثار میں شمار کیا جاسکتا ہے، ایسے مقام پر ایسی رعایت مقتضائے حال کے مناسب واقع ہوئی ہے۔

(۲) اس نے اس جگہ فرشتوں کا ذکر نہیں کیا حالانکہ اس سے پہلے فرشتوں کا ذکر کرچکا ہے، اس میں نکتہ یہ ہے کہ حضرتِ روح الامین اور حضرتِ سید المرسلین علیہما السلام کے ساتھ فرشتوں کی برابری اور ہمسری استخفاف کا فائدہ نہیں دیتی تھی اس لئے اس کی غرض پر کچھ زیادہ دلالت نہیں کرتی تھی۔

(۳) اس کے اس قول میں کلمہ حصر ہے :

"جبریل اور پیغمبر ہی سے ہوجاویں"

اس جگہ اس کی مراد کے چہرہ پر رنگ تازہ دکھائی دیتا ہے، ہاں اپنے دلی مقصد کو اسی طرح آراستہ کرنا چاہیے۔

## دسویں وجہ

اس کا یہ قول :

"اور سب لوگ مل کر شیطان اور دجال ہی سے ہوجاویں تو اوس کی کچھ رونق گھٹنے کی نہیں "

ایسی گفتگو ہے کہ اس کے سننے کے تصور ہی سے اہلِ ایمان کانپ جاتے ہیں اور سننے والا اگرچہ رنگِ اخلاص نہ رکھتا ہو، اس کلام کے سنتے ہی اس کا رنگ اڑجاتا ہے مقربانِ بارگاہِ ذوالجلال کے ساتھ شیطان اور دجال کے ذکر سے اگرچہ مساوات کی نفی کے طور پر ہی ہو، رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں اور اخلاص کی آبرو برباد ہوجاتی ہے، حیف ہے اس شخص کے حال پر جو یہ کہے کہ :

"سب لوگ مل کر شیطان اور دجال ہی سے ہوجاویں"

Marfat.com

کیونکہ "سب لوگ" کا عموم سید کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور تمام انبیاء، ملائکہ، مقربین، اولیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کو شامل ہے، شیطان اور دجال گمراہوں اور گمراہ سازوں کے سرغنہ ہیں، اگرچہ قائل اس بیان کو بطور تلبیس قضیہ شرطیہ کہے، کوئی ایماندار ایسے پوشیدہ اور ظاہر کلمات کو گوارا اور جائز نہیں رکھتا، انہیں زبان پہ لانا تو کجا، سوچ بھی نہیں سکتا۔

سبحان اللہ! اس شخص کا ایمان کیا خوب ہے کہ اپنے کو اہلِ اسلام کا مرشد جانتا ہے اور اپنے مخالفین کو کافر و مشرک کہتا ہے اور بغیر کسی داعیہ اور ضرورتِ شدیدہ کے ایسے ثقیل کلمات جو بارگاہ ربِ ذوالجلال کے مقربین کی سراپا گستاخی ہیں، بے باکانہ زبان پر لاتا ہے، عوام اور جہلاء کی تعلیم کے لئے انہیں اپنی کتاب میں درج کرتا ہے، کوچہ و بازار میں ان کی تشہیر کرتا ہے اور ان کی تلقین سے اپنے حلقہ بگوشوں کی گردن پر طوقِ لعنت رکھتا ہے۔

لیکن اس قائل نے اس کلام میں بھی دادِ بلاغت دی ہے کہ اپنے قول "شیطان اور دجال ہی سے ہو جاویں" میں کلمہ حصر لایا ہے، اس نے اس میں بھی ایک نکتہ رکھا ہے اور دونوں جملوں میں جبریلِ امین و نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور شیطان و دجال کے درمیان طباق (مطابقت) کی رعایت رکھی ہے، اگرچہ ایمان چلا گیا (تو کیا ہوا) رشتۂ بلاغت کا دامن تو ہاتھ سے نہیں جانا چاہیئے، ہاں دلی مقصد کو اسی طرح ظاہر کرنا چاہیئے اور ایسے اہم مقصد کی تعبیر میں بلاغت کی ایسی ہی رعایت کرنا چاہیئے۔

رہا شفاعت کی نفی کا مسئلہ جس کے لئے ایسے گوناگوں کلمات اور "دقیق مضمون والی عبارتیں" لایا ہے وہ اس عبارت سے حل نہیں ہوا، مقصد یہ تھا کہ قدرتِ الٰہی کے کارخانوں میں کسی کو دخل نہیں ہے حتیٰ کہ اس کی خوشی اور دلداری سے سلطنت

Marfat.com

رونق میں اضافہ ہو یا اس کی ناخوشی اور بے دلی سے رونق جاتی رہے (جب یہ مقصد ثابت نہیں ہوا تو) یہ عبارت آرائی اور بیہودہ سرائی کس لئے ہے؟ لیکن یہ قائل اپنی عادت سے مجبور ہے کہ اکثر اپنی گفتگو میں انبیاء، ائمہ، اولیاء اور شہیدوں کا ذکر شیطانوں، بدبختوں، خبیثوں اور سرکشوں کے ساتھ لاتا ہے اور علم بدیع کی صنعت طباق (تطبیق) نہیں چھوڑتا اور پاس ادب اس طریقے کے لئے سرمایۂ بلاغت صرف کرنے سے باز نہیں آتا تاکہ رشتۂ بلاغت کا دامن نہ چھوٹ جائے اگرچہ ایمان برباد ہو جائے، اگر اس کی عبارت پر علمی مواخذہ کیا جائے تو جواب دیتے ہوئے جان کو آتا ہے اور مبلغ علم کی نمائش کرتا ہے حالانکہ بیہودہ گوئی اور ہرزہ سرائی کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتا۔

اب سنئے! اس کا یہ قول :

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ چاہے تو ایک آن میں ایک حکم کن سے" (الیٰ آخرہ)

اگر قضیہ حملیہ ہے تو دو وجہ سے باطل ہے :

(۱) اس قضیہ میں حکم حملی نہیں ہے تاکہ قضیہ حملیہ ہو،

(۲) اگر اسے حملیہ فرض کر لیا جائے تو یہ قضایا بتّیہ (جن میں موضوع محقق نفس الامر پر حکم لگایا جاتا ہے) میں سے نہیں ہے کیونکہ اس کا مصداق کبھی بھی نفس الامر میں واقع نہیں ہے لہٰذا یہ قضایا غیر بتّیہ میں سے ہے اور قضایا غیر بتّیہ شرطیات کے مساوی ہوتے ہیں (تفصیل کے لئے حمد اللہ شرح سلّم ملاحظہ ہو) پس اس کا بطلان شق ثانی میں مذکور ہوگا۔

اور اگر یہ قول قضیہ شرطیہ ہے تو اس کا معنی یہ ہوگا کہ "اگر اللہ تعالےٰ چاہے کہ کروڑوں انبیاء، اولیاء، جن اور فرشتے حضرت جبریل امین اور نبی

Marfat.com

اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کرے اور واقع میں لاتے'' پس دو حال سے خالی نہیں، اس شرطیہ کا مقدم واقعی ہے یا غیر واقعی اور فرضی، اگر مقدم واقعی ہے تو لازم آئے گا کہ کروڑوں افراد ہر دو ممدوح کے برابر نفس الامر میں موجود ہوں کیونکہ مقدم موجود ہو تو تالی لازماً موجود ہوگا اور تالی کے وقوع کا قول کفرِ صریح ہے اور اگر مقدم غیر واقعی ہے تو ممتنع بالذات ہے یا ممتنع بالغیر اور دونوں میں مقدم مذکور کہ ممتنع بالذات ہے یا ممتنع بالغیر کا، تالی کو مستلزم ہونا یقینی نہیں ہے (کیونکہ جب مشیتِ ایزدی کا تعلق اس مساوی سے ممتنع بالذات یا ممتنع بالغیر ہونے کی بنا پر نہ ہو سکے گا تو اس مساوی کا وجود کہاں سے ہو سکے گا!)

اگر اس قائل کا عقیدہ یہ ہو کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر کروڑوں افراد سے مشیت کا تعلق ممکن بالذات ہے اور ممکن ذاتی اگرچہ ممتنع بالغیر ہو محال بالذات کو مستلزم نہیں ہو سکتا اور جس شے کے ساتھ مشیتِ ایزدی کا تعلق ہو اس کا واقع نہ ہونا محال بالذات ہے تو اس کے لئے معاملہ اور مشکل ہو جائیگا کیونکہ مقامِ ثانی میں گزر چکا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مساوی کا موجود ہونا کذبِ الٰہی کو مستلزم ہے اور اللہ تعالیٰ کا کذب محال بالذات ہے پس اس اعتقاد پر لازم آئیگا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر کا موجود ہونا محال بالذات ہو، اس تقدیر پر بے چارے کو جلد الزام آجائیگا (کیونکہ جب تالی کا محال بالذات ہونا ثابت ہو گیا تو ماننا پڑے گا کہ مقدم بھی ممکن بالذات نہیں ہے ورنہ محال بالذات کو مستلزم نہ ہوتا)

اسی قیاس پر وہ دو قضایا شرطیہ جو اس قول میں ہیں :

" اور سب لوگ اگلے پچھلے (سے) رونق گھٹنی کی نہیں (نک)"

Marfat.com

قضایا فرضیہ تقدیریہ ہیں یا قضایا واقعیہ نفس الامریہ یعنی یا تو کہا جائے گا کہ ان دونوں شرطیوں کا مقدم غیر واقعی ہے، یا کہا جائے کہ ہر دو شرطیہ کا مقدم واقعی ہے، دوسری شق باطل ہے کیونکہ تمام اگلے اور پچھلے افراد کا حضرت جبریل امین اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہما وسلم کے برابر ہونا یا شیطان اور دجال کے برابر ہونا فی نفسہ اجتماع نقیضین ہے کیونکہ ہر ایک کے پیغمبر ہونے سے لازم آتا ہے کہ ان میں سے بعض پیغمبر نہ ہوں بلکہ امتی ہوں کیونکہ امت کے بغیر پیغمبر کا کوئی مطلب نہیں اور ہر کسی کا شیطان ہو جانا اس طرح کہ کوئی بھی ایسا فرد نہ ہو جو اس سے گمراہی حاصل کرے، خلافِ عقل ہے (یعنی بعض افراد لازماً ایسے ہوں گے جو گمراہی حاصل کریں گے ورنہ شیطان کیسے گمراہ کرے گا؟) پس وہ بعض شیطان نہیں ہو سکتے بلکہ اس کے خدمتگار اور فرمانبردار ہوں گے لہذا ہر دو شرطیہ کا مقدم جو اجتماعِ نقیضین پر مشتمل ہے، محال ہے اور مقدم محال ہو تو اس کا تالی کو مستلزم ہونا یقینی نہیں ہوتا کیونکہ مقدمِ محال کا نقیضِ تالی کو مستلزم ہونا ممکن ہے۔

یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ سلطنتِ الٰہی اور اس کی رونق سے قائل کی مراد کیا ہے؟ اگر سلطنت سے مراد ملک وملکوت میں مشیت کے مطابق اللہ تعالیٰ کا تصرف ہے اور رونق سے مراد حکمتوں اور مصلحتوں کے مطابق تصرف کا جاری ہونا ہے جیسے کہ تمام عالم اللہ تعالیٰ کی مشیتِ شاملہ اور حکمتِ کاملہ کے مطابق بہترین نظام پر واقع ہے، پس اس بہترین نظام کا باقی رہنا کہ اس میں بعض گمراہ ہیں، بعض مقرب، بعض مردود ہیں، بعض بارگاہِ ایزدی میں مقبول، بعض نجات پانے والے اور بعض بدکرداری کی پاداش میں سزا یافتہ اور جہنمی ہیں، بعض بلند درجات پر فائز اور بعض جہنم کے نچلے طبقوں میں، بعض شقی اور بعض سعید، بعض فائدہ دینے والے اور بعض فائدہ لینے والے ہیں، تقدیرِ مذکورہ (کہ ہر دو شرطیہ کا مقدم واقعی ہو) کے منافی ہے۔

اور اگر اس کی مراد کوئی اور چیز تھی تو اسے بیان کرنا چاہئے تھا تاکہ اس کے

Marfat.com

کلام کا مطلب سامنے آتا، دیکھنا چاہیے کہ قائل نے ایسا بے فائدہ کلام جس کا معنیٰ ہی صحیح نہیں ہے، کس مقام میں؟ کس مقصد کو ثابت کرنے کے لئے؟ کیسے ذہنوں کے لئے؟ اور کیسے عوام کو خطاب کرتے ہوئے استعمال کیا ہے: یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس کی دانست میں شانِ ہدایت، تعلیم ایمان اور عقائد دینیہ کے بیان کے لئے یہی طریقہ مناسب تھا۔

**عذرِ گناہ** بعض خود پرست، ناانصاف جو خبردار اور ہوشیار ہونے کے باوجود غرور کی شارت سے مدہوش ہیں جب دیکھتے ہیں کہ اردو جاننے والے ان ناروا کلمات اور بے سروپا گفتگو سے سیدالانام، دیگر انبیاء، ملائکہ علیہم السلام، اولیاء کرام اور مشائخ عظام کی تخفیف اور تنقیصِ شان سمجھتے ہیں، اسے سن کر کانپ جاتے ہیں اور انہیں اپنے ایمان کا خطرہ پڑ جاتا ہے تو ان کلمات سے ہزار زبان سے اپنی برارت پیش کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ انہیں کوئی فریب دینا چاہیے اور ان کی وحشت و نفرت، دور کرنے کے لئے کوئی حیلہ سامنے لانا چاہیے اس لئے کبھی تو کہتے ہیں کہ ان کلمات میں شانِ الٰہی کی تعظیم ہے، ان سے گریز نہ کرنا چاہیے اور دل میں نفرت نہ لانی چاہیے ورنہ شانِ الٰہی سے بداعتقادی لازم آئے گی اور ایمان و توحید برباد ہو جائیں گے۔

**جواب** یہ الفاظ

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے (الیٰ آخرہ)"

کذبِ الٰہی کے جائز ہونے پر دلالت کرتے ہیں، اللہ تعالےٰ بہت بلند ہے اس سے جو یہ کہتے ہیں، جیسے کہ مقامِ ثانی کی وجہ اول میں مذکور ہوا، وہ کلمات کہ اللہ تعالےٰ کے ناممکن کذب کے جائز ہونے پر دلالت کرتے ہوں ان سے تعظیم و تکریم کا سمجھنا کج فہمی نہیں تو اور کیا ہے؟

اس کے دوسرے قول:

Marfat.com

"اور سب لوگ اگلے اور پچھلے (الی آخرہ)"

کا معنی ہی صحیح نہیں ہے پہلے اس کا معنی درست کرنا چاہیے پھر جلالتِ شانِ الٰہی کی بات زبان پر لائی جائے اور اگر یہ مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے متقین کی نیکیوں اور بدکرداروں کی برائیوں سے بے نیاز ہے تو یہ آیاتِ کریمہ :

مَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۔

"جو شکر کرے وہ اپنے فائدے کے لئے ہی شکر کرتا ہے اور جو کفر کرے تو بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز اور محمود ہے"

اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۔

"اگر تم اور زمین کے تمام باشندے کفر کریں تو بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز اور محمود ہے"

قائل کے اس مقصد کا فائدہ نہیں دیتیں جس کے لئے یہ قائل بیجا عبارت آرائی کے درپے ہے۔

اور اگر ان دو جملوں (اور سب لوگ اگلے اور پچھلے، الی آخرہ) سے مقصد (صرف) یہ ہے کہ کسی کا قدرتِ الٰہی کے کارخانوں میں دخل نہیں ہے تو یہ عبارت اس مقصد کے بیان سے قاصر ہے کہ اللہ تعالیٰ کارکنوں اور کارندوں کا محتاج نہیں ہے اور ہر چیز کو اپنی قدرت کاملہ اور حکمتِ شاملہ سے پیدا فرماتا ہے۔

صاف کیوں نہیں کہا جاتا کہ انبیاء و اولیاء کی شان کی تخفیف اور بارگاہِ الٰہی میں ان حضرات کی وجاہت کی نفی اس کا مقصود ہے اور اس کے بیان کے لئے کوئی دوسری عبارت موزوں نہیں تھی۔ اس مقام کی ابتداء میں گزرا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا میں

Marfat.com

جو کلام حضرات انبیاء و ملائکہ کی توہین پر مشتمل ہو، ثنائے الٰہی پر مشتمل ہونے کے سبب انبیاء و ملائکہ کی توہین پر دلالت کرنے سے خارج نہیں ہو سکتا۔ بالفرض اگر یہ دو جملے تعظیم شانِ الٰہی پر مشتمل ہوں اگرچہ یہ فرض خلاف واقع ہے تاہم یہ اشتمال حضرات انبیاء و اولیاء کی تخفیف شان کے لئے وجہ جواز نہیں بن سکتا۔

**ایک اور قلابازی** کبھی اس کے ہوا خواہ یہ کہتے ہیں کہ ان کلمات سے حضرت سرورِ کائنات، دیگر انبیاء اور ملائکہ علیہم السلام کی تنقیص شان اللہ تعالیٰ کی شان کی نسبت سے ہے اور ایسی تنقیص میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

**جواب** معلوم نہیں کہ اس توجیہ کا کیا مطلب ہے، کیا یہ مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شان سے ان حضرات کی شان کا کم ہونا ان کلمات کا مدلول ہے، یہ واضح غلط فہمی ہے کیونکہ ہم بیان کر چکے ہیں اور پایۂ ثبوت تک پہنچا چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو جو مراتب عطا فرمائے ہیں، ان کلمات سے ان مراتب سے کمی دکھائی گئی ہے اور اس کی قباحت کسی ایماندار پر مخفی نہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ مقامِ رابع میں مذکور ہو گی۔

باایں ہمہ حضرات ممدوحین کی شان کا شانِ الٰہی سے کم ہونا کلام کی روش پر منطبق نہیں، اس کا مقصد یہ تھا کہ شفاعت، گنہگاروں کی نجات کا سبب نہیں ہے جو لوگ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان حضرات کی شفاعت نجات کا سبب ہو گی وہ بھی ان حضرات کو اللہ تعالیٰ کے بندے ہی مانتے ہیں (معاذ اللہ! اللہ تعالیٰ کے برابر نہیں مانتے معلوم ہوا کہ) شانِ الٰہی سے ان حضرات کی شان کی کمی کا بیان اس قائل کے مقصد کے بیان میں کچھ دخل نہیں رکھتا۔

انصاف شرط ہے، کلامِ الٰہی، احادیثِ طیبہ، صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین، علماء دین اور عرفاء عابدین کے اقوال، شانِ الٰہی کی تعظیم و تکریم سے پُر اور حد شمار سے

Marfat.com

باہر ہیں کسی بیان میں، کسی وقت، کسی جگہ، کسی ایماندار سے ایسے کلمات صادر نہیں ہوئے جیسے کہ اس قائل سے دلی عقیدہ کی بنا پر بے تابانہ سرزد ہوئے ہیں، کیا وہ تمام حضرات تعظیم شانِ الٰہی میں تقصیر کے روا دار تھے کہ انہوں نے ایسے کلمات پر جسارت نہ کی اور ایسا سراپا تنقیص کلام زبان پر نہ لائے؛ شاید اس قائل نے اس کلام کو کَمْ تَرَكَ الْاَوَّلُ لِلْآخِرِ (بہت کچھ پہلے، پچھلوں کے لئے چھوڑ گئے) کے زمرے میں شمار کیا ہے۔

**گیارہویں وجہ** اس کا یہ قول:

"اور وہ مالک الملک اپنے بندوں کو مہنیر اہی نوازے (الیٰ آخرہ)"

روش کے اعتبار سے استخفاف پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس کلام کا مقصد یہ ہے کہ حضور نبی اکرم اور دیگر حضرات انبیاء علیہ وعلیہم السلام کو بارگاہِ الٰہی میں شفاعتِ محبت کا مقام حاصل نہیں ہے اور یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہوتا جب تک بارگاہِ الٰہی میں ان حضرات کی محبوبیت کی نفی نہ کی جائے کیونکہ اگر محبوبیت پائی جائے گی تو اس کے آثار بھی پائے جائیں گے۔ قاعدہ ہے کہ:

اَلشَّيْئُ اِذَا ثَبَتَ ثَبَتَ بِلَوَازِمِهٖ وَاٰثَارِهٖ

"شے جب ثابت ہوتی ہے تو اپنے آثار و لوازم سمیت ثابت ہوتی ہے۔"

یعنی بارگاہِ الٰہی میں ان حضرات کی شفاعت کی پذیرائی اور گناہوں کے محو کرنے میں اس کا فائدہ اور اللہ تعالیٰ کا ان حضرات کی رضا چاہنا کہ یہ سب محبت و محبوبیت کے آثار ہیں جو اس قائل کے زعم میں مترتب نہیں ہیں ورنہ شفاعتِ محبت متحقق ہو جائے گی، جب محبوبیت کے آثار و لوازم منتفی ہوئے تو محبوبیت بھی منتفی ہو گی اگرچہ بظاہر اور برائے نام حضور صلی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم کو حبیب اللہ کا لقب دیا جائے کیونکہ اعتبار معنی کا ہوتا ہے نہ کہ لفظ کا۔

اس کا ... سے محبوبیت کے آثار کی نفی مقصود ہے جسے محبوبیت کی نفی لازم ہے اور اس طریقے سے محبوبیت کی نفی تصریح سے زیادہ بلیغ ہے (کیونکہ اسطرح صرف محبوبیت کی نفی ہی نہیں کی بلکہ اس نفی پر دلیل بھی دیدی ہے) خصوصاً مقام استخفاف میں حبیب تعریض اور اشارہ ہے۔ یہ تنقیص شان، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس مقام کے لحاظ سے ہے جو آپ کو بارگاہ رب العزت میں حاصل ہے، اس کا کچھ حصہ اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے تمام محبوبوں سے زیادہ محبوب ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کی رضا کا طالب ہے، آپ کی شفاعت کو قبول کرنے والا ہے اور آپ کی شفاعت کی مقبولیت کا سبب آپ کی محبوبیت ہے، یہ حقیقت آیاتِ قرآنیہ اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے جیسا کہ مقام اول میں تفصیلاً گزرا (یہ بھی قابل غور ہے کہ) ایسے مقام میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر تنکیر (تعیین کے بغیر) کے ساتھ تحقیر کا فائدہ دیتا ہے، چنانچہ وہ کہتا ہے:

"اور کسی کو حبیب کا"

یہ قول، مراد قائل (تحقیر) کا فائدہ دینے میں اہمیت رکھتا ہے۔

**بارہویں وجہ**

اس قائل نے تیسری صورت میں بیان کیا اور اس قسم کو اللہ تعالیٰ کے حق میں جائز رکھا ہے اس سے صراحۃً پتہ چلتا ہے کہ جو گنہگار بخشے جائیں گے اور نجات پائیں گے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں طلب شفاعت اور التجا نہیں کریں گے اور آپ کی پناہ نہیں لیں گے حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقام یہ ہے کہ تمام اولین و آخرین مجبور و ناچار ہو کر اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام سے ناامید ہو کر مخلوقات کے ملجاء و ماویٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پناہ لیں گے اور آپ سے شفاعت طلب کریں گے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحمت بے پایاں سے ان

Marfat.com

کے لئے بارگاہِ الٰہی جل شانہ میں شفاعت کریں گے، یہ بیچارے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے فیضِ توجہ سے مصائب ومشکلات سے نجات پائیں گے، تمام انبیاء و رسل علیہم السلام حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور حضرتِ ابراہیم و حضرتِ موسےٰ علیہما السلام آپ کی امت میں آجائیں گے، یہ حقیقت احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے۔ کیا یہ کلام حضور سید الکرام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان نہیں ہے؟

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

اَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

"میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہونگا"

علماءِ دین نے اس حدیثِ صحیح کے بیان میں فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا اور آخرت میں تمام انسانوں کے سردار ہیں لیکن روزِ قیامت کی تخصیص اس لئے کی کہ سید (سردار) وہ ہے کہ لوگ اپنی حاجتوں میں اس کی پناہ لیں، اس سے التجا کریں، حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم قیامت کے روز اس صفت میں منفرد ہوں گے کہ تمام اولین وآخرین جب مرسلین سے التجا کریں گے تو سوائے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے کوئی جائے پناہ نہیں پائیں گے، گویا یہ حدیث اس حکم میں درجِ ذیل آیت کے مشابہ ہے:

لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

"آج کس کی شاہی ہے، اللہ واحد قہار کی!"

کیونکہ ہر آن اور ہر زمانہ میں بادشاہی اللہ تعالےٰ ہی کے لئے ہے مگر خصوصی بادشاہی کا ظہور اس طور پر کہ کوئی شخص بادشاہی کا دعوےٰ جھوٹے منہ سے بھی نہیں کرسکے گا قیامت کے دن ہی ہوگا۔

Marfat.com

اس کا قول :

تیرہویں وجہ "اوس امیر نے اوس چور کی سفارش اس واسطے نہیں کی کہ اوس کا قرابتی ہے یا آشنا یا اوس کی حمایت اوس نے اٹھائی بلکہ محض بادشاہ کی مرضی سمجھ کر کیونکہ وہ تو بادشاہ کا امیر ہے نہ چوروں کا تھانگی"

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شانِ رفیع کی انتہائی تنقیص پر دلالت کرتا ہے، اس کا بیان یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان یہ ہے کہ آپ امت کے حال پر انتہائی رحمت وشفقت رکھتے ہیں چنانچہ اللہ تعالےٰ نے قرآن پاک میں رحمت و رأفت سے آپ کی نعت فرمائی ہے اور ارشاد فرمایا ہے :

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

"تحقیق تمہارے پاس تم میں سے رسولِ عظیم آئے ان پر تمہاری مشقت گراں ہے، تم پر حریص ہیں، مومنوں پر مہربان اور رحیم ہیں"

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت کے حال پر رحمت و رأفت کے سبب ان کے بارے میں متفکر رہتے تھے اور ان کی مغفرت کے لئے بارگاہِ الٰہی میں دعا کیا کرتے تھے،

چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں ہے :

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا قَوْلَ اللّٰهِ فِي سُوْرَةِ إِبْرَاهِيْمَ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَإِنَّهٗ

Marfat.com

مِنِّيْ وَقَالَ عِيْسٰى اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ
فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ وَبَكٰى
فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَاجِبْرَئِيْلُ اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ
وَرَبُّكَ اَعْلَمُ مَا يُبْكِيْهِ فَاَتَاهُ جِبْرَئِيْلُ
فَسَاَلَهٗ فَاَخْبَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله تعالى
عليه وسلم بِمَا قَالَ فَقَالَ اللّٰهُ لِجِبْرَئِيْلَ
اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ فَقُلْ اِنَّا سَنُرْضِيْكَ
فِيْ اُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْءُكَ۔

اس حدیث کا ترجمہ مقامِ اول میں گزر چکا ہے، اسی طرح دوسری حدیثوں میں وارد ہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم قیامت کے روز بھی امتی امتی فرمائیں گے، اس حدیث اور دوسری حدیثوں سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم امت کی شفاعت بر بنائے رحمت ورأفت کی بنا پر فرمائیں گے اور ان کی مغفرت کے لئے اللہ تعالےٰ کی رضا حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے سبب ہوگی، یہ رحمت و رأفت جو امت کی شفاعت کا سبب ہے یہ قائل اسے طاقِ نسیان میں رکھ کر بتقاضائے رحمت ورأفت گنہگاروں کی حمایت کو چوروں کی جانبداری سے تعبیر کرتا ہے، اگر یہ استخفافِ شان نہیں تو کیا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم جس طرح بارگاہِ الٰہی جل مجدہ کے مقرب ہیں اسی طرح امت اگرچہ گنہگار اور بدکردار ہے، کے حال پر رؤف و رحیم بھی ہیں، یہ سراپا گمراہی کلام دو وجہ سے حضور سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان ہے۔

(۱) اس قائل نے صفتِ رأفت و رحمت کو جو سبب شفاعت ہے، جان بوجھ کر طاقِ نسیان میں رکھ دیا۔

Marfat.com

(۲) بتقاضائے رحمت و رأفت گنہگاروں کی شفاعت کو چوروں کی جانبداری قرار دیا۔ ہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انعامِ رحمت و رأفت کا شکریہ اسی طرح ادا کرنا چاہیئے ؎[1]

اس کا یہ قول :

**چودھویں وجہ** " اور جو چور کا حمایتی بن کر اس کی سفارش کرتا تو آپ ہی چور ہو جاتا ۔"

قبیح تعریض ہے۔ اس کا بیان یہ ہے کہ پہلے " چور کے حمایتی " سے قائل کی مراد سمجھنا چاہیئے

" چوروں کے حمایتی "، کے دو مطلب ہو سکتے ہیں :

(۱) وہ ہے جو چوری کو پسندیدہ فعل اور چور کو بے گناہ خیال کر کے چور کی حمایت میں بادشاہ کے مقابلہ اور مزاحمت کے لیئے اٹھے اور کہے چور سزا کا مستحق نہیں ہے یا کہے بادشاہ اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ چور کو سزا دے اس لیئے کہ میں اس کا حامی ہوں۔

چور کا ایسا حمایتی واقعی خود گنہگار ہے اور بدکرداروں کا ایسا حامی خود بدکردار ہے لیکن ایسے شخص کو چور کا شفیع نہیں کہہ سکتے کیونکہ بادشاہ کے حضور چور کی شفاعت اور چیز ہے، بادشاہ سے بغاوت اور باغیوں کی پشت پناہی امرِ دیگر ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس معنی کی نفی اس مقام سے کوئی تعلق اور مناسبت نہیں رکھتی کیونکہ اس معنی کی نفی سے شفاعت کا بے دخل ہونا اور

---

[1] اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

اور تم پر مرے آقا کی عنایت نہ سہی

نجدیو کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا؟

Marfat.com

مجرموں کی نجات کا سبب نہ ہونا ثابت نہیں ہوتا لہٰذا اس معنی کا ارادہ قائل کی مراد سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔

(۲) وہ شخص کہ گرفتاری کے بعد ناچاری، شرمساری، ذلت وخواری اور غم وکربہ کے سبب چور کے حال پر ترس کھا کر چور کو امید دلاتا ہے کہ میں تمہارے لئے بادشاہ کے حضور سفارش کروں گا اور تیری بخشش چاہوں گا، بادشاہ کی بے حد عنایت اور اس کے وعدہ کی بنا پر یقین رکھتا ہوں کہ میری شفاعت قبول فرمائے گا اور گناہ بخش دے گا، بادشاہ کی عنایت اور اس کے وعدہ کی بنا پر میں تیری شفاعت کا ذمہ لیتا ہوں، پھر وہ بادشاہ کے پاس جاکر شفاعت پیش کرتا ہے، بادشاہ نے اپنی بارگاہ میں اس کے مرتبہ اور اس کی عزت ومحبوبیت اور اپنے اس وعدہ کی بنا پر کہ میں تمہاری سفارش رد نہیں کروں گا شفاعت قبول کرلی اور وہ بیچارا چور نجات پاگیا۔

قائل اسی معنی کے اعتبار سے "چور کے حمایتی" کی نفی کرنا چاہتا ہے کیونکہ اس معنی کے اعتبار سے حمایتی ہونا، اس کے دل کو زخمی کرتا ہے اور چور کے حمایتی کا یہی معنی ہونا چاہیے تاکہ قائل کی مراد (تنقیص انبیاء واولیاء) پوری ہوسکے اور عوام الناس اور فریب خوردہ جہلاء ایسے حمایتی کے ثابت کرنے سے اجتناب کرکے اس کا حلقہ اطاعت کان میں اور تلبیس (مکر) کا پردہ کاندھے پر رکھیں۔

**اہلِ ایمان کا عقیدہ** اب پہلے ایمانداروں کا عقیدہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں سنئے، بعدازاں اس قائل کے کلام کو اس پر منطبق کرکے معلوم کیجئے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان کہاں تک پہنچی ہے؟

ہم مومنوں کا عقیدہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ازراہِ غایت

Marfat.com

رحمت و رأفت اپنی امت کے حال پر ترس کھا کر اور ان سب بے چاروں کو مجبور و ناچار دیکھ کر اور انہیں اپنی بارگاہ کے پناہ جو اور بے سہارا پا کر میدانِ محشر میں ان کے حال پر شفقت و رحمت فرما کر ان کے حامی ہوں گے آپ نے فرمایا ہے :

شَفَاعَتِیْ لِاَهْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ

"میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ والوں کے لئے ہوگی"

اور قیامت کے میدان میں فرمائیں گے :

اَنَا لَهَا

"شفاعت (کبری) کے لئے میں ہوں"

چونکہ امت کے حق میں حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی دعا وہی مقبول دعا ہے جس کے مقبول ہونے کا آپ کو یقین ہے :

نیز اللہ تعالےٰ کا ارشاد :

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی

حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کی پذیرائی کے یقین کا فائدہ دیتا ہے آپ ان کی شفاعت کا ذمہ لیں گے اور اللہ تعالےٰ سے ان کی بخشش طلب کریں گے، اللہ تعالےٰ آپ کی محبوبیت اور عزت و منزلت کے سبب آپ کی درخواست کو مقبول اور آپ کی شفاعت کو منظور فرمائے گا اور حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے سبب. رحمت و مغفرتِ الٰہی ان بے چاروں کے شاملِ حال ہو کر نجات بخش دے گی۔

اب غور کرنا چاہئے کہ چوروں اور گنہگاروں کے ایسے حمایتی کو چھوڑ اور

Marfat.com

ان کا حصہ دار کہنا صریح توہین اور کفر نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ العیاذ باللہ تعالیٰ من ذلک! حضور کا ایسا حمایتی بارگاہِ شاہی کا سب سے زیادہ قریب اور اہلِ منزلت میں سب سے زیادہ بلند ہے کہ اس کی عرض مقبول اور اس کی درخواست منظور ہوتی ہے اور بادشاہ ان کی محبوبیت کے سبب ان کی دل شکنی روا نہیں رکھتا اور بمطابق آیۂ کریمہ :

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

اور حدیث قدسی :

اِنَّا سَنُرْضِيكَ فِي اُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْءُكَ

ہر طرح ان کی رضا جو کر ان کی دلداری کے لئے مجرموں کو معاف فرماتا ہے اور ان کے متوسلین پر غضب اور عذاب نہیں فرماتا چنانچہ جہنم کا داروغہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے عرض کرے گا :

يَا مُحَمَّدُ! مَا تَرَكْتَ لِغَضَبِ رَبِّكَ فِي اُمَّتِكَ مِنْ نَقْمَةٍ،

"یا رسول اللہ! صلی اللہ تعالےٰ علیک وسلم آپ نے تو اپنے رب کے غضب کا کوئی انتقام اپنی امت میں نہیں رہنے دیا۔"

اللہ تعالےٰ ہمیں بداعتقادی سے پناہ دے، زندقہ اور الحاد کے اسباب سے محفوظ رکھے، اپنے حبیبِ پاک اور آپ کی آلِ امجاد کے طفیل، بیشک وہی حفاظت اور ہدایت کا مالک ہے۔

---

Marfat.com

# چوتھا مقام

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور دیگر حضراتِ انبیاء علیہم السلام
کی تخفیفِ شان کے ارتکاب کا حکم اور فقہاء اور علماءِ شریعت کے نزدیک
اس جرمِ شنیع کے مرتکب کے حال میں۔

چونکہ اَلۡاَشۡیَاءُ تُعۡرَفُ بِاَضۡدَادِهَا اشیاء کے احوال، اضداد کے احوال کے مقابلہ سے بہ آسانی معلوم ہو سکتے ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے حضور سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیمِ شان جو از روئے قرآن واجب اور صحابہٴ کرام، اہلِ بیت عظام، علماءِ مجتہدین اور ائمہ اسلام کا معمول رہی ہے کا مختصر بیان بطور "مشتے از خروارے" تحریر کیا جائے، پھر استخفاف اور استخفاف کرنے والے کا حال، شرعی طور پر فقہی روایات کی روشنی میں پیش کیا جائے تاکہ ذہن میں زیادہ راسخ ہو اور طالبِ ہدایت کے لئے زیادہ مفید ہو۔

جاننا چاہئے کہ ایمان یہ ہے کہ دل سے اس امر کی تصدیق کی جائے کہ اللہ تعالےٰ موجود ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے مکرم بندے اور رسول ہیں، ظاہر کی باطن سے موافقت، شہادت کے دو کلموں (اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمداً عبدہ و رسولہ) ان دو چیزوں (توحید و رسالت کی تصدیق) سے ایمان تام ہوتا ہے، ان کے بغیر ایمان ناتمام ہے، پس جو شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی رسالت کی تصدیق کرے اور جو کچھ آپ لائے ہیں، اسے

Marfat.com

... مومن ہے اور جس کے دل میں اس کی تصدیق نہیں ہے وہ ایماندار نہیں ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا

" جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لائے بے شک ہم نے کافروں کے لئے دوزخ کی آگ تیار کی ہے "

## حبِ مصطفیٰ کے بغیر ایمان متصور نہیں

نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے بغیر آپ پر ایمان لانا متصور نہیں ہے، مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ نبیِ اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی جان، باپ، بیٹے اور تمام مخلوق سے زیادہ محبوب رکھے، جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

" یہ نبی، مومنوں کے لئے ان کی جانوں سے بہتر ہیں "

اور سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لَنْ يُّؤْمِنَ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ نَّفْسِهٖ

" تم میں سے کوئی ایک ہرگز ایماندار نہیں ہوگا جب تک میں اسے اس کی جان سے زیادہ محبوب نہ ہوں "

یہ بھی فرمایا :

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

" تم میں سے کوئی ایماندار نہیں ہوگا جب تک میں اسے باپ،

Marfat.com

بیٹے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں "

**علاماتِ محبت** حضور صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی محبت کی بہت سی علامتیں اور آثار ہیں جو آپ کی محبت کے امتحان کے لئے کسوٹی کی حیثیت رکھتے ہیں، ان میں سے ایک علامت حضور صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا بکثرت ذکر کرنا ہے، حدیث شریف میں ہے :

مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ ذِكْرَهٗ

"جو شخص کسی شے سے محبت رکھتا ہے، اس کا ذکر بکثرت کرتا ہے "

کثرتِ ذکر کے ساتھ ساتھ ایک علامت یہ بھی ہے کہ تعظیم و تکریم کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے اور حضور سید الانام صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا نام پاک کمالِ تعظیم و تکریم اور صلوٰۃ وسلام کے ساتھ لے اور نامِ پاک لیتے ہی خوف و خشیت، عجز و انکسار اور خضوع و خشوع کا اظہار کرے،

اللہ تعالے فرماتا ہے :

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا۔

" تم آپس میں رسول کو اس طرح نہ بلاؤ جس طرح ایک دوسرے کو بلاتے ہو "

تفسیر کبیر میں ہے :

لَا تُنَادُوْهُ كَمَا يُنَادِيْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا لَا تَقُوْلُوْا يَا مُحَمَّدُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ وَلٰكِنْ قُوْلُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ۔

Marfat.com

"نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اس طرح نہ پکارو جیسے تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو، یوں نہ کہو یا محمد یا ابا القاسم! بلکہ عرض کرو یا رسول اللہ یا نبی اللہ!" (یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو نام یا کنیت سے نہ پکارو بلکہ اوصاف اور القاب سے یاد کرو)

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ۔

"اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کرو اور ان سے اونچی آواز میں بات نہ کرو جیسے تم ایک دوسرے سے اونچی آواز میں بات کرتے ہو اس خوف سے کہ تمہارے اعمال ساقط ہو جائیں اور تمہیں خبر ہی نہ ہو۔"

ابو محمد مکی فرماتے ہیں:

اَیْ لَا تُسَابِقُوْهُ بِالْكَلَامِ وَلَا تُعَنِّفُوْهُ بِالْخِطَابِ وَلَا تُنَادُوْهُ بِاسْمِهٖ نِدَاءَ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ وَلٰكِنْ عَظِّمُوْهُ وَوَقِّرُوْهُ وَنَادُوْهُ بِاَشْرَفِ مَا يُحِبُّ اَنْ يُّنَادٰى بِهٖ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! يَا نَبِيَّ اللّٰهِ۔

"یعنی کلام میں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سبقت نہ کرو اور آپ سے ہمکلام ہوتے ہوئے سختی سے بات نہ کرو۔ اور

Marfat.com

آپ کا نام لے کر نہ پکارو جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو بلکہ آپ کی تعظیم و توقیر کو اور اشرف ترین اوصاف سے آپ کو ندا کرو جن سے ندا کیے جانے کو آپ پسند فرمائیں اور یوں کہو یا رسول اللہ یا نبی اللہ! صلی اللہ تعالےٰ علیک وسلم۔"

## نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بے ادبی کفر ہے

اللہ تعالےٰ نے اہلِ ایمان کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آواز پر آواز بلند کرنے اور تعظیم و توقیر کے بغیر بلانے سے منع فرمایا اور حضور صلی اللہ تعالےٰ وسلم کی اس بے ادبی کو روا نہیں رکھا اور اس عظیم جرم کے مرتکب کو اعمال کے برباد ہو جانے کی وعید سنائی، معلوم ہوا کہ بارگاہِ رسالت کی بے ادبی اعمال کے ضائع ہو جانے کا سبب ہے اور تمام علمار کا اس پر اتفاق ہے کہ کفر کے سوا کوئی گناہ اعمال کے ضائع ہو جانے کا سبب نہیں ہے اور جو چیز اعمال کے ضیاع کا سبب ہے، کفر ہے۔

اب غور کرنا چاہیے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بے ادبی، اعمال کے ضائع ہو جانے کا سبب ہے اور جو چیز ضیاعِ اعمال کا سبب ہو، کفر ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بے ادبی کفر ہے، یہ بھی پیشِ نظر رہے کہ حیاتِ ظاہری میں اور وصال کے بعد نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان تعظیم و تکریم کے سلسلے میں یکساں ہے۔

## امام مالک کا ابو جعفر منصور سے مکالمہ

ابو جعفر منصور بادشاہ، مسجدِ نبوی میں حضرت امام مالک سے ایک مسئلہ میں گفتگو کر رہا تھا، امام مالک نے اسے فرمایا:

يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ فِيْ

Marfat.com

هٰذَا الْمَسْجِدِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَدَّبَ قَوْمًا فَقَالَ لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ الْاٰیۃ وَ مَدَحَ قَوْمًا فَقَالَ اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ الْاٰیۃ وَ ذَمَّ قَوْمًا اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ الْاٰیۃ وَاِنَّ حُرْمَتَهٗ مَیِّتًا كَحُرْمَتِهٖ حَیًّا فَاسْتَكَانَ لَهَا اَبُوْجَعْفَرٍ وَّقَالَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ وَاَدْعُوْ اَمْ اَسْتَقْبِلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ فَقَالَ وَلِمَ تَصْرِفُ وَجْهَكَ عَنْهُ وَهُوَ وَسِیْلَتُكَ وَ وَسِیْلَةُ اَبِیْكَ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ بَلِ اسْتَقْبِلْهُ وَاسْتَشْفِعْ بِهٖ فَیُشَفِّعُكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ۔

" اے مسلمانوں کے امیر! اس مسجد میں آواز بلند نہ کر کیونکہ اللہ تعالٰے نے ایک جماعت کو ادب سکھایا اور فرمایا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ الْاٰیۃ اور ایک جماعت کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ الْاٰیۃ (وہ لوگ کہ رسول اللہ کے سامنے اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں، اللہ تعالٰے نے ان کے دلوں کو تقوٰے کے لئے منتخب فرما لیا ہے) اور ایک جماعت کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ الْاٰیۃ (جو لوگ تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں، ان میں سے اکثر بے عقل ہیں) بے شک بعد از وصال حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی عزت ایسی

Marfat.com

ہے جیسی آپ کی حیاتِ ظاہرہ میں تھی۔

(یہ سنکر) ابو جعفر نے فروتنی کا اظہار کیا اور کہا اے ابو عبداللہ (امام مالک کی کنیت) قبلہ رُو ہو کر دعا کروں یا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف رُخ کروں؟ امام مالک نے فرمایا تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے کیوں رخ پھیرتا ہے حالانکہ حضورؐ قیامت کے دن بارگاہِ الٰہی میں تیرے اور تیرے جدِ امجد آدم علیہ السلام کے وسیلہ ہیں تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف رُخ کر اور شفاعت کی درخواست کر، اللہ تعالےٰ تیرے لئے شفاعت قبول فرمائیگا۔"

## ذکرِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم

امام اسحاق تجیبی فرماتے ہیں: صحابہ کرام، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ذکر کرتے تو ڈرتے تھے ان کا جسم لرز جاتا ان پر کپکپی طاری ہو جاتی اور وہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت اور شوق کی بنا پر اور بعض صحابہ ہیبت اور تعظیم کے سبب روتے تھے۔

ابراہیم تجیبی فرماتے ہیں کہ:

"ہر مومن پر لازم ہے کہ جب حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ذکر کرے یا اس کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے تو خضوع و خشوع اور فروتنی اختیار کرے، وقار اور سکون سے رہے اور اپنے آپ کو حرکت سے باز رکھے اور اس کی ہیبت میں محو ہو جائے اور اس کی تعظیم میں اس طرح کوشش کرے جس طرح نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ادب کی کوشش کرتا اگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے روبرو ہوتے۔"

Marfat.com

## صحابہ کرام اور تعظیم مصطفٰے صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم | شرفِ صحابیت پر فائز ہونے والوں کا حال سنئے!

حضرت عمرو بن العاص فرماتے ہیں کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے زیادہ نہ تو کوئی محبوب تھا اور نہ ہی میری نگاہ میں آپ سے زیادہ کوئی محترم تھا اس کے باوجود آپ کے احترام کے سبب میں آنکھ بھر کر آپ کے جمال کی زیارت نہ کرسکتا تھا، اگر مجھ سے حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی صفت پوچھی جائے تو میں بیان نہیں کرسکوں گا کیونکہ میں آنکھ بھر کر آپ کے جمال سے بہرہ ور نہیں ہوسکتا تھا حضرت اسامہ رضی اللہ تعالٰے عنہ فرماتے ہیں کہ میں بارگاہِ رسالت میں اس حال میں حاضر ہوا کہ صحابہ کرام آپ کے گرد اس طرح بیٹھے ہوئے تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں یعنی وہ اپنے سروں کو حرکت نہیں دے رہے تھے کیونکہ پرندہ اس جگہ بیٹھتا ہے جو ساکن ہو۔

قَالَ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ حِيْنَ وَجَّهَتْهُ قُرَيْشٌ عَامَ الْقَضِيَّةِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله تعالى عليه وسلم وَرَاٰى مِنْ تَعْظِيْمِ اَصْحَابِهٖ لَهٗ مَا رَاٰى وَاِنَّهٗ لَا يَتَوَضَّأُ اِلَّا ابْتَدَرُوْا وَضُوْءَهٗ وَكَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَيْهِ وَلَا يَبْصُقُ بِصَاقًا وَلَا يَتَنَخَّمُ نُخَامَةً اِلَّا تَلَقَّوْهَا بِاَكُفِّهِمْ فَدَلَكُوْا بِهَا وُجُوْهَهُمْ وَاَجْسَادَهُمْ وَلَا تَسْقُطُ مِنْهُ شَعْرَةٌ اِلَّا ابْتَدَرُوْهَا وَاِنْ اَمَرَ بِاَمْرٍ ابْتَدَرُوْا اَمْرَهٗ وَاِذَا تَكَلَّمَ خَفَضُوْا اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهٗ مَا يُحِدُّوْنَ اِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيْمًا لَهٗ۔

Marfat.com

"عروہ بن مسعود کہتے ہیں کہ جب قریش نے انہیں صلح حدیبیہ کے سال نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا، انہوں نے صحابہ سے نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بے پناہ تعظیم دیکھی، انہوں نے دیکھا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی وضو فرماتے تو صحابہ کرام وضو کا پانی حاصل کرنے کے لئے بے حد کوشش کرتے حتیٰ کہ قریب تھا کہ وضو کا پانی نہ ملنے کے سبب لڑ پڑیں، اس نے دیکھا کہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دہنِ مبارک یا ناک مبارک کا پانی ڈالتے تو صحابہ کرام اسے ہاتھوں میں لیتے، اپنے چہرے اور جسم پر ملتے اور آبرو پاتے، آپ کا کوئی بال جسدِ اطہر سے جدا نہیں ہوتا تھا مگر اس کے حصول کے لئے جلدی کرتے، جب آپ انہیں کوئی حکم دیتے تو فوراً تعمیل کرتے اور جب نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گفتگو فرماتے تو آپ کے سامنے آہستہ بولتے اور ازراہِ تعظیم آپ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھتے۔"

فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰی قُرَیْشٍ قَالَ یَا مَعْشَرَ قُرَیْشٍ اِنِّیْ جِئْتُ کِسْرٰی فِیْ مُلْکِہٖ وَ قَیْصَرَ فِیْ مُلْکِہٖ وَالنَّجَاشِیَّ فِیْ مُلْکِہٖ اِنِّیْ وَاللّٰہِ مَا رَاَیْتُ مَلِکًا فِیْ قَوْمٍ قَطُّ مِثْلَ مُحَمَّدٍ فِیْ اَصْحَابِہٖ۔

"جب عروہ بن مسعود قریش کے پاس واپس گئے تو انہیں کہا اے قومِ قریش! میں کسریٰ، قیصر اور نجاشی یعنی شاہِ فارس شاہِ روم اور شاہِ حبشہ کے پاس ان کی حکومت میں گیا ہوں، بخدا میں نے ہرگز کوئی بادشاہ اپنی قوم میں اتنا محترم نہیں دیکھا جس قدر

Marfat.com

محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب میں معزز ہیں۔"

ایک روایت میں ہے :

اِنْ رَاَیْتُ مَلِکًا قَدْ تَعَظَّمَہٗ اَصْحَابُہٗ مَا نَعَظَّمَ مُحَمَّدًا اَصْحَابُہٗ۔

" میں نے کبھی ایسا بادشاہ نہیں دیکھا کہ اس کے ساتھیوں نے اس کی اس قدر تعظیم کی ہو جتنی محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے آپ کی تعظیم کی ہے۔"

وَقَدْ رَاَیْتُ قَوْمًا لَا یُسْلِمُوْنَہٗ

" تحقیق میں نے ایسی قوم دیکھی ہے جو کبھی بھی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں چھوڑیں گے اور ہمیشہ آپ کی تعظیم کرتے رہیں گے۔"

یہ بھی روایات میں ہے :

لَمَّا اَذِنَتْ قُرَیْشٌ لِعُثْمَانَ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فِی الطَّوَافِ بِالْبَیْتِ حِیْنَ وَجَّھَہُ النَّبِیُّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فِی الْقَضِیَّۃِ اَبٰی وَقَالَ مَا کُنْتُ لِاَفْعَلَ حَتّٰی یَطُوْفَ بِہٖ رَسُوْلُ اللہِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

" جب نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو صلح حدیبیہ کے سال قریش کے پاس بھیجا تھا، قریش نے انہیں بیت اللہ شریف کے طواف کی اجازت دے دی تو آپ نے انکار کر دیا اور فرمایا میں اس وقت تک طواف نہیں کرونگا جب تک نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم طواف نہیں کرتے۔"

Marfat.com

حضرتِ براء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں:

لَقَدْ کُنْتُ اُرِیْدُ اَنْ اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عَنِ الْاَمْرِ فَاُؤَخِّرُ سَنَتَیْنِ مِنْ ھَیْبَتِہٖ۔

"میں چاہتا تھا کہ کسی امر کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سوال کروں لیکن آپ کی ہیبت کے سبب دو سال تک مؤخر کر دیتا تھا۔"

وَبَلَغَ مُعَاوِیَۃَ اَنَّ کَابِسَ بْنَ رَبِیْعَۃَ شَبِیْہُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فَلَمَّا دَخَلَ عَلَیْہِ مِنْ بَابِ الدَّارِ قَامَ عَنْ سَرِیْرِہٖ وَتَلَقَّاہُ وَقَبَّلَ بَیْنَ عَیْنَیْہِ وَاَقْطَعَہٗ الْمِرْغَابَ لِشَبَہِہٖ صُوْرَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

"حضرتِ امیر معاویہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کو اطلاع ملی کہ کابس بن ربیعہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے (صورۃً) مشابہ ہیں۔ جب حضرت کابس حضرتِ امیر معاویہ کے گھر کے دروازے سے داخل ہوئے تو حضرتِ امیر معاویہ اپنے تخت سے اٹھ کھڑے ہوئے، ان کا استقبال کیا، ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور انہیں مرغاب (ایک مقام) عنایت فرما دیا۔ یہ سب کچھ اس لئے تھا کہ ان کی صورت نبیِ اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ملتی جلتی تھی۔"

اگر اجلہ صحابہ کرام کی تعظیم اور اس بابرکت بارگاہ کے احترام میں مبالغہ

Marfat.com

کرنے اور ہر باب میں آداب کی رعایت کرنے کی روایات کا احاطہ کیا جائے تو کلام طویل ہو جائے گا، تمام صحابہ کرام اس ذاتِ کریم کو بہترین القاب، کمالِ تواضع اور مرتبہ و مقام کی انتہائی رعایت سے خطاب کرتے تھے اور ابتدائے کلام میں صلوٰۃ و سلام کے بعد فَدَیْتُکَ بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ میرے والدین آپ پر فدا ہوں، یا بِنَفْسِیْ اَنْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یارسول اللہ: میری جان آپ پر نثار ہے، جیسے کلمات استعمال کرتے تھے اور فیضِ صحبت کی فراوانی کے باوجود محبت کی شدت کے تقاضے کی بناء پر تعظیم و توقیر میں کوتاہی اور تقصیر کے مرتکب نہیں ہوتے تھے بلکہ ہمیشہ حضور سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم و اجلال میں اضافہ کرتے تھے۔

## تابعین اور تعظیمِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسی طرح تابعین اور تبع تابعین صحابہ کے آثار کی اقتدار اور ان کے انوار سے اہتدار کرتے تھے، حضرت مصعب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ جب امامِ مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے سامنے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو ان کے چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا اور ان کی پشت جھک جاتی، یہاں تک کہ یہ امر ان کے ہمنشینوں پر گراں گزرتا، ایک دن حاضرین نے امام مالک سے ان کی اس کیفیت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا، جو کچھ میں نے دیکھا ہے تم دیکھتے تو مجھ پر اعتراض نہ کرتے، میں نے قاریوں کے سردار حضرت محمد بن منکدر کو دیکھا کہ میں نے جب بھی ان سے کوئی حدیث پوچھی تو وہ رو دیتے یہاں تک کہ مجھے ان کے حال پر رحم آتا تھا۔

امامِ مالک فرماتے ہیں کہ میں حضرتِ امامِ جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو دیکھتا حالانکہ وہ بہت خوش طبع اور خندہ رُو تھے، جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ان کے پاس کیا جاتا تو ان کا رنگ زرد پڑ جاتا، میں نے انہیں بے وضو نبی اکرم

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ ایک عرصہ تک ان کے ہاں میری آمد و رفت رہی، میں نے انہیں تین صفات کے علاوہ کسی صفت پر نہیں دیکھا یا تو نماز ادا کر رہے ہوتے، یا خاموش رہتے یا قرآن پاک کی تلاوت کرتے، کبھی بے فائدہ گفتگو نہ کرتے، وہ خدا ترس، عبادت گزار علماء میں سے تھے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کرتے تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہیبت سے یوں معلوم ہوتا کہ جیسے ان کا خون کھینچ لیا گیا ہو اور ان کی زبان خشک ہو جاتی، میں حضرت عامر بن عبداللہ کے پاس جاتا تو انہیں اس حال میں دیکھتا کہ جب ان کے پاس کوئی شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم گرامی لیتا تو وہ اتنا روتے کہ ان کی آنکھ میں کوئی آنسو نہ رہ جاتا۔ میں نے حضرت زہری کو دیکھا وہ بہت ہی نرم مزاج اور تمام لوگوں سے زیادہ نزدیک تھے جب ان کے سامنے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو وہ اس طرح ہو جاتے کہ گویا وہ تمہیں اور تم انہیں نہیں پہچانتے۔

حضرت صفوان بن سلیم جو بہت ہی عبادت گذار تھے، میں ان کی خدمت میں حاضر ہوتا، جب ان کے پاس کوئی شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر شریف کرتا تو وہ رو دیتے اور اتنا روتے کہ لوگ ان کے پاس سے اٹھ جاتے اور انہیں روتا رہنے دیتے۔

یہ امام مالک کے کلام کا ترجمہ ہے۔

## نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منسوب اشیاء کا صحابہ کی نظر میں احترام

صحابہ کرام نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس قدر ادب و احترام کرتے تھے کہ آپ کے رشتہ داروں، آپ کے ساز و سامان، آپ کی منازل و مجالس اور مدینہ طیبہ و مکہ مکرمہ میں آپ کے کاشانہائے

Marfat.com

مبارکہ کی تعظیم کرتے، جس چیز کی آپ نے تعریف فرمائی یا جس چیز کی نسبت آپ کی طرف معروف ہوتی اس کی بھی تعظیم کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں :

لَقَدْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وَالْحَلَّاقُ یَحْلِقُہٗ وَاَطَافَ بِہٖ اَصْحَابُہٗ فَمَا یُرِیْدُوْنَ اَنْ تَقَعَ شَعْرَۃٌ اِلَّا فِیْ یَدِ رَجُلٍ۔

"تحقیق میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حجام آپ کی حجامت بنا رہا تھا، صحابہ کرام آپ کے گرد حلقہ بنائے ہوئے تھے، وہ نہیں چاہتے تھے کہ آپ کے بال کسی صحابی کے ہاتھ کے علاوہ کہیں واقع ہوں"

وَرُئِیَ ابْنُ عُمَرَ رضی اللہ تعالی عنہما وَاضِعًا یَدَہٗ عَلٰی مَقْعَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مِنَ الْمِنْبَرِ ثُمَّ وَضَعَہَا عَلٰی وَجْہِہٖ۔

" حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کو دیکھا گیا کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بیٹھنے کی جگہ منبر پہ ہاتھ رکھا پھر اسے اپنے چہرے پر پھیر لیا۔

حضرت ابو محذورہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی پیشانی میں بال تھے، جب وہ بیٹھ کر انہیں کھولتے تو زمین تک پہنچ جاتے۔

فَقِیْلَ لَہٗ اَلَا تَحْلِقُہَا فَقَالَ لَمْ اَکُنْ بِالَّذِیْ اَحْلِقُہَا وَقَدْ مَسَّہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

علیہ وسلم بیبدہ۔

"حضرت ابو محذورہ رضی اللہ تعالے عنہ کو کہا گیا کہ آپ ان بالوں کو منڈوا کیوں نہیں دیتے؟ انہوں نے فرمایا میں ان بالوں کو کیسے منڈاؤں جبکہ انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے چھوا تھا؟"

وَكَانَتْ شَعَرَاتٌ مِّنْ شَعْرِهٖ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فِی قَلَنْسُوَةِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَلَمْ يَشْهَدْ بِهَا قِتَالًا إِلَّا رُزِقَ النَّصْرَ۔

"نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے چند بال، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالے عنہ کی ٹوپی میں سلے ہوئے تھے وہ اس ٹوپی کے ساتھ جس جنگ میں بھی گئے انہیں فتح و نصرت عطا کی گئی۔"

ہاں جب تابوتِ سکینہ جس میں آلِ حضرتِ موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے تبرکات تھے، کی برکت سے بنی اسرائیل کو فتح و ظفر حاصل ہوتی تھی تو اگر حضرت سید البشر صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے مبارک بالوں کی بدولت یہ برکت اور یہ اثر بلکہ اس سے ہزارہا درجہ زائد خیر و برکت حاصل ہو جائے تو کیا بعید ہے۔

وَكَانَتْ فِی قَلَنْسُوَةِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ شَعَرَاتٌ مِّنْ شَعْرِهٖ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فَسَقَطَتْ قَلَنْسُوَةٌ فِی بَعْضِ حُرُوْبِهٖ فَشَدَّ عَلَيْهَا شِدَّةً أَنْكَرَ عَلَيْهِ أَصْحَابُ النَّبِیِّ مِنْ كَثْرَةِ مَنْ قُتِلَ فِيْهَا فَقَالَ لَمْ أَكُنْ أَفْعَلُهَا بِسَبَبِ الْقَلَنْسُوَةِ بَلْ مَا تَضَمَّنَتْهُ مِنْ شَعْرِهٖ علیہ الصلوٰۃ والسلام لِئَلَّا أُسْلَبَ بَرَكَتَهَا وَتَقَعَ فِی

Marfat.com

اَیۡدِی الۡمُشۡرِکِیۡنَ۔

"حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ٹوپی میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چند بال تھے، ایک جنگ میں وہ ٹوپی اتر گئی، حضرت خالد نے اسے حاصل کرنے کے لئے اتنا سخت حملہ کیا کہ صحابہ کرام نے اس پر انکار کیا کیونکہ اس حملے میں بہت سے افراد شہید ہو گئے تھے حضرت خالد نے فرمایا: میں نے یہ حملہ ٹوپی کے لئے نہیں کیا تھا بلکہ اسلئے کہ اس میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بال تھے، میں نہیں چاہتا تھا کہ ان کی برکت مجھ سے چھین لی جائے اور وہ بال مشرکوں کے ہاتھ لگ جائیں۔"

اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جو شخص[1] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک بالوں کی تعظیم نہیں کرتا اور ان کی تعظیم کو کوئی اہمیت نہیں دیتا اور اس بے ادبی سے اس کے دل میں کوئی خوف پیدا نہیں ہوتا اس کے دل میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت نہیں ہے اگرچہ آپ کی محبت کا دعویدار ہو اور اس بے باکی کی تاویل میں لاف وگزاف سے کام لیتا ہو، جن لوگوں کے دلوں میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اور ایمان ہے، وہ آپ کے ایک بال مبارک کے مقابل تمام دنیا کو ایک جو کی اہمیت نہیں دیتے،

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

لَشَعۡرَۃٌ مِّنۡہُ اَحَبُّ اِلَیۡنَا مِنَ الدُّنۡیَا وَمَا فِیۡہَا۔

"نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک بال ہمیں دنیا و ما فیہا سے زیادہ محبوب ہے۔"

---

[1] جیسا کہ مرزا حیرت دہلوی نے "حیات طیبہ" میں اسمٰعیل دہلوی کے بارے میں لکھا ہے ۱۲ اشرف قادری

Marfat.com

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

اگرچہ دوست بچیزے نمی خرد ما را
بہ عالمے نفروشیم موئے از سرِ دوست

"اگرچہ دوست ہمیں کسی چیز کے بدلے نہیں خریدتا، ہم اس کے ایک بال کو پوری دنیا کے عوض بھی فروخت نہیں کرتے۔"

وَفِي الصَّحِيحِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهَا اَخْرَجَتْ جُبَّةً طَيَالِسِيَّةً وَقَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى نَسْتَشْفِيْ بِهَا [1]

"حدیث صحیح میں حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰے عنہا سے مروی ہے کہ انھوں نے طیالسی جبہ نکالا اور فرمایا نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اسے زیب تن فرماتے تھے، ہم اسے بیماروں کے لئے دھوتے ہیں اور اس سے شفا طلب کرتے ہیں۔"

حضرت قاضی ابوالفضل عیاض رضی اللہ عنہ نے اپنی سند سے روایت کیا ہے کہ ابوالقاسم بن میمون نے فرمایا ہمارے پاس نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا ایک پیالہ تھا ہم بیماروں کے لئے اس میں پانی ڈالتے تھے پس اس سے شفا طلب کرتے تھے۔

اَخَذَ جَهْجَاهُ الْغِفَارِيُّ قَضِيْبَ النَّبِيِّ مِنْ يَدِ عُثْمَانَ وَتَنَاوَلَهُ لِيَكْسِرَهُ عَلٰى رُكْبَتِهٖ

---

[1] مسلم شریف، جلد اول، ص ۱۹۰

Marfat.com

فَصَاحَ بِهِ النَّاسُ فَاَخَذَتْهُ الْاَكِلَةُ فَقَطَعَهَا وَمَاتَ قَبْلَ الْحَوْلِ۔

"جہجاہ غفاری نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا عصائے مبارک حضرتِ عثمانِ غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ہاتھ سے لیا تاکہ اسے اپنے گھٹنے پر رکھ کر توڑ دے تو لوگوں نے بڑی شدت سے اسے منع کیا کہ اسے مت توڑنا، اسی وقت اس کے گھٹنے پر ایک زخم پیدا ہوگیا، بعد ازاں اس نے گھٹنا کٹوا دیا اور سال گزرنے سے پہلے مرگیا"

اس باب میں احادیث و آثار بکثرت ہیں[1]، ان آثارِ صحیحہ اور نصوصِ صریحہ سے ثابت ہوگیا کہ جو چیز نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے نسبت کا شرف رکھتی ہے اور جو چیز آپ کے اعضاء اور قدموں سے مس ہو چکی ہے۔ اس کی تعظیم و تکریم تمام مسلمانوں پر عوام ہوں یا خواص، واجب اور لازم ہے اور جو شخص ان اشیاءِ شریفہ کی توہین سے اپنی زبان آلودہ کرے یا ان کی اہانت کی امداد برملا یا پوشیدہ، قول یا فعل سے کرے، اس نے ایمان کو برباد کیا اور حسنِ اعتقاد کی جگہ ارتداد کو اپنے دل میں رکھا، چنانچہ بعض ملعون اور بے دین زندیق کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا نشانِ قدم اس لائق ہے کہ اسے ایسی جگہ رکھا جائے کہ ہر کس و ناکس اس پہ پاؤں رکھے، یا کہتے ہیں کہ اگر ہمیں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا لباس مل جائے تو ہم اسے پہننے کا کپڑا بنالیں اور اگر آپ کے نعلین مبارک مل جائیں تو انہیں پاؤں میں پہن لیں، نعوذ باللہ تعالےٰ من ذٰلک! یہ کفر، الحاد، بے ایمانی اور ارتداد ہے، اس سے اور اس جیسے دیگر مہلکات سے اللہ تعالےٰ ہمیں پناہ عطا فرمائے۔

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھئے "ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال" از امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ

Marfat.com

جس طرح ان تمام اشیاء کی تعظیم واجب اور فرض ہے اسی طرح حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے رشتہ داروں اور صحابہ کرام کی تعظیم بلا شک وشبہ بطریق اولیٰ فرض عین ہے، چونکہ مبسوط کتابیں ان عقائد اور مقاصد پر مشتمل ہیں اس لئے اس فتوے میں طوالت اور تفصیل کی ضرورت نہیں ہے۔

## سنگ و شجر کی سلامی

سرورِ کائنات، مفخرِ موجودات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت اور تعظیم کا وجوب اور اس کی فرضیت اس حد تک ہے کہ حیوانات، خشک اور تر نباتات اور بے زبان جمادات، رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کرتے، اور سجدہ کرتے تھے اور محبت کی شدت کی بنا پر گریہ وزاری کرتے تھے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قَالَ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم يَمُرُّ بِحَجَرٍ وَّلَا شَجَرٍ اِلَّا سَجَدَلَهٗ۔

"حضرتِ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم جس پتھر یا درخت کے پاس سے گزرتے وہ آپ کو سجدہ کرتا۔"

عَنْ عَائِشَةَ عَنْهُ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قَالَ لَمَّا اسْتَقْبَلَنِيْ جِبْرَئِيْلُ علیہ السلام بِالرِّسَالَةِ جَعَلْتُ لَآ اَمُرُّ بِحَجَرٍ وَّلَا شَجَرٍ اِلَّا قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

حضرتِ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب جبریلِ امین علیہ السلام

Marfat.com

رسالت کے ساتھ میری طرف متوجہ ہوئے تو میں جس پتھر یا درخت کے پاس سے گزرتا، وہ کہتا السلام علیک یا رسول اللہ!"

## فراقِ حضور میں استنِ حنانہ کی آہ وزاری

کھجور کے تنے کا، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت میں رونا متواتر ہے اور اس کی حدیث مشہور ہے:

قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ کَانَ الْمَسْجِدُ مَسْقُوْفًا عَلٰی جُذُوْعِ نَخْلٍ فَکَانَ النَّبِیُّ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم اِذَا خَطَبَ یَقُوْمُ اِلٰی جِذْعٍ مِّنْہَا فَلَمَّا صُنِعَ لَہُ الْمِنْبَرُ سَمِعْنَا لِذٰلِکَ الْجِذْعِ صَوْتًا کَصَوْتِ الْعِشَارِ۔

"حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ مسجدِ نبوی کی چھت کھجور کے تنوں پر بنائی گئی تھی، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم جب خطبہ فرماتے تو ان میں سے ایک کے پاس کھڑے ہوتے، جب آپ کے لئے منبر بنایا گیا تو ہم نے اس تنے سے حاملہ اونٹنیوں یا چھوٹے بچوں والی اونٹنیوں جیسی آواز سنی۔"

وَفِیْ رِوَایَۃِ اَنَسٍ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ حَتّٰی ارْتَجَّ الْمَسْجِدُ لِخُوَارِہٖ۔

"حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی روایت میں ہے کہ (وہ ستون اتنی شدت سے رویا کہ) اس کی آواز سے مسجد گونج اٹھی۔"

وَفِیْ رِوَایَۃِ سُہَیْلٍ وَکَثُرَ بُکَاءُ النَّاسِ لِمَا رَاَوْا بِہٖ۔

Marfat.com

"حضرت سہیل کی روایت میں ہے کہ صحابہ کرام اس ستون کی حالت دیکھ کر بہت روئے۔"

وَفِي رِوَايَةِ الْمُطَّلِبِ حَتّٰى تَصَدَّعَ وَانْشَقَّ حَتّٰى جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله تعالى عليه وسلم فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ فَسَكَتَ۔

"حضرت مطلب کی روایت میں ہے وہ تنا اس قدر رویا کہ پھٹ گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور اپنا دستِ کرم اس پر رکھا تو وہ چپ ہو گیا۔"

وَزَادَ غَيْرُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله تعالى عليه وسلم إِنَّ هٰذَا بَكٰى لِمَا فَقَدَ مِنَ الذِّكْرِ

"مطلب کے علاوہ راوی نے اس حدیث میں اضافہ کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تنا اس لئے رویا ہے یہ ذکر سے محروم ہو گیا ہے۔"

وَزَادَ غَيْرُهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ لَمْ أَلْتَزِمْهُ لَمْ يَزَلْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ تَحْزُنًا عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله تعالى عليه وسلم۔

"ایک اور راوی نے اس حدیث میں اضافہ کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اگر میں اس تنے کو آغوش میں نہ لیتا تو وہ رسولِ خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے فراق میں قیامت تک روتا رہتا۔"

وَذَكَرَ الْإِسْفِرَائِنِيُّ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم دعاہ الی نفسہ فجاءہ یخرق الارض فالتزمہ ثم امرہ فعاد الی مکانہ۔

" استاذ اسفرائنی نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اس ستنے کو اپنی طرف بلایا وہ زمین کو چیرتا ہوا خدمتِ اقدس میں حاضر ہو گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اسے آغوش میں لیا پھر فرمایا واپس جا تو وہ اپنی جگہ واپس چلا گیا۔"

فکان الحسن اذا حدث بھذا بکی و قال یا عباد اللہ الخشبۃ تحن الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شوقا الیہ لمکانہ فانتم احق ان تشتاقوا الی لقائہ۔

" حضرتِ حسن بصری رضی اللہ تعالےٰ عنہ جب یہ واقعہ بیان کرتے تو رو پڑتے اور فرماتے اے بندگانِ خدا! کھجور کا تنا نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آپ کی محبت کے سبب روتا تھا کیونکہ آپ اس کے پاس کھڑے ہو کر خطبہ فرمایا کرتے تھے، تم اس امر کے زیادہ مستحق ہو کہ آپ کے دیدار کا شوق رکھو۔"

ان آثار سے کہ بڑی مقدار میں سے چند بلکہ ہزار میں سے ایک کی حیثیت رکھتے ہیں، معلوم کیا جا سکتا ہے کہ سید الانام صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا احترام اور اعزاز اللہ تعالےٰ نے تمام مخلوق پر فرض فرمایا ہے، درختوں، پتھروں اور حیوانات کا سجدہ جو بہت سی احادیث سے ثابت ہے، سجدۂ تعظیم تھا نہ کہ سجدۂ عبادت کیونکہ نبی اکرم

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معبود نہیں ہیں، یہ سجدہ اسی طرح تھا جس طرح فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو یا حضرت یوسف علیہ السلام کے والدین اور بھائیوں نے انہیں سجدہ کیا تھا، پس جو لوگ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم میں کوشش نہیں کرتے یا دیدہ دانستہ اس قسم کی نصوص سے چشم پوشی کرتے ہیں یا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت نہیں رکھتے اور آپ کے شوق کے سبب ان کے دلوں میں رقت پیدا نہیں ہوتی، بے زبان حیوانات اور پتھروں اور خشک لکڑیوں سے گئے گزرے ہیں۔

صحابہ و تابعین کے پیروکار مخلص مومنوں کی شان یہ ہے کہ مباح چیزوں اور نفس کی خواہشوں میں بھی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کی رعایت کرتے ہیں اور جو چیز آپ کو پسند تھی تقاضائے محبت کی بنا پر اسے پسند رکھتے ہیں، ثرید (شوربے میں ڈالے ہوئے روٹی کے ٹکڑوں کو) اور کدو کو بہترین طعام شمار کرتے ہیں۔

## نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جو شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بہترین شمائل و خصائل، اخلاقِ حمیدہ، عاداتِ شریفہ، بے شمار انعامات، ہزاروں احسانوں، در رحمت و رأفت کی فراوانی میں غور کرے وہ معلوم کر سکتا ہے کہ ہم گنہ گار، سیہ کار جو ہر قسم کے گناہ اور سیہ کاری کا ارتکاب کر چکے ہیں اور کرتے ہیں پھر بھی دنیا میں اللہ تعالیٰ کے قہر و غضب سے محفوظ ہیں گناہوں اور جرائم کے ارتکاب کے سبب عذاب کے مستحق ہونے ہوئے بھی امن میں ہیں حالانکہ پہلی امتوں کو زمین میں دھنسا دیا گیا ان کی شکلیں مسخ کر دی گئیں، ان پر پتھر برسائے گئے اس کے علاوہ کئی طرح کے عذاب نازل کئے گئے اور انہیں ہلاک کیا گیا، یہ صدقہ ہے رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اور آپ کی مقبول دعا کی برکت ہے کہ ہم امن میں ہیں،

Marfat.com

جو اس حقیقت کا انکار کرتا ہے اور اس کے قبول کرنے سے گریز کرتا ہے وہ کافرِ نعمت (ناشکرا) اور منکرِ رحمت ہے۔

## اتباعِ رسول تقاضائے محبت ہے

یہ بھی جاننا چاہیئے کہ نبیِ اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی کامل ترین محبت یہ ہے کہ اوامر، نواہی اور سنن میں تہ دل سے آپ کی اطاعت کو لازم سمجھا جائے، پس جو شخص تمام امور میں صدق اور اخلاص کے ساتھ آپ کی اطاعت پیروی کرتا ہے اس کی محبت کامل ہے اور جو شخص آپ کی اطاعت اور پیروی میں کوتاہی روا رکھتا ہے، اس کی محبت ناقص ہے لیکن اس سے آپ کی محبت کی نفی نہیں کی جا سکتی کیونکہ نافرمانی کا ارتکاب ایمان اور اسلام سے خارج نہیں کرتا حتیٰ کہ گنہگاروں سے نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت کی نفی درست ہو کیونکہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے بغیر ایمان متصور نہیں ہے اور گناہگار اور کبائر کے مرتکب بلاشبہ ایماندار ہیں جیسے کہ اہلِ سنت و جماعت کے عقائد کی کتابوں میں مذکور اور ثابت ہے، اگر یہ مومن نہ ہوں تو حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے مستحق نہیں ہوں گے حالانکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ

"میری شفاعت، میرے ان امتیوں کے لیے ہو گی جو کبائر کے مرتکب ہوں گے۔"

یہ بھی فرمایا کہ:

وَلٰکِنَّھَا لِلْمُذْنِبِیْنَ الْخَطَّائِیْنَ

"لیکن شفاعت ان کے لئے ہو گی جو بہت ہی گنہگار ہونگے"

نیز نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ایک صحابی پر شراب پینے کی حد جاری

Marfat.com

فرمائی۔ بعض صحابہ نے ان پر لعنت کی اور کہا کہ شراب نوشی کی کثرت کا سبب کیا ہے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَلْعَنْهُ فَاِنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

"اس پر لعنت نہ کر کیونکہ وہ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے۔"

یہ بھی مروی ہے کہ:

اِنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَتَى السَّاعَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ مَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَثْرَةِ صَلٰوةٍ وَّلَا صَوْمٍ وَّلَا صَدَقَةٍ وَّلٰكِنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ۔

"ایک صحابی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! قیامت کب ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے اس کے لئے کیا تیار کیا ہے؟ اس نے کہا میں نے اس کے لئے بہت نمازیں، روزے اور صدقے تیار نہیں کئے، لیکن میں اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں آپ نے فرمایا تو اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا۔"

جو شخص بظاہر نماز پڑھتا ہے، روزہ رکھتا ہے اور پرہیزگار ہے اور اس کا باطن نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت سے خالی ہے اور آپ کی تعظیم شان اور تکریم میں کوتاہی کا مرتکب ہے وہ مومن نہیں ہے جیسے کہ اہل شام کے لشکر نے میدانِ

Marfat.com

کرب و بلا میں امام اہلِ اسلام سیدنا امامِ حسین علیٰ جدہ وعلیہ السلام سے ناحق الجھ کر حضرتِ امام کا خون بہایا اور اپنے ایمان کی آبرو ضائع کر کے اپنے سر پر ذلت و رسوائی کی خاک ڈالی اور بدترین کفار اور اشقیاء اہلِ نا میں سے ہوئے بہ ظاہر مسلمانوں کی علامتیں رکھتے تھے اور ظاہری اتباع سے باہر قدم نہ رکھتے تھے لیکن ان کے دلوں میں نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت ہرگز نہ تھی ورنہ ان سے آپ کے اہلِ بیت پر ایسا ظلم کیسے صادر ہوتا۔

**بے حبِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اتباع معتبر نہیں** اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ظاہری پیروی کا سبب آپ کی کامل محبت میں منحصر نہیں ہے بلکہ بہت دفعہ آپ کی اطاعت اور پیروی میں دوسری اغراض دل میں پوشیدہ ہوتی ہیں جو ظاہری تقوےٰ اور صوری نیکی کے اختیار کرنے کا سبب بن جاتی ہیں بعض لوگوں کے سر میں شہرت، عزت اور عامۃ الناس کی راہبری ایسے بلند مقام کی ہوس سما جاتی ہے اور اس حیلہ سازی سے یہ مراد پوری ہو جاتی ہے، بے ریا محب اور با صفا مخلص دنیا میں بہت کم ہیں، محبت کے مذکورہ آثار (ظاہری تقوےٰ و پرہیزگاری) محبانِ مخلص کے امتحان کے لئے کسوٹی نہیں بن سکتے، اگر وہ آثار (اطاعت و فرمانبرداری) کسی شخص میں بے تکلف پائے جائیں تو وہ محبِ صادق ہے ورنہ ریا کار و منافق ہے۔

**تنقیصِ شان کے مرتکب کا حکم** جب بارگاہِ ایزدی کے مقربین کے سردار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا کچھ حال تحریر ہو چکا تو اب سید الخلق صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں تخفیف کرنے والے کا حال سنیے!

شرح وقایہ پر علامہ چلپی کے حواشی میں ہے:

Marfat.com

قَدِ اجْتَمَعَتِ الْاُمَّةُ عَلٰی اَنَّ الْاِسْتِخْفَافَ بِنَبِیِّنَا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وَبِاَیِّ نَبِیٍّ مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ کَانَ کُفْرًا سَوَاءٌ فَعَلَہٗ فَاعِلُ ذٰلِکَ اسْتِحْلَالًا اَمْ فَعَلَہٗ مُعْتَقِدًا لِّحُرْمَتِہٖ وَلَیْسَ بَیْنَ الْعُلَمَاءِ خِلَافٌ فِیْ ذٰلِکَ وَالَّذِیْنَ نَقَلُوا الْاِجْمَاعَ فِیْہِ اَکْثَرُ مِنْ اَنْ یُّحْصٰی۔

"بے شک تمام امت کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی اکرم یا کسی اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وعلیہم وسلم کی تخفیفِ شان کفر ہے عام ازیں کہ تخفیف کرنے والا اسے حلال جانتا ہو یا حرام، اس مسئلہ میں علماء کا کوئی اختلاف نہیں ہے اس مسئلہ پر اجماع نقل کرنے والے حدِ شمار سے باہر ہیں"۔

قَالَ الْقَاضِیْ فِی الشِّفَاءِ اِنَّ جَمِیْعَ مَنْ سَبَّ النَّبِیَّ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اَوْعَابَہٗ اَوْ اَلْحَقَ بِہٖ نَقْصًا فِیْ نَفْسِہٖ اَوْ نَسَبِہٖ اَوْ دِیْنِہٖ اَوْ خَصْلَۃٍ مِّنْ خِصَالِہٖ اَوْ عَرَّضَ بِہٖ اَوْ شَبَّہَہٗ بِشَیْءٍ عَلٰی طَرِیْقِ السَّبِّ اَوِ الْاِزْرَاءِ عَلَیْہِ اَوِ التَّصْغِیْرِ لِشَانِہٖ اَوِ الْغَضِّ مِنْہُ اَوِ الْعَیْبِ لَہٗ فَھُوَ سَابٌّ لَّہٗ وَحُکْمُہٗ حُکْمُ السَّابِّ یُقْتَلُ کَمَا نُبَیِّنُہٗ اِنْ شَاءَ اللہُ وَلَا نَسْتَثْنِیْ فَصْلًا مِّنْ فُصُوْلِ ھٰذَا الْبَابِ عَلٰی ھٰذَا الْمَقْصَدِ

Marfat.com

وَلَا نَمْتَرِیْ فِیْہِ تَصْرِیْحًا کَانَ اَوْ تَلْوِیْحًا۔

" حضرت قاضی عیاض رضی اللہ تعالےٰ عنہ شفاء شریف میں فرماتے ہیں کہ جو شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو گالی دے یا عیب لگائے آپ کی ذات شریف یا آپ کے نسب یا آپ کے دین یا آپ کی کسی خصلت کی طرف نقص کی نسبت کرے یا آپ کی طرف تعریض کرے (اشارۃً عیب جوئی کرے) یا آپ کو کسی سے گالی یا توہین یا شان کی کمی کرنے یا آپ سے چشم پوشی کرنے یا عیب لگانے کے طور پر تشبیہ دے تو وہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو گالی دینے والا ہے، اس کا حکم وہی ہے جو آپ کو گالی دینے والے کا حکم ہے یعنی اسے قتل کیا جائے گا جیسے کہ ہم بیان کریں گے، اس مقصد (قتل کرنے) سے ہم کسی قسم کا استثناء نہیں کرتے اور نہ ہی ہم اس میں شک کرتے ہیں خواہ صراحۃً ہو یا اشارۃً "

وَکَذٰلِکَ مَنْ لَعَنَہٗ اَوْ دَعَا عَلَیْہِ اَوْ تَمَنّٰی مَضَرَّۃً لَہٗ اَوْ نَسَبَ اِلَیْہِ مَالَا یَلِیْقُ بِمَنْصَبِہٖ عَلٰی طَرِیْقِ الذَّمِّ اَوْ عَبَثَ فِیْ جِھَتِہِ الْعَزِیْزِ بِسُخْفٍ مِّنَ الْکَلَامِ وَھُجْرٍ وَّمُنْکَرٍ مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرٍ اَوْ عَیَّرَہٗ بِشَیْءٍ مِّمَّا جَرٰی مِنَ الْبَلَاءِ وَالْمِحْنَۃِ عَلَیْہِ اَوْ غَمَصَہٗ بِبَعْضِ الْعَوَارِضِ الْبَشَرِیَّۃِ الْجَائِزَۃِ عَلَیْہِ الْمَعْھُوْدَۃِ لَدَیْہِ۔

" اسی طرح وہ شخص کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف

Marfat.com

لعنت کی نسبت کرے یا آپ کے لئے بد دعا کرے یا آپ کے نقصان کی آرزو کرے یا آپ کی طرف ایسی چیز کی نسبت کرے جو آپ کے شایانِ شان نہیں ہے بطور مذمت یا آپ کی جانب عزیز سے کھیلتے ہوئے ہلکے کلام یا ہجو یا جھوٹے کلام سے یا آپ کو عیب لگائے اس آزمائش اور مشقت کی بنا پر جو آپ پر گزری یا آپ کو عیب لگائے بعض ان عوارضِ بشریہ سے جو آپ کے لئے جائز اور معلوم تھے۔"

وَهٰذَا كُلُّهٗ اِجْمَاعٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ وَاَئِمَّةِ الْفَتْوٰى مِنَ الْمُجْتَهِدِيْنَ مِنْ لَّدُنِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ اِلٰى هَلُمَّ جَرًّا۔

"یہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالے عنہم کے زمانہ سے اس وقت تک کے تمام علماء اور ائمۂ فتوٰے کا اجماعی فیصلہ ہے۔"

یہ بھی شفاء شریف میں ہے:

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سُحْنُوْنٍ اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى اَنَّ شَاتِمَ النَّبِيِّ صلى اللّٰه تعالٰى عليه وسلم وَالْمُنْتَقِصَ لَهٗ كَافِرٌ وَّالْوَعِيْدُ جَارٍ عَلَيْهِ بِعَذَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَهٗ وَحُكْمُهٗ عِنْدَ الْاُمَّةِ الْقَتْلُ وَمَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ۔

"حضرت محمد بن سحنون نے فرمایا علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو گالی دینے والا اور آپ کی تنقیصِ شان کرنے والا کافر ہے اور اللہ تعالے کے عذاب کی وعید اس پر جاری ہے اور امت یعنی تمام ائمہ کے نزدیک اس کا حکم قتل ہے اور

Marfat.com

جو شخص اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔"

شفا شریف اور حواشی چلپی میں ہے:

قَالَ ابْنُ عَتَّابٍ اَلْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ مُوْجِبَانِ اَنَّ مَنْ قَصَدَ النَّبِيَّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بِاَذًى اَوْ نَقْصٍ مُعَرِّضًا اَوْ مُصَرِّحًا وَاِنْ قَلَّ فَقَتْلُهٗ وَاجِبٌ۔

"حضرت ابن عتاب فرماتے ہیں کہ تحقیق قرآن وحدیث اس امر کو واجب کرتے ہیں کہ جو شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اذیت دینے یا آپ کی تنقیصِ شان کا ارادہ کرے تعریضاً ہو یا تصریحاً، اگرچہ قلیل ہو، اس کا قتل واجب ہے۔"

حواشی چلپی میں ہے:

وَاعْلَمْ اَنَّ الْمُسْتَقَرَّ مِنْ تَتَبُّعِ الْمُعْتَبَرَاتِ اَنَّ الْمُخْتَارَ اَنَّ مَنْ صَدَرَ مِنْهُ مَا يَدُلُّ عَلٰى تَخْفِيْفِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِعَمَدٍ وَّقَصْدٍ مِّنْ عَامَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجِبُ قَتْلُهٗ وَلَا تُقْبَلُ تَوْبَتُهٗ بِمَعْنَى الْخَلَاصِ عَنِ الْقَتْلِ وَاِنْ اَتٰى بِكَلِمَتَيِ الشَّهَادَةِ وَالرُّجُوْعِ وَالتَّوْبَةِ لٰكِنْ لَوْ مَاتَ بَعْدَ التَّوْبَةِ اَوْ قُتِلَ حَدًّا مَاتَ مِيْتَةَ الْاِسْلَامِ فِيْ غُسْلِهٖ وَصَلٰوتِهٖ وَدَفْنِهٖ۔

"معتبر کتابوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مذہب مختار

Marfat.com

یہ ہے کہ عامۃ المسلمین میں سے جس شخص سے قصداً اور ارادۃً ایسا کلام صادر ہوا جو نبیِ اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تخفیفِ شان پر دلالت کرتا ہو اس کا قتل واجب ہے اور اس کی توبہ بایں معنی مقبول نہیں ہے کہ وہ قتل سے بچ جائے اگرچہ وہ شہادت کے دو کلمے پڑھے اور اس جرمِ عظیم سے توبہ کرے لیکن اگر وہ توبہ کے بعد مر جائے یا اس جرم کی سزا میں قتل کر دیا جائے تو اس کی موت اہلِ اسلام کی طرح ہو گی، غسل، نمازِ جنازہ اور دفن میں یعنی تجہیز و تکفین اور نمازِ جنازہ میں اس کا حکم تمام مسلمانوں کی طرح ہو گا اور اگر معاذ اللہ توبہ سے پہلے مر گیا تو کافر مرا اور اس کے ساتھ اہلِ اسلام والا معاملہ نہیں کیا جائے گا۔"

**بلا ارادہ تنقیص کے مرتکب کا حکم**

جاننا چاہیے کہ اس قائل نے قصداً نبیِ اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تخفیفِ شان کی ہے اور اپنا ایمان برباد کیا ہے جیسا کہ مقامِ ثالث میں بیان ہوا ہے، جو شخص اس بڑے جرم کا قصداً مرتکب نہ ہوا ہو بلکہ کسی اور سبب سے یہ عظیم جرم اس سے سرزد ہوا ہو اس کے حال کا بیان اگرچہ ہماری گفتگو سے متعلق نہیں ہے تاہم تکمیلِ بیان کے لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس کا حال بھی ذکر کر دیا جائے لہٰذا سنئے!

شفا شریف اور حواشی چلپی میں ہے:

وَالْوَجْهُ الثَّانِي لَاحِقٌ بِهِ فِي الْبَيَانِ وَالْجَلَاءِ وَهُوَ أَنْ يَكُونَ الْقَائِلُ لِمَا قَالَ فِي جِهَتِهِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ غَيْرَ قَاصِدٍ لِلسَّبِّ وَالْإِزْرَاءِ وَلَا مُعْتَقِدٍ لَهُ۔

Marfat.com

" دوسری وجہ بیان اور ظہور میں پہلی وجہ سے ملحق ہے اور وہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں یہ کلام کہنے والے کا ارادہ گالی اور توہین کا نہیں ہے اور نہ ہی وہ اس کلام کے مضمون کا عقیدہ رکھتا ہے "

وَالٰکِنَّہَا تَکَلَّمَ فِیْ جِہَتِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بِکَلِمَۃِ الْکُفْرِ مِنْ لَعْنِہٖ اَوْ سَبِّہٖ اَوْ تَکْذِیْبِہٖ اَوْ اِضَافَۃِ مَا لَا یَجُوْزُ عَلَیْہِ اَوْ نَفْیِ مَا یَجِبُ لَہٗ مِمَّا ھُوَ فِیْ حَقِّہٖ عَلَیْہِ الصلٰوۃ والسلام نَقِیْصَۃً مِثْلُ اَنْ یَّنْسُبَ اِلَیْہِ اِتْیَانَ کَبِیْرَۃٍ اَوْ مُدَاھَنَۃٍ فِیْ تَبْلِیْغِ الرِّسَالَۃِ اَوْ فِیْ حُکْمٍ بَیْنَ النَّاسِ اَوْ یَغُضَّ مِنْ مَّرْتَبَتِہٖ اَوْ شَرَفِ نَسَبِہٖ اَوْ وُفُوْرِ عِلْمِہٖ اَوْ زُھْدِہٖ اَوْ یُکَذِّبَ بِمَا اشْتَھَرَ بِہٖ مِنْ اُمُوْرٍ اَخْبَرَ بِھَا علیہ الصلٰوۃ والسلام وَتَوَاتَرَ الْخَبَرُ بِھَا عَنْہُ عَنْ قَصْدٍ لِرَدِّ خَبَرِہٖ اَوْ یَاْتِیَ بِسَفَہٍ مِّنَ الْقَوْلِ اَوْ بِقَبِیْحٍ مِّنَ الْکَلَامِ وَلَوْ بِاِشَارَۃٍ وَّ نَوْعٍ مِّنَ السَّبِّ فِیْ جِہَتِہٖ وَاِنْ ظَھَرَ بِدَلِیْلِ حَالِہٖ اَنَّہٗ لَمْ یَتَعَمَّدْ ذَمَّہٗ وَلَمْ یَقْصُدْ سَبَّہٗ اِمَّا لِجَھَالَۃٍ حَمَلَتْہُ عَلٰی مَا قَالَہٗ اَوْ بِضَجَرٍ اَوْ بِسُکْرٍ اَوْ قِلَّۃِ مُرَاقَبَتِہٖ وَضَبْطٍ لِلِسَانِہٖ وَعَجْرَفَۃٍ وَّتَھَوُّرٍ فِیْ کَلَامِہٖ۔

" لیکن اس نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بارے میں کلمہ کفر

Marfat.com

کہا یعنی لعنت یا تکذیب یا گالی یا ناروا چیز کی نسبت کی یا ایسی چیز کی نفی کی
کہ آپ کے لئے ضروری ہے وغیر ذٰلک کہ آپ کے حق میں نقص ہیں مثلاً
آپ کی طرف گناہِ کبیرہ کی نسبت کی یا تبلیغ احکام یا لوگوں کے درمیان
فیصلہ کرنے میں مداہنت (لحاظ) کی نسبت کی یا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کے مقام، شرفِ نسب، فراوانیٔ علم یا زہد میں کمی کی یا آپ کی خبر کی تردید
کے ارادے سے ان امور کی تکذیب کی جو آپ سے مشہور اور متواتر ہیں
یا حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف کم عقلی یا برے کلام یا کسی قسم کی
گالی کی نسبت کرے اگرچہ اس کے حال سے ظاہر ہو کہ اس نے آپ کی
مذمت یا آپ کو گالی دینے کا ارادہ نہیں کیا بلکہ یا تو جہالت نے اسے
اس کلام پر برانگیختہ کیا ہے یا بے چینی یا نشے نے اسے ابھارا ہے
یا زبان کے ضبط اور اس کی حفاظت کی کمی اور اس کلام میں جلدی اور
بے باکی کی بنا پر کہہ گیا ہے۔"

فَحُكْمُ هٰذَا الْوَجْهِ حُكْمُ الْوَجْهِ الْاَوَّلِ
الْقَتْلُ دُوْنَ تَلَعْثُمٍ اِذْ لَا يُعْذَرُ اَحَدٌ فِي الْكُفْرِ
بِالْجَهَالَةِ وَلَا بِدَعْوٰى زَلَلِ اللِّسَانِ وَلَا شَيْءٌ
مِمَّا ذَكَرْنَاهُ اِذَا كَانَ عَقْلُهٗ فِي فِطْرَتِهٖ سَلِيْمًا
اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ۔

"پس وجہِ ثانی کا حکم وہی ہے جو وجہ اول کا حکم ہے کہ اسے بغیر
کسی تاخیر کے قتل کردیں کیونکہ پیدائشی طور پر کسی کی عقل درست ہو تو کسی
شخص کے لئے کفر کے معاملہ میں جہالت یا زبان کی لغزش یا اشیاءِ
مذکورہ (بے چینی یا نشہ وغیرہ) کو عذر قرار نہیں دیا جائیگا سوائے اس شخص کے

Marfat.com

جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو۔"

اگر کوئی سچا کلام نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیصِ شان پر دلالت کرتا ہو تو اس کا قائل کافر ہو جائے گا چنانچہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ جو شخص عوارضِ بشریہ سے نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخفیفِ شان کرے، کافر ہو جائے گا حالانکہ وہ عوارضِ بشریہ آپ کے لئے جائز اور معلوم ہیں اسی لئے علماء نے اس شخص کے قتل کا فتویٰ دیا ہے جو نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خسر سے تعبیر کر کے آپ کی تخفیفِ شان کا ارادہ کرے جیسا کہ کتبِ فقہ میں مذکور ہے اس مسئلہ کی جزئیات حد و حساب سے خارج ہیں، جو کچھ ہم نے بیان کیا وہی کافی ہے۔

**اعتراض** کتبِ عقائد میں مذکور ہے کہ اہلِ سنت کے محققین کے نزدیک اہلِ قبلہ کی تکفیر ممنوع ہے، پس اہلِ قبلہ میں سے جو شخص تنقیصِ شان کی قباحت کا مرتکب ہوا ہو اس کے کفر کا حکم کس طرح لگایا جا سکتا ہے؟

**جواب** کتبِ عقائد میں جو مذکور ہے کہ:

وَلَا نُكَفِّرُ اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ

"ہم اہلِ قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کرتے"

قاعدہ کلیہ نہیں ہے بلکہ ان اہلِ قبلہ کے ساتھ مخصوص ہے جو ضروریاتِ دین (وہ امور جو دین میں بدیہی اور یقینی طور پر معلوم ہوں) کا انکار نہ کرتے ہوں اور ان سے کفر کی کوئی علامت اور کفر کا کوئی سبب صادر نہ ہو اور جو شخص ضروریاتِ دین میں سے کسی کا انکار کرے یا اس سے کفر کی کوئی علامت ظاہر ہو یا کفر کا کوئی سبب صادر ہوا سے بلا تامل کافر قرار دیا جائے گا اور وہ بلاشبہ کافر ہے اور جو شخص اس کے کفر میں شک کرے وہ

Marfat.com

بھی کافر ہے کیونکہ ایسے شخص کی تکفیر میں شک کرنے کا مطلب ضروریاتِ دین میں شک کرنا ہے اور جو شخص ضروریاتِ دین میں شک کرے وہ بلاشک وشبہ کافر ہے۔

حضرتِ ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں :

ثُمَّ اعْلَمْ اَنَّ الْمُرَادَ بِاَهْلِ الْقِبْلَةِ الَّذِيْنَ اتَّفَقُوْا عَلٰى مَا هُوَ مِنْ ضَرُوْرِيَاتِ الدِّيْنِ كَحُدُوْثِ الْعَالَمِ وَحَشْرِ الْاَجْسَادِ وَعِلْمِ اللّٰهِ بِالْكُلِّيَاتِ وَالْجُزْئِيَّاتِ وَمَا اَشْبَهَ ذٰلِكَ مِنَ الْمَسَائِلِ الْمُهِمَّاتِ فَمَنْ وَاظَبَ طُوْلَ عُمُرِهٖ عَلَى الطَّاعَاتِ وَالْعِبَادَاتِ مَعَ الْقَوْلِ بِقِدَمِ الْعَالَمِ اَوْ نَفْيِ الْحَشْرِ اَوْ نَفْيِ عِلْمِهٖ سُبْحٰنَهٗ بِالْجُزْئِيَّاتِ لَا يَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ وَاَنَّ الْمُرَادَ بِعَدَمِ تَكْفِيْرِ اَحَدٍ مِّنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ اَهْلِ السُّنَّةِ اَنَّهٗ لَا يُكَفَّرُ مَا لَمْ يُوْجَدْ شَيْئٌ مِّنْ اَمَارَاتِ الْكُفْرِ وَعَلَامَاتِهٖ وَلَمْ يَصْدُرْ مِنْهُ شَيْئٌ مِّنْ مُّوْجِبَاتِهٖ۔

" اہلِ قبلہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو ضروریاتِ دین پر متفق ہوں، مثلاً عالم کا حادث (عدم کے بعد موجود) ہونا، قیامت کے دن اجسام کا (مع ارواح) کے اٹھایا جانا، اللہ تعالیٰ کا تمام کلیات اور جزئیات کو جاننا اور اس جیسے دیگر اہم مسائل، پس جو شخص طویل عمر طاعت و عبادت پر عمل پیرا رہا اس کے ساتھ ساتھ عالم کے قدیم (بے ابتدا) ہونے یا حشرِ جسمانی یا اللہ تعالیٰ کے جزئیات کو نہ جاننے کا قائل تھا

Marfat.com

وہ اہلِ قبلہ سے نہیں ہوگا۔ اہلِ سنت کے نزدیک اہلِ قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کی جائے گی، اس سے مراد یہ ہے کہ جب تک کفر کی کوئی علامت نہ پائی جائے اور اس سے کفر کا کوئی سبب صادر نہ ہو"

شرح مواقف میں ہے :

وَلَا يُكَفَّرُ اَهْلُ الْقِبْلَةِ اِلَّا بِمَا فِيْهِ نَفْيٌ لِلصَّانِعِ الْقَادِرِ الْعَلِيْمِ اَوْ شِرْكٌ اَوْ اِنْكَارٌ لِلنُّبُوَّاتِ اَوْ اِنْكَارُ مَا عُلِمَ مَجِيْئُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهِ ضُرُوْرَةً اَوِ الْمُجْمَعِ عَلَيْهِ كَاسْتِحْلَالِ الْمُحَرَّمَاتِ الَّتِيْ اُجْمِعَ عَلٰى حُرْمَتِهَا فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْمُجْمَعُ عَلَيْهِ مِمَّا عُلِمَ ضُرُوْرَةً مِنَ الدِّيْنِ فَذٰلِكَ ظَاهِرٌ وَدَاخِلٌ فِيْمَا تَقَدَّمَ ذِكْرُهٗ وَاِلَّا فَاِنْ كَانَ اِجْمَاعًا ظَنِّيًّا فَلَا كُفْرَ بِمُخَالَفَتِهٖ وَاِنْ كَانَ قَطْعِيًّا فَفِيْهِ خِلَافٌ انتہٰی۔

" اہلِ قبلہ کی تکفیر نہیں کی جائے گی مگر ایسے کلام سے جس میں قدرت والے، علم والے خالق کی نفی یا شرک یا نبوت سے متعلق امور کے انکار یا ایسی اشیاء کے انکار سے جن کے بارے میں بداہۃً ثابت ہے کہ انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم لائے ہیں یا جن پر امتِ مسلمہ کا اتفاق ہے مثلاً ان محرمات کو حلال جاننا جن کے حرام ہونے پر اجماع ہے اگر وہ متفق علیہ ضروریاتِ دین سے ہے تو اس کے انکار کا کفر ہونا ظاہر ہے اور وہ ماقبل میں داخل ہے ورنہ اگر اجماع ظنی ہے تو اس کا انکار کفر نہیں ہے اور اگر اجماع قطعی ہے تو اس کے

Marfat.com

انکار کے کفر ہونے میں اختلاف ہے"۔

اسی طرح دوسری کتابوں میں ہے۔

جب ثابت ہوگیا کہ امتِ مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی اکرم اور دیگر انبیاء علیہ و علیہم السلام کی تخفیفِ شان کفر ہے اور یقیناً یہ مسئلہ ضروریاتِ دین سے ہے۔ پس جو شخص اس مسئلہ میں شک کرے وہ کافر ہے، تخفیفِ شان کے مرتکب کا کیا حال ہوگا؟

اس مقام میں گفتگو ختم ہوئی۔

---

Marfat.com

# خلاصۂ فتوٰے

جب چاروں مقام مکمل ہو گئے تو اب خلاصۂ فتوٰے اور استفتار کا جواب سنئے !

سائل نے تین سوال کئے تھے :

(۱) یہ کلام حق ہے یا باطل ؟

(۲) اس کا یہ کلام حضرت سید الاولین والآخرین افضل الانبیار والمرسلین آپ پر صلوٰۃ بھیجنے والوں کی پاکیزہ ترین صلوٰۃ، سلام بھیجنے والوں کا بہترین سلام، فرشتوں اور مسلمانوں کا پسندیدہ ترین تحفہ ہو، کی شانِ عالی اور قدرِ جلیل وجمیل کی تنقیص وتخفیف ہے یا نہیں ؟

(۳) اگر یہ کلام نبیِ اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تنقیصِ شان کی قباحت پر مشتمل ہے تو اس کے مرتکب کا حال اور حکم شرعاً کیا ہے اور وہ دین وملت کے لحاظ سے کون ہے ؟

پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ قائل کا کلام مذکور سراپا جھوٹ، دروغ، فریب اور دھوکہ ہے کیونکہ وہ گناہگاروں کی نجات کے لئے شفاعت کے سبب ہونے کی نفی کرتا ہے اور نبیِ اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم، دیگر انبیار وملائکہ علیہم السلام اور اصفیار سے شفاعت وجاہت اور شفاعت محبت کی نفی کرتا ہے۔ اس کا یہ عقیدہ کتابِ مبین، احادیثِ سید المرسلین اور اجماعِ مسلمین کے خلاف ہے جیسے مقامِ اول میں تفصیلاً ثابت ہوا اور مقامِ ثانی میں اس کلام کے کچھ حصوں کا بطلان دلائل سے واضح ہوا۔

Marfat.com

دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کا کلام بلا شبہ بارگاہِ الٰہی کے مقربین کے سردار، دیگر انبیاء، ملائکہ، اصفیاء، مشائخ اور اولیاء (صلی اللہ تعالٰے علیہ وعلیہم وسلم کی تنقیصِ شان پر مشتمل ہے اور استخفاف پر دلالت کرتا ہے جیسے مقامِ ثالث میں مذکور ہوا اور اس سے پہلے دلائل سے ثابت ہوا۔

تیسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ اس بیہودہ کلام کا قائل از روئے شریعت کافر اور بے دین ہے اور ہرگز مسلمان نہیں ہے اور شرعاً اس کا حکم قتل اور تکفیر ہے جو شخص اس کے کفر میں شک و تردد لائے یا اس استخفاف کو معمولی جانے کافر و بے دین اور نامسلمان ولعین ہے مگر کفر اور بے دینی میں اس شخص سے کم ہے جو اس گمراہانہ کلام کو قابلِ تحسین جانتا ہے اور اس کلام کے اعتقاد کو ضروریاتِ دین میں سے شمار کرتا ہے، ایسا شخص کفر میں قائل کے برابر ہے بلکہ استخفاف میں اس سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ اس نے نبی اکرم، دیگر انبیاء، ملائکہ اور اولیاء (علیہ وعلیہم الصلوٰۃ و السلام کے استخفاف کو مستحسن جانا اور اسے ضروریاتِ دین میں سے گمان کیا،

اسی طرح جو شخص ظاہراً یا باطناً ایسے مسائل میں اس قائل کی طرفداری روا رکھتا ہے اور اہلِ علم میں اس کی عزت کے تحفظ کے لئے دور از کار تاویلات اختیار کرتا ہے وہ بھی نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تخفیفِ شان کا مرتکب ہوا ہے کہ ایک بے دین کی طرفداری کو سید الانام صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی عزت و حرمت پر ترجیح دی اور ملامت کے خوف بلکہ بتقاضائے بدبختی اس کلام کے ثابت کرنے کے درپے ہوا جو نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تخفیفِ شان پر دلالت کرتا ہے اور یہ سب کفر اور الحاد ہے اللہ تعالٰی ہمیں نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اور آپ کی آلِ پاک کے طفیل اس سے محفوظ رکھے،

چوتھے مقام میں ان مقاصد کے ثابت کرنے سے فراغت حاصل ہوئی، پس ظالم قوم کی جڑ کاٹ دی گئی، والحمد للہ رب العالمین۔

Marfat.com

# خاتمہ

اب کفر کی گہری ظلمت چھٹ گئی اور ایمان کا نور جگمگا اٹھا، جو چاہے
ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے، ہدایت کے پیروکاروں پر سلام ہو۔
یہ تحریر ہدایت دینے والے بے نیاز رب کی طرف محتاج
بندے محمد فضل حق بن محمد فضل امام فاروقی حنفی خیرآبادی
کی ہے، اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں ان دونوں پر لطف و کرم فرمائے
اس ذاتِ کریم کے طفیل جو مجالس کو زینت دینے والوں میں سب سے
بہتر ہیں، جن کی عنایت نے پکارنے والے کی پکار کا جواب دیا اور وسیع
کرم سے دشمن کو جود و سخا سے نوازا، شہری اور دیہاتی کو اپنی بروقت
نوازش، ظاہر عطا اور بے انداز نعمتوں سے مالا مال کیا مقابلہ کرنے والوں
کو ہلاک کیا، دشمنوں کی روحیں قبض کرلیں اور جنہیں ایک ماہ کی مسافت
کے قصبوں اور بیابانوں تک ہیبت سے مدد دی گئی، اللہ تعالیٰ
آپ پر اور آپ کے آل و اصحاب پر رحمتیں نازل فرمائے جو بیابانوں کے
ستارے اور روزِ قیامت کے شفیع ہیں جس دن (رحمتِ الٰہی کے بغیر)
کوئی قیدی نجات نہیں پائے گا اور راہِ راست پر چلنے والا قید نہیں

Marfat.com

کیا جائیگا (یہ بارانِ رحمت) اس وقت تک رہے جب تک حُدی خوانوں کا سردار اونٹنیوں کو وجد میں لاتا رہے، بلند آواز اور خوشنوائی سے شوق والوں کو گرماتا رہے اور آفاقِ عالم میں انعامات اور حوادث کے بادل برستے رہیں، میں نے اس تصنیف کا نام

## تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ

(طغیان اور سرکشی کے رد و ابطال میں فتوے کی تحقیق) رکھا۔

مجھے اللہ تعالےٰ سے امید ہے کہ اسے میرے لئے ذخیرہ آخرت اور معاند کے لئے تنبیہ بنائے گا کیونکہ مخالف تحریر سے میرا ارادہ احباب میں فخر کرنے کا نہیں ہے، میں تو حسبِ استطاعت اصلاح چاہتا ہوں، اللہ تعالےٰ ہی مجھے توفیق دینے والا ہے اسی پر مجھے اعتماد ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں، اے ہمارے رب! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کو واضح فرما، تو ہی سب سے بہتر حق کو واضح فرمانے والا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیرِ خلقِہٖ محمدٍ وّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

۱۸ رمضان المبارک ۱۲۴۰ھ

(۱) محمد فضل حق ۱۲۳۷ھ

(۲) المتوکل علی اللہ محمد شریف ۱۲۴۰ھ

(۳) حاجی محمد قاسم

Marfat.com

(۴)
فقیر محمد حیات الآری

(۵)
کریم اللہ

(۶)
محمد رشید الدین

(۷)
مخصوص اللہ

(۸)
محمد رحمت

(۹)
عبد الخالق

(۱۰)
محمد عبد اللہ

(۱۱)
محمد موسےٰ

(۱۲)
خادم محمد

(۱۳)
احمد سعید مجددی

(۱۴)
محمد شریف

(۱۵)
محمد حیات

(۱۶)
صدر الدین

(۱۷)
رحیم الدین

(۱۸) جب میں نے اس کتاب کے دعاوی اور ان کے دلائل کسی عناد اور مخالفت کے بغیر نظر انصاف سے دیکھے، اسے ایسا حق پایا جسے باطل کسی جانب سے لاحق نہیں ہو سکتا تو میں نے اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

محبوب علی

---

(بحمدہٖ تعالیٰ ۸ رمضان المبارک ۱۳۹۸ھ/۱۴ اگست ۱۹۷۸ء کو ترجمہ مکمل ہوا۔ محمد عبد الحکیم شرف قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تحریر اول

از: بطل حریت علامہ محمد فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالی

مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے ''تقویۃ الایمان'' میں مسئلہ شفاعت پر گفتگو کرتے ہوئے ایک قبیح عبارت لکھی، علامہ محمد فضل حق خیر آبادی نے اس پر رد کرتے ہوئے چند صفحات تحریر کئے، ان کا ترجمہ آئندہ صفحات میں پیش کیا جا رہا ہے۔

مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے اس کے جواب میں ایک رسالہ ''یک روزہ'' لکھا، حضرت علامہ نے اس کے رد میں "تحقیق الفتوی فی إبطال الطغوی" (شفاعت مصطفی ﷺ) لکھی اور جب مولوی محمد اسماعیل دہلوی کے شاگرد مولوی حیدر علی ٹونکی نے اس کے جواب میں ایک کتاب لکھی تو علامہ نے اس کے جواب میں "امتناع النظیر" لکھی، اور وہ کتاب خود بے نظیر واقع ثابت ہوئی، آج تک کسی کو اس کے جواب میں زبان کھولنے کی جرأت نہیں ہوئی۔

محمد عبد الحکیم شرف قادری

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(ترجمہ: محمد عبدالحکیم شرف)

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ رب العالمین کے لیے ہیں اور اچھی عاقبت متقین کے لیے اور درود وسلام ہو اللہ تعالیٰ کے رسول حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کی تمام آل اور صحابہ کرام پر۔

صاحب تقویۃ الایمان نے (اپنی کتاب کی) تیسری فصل میں شرک کا رد کرتے ہوئے وجاہت کا معنی بیان کرنے کے بعد کہا:

اوس شاہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک کُن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن اور فرشتے جبریل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔

یعنی اللہ تعالےٰ اس امر پر قادر ہے کہ ایک آن میں ایک امر کن سے کروڑوں افراد حضرت محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے برابر عدم سے وجود میں لے آئے اور یہ جمہور مسلمانوں کے متفقہ عقیدے کے خلاف ہے، کیونکہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی مثال ممتنع الوجود ہے (یہ صغریٰ ہے) اور جس چیز کا وجود ممتنع اور محال ہو وہ اللہ تعالےٰ کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے (یہ کبریٰ ہے)

صغریٰ کا بیان یہ ہے کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ کی مثل کوئی شخص ممکن ہو تو وہ لازماً نبی ہوگا، کیونکہ غیر نبی، نبی کی مثل نہیں ہو سکتا، لیکن آپ کے مماثل نبی ممکن نہیں ہے، کیونکہ آپ خاتم الانبیاء ہیں اور خاتمیت کا معنی یہی ہے کہ آپ کی مثل کا وجود ممکن نہ ہو، اس لئے کہ انسانی کمالات کی انتہا مرتبہ نبوت ہے اور اس مرتبہ کا کمال یہ ہے کہ خواص ثلاثہ[1] کے قوی ترین مراتب پر مشتمل ہو جس سے زیادہ قوی مرتبہ

---

[1] علامہ عبدالعزیز پرہاروی فرماتے ہیں کہ حکماء اسلام (باقی اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

عالم امکان میں متصور نہیں ہے، لہٰذا ختم نبوت سے بلند مرتبہ ممکن ہی نہیں ہے۔

وہ مرتبہ کہ وجود امکانی کے مراتب میں اس سے بلند تر کوئی مرتبہ نہیں ہے وجود خاتم الانبیاء کا مرتبہ ہے، جب نبوت اس مرتبہ تک پہنچتی ہے تو ختم ہو جاتی ہے، ابتدا کے سلسلے میں معلولِ اول کا مرتبہ اور (انتہاء و) رجوع کے سلسلے میں خاتم الانبیاء کا مرتبہ یکساں ہے (ابتدا و انتہا کی) قوس نزولی اور صعودی اس جگہ اکٹھی ہو جاتی ہیں اور دائرہ وجود اس جگہ مکمل ہو جاتا ہے جس طرح سلسلۂ آغاز میں اولِ سلسلہ اور واجب الوجود کے درمیان کوئی فرد متصور نہیں ہے، اسی طرح سلسلۂ انتہا میں آخرِ سلسلہ اور واجب الوجود کے درمیان کوئی مرتبہ متصور نہیں ہے جس طرح وجود کا آغاز واجب الوجود سے ہے اسی طرح وجود کا انجام بھی وہی ہے، مبدا بھی وہی اور معاد بھی وہی ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کا مماثل ممکن ہو تو یقیناً اس کے واقع ہونے سے محال لازم نہیں آئے گا، کیونکہ ممکن کے واقع اور متحقق ہونے سے محال لازم نہیں آیا کرتا، جبکہ اس جگہ خاتم النبیین کے مماثل کے واقع ہونے سے آیۂ کریمہ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ کے منطوق کا کذب لازم آتا ہے، یہ آیت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مثل کے بالفعل موجود ہونے کے

---

(صفحۂ گزشتہ سے آگے) کہتے ہیں کہ نبی میں تین شرطوں (خواص) کا پایا جانا ضروری ہے (۱) مُغَیَّبات پر مطلع ہونا اور یہ اس لیے کہ ان کی روح کا مقرب فرشتوں کے ساتھ اتصال ہوتا ہے (۲) عناصر کا ہیولیٰ ان کی اطاعت کرتا ہے اور وہ اس میں تصرف کرتے ہیں مثلاً ہوا کو پانی بنا دینا (۳) فرشتوں کو محسوس صورت میں دیکھتے ہیں اور ان کا کلام بطورِ وحی سنتے ہیں (نبراس ص ۴۲۹ مختصراً) خواص ثلاثہ سے علامہ خیر آبادی کی مراد یہی تین خواص ہیں ۱۲ شرف قادری

Marfat.com

ممتنع ہونے پر صراحۃً دلالت کرتی ہے، وجود مثل کو ممکن ماننا اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھوٹ کو جائز قرار دینا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کا جھوٹ محال ہے کیونکہ وہ نقص ہے اور نقص اللہ تعالیٰ کے بارے میں محال ہے، آیاتِ وعید، دیگر آیات اور احادیث کے پیشِ نظر شروط معلومہ کے ساتھ مشروط ہیں، ظاہر ہے کہ آیتِ مذکورہ اُن آیات کی طرح نہیں ہے تاکہ اس آیت کو قوتِ شرطیہ میں قرار دے کر لزوم کذب کے استحالہ کو دفع کیا جاسکے۔

کبریٰ کی دلیل یہ ہے کہ قدرت کا معنیٰ ہے فعل اور ترک کا صحیح ہونا جیسے کہ محقق دوانی کی شرح عقائد عضدیہ میں ہے یا قدرت کا معنیٰ وہ صفت ہے جو ارادہ کے مطابق مؤثر ہو جیسے کہ شرح مواقف اور تجرید کی شرح جدید میں ہے اور لازمی بات ہے کہ ایسی صفت فاعل کی نسبت سے صحت کا تقاضا کرے گی کیونکہ قادر وہی ہے جس کے لیے کسی کام کا کرنا اور ترک دونوں صحیح ہوں، فاعل کی نسبت کی قید اس لیے لگائی ہے کہ فعل فی نفسہ ممکن اور صحیح ہے، قدرت نے اسے ممکن اور صحیح نہیں بنایا ورنہ قلب مواد (واجب یا محال کا ممکن بنا دینا) لازم آئے گا، ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ قدرت نے فعل کو فاعل موجد کی نسبت سے صحیح اور ممکن بنا دیا ہے، ماننا پڑے گا کہ قدرت ممکن پر ہی ہوتی ہے اور اس معاملے میں تمام ممکنات برابر ہیں، قدرت کی مقتضی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور مقدور ہونے کو صحیح قرار دینے والا امکان ہے ذات باری تعالیٰ کی نسبت تمام ممکنات کی طرف برابر ہے۔

جب بعض پر قدرت ثابت ہوئی تو تمام ممکنات پر قدرت ثابت ہوگی، کیونکہ امکان تمام ممکنات میں مشترک ہے، اللہ تعالیٰ ہر اس چیز پر قادر ہے جو ممکن ہو۔ ممتنع اور واجب اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہیں۔ اس سے عجز لازم نہیں آتا جو قدرت کے مقابل ہے، کیونکہ ممتنع کے ایجاد پر قدرت کا نہ ہونا عجز نہیں ہے اس

Marfat.com

لیے کہ ممتنع وجود کے قابل ہی نہیں ہے، آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور وَاللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ کا معنی مفسرین نے بیک زبان یہی بیان کیا ہے کہ ہر شے سے مراد ہر ممکن ہے، کیونکہ محال بالاتفاق شے نہیں ہے اور واجب و محال پر قدرت نہیں ہوتی، بیضاوی میں ہے کہ قدرت کا معنیٰ شے کو پیدا کر سکنا ہے۔

صاحب کشاف جو اکابر معتزلہ میں سے ہیں آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کی تفسیر میں کہتے ہیں:

قادر کے حق میں شرط یہ ہے کہ فعل محال نہ ہو، جب تمام اشیاء پر قادر کا ذکر ہو تو محال خود مستثنیٰ ہے، گویا کہا گیا ہے کہ ہر اس چیز پر قادر ہے جو ہو سکتی ہے، اس کی نظیر یہ ہے کہ کہا جاتا ہے فلاں شخص انسانوں کا امیر ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ماسوا کا امیر ہے وہ شخص بھی اگرچہ انسانوں میں سے ہے لیکن اس وقت وہ ان میں داخل نہیں ہے۔[1]

اس عبارت سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ معتزلہ بھی اس امر کے قائل ہیں کہ واجب تعالیٰ ممتنع پر قادر نہیں ہے پس ثابت ہوا کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نظیر ممتنعات میں سے ہے اور اللہ تعالیٰ رحمۃٌ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مثل ایک شخص کے پیدا کرنے پر بھی قادر نہیں ہے، چہ جائیکہ ایک آن میں آپ کی مثل ہزاروں افراد پیدا فرما دے۔

اس جگہ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر دیں بندی صغرےٰ میں امتناع سے مراد امتناع ذاتی ہے تو ہم صغرےٰ تسلیم نہیں کرتے، کیونکہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ

---

[1] جار اللہ زمخشری، تفسیر کشاف، طبع تہران، ج ۱ ص ۲۲۲

Marfat.com

علیہ وسلم کی نظیر ممتنع بالذات نہیں ہے، بلکہ نظیر اس لیے محال ہے کہ آپ کا خاتم النبیین ہونا اللہ تعالیٰ کے خبر دینے سے ثابت ہے اور اللہ تعالیٰ کی خبر میں کذب ممتنع بالغیر ہے اور ممتنع بالغیر ہونا امکانِ ذاتی کے منافی نہیں ہے اور اگر امتناع سے مراد امتناع بالغیر ہے تو صغرٰے مسلم ہے، لیکن کبرٰے میں کلام ہے کہ اس جگہ ممتنع کس معنیٰ میں ہے؟ اگر اس جگہ بھی ممتنع بالغیر مراد ہو تو حدِ اوسط مکرر ہے لیکن کبرٰے ممنوع ہے کیونکہ ہمیں یہ تسلیم نہیں ہے کہ جس چیز کا وجود ممتنع بالغیر ہو وہ بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے جب کبرٰے میں ممتنع سے مراد ممتنع بالذات ہو تو کبرٰے کی صحت میں شک نہیں ہے لیکن حد اوسط مکرر نہ ہوئی اور (اصغر کا اکبر کے تحت) اندراج لازم نہ آیا۔ اس گفتگو سے واضح ہو گیا کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مثل کے واقع ہونے سے جو محال لازم آیا ہے وہ امتناعِ بالغیر کی وجہ سے ہے نہ کہ امکانِ ذاتی کی بنا پر۔

مخفی نہ رہے کہ یہ جواب ہمارے مقصد کے منافی نہیں ہے، کیونکہ ایسا ممکن بالذات جس کا واقع نہ ہونا نصِ قرآنی سے ثابت ہو اس کے وقوع کے ساتھ تین صفات کا تعلق برابر ہے۔ ۱۔ قدرت کا تعلق۔ ۲۔ ارادہ کا تعلق جس کا مطلب ہے دو مقدوروں میں سے ایک کو وقوع کے ساتھ خاص کرنا۔ ۳۔ خلق کا تعلق جس کا معنیٰ ہے شے کا عدم سے فعلیت اور وجود کی طرف نکالنا۔ خلاصہ یہ کہ جس ممکن کے واقع نہ ہونے کی خبر خود اللہ تعالےٰ نے دی ہے اس کا واقع ہونا ممتنع بالذات کی طرح قدرت سے خارج ہے اور اگر فرض کیا جائے کہ امتناع بالغیر بھی قدرت کے متعلق ہونے کے منافی نہیں ہے اور بہت سے افراد منظہر تجلیات افضل المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیہم وسلم کی ذاتِ اقدس کے مماثل، امکانِ ذاتی اور تصورِ عقل کے پیشِ نظر صرف اس اعتبار سے کہ وہ ممکن ذاتی ہیں، قطع نظر امور خارجہ اور

---

لہ یہ صحیح نہیں ہے تفصیل کے لئے دیکھئے سبحان السبوح از امام احمد رضا بریلوی ۱۲ شرف قادری

Marfat.com

موانع سے ، اللہ ذوالجلال کی قدرت سے موجود ہو سکتے ہیں ، تو (قابلِ غور بات یہ ہے کہ ایسے ممکن اور متصوّر محض امور جن کے وقوع کو عقل محض ان کے امکانِ ذاتی من حیث ہُو کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے جائز قرار دے ۔ ان پر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا اظہار، عوام کالانعام کو حیران اور پریشان کرنے کے مترادف اور ان کے عقائد کمزور کر دینے کے برابر ہے ۔ کیونکہ تقویۃ الایمان کی عبارت میں جو مطلب بیان کیا گیا ہے اسے عوام ہرگز نہیں سمجھ سکتے آپ صرف خواص ہی سمجھ سکتے ہیں جو امکانِ ذاتی ، امتناع بالغیر اور مرتبہ ماہیت من حیث ہیَ اور من حیث الخلط کے مطلب و مفہوم سے آگاہ ہونگے وہ حضرِ صاحبِ رسالہ (تقویۃ الایمان) کی مذکورہ عبارت کے مطلب تک رسائی حاصل کر سکیں گے ۔

صاحب تقویۃ الایمان نے اس عقیدے کو دین کے بڑے اصول میں سے قرار دیا ہے ، عوام اس عقیدے کو ذہن نشین اور خالی ذہنوں میں نقش کرنے کے بعد حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی مثل ان گنت افرادِ انبیاء کے وجود کو دوسرے انسانی وجود کی طرح قابلِ وقوع ہی جانیں گے ، اس کے علاوہ ان کے لیے کسی دوسری ہدایت کی توقع نہیں ہو سکتی ۔

اس صورت میں اگر کوئی شخص کسی عام آدمی کو یہ سمجھائے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے جھوٹے ہونے کے عقیدے کو اس کے سچے ہونے کے عقیدے کے برابر جانو تو کیا حرج اور کیا نقصان ہوگا ؟ کیونکہ موضوع و محمول کی خصوصیت سے قطع نظر یہ قضیہ بھی بلا شبہ صدق و کذب کا احتمال رکھتا ہے ۔

مقامِ حیرت ہے کہ قطع نظر اس بات سے کہ اس مثال سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بے ادبی ، گستاخی اور زبان درازی لازم آتی ہے اور اس کے سننے سے منکرین نبوت کے بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ، یہ رسالہ عوام کو سمجھانے کے لیے اردو میں لکھا گیا ہے (سوال یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کی قدرت عامہ شاملہ کے سمجھانے کیلئے یہی مثال رہ گئی تھی کہ حضرت

Marfat.com

محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی مثل کروڑوں افراد کا وجود ممکن ہے۔ اس کے علاوہ کوئی مثال نہیں تھی؟

اے اللہ! ہمیں حق کو حق ماننے اور اس کی پیروی کی توفیق عطا فرما اور باطل کو باطل ماننے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔

# ہدیۂ تشکّر

حضرت علامہ محمد فضل حق خیرآبادی قدس سرہٗ کی یہ فارسی تحریر ہمیں جناب رئیس الاطباء حکیم نصیرالدین (برادر زادۂ علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری) سے دستیاب ہوئی جس کے لئے ہم ان کے شکرگزار ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com




مکتبہ قادریہ ◉ لاہور

Marfat.com




مکتبہ قادریہ ○ لاہور

Marfat.com